# عبقری

کرشمات

2021

عَبْقَرِيٍّ حِسَانٍ ۝ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ القرآن

بیاد

حضرت خواجہ سید محمد عبداللہ ہجویری عبقری مجذوبؒ، جناب حکیم محمد رمضان چغتائیؒ

شمارہ نمبر 7 | جلد نمبر 15 | جنوری 2021 جمادی الاول جمادی الثانی 1442 ہجری


## فرقہ واریت اور سیاسی تعصبات سے پاک

# ماھنامہ عبقری لاہور

جنوری 2021ء

مرکز روحانیت وامن کا ترجمان


ایڈیٹر شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ (پی ایچ ڈی امریکہ)

قیمت فی شمارہ 50 روپے | سالانہ ممبر شپ (رجسٹرڈ ڈاک) 1260 روپے بیرون ملک سالانہ 64 امریکی ڈالر


**مجھے ضرور پڑھیں!**

الحمدللہ! لاکھوں قارئین پڑھتے اور پھر لکھتے ہیں' ہم آپ کی تحریریں باری آنے پر ضرور شائع کریں گے۔ اگر کسی وجہ سے ڈاک ہم تک نہ پہنچی تو مجبوری ہے۔ تحریر پر اپنا موبائل یا فون نمبر ضرور لکھیں۔ نوٹ: حکیم صاحب کی ڈاک کے ساتھ جوابی لفافہ لازماً لگائیں تاکہ جواب دیا جاسکے۔

ایڈیٹر کی کتابیں' رسالہ آپ کی نظر سے گزرا' حتی الوسع کوشش کی جاتی ہے کہ غلطی نہ رہے' بشری تقاضے کے پیش نظر اگر غلطی رہ جائے تو مطلع فرمائیں۔ ہم آپ کے بے حد شکر گزار رہوں گے' ایڈیٹر کی کتابیں دراصل تالیفات ہیں جس کیلئے دوسری کتب' رسائل' جرائد سے استفادہ کیا گیا ہے' وضاحت کرنا لازم سمجھتے ہیں' مؤلف کا ان کے تمام نظریات سے متفق ہونا ضروری نہیں۔ بطور حوالہ مختلف لوگوں کی تحریریں اور نظریات شائع کیے گئے ہیں۔

## فہرست مضامین


| صفحہ نمبر | عنوان |
|---|---|
| 3 | نیت اور جذبے کا دل پر اثر |
| 4 | نیت کی وجہ سے مال میں برکت |
| 5 | عبقری "کرشمات نقش وتعویذات" خاص نمبر! |
| 6 | 71 امراض سے نجات کا عمل اور ڈھیٹ بیماری کا تعویذ |
| 7 | یہ تعویذ لکھا! پیٹ پر پھیرا! بڑھا پیٹ ختم ہوگیا |
| 8 | یہ نقش بازو پر باندھ لیجئے! رزق ودولت کی بارش خود دیکھئے! |
| 9 | کاروبار چلتے چلتے رک جائے تو 513 بار یہ پڑھیے! |
| 10 | نقش گاڑی میں لگائیں ایکسیڈنٹ کو بھول جائیں |
| 11 | سکول ٹیچرز کیلئے ترقی پانے کا انوکھا فارمولہ |
| 12 | درویش کے آزمودہ دم اور تعویذات لے لیجئے! |
| 13 | تسبیح خانہ نے مجھے منتر سے درود شریف پر لگادیا |
| 15 | حاملہ کی ٹانگ پر باندھنے والا نایاب نقش! فوری ڈیلیوری |
| 16 | آپ کو بھی پرسرار عامل بنائے دیتے ہیں! |
| 17 | جادو ہے یا بیماری! سوفیصد درست تشخیص خود کیجئے! |
| 19 | ضدی اور نافرمان اولاد کیلئے ایسا نقش جو کبھی خطا نہیں گیا |
| 20 | شوہر کے رویہ سے تنگ اس نقش کو معمولی نہ سمجھیں! |
| 23 | چائلڈ اسپیشلسٹ حیران! ڈبل نمونیہ ٹوٹکہ سے فوراً ٹھیک |
| 24 | تانبے کا برتن! سدابہار صحت' جوانی اور تندرستی! |
| 26 | سیار گان کی نحوست ختم! ہر نماز کے بعد صرف یہ پڑھ لیجئے |
| 28 | جھوٹے جعلی عاملین سے پریشان! نجات پالیں! |
| 34 | کیا انڈے واقعی صحت کیلئے اچھے ہوتے ہیں؟ |
| 35 | قارئین کی آزمودہ تحریریں |
| 37 | میرے پاس کالے جادو کی کاٹ عمل ہے! لے لیجئے! |
| 39 | جنات کا پیدائشی دوست (سلسلہ وار) |
| 42 | شدید موسم سرما اور وائرل انفیکشن! |
| 43 | روحانی بیماریوں کا روحانی علاج |
| 44 | جسمانی بیماریوں کا شافی علاج |
| 45 | قارئین لائے انوکھے اور آزمودہ ٹوٹکے |
| 46 | یہ سورۃ لکھ کر گلے میں باندھ لیجئے! ہر مرض سے شفاء |
| 48 | طب محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم و آل محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم |
| 53 | موسم سرما خشک جلد اور صندل کی لکڑی کے کرشمات |
| 54 | قارئین کے سوال قارئین کے جواب |
| 55 | آپ کا خواب اور روشن تعبیر |
| 57 | صحت کے حوالے سے ہر خاتون کی چند بنیادی غلطیاں |
| 58 | بقیہ جات |
| 59 | کھانے لگانے میں ناریل کے تیل کا کمال! |
| 60 | پٹھوں میں درد اور یادداشت کی کمزوری اب نہیں |
| 61 | عبقری حویلی روحانی اجتماع |
| 61 | عبقری حویلی روحانی کلاس |
| 62 | عبقری حویلی احمد پور خدمت |
| 63 | عبقری ادویات ایڈ |
| 64 | عبقری ادویات بمعہ نرخ نامہ |
| 65 | عبقری روحانی جنتری 2021ء |


**ایڈیٹر کا مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں**

ایجنسی ہولڈرز اپنی مہر لگائیں

# 40 شفائیہ دعائیں

**نہ کوئی وظیفہ' نہ نقش' نہ عمل! صرف سننے سے بگڑے کام سنور جائیں!**

مشکلات کو سلجھانے' الجھنوں سے نجات پانے' دکھوں' بیماریوں' جادو و جنات سے چھٹکارے اور ہر مقصد کے حصول کیلئے شیخ الوظائف کی اسم اعظم کے ساتھ کی جانے والی صرف 40 شفائیہ دعائیں سنیں اور اللہ تعالیٰ کی غیبی مدد کا نظارہ اپنی آنکھوں سے کریں۔ (قیمت: میموری کارڈ 8GB صرف 450 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

## عبقری خدمات کے ذریعے مستحقین کی امداد

عبقری جہاں روحانی جسمانی شعبوں کے ذریعے عالم انسانیت کے دکھی لوگوں کی خدمت کا کام سرانجام دے رہا ہے' وہاں سالہا سال سے عبقری لوگوں کی دفتر تک پہنچائی ہوئی اشیاء مثلاً پرانے کپڑے' برتن' جوتے' فرنیچر' رضائیاں' اپنی زکوٰۃ' صدقات' عطیات اور اس کے علاوہ گھریلو استعمال کی تمام اشیاء غریب نادار اور مستحق لوگوں تک پہنچا رہا ہے۔ اپنی استعمال شدہ پرانی اشیاء کو ناکارہ سمجھ کر ضائع نہ کیجئے' یقیناً یہ کسی مستحق کی خوشیوں کا سامان ہے۔ دوسرے شہروں کے لوگ ٹرک یا ٹرین کے ذریعے عبقری کے دفتر چیزیں بلٹی کرادیں شکریہ! (رجسٹریشن نمبر RP/6237/L/S/10/1534)

## فالتو کتابیں رسالے صدقہ جاریہ بنیں!

کتابیں نئی یا پرانی کسی بھی موضوع یا کسی بھی عنوان کی ہوں' رسائل' ڈائجسٹ' میگزین وغیرہ۔ آپ چاہتے ہوں کہ وہ صدقہ جاریہ بنیں۔ مزید وہ رسائل و کتابیں محفوظ ہوں' ایڈیٹر عبقری کو ہدیہ کی نیت سے ارسال کریں' وہ محفوظ ہونگی اور افادہ عام کیلئے استعمال ہوں گے۔ دوسرے شہروں کے لوگ ٹرک' ٹرین یا ڈاک خانہ کے ذریعے دفتر ماہنامہ عبقری چیزیں بھیج دیں۔ شکریہ! نوٹ: درسی اور نصابی کتب ارسال نہ کریں۔

## عبقری خدمات کے سامان میں خیانت

قارئین! اپنی نقدی' سامان صرف دفتر ماہنامہ عبقری میں پہنچائیں' کسی مقامی ایجنسی کو نہ دیں' سامان ونقدی اکثر دفتر ماہنامہ عبقری لاہور نہیں پہنچ پاتا۔ عبقری خدمات کے سامان میں خیانت کی بہت شکایات آرہی ہیں۔

**ایجنسی ہولڈر خدمات کا سامان ہرگز وصول نہ کریں۔**


**خط وکتابت کا پتہ: "عبقری" عالمی مرکز روحانیت وامن**

عبقری اسٹریٹ نزد قرطبہ چوک مزنگ چونگی لاہور (عبقری دفتر اتوار کو بند ہوتا ہے)

فون / فیکس 042-37425803-37425802-37425801-042-37586453-37597605-37552384 | E mail:contact@ubqari.org



محمد طارق محمود ناشر نے اظہار سنز ریتی گن روڈ لاہور سے چھپوا کر مزنگ لاہور سے شائع کیا

نقشہ: مزنگ چونگی قرطبہ مسجد کے ساتھ عبقری اسٹریٹ کے آخر میں عبقری کا دفتر ہے۔

## عورتوں سے حسن سلوک کرو!

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو شخص بھی اللہ تعالیٰ اور یوم آخرت پر ایمان رکھتا ہو اسے جب بھی کوئی معاملہ درپیش ہو تو اچھی بات کہے ورنہ خاموش رہے اور عورتوں کے ساتھ خیر کا سلوک کرو، اس لیے کہ عورت تو پسلی سے پیدا کی گئی ہے اور پسلی میں سب سے زیادہ ٹیڑھی اونچی پسلی ہے اگر تم اسے سیدھا کرنے چل پڑے تو اسے توڑ بیٹھو گے اور اگر یونہی چھوڑ دو گے تو ہمیشہ ٹیڑھی ہی رہے گی۔ لہٰذا عورتوں سے حسن سلوک کیا کرو۔ (صحیح مسلم شریف: 3627 باب الوصیة بالنساء)

## قریبی رشتہ داروں کو دیتے رہا کرو

☆ کسی کے جرم کا ذمہ دار کوئی دوسرا نہیں حضرت ابورشہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ میں نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ آپ ﷺ خطبہ دیتے ہوئے فرما رہے تھے کہ دینے والے کا ہاتھ اوپر ہوتا ہے، اپنی والدہ، والد، بہن، بھائی اور درجہ بدرجہ قریبی رشتہ داروں کو دیتے رہا کرو۔ اسی اثناء میں بنوثعلبہ بن یربوع کے کچھ آ گئے۔ جنہیں دیکھ کر ایک انصاری کہنے لگا۔ یارسول اللہ (ﷺ) یہ وہی یربوعی لوگ ہیں جنہوں نے فلاں آدمی کو قتل کیا تھا۔ نبی کریم ﷺ نے دو مرتبہ فرمایا: یاد رکھو! کسی شخص کے جرم کا ذمہ دار کوئی دوسرا نہیں ہو سکتا۔ 17634 (مسند احمد بن حنبل)

---

ایڈیٹر کے قلم سے

# حال دل

## نیت اور جذبے کا دل پر اثر

جو میں نے دیکھا سنا اور سمجھا

### پیپل کا درخت اور گلہری

یہ بات حقیقت ہے کہ نیتوں اور جذبوں کا اثر دلوں اور زندگیوں پر پڑتا ہے وہ انسان ہوں یا جانور، میں آپ کو ابھی تازہ پچھلے مہینے کا واقعہ سناتا ہوں۔ میں عبقری حویلی گیا وہاں ایک پیپل کا بڑا درخت ہے اس کے ساتھ اور ایک برگد کا درخت ہے ان کے ساتھ ہم نے مٹی کے کچے کشادہ منہ کے بڑے برتن باندھے ہوئے ہیں جس میں باجرہ، شکر، چاول یہ چیزیں ڈالی ہوئی ہیں۔ پرندے بھی کھاتے ہیں اور گلہریاں بھی۔ مجھے یاد نہیں کہ کبھی انسان آیا ہو اور حتیٰ کہ درخت کے قریب سے بھی گزرا ہو اور گلہری اطمینان اعتماد اور خاموشی سے بیٹھی رہی ہو۔ یقیناً وہ اپنی جان بچا کر بھاگ جاتی ہے لیکن میں اس دن بہت زیادہ حیران ہوا میں عبقری حویلی میں پیپل کے درخت کے نیچے بندھے اس برتن میں جھانک رہا تھا، کیا اس میں پرندوں کا لنگر دانہ ہے؟ گلہری اس برتن کے منہ پر بیٹھی نہ ڈری، نہ سہمی، نہ بھاگی، مجھے حیرت ہوئی اور اچانک دل میں احساس ہوا کہ اللہ نے اس کے دل میں ڈالا ہے کہ یہی فقیر ہے جو اس لنگر کا ذریعہ بنتا ہے کھلاتا تو اللہ ہی ہے؟ لہٰذا یہ میرا محسن ہے نہ کہ دشمن! یہ شکاری نہیں بلکہ بھکاری اللہ کے خزانوں کا اور اس کے ذریعے سے یہ لنگر مجھے مل رہا، یہ جذبہ ہے جو اس کے دل میں تھا اور وہ بھاگی نہیں، بلکہ اسے اطمینان اور اعتماد سے کھانا کھاتے میں نے دیکھا۔

### میں صحراؤں کا باسی ہوں!

ایک اور واقعہ سنیں میں صحراؤں کا باسی اور منگتا ہوں، وہاں شکار کے لیے نہیں بلکہ عشق مصطفیٰ ﷺ اور محبت الٰہی کے جذبے کو لے کر دور پرے بارڈر تک سفر کرتا رہتا ہوں، ایک دن کا واقعہ ہے ایک شکاری چونکہ وہ راستوں کا شناسا تھا، آپ یہ خوب جانتے ہیں کہ وہاں تھوڑا سا راستہ بھی انسان اگر بھٹک جائے تو اس کا انجام موت ہی ہے، گدھیں ہر وقت وہاں منڈلا رہی ہوتی ہیں، ابھی تو سانس بھی اندر سے نہیں نکلتی اور گدھیں نوچنا شروع کر دیتی ہیں، میرے پاس کئی واقعات مشاہدات اور تجربات ہیں اور میں خود کئی دفعہ وہاں بھٹکا ہوا ہوں، پانی بھی ختم اور گاڑی کا پٹرول بھی زیرو تک پہنچ گیا اور اللہ کی مدد آئی اور ہم اس پیاسے صحرا سے نکل آئے۔ بس اسی طرح ایک دن میں صحرا کے سفر میں دن کے وقت جا رہا تھا، دھوپ نکلی ہوئی تھی، ہرن گاڑی کے سامنے سے نکل نکل کر بھاگ رہے تھے اور گاڑی چلاتے ڈرائیور شکاری کی ہائے ہائے نکل رہی تھی اور کہہ رہا تھا میں حیران ہوں کہ ہم رات کی تاریکی میں دور دور تک ہرن جا کر تلاش کرتے ہیں، ہرن نہیں ملتے، کبھی کوئی ہمارے قسمت نصیب کا ہرن ہمیں شکار پر مل جاتا ہے، آج دن کے اجالے میں ہرن ہماری گاڑی کے آگے پیچھے دائیں اور بائیں ہیں، میرے دل میں اللہ نے بات ڈالی میں نے کہا یہ ہرن نہیں بھاگ رہے، اصل میں یہ سارے کے سارے وہ ہیں جو ایک اندر جذبہ کو سو فیصد پڑھنے والے اور معاملات کو سمجھنے والے ہیں، ان کے دل میں یہ بات آ گئی ہے کہ ہمیں اگر نقصان نہیں پہنچائے گا تو یہی ہے، اس کے دل میں شکار کا جذبہ نہیں اور مارنے کا جذبہ نہیں بلکہ کھلانے کا جذبہ ہے اور پلانے کا جذبہ ہے اور اس کی وجہ سے وہ ہرن چھپتے نہیں پھر رہے بلکہ سامنے آ رہے ہیں۔

### ہر انسان کی خوبیوں پر نظر رکھیں

یاد رکھیں نیتوں اور جذبوں کا اثر انسانوں اور جانوروں سب پر پڑتا ہے، ہماری نیت کا کھوٹ اور نیت کا بدلنا یا جذبوں کا خراب ہونا اس کا اثر ہم بظاہر محسوس نہیں کرتے لیکن بے زبان جانور تک اس کا اثر پر سکتا ہے، پڑ جاتا ہے اور پڑتا ہے۔ کیا انسانوں پر اس کا اثر نہیں پڑتا اور انسان اس کو نہیں پرکھتے ہم ہر انسان کی خوبیوں پر نظر رکھیں اور ہر انسان کے بارے میں نیت اور جذبہ اچھا ہو اور یہی نیت اور جذبہ ہی انسان کو زندگی کی ترقیاں عزتیں کامیابیاں اور خیریں دلواتا ہے۔

### توجہ کر لیں! کامیاب و کامران رہیں گے

بس یہ دو واقعات میں نے آپ کی خدمت میں عرض کیے ہیں اس طرح کے سینکڑوں ہزاروں واقعات ہیں جو کہ ہمارے سمجھنے اور سمجھانے کے لیے معاشرے میں پھیلے ہوئے ہیں انسان کے لیے بس دو واقعات ہی کافی ہیں اگر انہی پر توجہ کر لیں تو بس کامیاب اور کامران ہوگا۔ عزت، راحت، خیر اور برکت پائے گا اور ہمیشہ کامیابی پائے گا۔ ہم ہر پل اپنی نیتوں اور جذبوں پر نظر رکھیں۔ یہی نیتیں اور جذبے ہی ہمیں عزتیں اور بلندیاں دلائیں گے۔

لہٰذا ہر وقت اپنی نیت اور جذبے پر ہم نظر رکھیں بقول شاہ عبدالعزیز دُعاجو رحمۃ اللہ علیہ کے فرمایا کرتے تھے: روٹی کے توے پر جلتے وقت لگتا ہے انسان کی نیت کے بدلتے وقت نہیں لگتا۔

چہرہ کتنا ہی بدصورت ہو داغ دار ہو یا چہرے کے کیل مہاسے نہ جاتے ہوں بس خون صفاء
☆ جلد کی خرابی پرانی خارش اس کی وجہ خون کی خرابی ہو کسی قسم کا انفیکشن ہو الرجی ہو یا شوگر کی وجہ سے ہو بس خون صفاء کے استعمال سے ہر جلدی امراض سے چھٹکارا۔
نکھری بے داغ جلد کو داغدار کرنے کی اصل وجہ کا اصل علاج
خون صفا
قیمت -/150 روپے
جڑی بوٹیوں کا ایسا لاجواب مرکب ہے جو نہایت بے ضرر اور بغیر کسی سائیڈ ایفیکٹ کے لاکھوں نے آزمایا اور مفید پایا۔
غیبی طاقتیں آپ کے ساتھ! ہجویری محل چلیے!

# نیت کی وجہ سے مال میں برکت

شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی

ہفتہ وار درس سے اقتباس

**شکرانِ نعمت:** ایک مزدور نے عجیب بات سنائی کہ آپ کا جب بھی یہاں سے گزر ہوتا، تو آپ ہم سے کہتے کہ یہ سیمنٹ خراب ہو رہا ہے! اینٹ بے جا توڑ رہے ہو! کچھ ٹکڑے رکھ لیتے اس کو لگا لیتے! اس طرح میں آپ کو چار پانچ دن دیکھتا رہا! ایک دن میں نے اپنے دیگر مزدور ساتھیوں کو سمجھایا کہ اللہ کی نعمتوں کی قدر دانی کرو، ان کو فضائل بھی سنائے۔ دو تین ہفتوں کے بعد میں نے ایک تجربہ کیا میں نے پوچھا کیا تجربہ کیا ہے؟ کہنے لگا: میں فلاں گاؤں کا ہوں، لاہور میں مہینہ دو مہینے مزدوری کرتا ہوں۔ اس طرح کچھ پیسے اکٹھے کر کے گھر لے جاتا ہوں! وہ جمع پونجی دوائیوں پر! کچھ گھر کے سودا سلف پر! کچھ بچوں کی تعلیم پر خرچ ہو جاتے ہیں۔ اس طرح سارے پیسے ختم ہو جاتے ہیں!! کہنے لگا: میں نے آپ کی باتوں پر عمل کرنا شروع کیا، نماز پڑھی، ہر وقت ذکر کیا، نعمتوں کی قدر دانی کی، فرض شناسی کی اور اپنے کام میں چوری نہیں کی، دھوکہ نہیں دیا، ڈنڈی نہیں ماری! میں نے اس مرتبہ آپ کی باتوں پر عمل کیا۔

## نیت کی وجہ سے مال میں برکت

جب سے میں گھر سے ہو کر واپس آیا ہوں! اللہ کا شکر ہے کہ بہت سے پیسے میں بچا کر آ رہا ہوں، آدھے سے زیادہ میرے پیسے بچ گئے اور عجیب بات یہ ہے کہ آج تک میرے پاس کبھی پیسے نہیں بچے تھے۔ میں نے کہا کہ اللہ نے تیری نیت کی وجہ سے تیرے مال میں برکت ڈال دی ہے، پہلے کثرت تو ہوتی تھی مگر برکت نہیں ہوتی تھی! تیرا جذبہ سچا ہو گیا ہے اور تیرے اندر ایمانداری آ گئی ہے تو اللہ نے بھی تیرے سچے جذبے کی وجہ سے تیرے مال میں برکت دے دی ہے۔ اور اگر یہ جذبہ اور بڑھائے گا تو اللہ تیرے رزق کو بھی اور بڑھائے گا! اور اللہ تعالیٰ تیری نسلوں تک رزق پہنچائے گا! تو یہ سب کر کے تو دیکھ آزمایا ہوا نسخہ ہے۔

## نہ تھی اپنے خیال کی خبر

کسی مصور نے ایک چوک پر ایک تصویر آویزاں کر دی اور ایک تحریر لکھ دی کہ جس کو اس تصویر کے اندر کوئی غلطی نظر آئے وہ اس غلطی کی نشاندہی کر دے۔ شام کو دیکھا تو تصویر پر بے شمار نشان لگے ہوئے تھے۔ دوسرے دن پھر ایک تصویر لگا دی اور کہا جس کو کوئی غلطی نظر آئے وہ اس کی نشاندہی نہ کرے بلکہ اس کی اصلاح کر دے! شام تک کسی نے بھی اصلاح نہ کی۔ سارے کہتے سب ٹھیک ہے، اپنی ذات جب زد پر آتی ہے تو یہی کیفیت ہوتی ہے! اپنی ذات کے خلاف نعرہ حق لگانا بڑا مشکل ہے! اور اپنی ذات کے خلاف نعرہ تو فقیر لوگ لگواتے رہتے ہیں۔

انوکھے روحانی وظائف اور راز ولایت پانے کیلئے
خطباتِ عبقری کا مطالعہ کریں

### درس کی برکت! مفلسی سے امیری آ گئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں گزشتہ تین سال سے مسلسل تسبیح خانہ لاہور میں ہونے والے درس میں شمولیت اختیار کر رہا ہوں۔ درس نے مجھے بہت نوازا ہے۔ میں ایک فیکٹری میں ملازمت کرتا تھا' میری معمولی سی تنخواہ تھی' گزارا بڑی مشکل سے ہوتا تھا' درس میں آنا شروع کیا' یہاں مسنون اعمال ملے' تسبیح ملی' دن رات بدلے' پنج وقت نماز شروع کر دی۔ اللہ سے ہمیشہ اپنا کاروبار مانگا' رب نے تسبیح خانہ میں گڑگڑا کر مانگی دعائیں سن لیں۔ اپنا چھوٹا سا کام شروع کیا' نیت یہی رکھی کہ جو بھی کماؤں گا اڑھائی فیصد علیحدہ رکھ کر صدقہ کر دیا کروں گا' اور ایسا ہی کیا' بس دن بدن کام بڑھتا گیا۔ آج میرے پاس سات لڑکے کام کرتے ہیں' میرے پاس اگلے دو مہینے کے آرڈر بک ہیں' میں مزید آرڈر نہیں پکڑ رہا' ہر طرف لوگ پریشان ہیں کہ کاروبار نہیں الحمدللہ! میرے پاس سے گاہک واپس جا رہے ہیں کہ میرے پاس وقت نہیں۔ جتنا بھی مصروف ہوں مگر درس کا ایک بھی ناغہ نہیں ہوا۔ آج بھی تسبیح خانہ بیٹھ کر اپنی آپ بیتی لکھ رہا ہوں۔ (فرقان' لاہور)

# اعتراف جرم! معافی کا سبب بن گیا

## میں کچھ نہیں، تو سب کچھ ہے

ہاں اپنی ذات کی نفی کہ ''لا الہ اللہ'' یہ نفی اثبات ہے کہ میری ذات سب نفی ہے۔ اللہ اکبر! جب تک اپنی ذات کی نفی اور اپنی ذات کا مجرم ہونا ثابت نہیں ہوگا تب تک آیت کریمہ کا مفہوم سمجھ نہیں آئے گا! آیت کریمہ کا ترجمہ سمجھ نہیں آئے گا! اللہ کی مدد کی سمجھ نہیں آئے گی! یہ آیت کریمہ میں اللہ کی مدد شامل ہے، اس میں اِنّی اس لیے ہے کہ میں مجرم ہوں! کریم آقا میں اعتراف کر چکا ہوں! اب تو معاف کر دے! تیرا وعدہ ہے کہ اعتراف کرنے والا قابل معافی ہوتا ہے! اب تو معاف فرما دے! درگزر و والا معاملہ فرما دے! یقیناً تو معاف کرنے والا درگزر کرنے والا ہے۔

## آیت کریمہ کا اعجاز

ہمارے ایک ملازم کا لکڑی کا آرا تھا! لکڑیوں کو اٹھانے اور لانے کیلئے ایک روسی ٹریکٹر بھی ان کے پاس موجود تھا۔ وہ کہنے لگے: ایک دفعہ ایک گاڑی والے کے ساتھ میرے ٹریکٹر کا ایکسیڈنٹ ہوا۔ ٹریکٹر کو تو کچھ نہ ہوا البتہ گاڑی والے کا کافی نقصان ہوا۔ دونوں تھانے چلے گئے۔ اب میرے ڈرائیور نے اپنی قمیض اتاری اور پولیس والوں سے کہنے لگا کہ مجھے مارو! اللہ کے واسطے مجھے مارو! ان کے پاؤں پکڑے! ان کو واسطے دیئے کہ مجھے مارو! یہاں تک کہ جوتا بھی اتار کر دیا کہ مجھے مارو! پولیس والے حیران ہوئے' وہ کہتے بھئی تمہیں کیوں ماریں؟ وہ کہتا میرے ٹریکٹر ٹرالی کی وجہ سے اس کی گاڑی کا نقصان ہوا ہے، اس لیے مجھے مارو اور مجھے جیل میں بند کرو۔ پولیس والے سوچنے لگے کہ دراصل اسے احساسِ ندامت ہے، اپنے کیے پر شرمندگی ہے، تو پولیس والوں کو بھی ترس آ گیا پولیس والوں نے اسے دھکے دے کر تھانے سے باہر نکال دیا، دراصل اعتراف جرم معافی کا سبب بھی بن جاتا ہے، لہٰذا اس کو معافی مل گئی۔ اس آیت کریمہ کا اعجاز یہ ہے

لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ

خالص جڑی بوٹیوں کا کمال دیسی کریم
نام دیسی اور کام ولائتی کریموں سے کہیں زیادہ
ہر گھر میں ہر وقت اور ہر تکلیف کیلئے
کیل، مہاسے، چھائیاں، داغ دھبے دور کرنے کا آزمودہ قدرتی علاج
جلد کی تمام بیماریوں کیلئے دیسی کریم پر بھروسہ کریں قیمت:-/500 روپے علاوہ ڈاک خرچ
بیٹا بیروزگار ہے! ہجویری محل چلیے

# عبقری کرشمات نقش و تعویذات خاص نمبر! قارئین کے آزمودہ نقش و تعویذات

## میاں بیوی کی ناچاقی دور اور شدید محبت کا تعویذ!

سیدہ ارم زہرا، اٹک

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کے ماہنامہ عبقری کی قاریہ ہوں اور استفادہ حاصل کرتی ہوں۔ لفظ عبقری کا تجسس دل میں پیدا ہوا۔ قرآن مجید کی سورۃ الرحمن میں آیت 55 میں عبقری کا ترجمہ ذہن نشین کر کے حاشیہ پر تفسیر کا مطالعہ کیا۔ مختلف تفاسیر و لغات کے معنی دیکھے۔ عبقری، نادر، عجیب، خوبصورت چیز ہے۔ تفسیر قابوس کے مطابق جس میں کمال ہو قابل توصیف و تعریف۔ میرے دل میں اس کی تڑپ پیدا ہوئی کہ میں بھی اس میں شمولیت کی سعی کروں۔ چونکہ میں ایم اے عربی کی ٹیچر ہوں اور ایک روحانی عاملہ بھی ہوں لہٰذا ذوق و شوق کے پیش نظر اسماء الحسنیٰ میں سے ایک اسم مبارک کا احسن نسخہ آپ کے رسالہ عبقری کے توسط سے پیش کرنے کی جسارت کر رہی ہوں۔ روزمرہ زندگی میں مختلف مسائل درپیش ہوتے ہیں مثلاً قرض، افلاس، غربت، بیکاری، بے روزگاری، ازدواجی مسائل، شادی بیاہ، میاں بیوی کی ناچاقی، باہمی لڑائی جھگڑا، زبان درازی، مارکٹائی، فریقین کی بے راہ روی، اولاد کا نہ ہونا، اولاد کی نافرمانی، تعلیم سے فرار، جوان لڑکے لڑکیوں کی شادی وغیرہ۔ بسیار مسائل انسان ایسے پریشان کن حالات سے لاچار و بے قرار ہے۔ فرمان رب العزت ہے: لَا رَطْبٍ وَّلَا يَابِسٍ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ تمام مشکلات، امراض کا حل قرآن مجید میں ہے۔

اس دور میں میاں بیوی کی ناچاقی کی محبت کی جگہ نفرت جس سے اکثر اوقات نوبت طلاق تک پہنچ جاتی ہے۔ خاندان کے خاندان برباد ہوجاتے ہیں لہٰذا میاں بیوی کی باہمی محبت کا ایک نایاب عمل قارئین عبقری کی خدمت میں برائے استفادہ پیش کر رہی ہوں۔ شرائط: (۱) صرف اپنی ذات کیلئے خود تیار کر سکتے ہیں۔ زعفران و عرق گلاب اور کاہی یا سرکنڈا کے قلم سے لکھیں مزید لکڑی کے قلم یا عام پوائنٹر سے بھی لکھ سکتے ہیں۔ (۴) جسم و لباس پاک ہو اور باوضو لکھا جائے۔ اس تعویذ کو لکھنے کے بعد کسی بھی پھل دار درخت سے لٹکا دیں، بازو میں باندھ دلیں یا اپنے تکیے میں سی لیں۔ کچھ ہی دنوں میں محبوب (بیوی یا شوہر) کتنا ہی روٹھا ہو آپ کی طرف پلٹ آئے گا۔




(نوٹ) نقش، عملیات اولیاء اللہ، بزرگان دین، اکابر کی مستند کتب سے ہیں، غیر شرعی نہیں۔

خزینہ تعویذات: مولانا انوار الحق، فاضل دارالعلوم انڈیا، ناشر: چمن پٹن ادارۃ القاسم

## تین دن ایک کمرے میں رہیں! آسیب و جادو ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو ہمیشہ ہمارے سروں پر سلامت رکھے۔ آپ جو نیک کام کر رہے ہیں اللہ تعالیٰ ایسے ہی آپ کو دن دگنی رات چوگنی ترقی عطا فرمائے۔ کچھ عمل عبقری رسالہ کی نذر کرنا چاہتا ہوں۔

### جادو ختم کرنے کیلئے

آیت الکرسی اکتالیس مرتبہ اس طرح پڑھیں کہ بالٹی میں پانی ڈالیں اس میں اکتالیس بیری کے پتے ڈالیں اور بالٹی میں شہادت والی انگلی دائیں رخ سے پھیرنی شروع کریں یعنی طواف کی طرح اور اکتالیس مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر پانی پر دم کریں اور اس سے نہائیں ان شاء اللہ جادو ختم ہوجائے گا۔

### پندرہ شعبان کی شب کا عمل

سحر توڑنے کے لیے شب برأت پندرہ شعبان رات کو عشاء کی نماز کے بعد سات بیری کے پتے لے کر پانی میں ابال لیں بالٹی میں حل کر لیں ان شاء اللہ سحر آسیب ختم ہوجائے گا (یہ عمل سال میں شب شعبان میں صرف ایک دفعہ کرنا ہے)

### سحر ختم کرنے کے لیے

پانی کی بوتل پر صبح فجر کے وقت الحمد شریف، آیت الکرسی، سورۂ بقرہ کا آخری رکوع اور چاروں قل پڑھ کر دم کریں سات دن تک روزانہ دم کریں اور سارا دن صرف اسی بوتل سے پانی پییں سحر آسیب ختم ہوجائے گا مجرب ہے۔

### سحر و آسیب ختم کرنے کیلئے

تین دن ایک کمرے رہیں کسی سے کلام نہیں کرنا عبادت میں مشغول رہیں کھانے کیلئے صرف کھجوریں، انار اور انگور استعمال کرنا ہے اور پانی۔ سحر آسیب ختم کرنے کیلئے بہت مفید ہے۔

### یادداشت تیز کرنے کیلئے نسخہ

بادام سات گریاں، سفید مرچ سات یا دس دانے، سونف تھوڑی سی لے کر رات کو پانی میں بھگو دیں صبح نہار منہ باریک کر کے حسب ضرورت کھائیں۔

### جادو کا شک ہے تو یہ آیت پڑھ لیجئے!

(۲) قُلْنَا لَا تَخَفْ اِنَّكَ اَنْتَ الْاَعْلٰى ۔ وَ اَلْقِ مَا فِيْ يَمِيْنِكَ تَلْقَفْ مَا صَنَعُوْا اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ وَلَا يُفْلِحُ السّٰحِرُ حَيْثُ اَتٰى (سورۂ طٰہٰ ۶۸ تا ۶۹) اگر کسی کو شک ہو کہ اس پر جادو کیا گیا ہے یا علامات محسوس ہو رہی ہوں تو جادو کے اثر کو ختم کرنے کیلئے درج بالا آیات گیارہ دن تک سو دفعہ پڑھ کر اپنے اوپر پھونکیں اس دعا کے دوران کوئی دوسرا عمل نہ پڑھیں۔

### دم کریں جادو ٹوٹ جائے گا

20 مرتبہ سورۃ الناس اوّل آخر تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر دم کریں سحر ٹوٹ جائے گا۔ ان شاء اللہ۔ (محمد طاہر، اسلام آباد)

شفائے حیرت سیرپ ہر قسم کی کھانسی، دمہ، الرجی کیلئے خوش ذائقہ اور فوری اثر سیرپ
گلے کی سوزش ریشہ اور دیگر علامات کو جڑ سے ختم کرتا ہے
نزلہ و زکام، تپ دق اور بخار کو دور کرنے کیلئے بہترین ٹانک ہے
پھیپھڑوں کو طاقت دے کر پھیپھڑوں کے زخم بھرتا ہے
"شفائے حیرت" چھاتی میں موجود بلغم کو ختم کرتا ہے
دورے والا دمہ ختم
بچوں، بوڑھوں، جوانوں و خواتین سب کیلئے یکساں مفید
قیمت 150 روپے علاوہ ڈاک خرچ
بندش توڑ شیشے کا عمل! ہجویری محل چلیے!

# 71 امراض سے نجات کا عمل اور ڈھیٹ بیماری کا تعویذ

حکیم علی فرمان، مانسہرہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری کا ایک سال سے قاری ہوں۔ اللہ پاک آپ کی سعی کو قبول فرمائے جو آپ انسانیت کیلئے کر رہے ہیں۔ میں نے مانسہرہ شہر اور پھر علاقہ 'تناول' میں حجامہ کا چھوٹا سا کلینک بنایا ہوا ہے' حجامہ کے ذریعے اور روحانی اعمال کے ذریعے لوگوں کا علاج کرتا ہوں اب تک بے شمار لوگوں کو اللہ پاک نے صحت دی ہے۔ میں اپنے قیمتی تجربات عبقری قارئین کی نذر کرنا چاہتا ہوں جس میں روحانی اعمال اور تعویذات ہیں۔

## اکہتر (۷۱) امراض کا زبردست علاج

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ دَاءٍ وَّدَوَاءٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ

زکوٰۃ: شب جمعہ یعنی جمعرات کے دن عشاء کے بعد 1400 مرتبہ پڑھنا ہے۔

علاج: اوّل و آخر درود قادری ''اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّآلِہٖ وَعِتْرَتِہٖ بِعَدَدِ کُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّكَ'' پڑھنا ہے۔ درمیان میں پیچھے درج شدہ درود گیارہ مرتبہ پڑھنا ہے پڑھ کر پانی پر دم کریں اور وہ پانی مریض گیارہ دن تک استعمال کرے یعنی جتنا پانی پینے کے لیے نکالے اتنا اور ڈال دینا ہے۔ پھر گیارہ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور اس پانی سے مریض غسل کرے۔

یہ 71 امراض کا مجرب علاج ہے ان امراض میں شوگر، یرقان کی تمام اقسام بلڈ پریشر، پتھری یہاں تک کہ کینسر بھی شامل ہے۔ یہ عمل میں نے ایک درویش کی کتاب سے لیا ہے' اس درویش نے 130 سال عمر پائی' یہ درویش بہت بڑے عالم تھے۔ نہایت صاحب کمال بزرگ تھے۔ ان کے تجربات سے بھرپور ان کی پرانی کتاب سے یہ عمل لیا۔

## خونی وبادی بواسیر کا تعویذ

الحمدللہ آج تک جس مریض کو بھی دیا ہے اللہ پاک نے صحت یابی عطا فرمائی ہے۔

| هوالشافی | ۷۸۶ | | هوالکافی |
|---|---|---|---|
| ۹۱۰ | ۹۱۴ | ۹۱۱ | ۹۰۸ |
| ۹۱۲ | ۹۰۷ | ۹۰۲ | ۹۱۳ |
| ۹۰۶ | ۹۰۹ | ۹۱۶ | ۹۰۳ |
| ۹۱۵ | ۹۰۴ | ۹۰۵ | ۹۱۰ |

استغفر اللہ ربی من کل ذنب و اتوب الیہ

سبحان اللہ و بحمدہ بستم بستم ھذا نقش کی

خونی و بادی بواسیر یاقابض یاقابض یاقابض

یااللہ شافی

اس طرح کے دو تعویذ سیاہ روشنائی یا زعفران وگلاب کی سیاہی سے بنا کر ایک تعویذ موم جامہ کر کے گلے میں ڈالنا ہے دوسرا تعویذ اکیس دن تک پانی میں استعمال کرنا ہے یعنی جتنا پانی پینے کے لیے نکالیں اتنا ہی اور ڈالنا ہے۔

(نوٹ) نقش عملیات اولیاء اللہ بزرگان دین اکابر کی مستند کتب سے ہیں' غیر شرعی نہیں۔

آزمودہ نقوش: مولانا ادریس علوی
ناشر: عمران اکیڈمی گوجرانوالہ

## گیس، قبض، جوڑوں کے درد کیلئے مجرب نسخہ

میرے پاس معدے کا علاج ہے آج تک جس مریض کو بھی دیا ہے اللہ پاک نے اس کو شفاء دی ہے۔ معدے کی جلن، معدے کی گرمائش جو کسی دوائی سے نہ جاتی ہو۔ گیس، قبض، جوڑوں کے درد کے لیے انتہائی مجرب نسخہ ہے۔ ملٹھی پاؤڈر، سونف، سورنجاں شیریں، کوزہ مصری چاروں چیزیں ہموزن لیکر پاؤڈر بنا کر مکس کر کے محفوظ رکھ لیں۔ چائے والا چمچہ صبح و شام ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

# بے اولاد افراد کیلئے انمول تحفہ! جس نے آزمایا اولاد ملی!

مرد کیلئے اکتالیس عدد کالی مرچ اور اکتالیس عدد لونگ لیکر ان پر اکتالیس مرتبہ یہ آیت دم کریں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَ السَّمَآءَ بَنَیْنٰھَا بِاَیْدٍ وَّاِنَّا لَمُوْسِعُوْنَ (الذاریات، ۴۷)

نیز اس آیت کے اکتالیس تعویذ بھی بنائیں رات کو سونے سے پہلے بے اولاد مرد ایک دانہ کالی مرچ اور ایک دانہ لونگ کا کھائے اور اس کے بعد ایک تعویذ کو چاٹے اور کاغذ چبا کر نگل جائے اور اس کے بعد پانی نہ پیئے۔

عورت کیلئے اکتالیس عدد کالی مرچ اور اکتالیس عدد لونگ لیکر ان پر اکتالیس مرتبہ یہ آیت پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ''وَالْاَرْضَ فَرَشْنٰھَا فَنِعْمَ الْمٰھِدُوْنَ'' (الذاریات، ۴۸)

نیز اس آیت کے اکتالیس عدد تعویذ بھی بنائیں رات کو سونے سے پہلے بے اولاد عورت ایک دانہ کالی مرچ ایک دانہ لونگ کا کھائے اور ایک تعویذ چاٹ کر کاغذ چبا کر نگل لیں اور اس کے بعد پانی نہ پیئے۔

انتہائی مجرب عمل ہے میں نے کئی مریضوں کو دیا ہے ان کے ہاں حمل ٹھہرا ہے۔

# فیملی پلاننگ کیلئے حکماء کا آزمودہ اور کامیاب ٹوٹکہ

**فیملی پلاننگ کیلئے:** حکمائے دہلی فیملی پلاننگ کیلئے ''ارنڈ'' کا بیج کھلایا کرتے تھے۔ بعد طہارت نہار منہ کیلے میں رکھ کر ایک بیج کھلا دیں سال بھر تک حمل نہیں پڑے گا اور ماہواری بھی جاری رہے گی۔ دو بیج کھلائیں تو دو سال تک دو سے زیادہ نہ کھلائیں بانجھ پن کا خطرہ ہے۔ جیئے پوری گھوں گچی (سناروں کے پاس ہوتی ہے) اور جگنو کا روشن والا حصہ اگر کھلایا جائے اسکی بھی یہی تاثیر ہے۔ یہ بعض کتب میں حکماء کے آزمودہ ٹوٹکے ہیں۔

**کتے کے کاٹنے کا علاج:** بنگلہ دیش میں میٹرک کا طالب علم تھا ہمارے دسویں کے کلاس ٹیچر تین عدد کیلے منگواتے تھے اور گھر جا کر اسکا ایک پہلو والا چھلکا چھیل کر اس میں ''کیچوا'' رکھ کر چھری سے ٹکڑے ٹکڑے کر کے چھلکا بند کر دیتے تھے دوسرے دن بلاتے تھے اور تین دن کھلاتے تھے کتے کے کاٹے کا علاج یعنی مریض کو انجکشن لگانے کی ضرورت نہیں پڑتی تھی۔ **گردے کی پتھری کیلئے:** گردے میں پتھری ہو جائے تو جگنو کے روشن ہونے والے حصے کو تین دن نہار منہ کیپسول میں رکھ کر کھلانے سے پتھری خارج ہو جاتی ہے۔ سیالکوٹ میں ایک شخص گردے کی پتھری کی دوا بالکل مفت دیتا تھا' بے شمار لوگوں کی پتھری اس دوا سے خارج ہوئی' جب اس سے یہ راز لیا گیا تو وہ کیپسول میں جگنو ڈال کر دیتا تھا' لوگوں کو اسی سے شفاء مل جاتی تھی۔ (خواجہ محمد لائق شاہ، لاہور)

**کمر، جوڑوں اور پٹھوں کا درد وبال کیوں؟**
معاشرے میں پائے جانیوالے ان امراض کا صدیوں سے آزمودہ حیرت انگیز نسخہ
اس کورس کا کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال آپ کو معاشرے کا ایک صحت مند اور تندرست شخص بنا دیگا۔ اس کے علاوہ ''کمر درد جوڑوں کا درد کورس'' آپ کے جسم کو ہر قسم کی توانائی' طاقت دے گا۔ جن کے ہاتھ پاؤں ٹیڑھے ہو چکے وہ بھی اعتماد سے استعمال کریں۔ (قیمت 800 روپے ڈاک خرچ)

شوہر بھٹک چکا!
ہجویری محل چلیے

# یہ تعویذ لکھا! پیٹ پر پھیرا! بڑھا پیٹ ختم ہوگیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اگست 2016ء کے رسالے میں ایک تعویذ چھپا تھا جس کو میں نے آزمایا اور صرف پانچ ہفتوں میں میرا پیٹ کم ہوگیا تعویذ کے استعمال کا طریقہ یہ تھا کہ رات کو سونے سے پہلے اور صبح اٹھ کر تعویذ دائرے میں اپنے پیٹ پر تھوڑی دیر پھیریں۔ پہلے دن سے ہی پیٹ کم ہونا شروع ہوجائے گا اگر تعویذ پھٹ جائے تو اس کو جلا دیں اور دوبارہ تعویذ بنالیں۔ نقش کم از کم ہتھیلی جتنے کاغذ پر لکھیں۔ نقش یہ ہے:

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۲ | ۱۲ | ۱۲ | ۱۲ |
| ۱۲ | ۱۲ | ۱۲ | ۱۲ |
| ۱۲ | ۱۲ | ۱۲ | ۱۲ |
| ۱۲ | ۱۲ | ۱۲ | ۱۲ |

**قرآن شفاء ہے: تالیف مولانا عبدالجبار محمدی، دار محمدی ملتان**

میرا ایک اور تجربہ یہ ہے جب بھی کھانا بناتی ہوں ''یَاخَالِقُ یَامُصَوِّرُ یَاجَمِیْلُ'' پڑھتی ہوں۔ صرف گیارہ بار پڑھنے سے کھانا بہت لذیذ بنتا ہے۔ حکیم صاحب کچھ عرصہ سے مجھ پر جنات کے اثرات ہیں۔ حکیم صاحب آپ کا دیا ہوا الحسبتم اور اذان والا عمل پڑھ رہی ہوں۔ دن بدن طبیعت بہتر ہورہی ہے۔ رات کو سوتے ہوئے جسم پر دباؤ پڑتا تھا۔ جنات مجھے ناپاک کردیتے تھے نماز میں رکاوٹ ڈالتے تھے معدہ بہت خراب رہتا تھا ہر ہفتے ڈاکٹر کے پاس جانا پڑتا تھا ہر وقت کمزوری محسوس ہوتی تھی۔ اب یہ تمام مسائل آہستہ آہستہ کم ہورہے ہیں۔

## جادو کی وجہ سے لوگوں سے چھپتی پھرتی تھی

حکیم صاحب آپ سے بیعت ہوں آپ کے درس سن کر بہت سکون ملتا ہے۔ بہت سے گناہوں سے نجات ملی۔ جادو کی وجہ سے میری ذہنی حالت بہت خراب ہوچکی تھی۔ لوگوں سے ملنے کا دل نہیں کرتا تھا۔ لوگوں سے چھپتی پھرتی تھی۔ احساس کمتری کا شکار تھی۔ آپ کے درس سے میری ذہنی حالت اب بالکل ٹھیک ہے۔ اب میں ہر قسم کے حالات کا سامنا کرلیتی ہوں۔ ہر حالت میں رب کا شکر ادا کرتی ہوں۔

حکیم صاحب مجھ سے ایک بہت بڑا ظلم ہوگیا ہے اور یہ احساس مجھے آپ کے درس سن کر ہوا۔ میں نے سولہ سال کی عمر میں اپنی بھنویں تراشنا شروع کردی تھیں۔ اب میں اس گناہ کو چھوڑنا چاہتی ہوں۔ بچپن سے میری بھنویں بہت گھنی تھیں۔ ماتھے پر بھی بہت بال تھے۔ بھنویں بار بار کاٹنے کی وجہ سے اور گھنی ہوگئی ہیں۔ بہت موٹے بال آتے ہیں۔ ہر دفعہ اس بات کا عزم کرتی ہوں کہ اگلی دفعہ اپنی بھنویں نہیں کاٹوں گی پر مجھ سے یہ گناہ بار بار ہوجاتا ہے۔ موٹے بالوں کی وجہ سے چہرے کا رنگ بہت خراب لگتا ہے۔ اگر میرے یہ بال ختم ہوسکتے ہیں تو اس کا کوئی حل بتائیں میں نہیں چاہتی میرا یہ گناہ میری نسلوں میں منتقل ہوجائے میں اپنی نسلوں کو ایمان اعمال کی زندگی سکھانی چاہتی ہوں۔ اپنے رب کے حکم پر پورا چلنا چاہتی ہوں۔ میں گناہوں سے پاک صاف ہوکر اپنے سسرال جانا چاہتی ہوں براہ مہربانی اس سلسلے میں میری رہنمائی فرمائیں۔ اپنے اس گناہ پر رب سے بہت شرمندہ ہوں دل سے شرمندہ ہوں مجھے اس گناہ سے نکال لیں نہیں تو بڑھاپے میں چہرہ بہت بھیانک ہوجائے گا۔

(ص،ل۔راولپنڈی)

# 15 سال سے آزمودہ نظر بد کا دم! آپ بھی با اجازت لیجئے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ کریم آپ کو آپ کی نسلوں کو دنیا و آخرت کی تمام خوشیاں عطا فرمائے۔ آمین حضرت جی جب سے تسبیح خانے سے تعلق جڑا ہے بہت سکون اور تسلی ہے کہ ہم اللہ کی پناہ میں ہیں یہاں آنا روح کو سکون عطا فرماتا ہے میں نے عمرہ کے دوران حرم میں کچھ نمازیں ایسی پڑھی ہیں کہ میری ان نمازوں میں کیفیت بدل جاتی تھی اس کے بعد سے اب تسبیح خانے میں دعا یا درس کے درمیان میں نے وہ کیفیت پھر محسوس کی ہے۔ اللہ کا شکر ہے اس نے ہمارے لیے بہترین راستہ چنا ہے۔ آپ نے پچھلے درس میں کہا تھا کہ میرے لیے دعا کرنے والے کم ہوگئے ہیں نہیں حضرت صاحب جو ایک دفعہ تسبیح خانے آتا ہے وہ کسی اور فقیر یا باباجی کے پاس جانے کے قابل نہیں رہتا کیونکہ آپ اسکا تعلق اللہ سے جوڑ دیتے ہیں۔ اللہ آپ کو لمبی صحت اور عافیت والی زندگی عطا فرمائے آمین۔

میرے پاس پندرہ سال سے ایک نظربد کے دم کے کچھ تجربات ہیں وہ دم میں عبقری کی خدمت میں پیش کرنا چاہتی ہوں یہ دم پہلے میری نند کے پاس تھا بہت بااثر دیکھا ہے میں نے اس دم کو۔ میری نند نے فوت ہونے سے پہلے میری جٹھانی کو دیا اب ان سے میں نے درخواست کی تھی کہ مجھے ہدیہ کردیں ان کی مہربانی انہوں نے وہ دم مجھے دے دیا۔ دم یہ ہے الله شافى الله معافى مسلسل نظر لگے بچے یا انسان کی طرف دیکھتے ہوئے پڑھنا ہے اور اس سے نظر بد ختم ہوجاتی ہے۔ اس دم کے میری آنکھوں دیکھے تجربات ہیں جو میں پندرہ سال سے دیکھ رہی ہوں اگر کسی کو بہت شدید نظر لگی ہوتو دم کرنے والے کی آنکھوں سے پانی نکل آتا ہے اور اس کو جمائیاں بہت آتی ہیں۔ حضرت جی! میرے جیٹھ اس دم کو بہت مانتے تھے وہ جب طبیعت خراب ہوتی تھی تو بہن سے کہتے تھے مجھے نظر ہوئی ہے دم کردو وہ دم کرتی تھیں تو وہ واقعی ٹھیک ہوجاتے تھے۔ ابھی تین ماہ پہلے ہم لوگ کلر کہار سیر پر گئے تو سیر کے دوران کسی نے کہا (ق) کافی صحتمند لگ رہے ہیں اس کے بعد واپسی پر ان کی اچانک طبیعت خراب ہوگئی یہ کہیں میرے کان بند ہوگئے ہیں اور مجھے بھاری بھاری سب محسوس ہورہا ہے ہم سب ڈر گئے کہ (ق) گاڑی ڈرائیو کررہے ہیں اور کوئی ساتھ اور ڈرائیور بھی نہیں تو راستے میں کیا کریں گے بڑی آپی نے کہا (ش) 'ق' کی ذرا نظر پڑھ دو۔ ان کو کافی دفعہ کہا ناک اور منہ بند کرکے سانس لیں مگر کوئی فرق نہ پڑا آخر میں نے ان کی نظر پڑھنا شروع کی تو تین چار منٹ میں ایک دم ان کو جمائی آئی اور ان کا کان کھل گیا تو باجی نے کہا کہ فلاں نے 'ق' کے بارے میں یہ کہا تھا تو اس کی اچانک نظر ہوگئی تھی شکر ہے اللہ کریم کا کہ اسکی کلام میں واقعی بہت اثر ہے۔ (ش، گجرات)

## درد گردہ کیلئے یہ انگوٹھی پہن لیجئے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! یہ ٹوٹکہ میں نے عبقری رسالہ میں پڑھا' بہترین ہے' گردہ میں درد تھا' یہ انگوٹھی بنوا کر پہن لی' یقین کیجئے چند دنوں کے اندر اندر مجھے فرق محسوس ہوا۔ دانہ فرنگ اصلی چاندی کی انگوٹھی میں بطور نگینہ بنا کر پہن لیں۔ انشاء اللہ درد گردہ نہ ہوگا۔ (نعیم' سرگودھا)

عبقری جب نہ ملے تو۔۔۔؟؟؟
کچھ عرصہ سے بعض مقامات سے یہ شکایات مل رہی ہیں کہ قارئین کو عبقری رسالہ دیر سے ملتا ہے یا ملتا ہی نہیں ہے! ایجنسی ہولڈر کی کارکردگی بہتر بنانے کیلئے ہماری گزارش ہے کہ عبقری نہ ملنے یا دیر سے ملنے کی صورت میں ادارے کو خط یا فون کے ذریعے مندرجہ ذیل معلومات فراہم کریں۔ 1۔ بک سٹال جہاں رسالہ نہ ہو تو سٹال کا فون یا موبائل نمبر ہمیں درج بالا معلومات درج ذیل نمبرز پر فوری دیں تا کہ آپ کو ماہنامہ عبقری بروقت اور مسلسل ملتا رہے۔
042-37552384-042-37425801-3
یا اس پتہ پر خط لکھیں: دفتر ماہنامہ عبقری' عالمی مرکز روحانیت وامن عبقری اسٹریٹ نزد قرطبہ مسجد مزنگ چونگی لاہور

7 مرادیں' 7 منت کے چراغ! ہجویری محل چلیے!

# یہ نقش بازو پر باندھ لیجئے! رزق و دولت کی بارش خود دیکھئے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ پاک آپ پر اور آپکی آنے والی نسلوں پر اپنی رحمتوں، برکات کا نزول فرمائے اور آپ کا سایہ ہم سب پر تادیر قائم و دائم رکھے آمین۔ آپ کی ہدایت اور حکم پر چند اعمال جو میرے آزمائے ہوئے ہیں اور چند نسخہ جات جو مختلف کتب یا لوگوں سے حاصل ہوئے ہیں وہ عبقری کے لیے ارسال کررہا ہوں اور دعا کرتا ہوں کہ یہ اعمال میرے لیے اور میری نسلوں کے لیے صدقہ جاریہ بنیں۔

**عمل نمبر ۱:** اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ۔وَلِلّٰهِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ بِهَا یعنی مجھے اپنی ضرورتوں اور حاجتوں کے لیے میرے اسمائے حسنیٰ کے ذریعے پکارو۔ اس عمل کے اندر بے پناہ طاقتور روح پوشیدہ ہے۔اس روح کو صاحب علم لوگ باآسانی پہچان لیں گے اس نقش کو مثلث خاکی چال سے زعفران سے ساعت مشتری (ساعت مشتری جمعرات کے دن طلوع آفتاب سے شروع ہوکر ایک گھنٹہ تک رہتی ہے) میں لکھ کر اوپر یارحمن یارزاق لکھیں اور نقش کے نیچے لکھیں اجب ھشائیل اطلبکم (مقصد) بحق یارحمن یارزاق العجل الساعۃ الوحا اس کے بعد یارحمن یارزاق 606 مرتبہ اوّل آخر گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھ کر اپنے جو مقاصد ہوں اس کی کامیابی کے لیے نہایت توجہ ویکسوئی سے دعا مانگ کر نقش پر دم کریں اور اس کو موم جامہ کرکے سیدھے بازو پر باندھ لیں۔ اس کے بعد چلتے پھرتے اٹھتے بیٹھتے یارحمن یارزاق کا کھلا ورد کریں نہایت پراثر عمل ہے جو بھی اس کی برکت پالے گا کسی اور عمل کی حاجت نہ رہے گی ہوسکے تو تازندگی اس پر عمل جاری رکھیں جب تک آپ مدامت جاری رکھیں گے عمل و نقش سو فیصد تاثیر ظاہر کرتا رہے گا بشرط مقصد جائز و نیک ہو۔ نقش یہ ہے:

یارحمن یارزاق

| | | |
|---|---|---|
| نَافِعُ | جَبَّارُ | مُعْطِفُ |
| مُنْعِهُ | رَبُّ | مُقَدِّسُ |
| دائم اللُّطْفِ | اِلٰهُ الْعٰالَمِیْنَ | بَارُّ |

اجب ھشائیل اطلبکُمْ (یہاں اپنا مقصد لکھیں)
بحق یارحمن یارزاق العجل الساعۃ الوحا

تلخص علم الاعداد: تالیف مولانا نورالھادی، ناصر اکیڈمی کوئٹہ علماء کے تیر بحدف تعویذات

پیچھے والے تعویذ کو ان اعداد کے مطابق بھرا جائے۔ یعنی جہاں ایک نمبر لکھا ہے وہاں اِلٰه الْعٰالَمِیْنَ لکھا جائے اسی طرح تمام خانہ جات پُر کیے جائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ۴ | ۹ | ۲ |
| ۳ | ۵ | ۷ |
| ۸ | ۱ | ۶ |

(یہ نقش نہیں ہے یہ اوپر کے نقش کی چال ہے۔)

(نوٹ) نقش، عملیات اولیاء اللہ، بزرگان دین، اکابر کی مستند کتب سے ہیں، غیر شرعی نہیں۔

## استخارہ کشف المحجوب سے کیجئے! میرا خاص تجربہ

محترم حضرت حکیم صاحب یہ میرا خاص تجربہ ہے جو میں تحریر کررہا ہوں ایک دن میں کسی بات کو لے کر بہت پریشان تھا سمجھ نہیں آرہا تھا کہ کیا کروں اسی رات میں کشف المحجوب پڑھ رہا تھا اچانک خیال آیا کہ یہ کتاب ایک کامل ولی کی تصنیف ہے اور سب کے لیے یکساں ہدایت اور رہنمائی اس میں موجود ہے کیوں نہ اپنا مسئلہ اور حل اس سے حاصل کروں یہ سوچ کر میں نے وضو کیا اور حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرت پیر علی ہجویری المعروف داتا صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی روح پاک کو ایصال ثواب کیا اور اپنے مسئلے کے حل کے لیے نہایت عاجزی وانکساری کے ساتھ دعا کرکے کشف المحجوب اٹھائی اور آنکھیں بند کرکے چند لمحے اپنے مقصد کا تصور کیا اور اس یقین کے ساتھ کہ جب میں کشف المحجوب کھولوں گا تو نظر میرے مسئلے کے حل پر پڑے گی یہ تصور کرکے بسم اللہ پڑھ کر میں نے جب کشف المحجوب کھولی تو میری نظر مضمون پر پڑی اس کو میں نے اوّل و آخر توجہ سے پڑھا تو آپ یقین کریں حضرت صاحب میں ایک دم اُچھل پڑا کیوں کہ مضمون کے مطابق میں جس پریشانی میں مبتلا تھا وہ میری اپنی غلطی تھی جو مضمون کے ذریعے مجھ پر ظاہر ہوگئی میں نے فوراً اس مضمون پر عمل کیا اور اللہ کے فضل سے وہ پریشانی حل ہوگئی یقیناً یہ ایک انوکھا تجربہ ہے جو کہ بے حد مجرب ٹھہرا ہے۔ اور اب تو یہ میرا معمول ہوگیا ہے جب بھی استخارہ کی حاجت ہوتی ہے تو میرے ہاتھ میں کشف المحجوب ہوتی ہے۔ (محمد نوید علی، حیدرآباد)

قسط نمبر 153

اسلام اور رواداری

# پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا غیر مسلموں سے حسن سلوک

ابن زیب بھکاری

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ ایک سفر کا واقعہ بیان کرتے ہیں کہ رات میں ہم نے ایک جگہ پڑاؤ ڈالا۔ صبح سب کی آنکھ لگ گئی۔ نماز قضا ہوگئی۔ فوراً بعد میں ادا کی گئی۔ ہمارے پاس پانی ختم ہوچکا تھا۔ شدید پیاس لگی ہوئی تھی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کچھ سواروں کے ساتھ مجھے پانی کی تلاش میں بھیجا۔ جب ہم نکلے تو دیکھا کہ ایک عورت پانی سے بھرے ہوئے دو مشک اپنی اونٹنی پر لیے جارہی ہے۔ ہم نے دریافت کیا کہ پانی کہاں مل سکتا ہے؟ اس نے کہا قریب میں پانی نہیں ہے۔ میں قبیلہ سے ایک دن اور ایک رات کا فاصلہ طے کرکے پانی لارہی ہوں۔ اس نے بتایا کہ وہ ایک بیوہ عورت ہے اور اس کے چھوٹے چھوٹے یتیم بچے ہیں۔ ہم اسے لے کر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں پہنچے۔ آپ کے حکم پر اونٹنی کو بٹھایا گیا۔ آپ نے مشک پر دست مبارک رکھا۔ تھوڑا سا پانی لے کر اس پر کلی کی۔ اس کے بعد آپ کا یہ معجزہ دیکھنے میں آیا کہ ہم چالیس افراد تھے۔ ہم سب نے اس سے پانی پیا اور ہمارے پاس جو چھوٹے بڑے برتن تھے سب بھر لیے۔ ایک صاحب کو غسل کی حاجت تھی انہیں اس کیلئے پانی دیا گیا۔ اس کے باوجود یوں محسوس ہورہا تھا کہ مشک اس قدر بھرے ہوئے کہ پھٹے جارہے ہیں۔ آپ نے اس عورت سے فرمایا دیکھو ہم نے تمہارا پانی کم نہیں کیا ہے پھر آپ کے حکم سے ہم لوگوں نے بچی ہوئی روٹی کے ٹکڑے اور کھجوریں اسے دیں آپ نے اس سے کہا جاؤ یہ اپنے بچوں کو کھلاؤ۔ اس نے قبیلہ میں پہنچ کر واقعہ سنایا تو سب اسلام لے آئے۔

"پیغمبر اسلامؐ کا غیر مسلموں سے حسن سلوک" اب تمام واقعات کتابی شکل میں ضرور پڑھیں، گفٹ کریں اور "غیر مسلموں کی عبادت گاہیں، ان کے حقوق اور ہماری ذمہ داریاں" کتاب اردو اور انگلش میں پڑھنا ہرگز نہ بھولیں!

## ولی اللہ نے میری والدہ یہ نسخہ بتایا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم جن بچوں کی آنکھ سے پانی آتا ہو ان کے لئے بہت ہی نایاب نسخہ ہے جسے ایک ولی اللہ نے میری امی کو بتایا تھا نسخہ یہ ہے۔10 گرام املی کے پتے۔10 گرام امرود کے پتے۔10 گرام نیم کے پتے پیس کر عرق نکال لیں۔ اس عرق میں روئی کی بتی بنا کر بھگو کر سکھا لیں، جب اچھی طرح سوکھ جائے تو سرسوں کے تیل میں اس کا کاجل بنالیں۔ پھر اس کاجل کو نمکول والے پانی میں ملالیں اس کا ۱۵ دن استعمال کریں۔ ان شاء اللہ آنکھ سے پانی آنا بند ہوجائیگا۔ بہت بار کا آزمایا ہوا ہے۔ دعامیں یاد رکھیں۔ (حیاء، کراچی)

تندرستی ٹانک جسم و جان کیلئے شاہی ٹانک | تمام اعضاء کیلئے آب حیات | گھر بھر کی ضرورت | چندونوں کے استعمال سے صحت قابل رشک بنائیں | چندروز کا استعمال اور برسوں کی بھولی باتیں یاد آجائیں | ذہنی اور جسمانی کام کرنے والوں کیلئے بہترین تحفہ (قیمت 440 روپے) | موذی بیماریوں سے حفاظت! ہجویری محل چلیے!

☆عبقری کتب، ادویات، گھر بیٹھے منگوائیں۔ کال کریں: 0332-7552382 ☆ڈبی پر لکھی قیمت ہی اصل تصور ہوگی ☆عبقری ادویات، رسالہ یا ایجنسی سے متعلق تجاویز شکایات: صرف میسج 0343-8710009

# کاروبار چلتے چلتے رک جائے تو 513 بار یہ پڑھیے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! معاشرہ میں جنات کی بکھری کہانیاں سنتا اور دیکھتا ہوں تو ایسا لگتا ہے کہ جنات نے عہد توڑ کر انسانوں کو تنگ کرنا شروع کر دیا ہے میں ایسی بہنوں اور بھائیوں کیلئے یہ خاص عمل لکھ رہا ہوں‘ سب قارئین اس عمل سے فائدہ اٹھائیں۔ تجربہ شدہ عمل ہے میں اصل مقصد کی طرف آتا ہوں یہ عمل مشکل کشائی کے لیے تحفہ ہے۔ یہ تحفہ روحانیت سے منسوب ہے۔ ایک اللہ والے کہتے ہیں سفر میں ایک عامل سے ملاقات ہوئی اس عامل نے مجھے ایک عمل دیا جس کا نام عمل مشکل کشاء ہے۔ انہوں نے اس عمل کی بہت تعریف کی کہ دنیا کی کوئی مشکل ہو اس کو آزمائیں۔ اب عمل کے فوائد مندرجہ ذیل ہیں۔

## کاروبار چلتے چلتے رک جائے تو 513 بار یہ پڑھیے!

(۱) جن کا کاروبار چلتے چلتے رک گیا ہو تو وہ اس عمل کو 513 مرتبہ روزانہ پڑھیں۔ کم از کم چالیس یا نوے دن۔

## دشمن نے زمین تنگ کر دی ہو؟ انوکھا عمل

(۲) جو لوگ سحر و جادو کی وجہ سے پریشان ہوں اور دشمن نے زمین تنگ کر دی ہو۔ دشمنوں سے نجات پانے کے لیے اس عمل کو 583 مرتبہ روزانہ پڑھیں۔

## لاعلاج امراض میں مبتلا 666 مرتبہ پڑھیں

(۳) جو لوگ لاعلاج امراض میں مبتلا ہیں اس عمل کو 666 مرتبہ پڑھیں۔

## جن خواتین کے رشتے ٹوٹ جاتے ہوں!

(۴) وہ خواتین حضرات جن کے رشتے نہ ہوتے ہوں اور ہو کر ٹوٹ جاتے ہوں تو اس عمل کو 786 مرتبہ پڑھیں۔

## جو قرض واپس نہ کرتے ہوں ان کیلئے

(۵) وہ لوگ جو قرض دیتے ہوں اور لوگ قرضہ واپس نہ کرتے ہوں ہو تو وہ 313 مرتبہ روزانہ پڑھیں۔

## جادو جنات‘ آسیب‘ پری بھوت سے نجات

(۶) جن کے گھر میں جادو جنات و آسیب، پری، بھوت اور چڑیل ہو ان سے نجات چاہتے ہوں تو اس عمل کو 555 مرتبہ روزانہ پڑھیں۔

## جوڑوں کے درد سے نجات کا روحانی عمل

(۷) وہ خواتین و حضرات جن کو جوڑوں کا درد ہو، جسم میں درد ہو، درد کے وقت بے قراری لگی رہتی ہو تو اس عمل کو 888 مرتبہ پڑھیں۔

## ناکام عاشقین کیلئے

(۸) وہ عاشق حضرات جو کسی کی محبت میں مبتلا ہوں اور ناکام ہوتے ہوں تو اس عمل کو 450 مرتبہ روزانہ پڑھیں۔ یاد رہے پڑھنا صرف جائز مقصد کیلئے ہے‘ ورنہ نقصان ہوگا۔

## پرائیویٹ سکولوں کیلئے لاجواب عمل

(۹) تسخیر خلق رجوع خلائق پرائیویٹ سکولوں کے لیے تسخیر خلق کی ضرورت ہو تو اس عمل کو 1009 مرتبہ روزانہ پڑھیں بلکہ ہزاروں مقاصد کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

## کم از کم 90 دن میں مقصد پورا

ایک مقصد کو حاصل کرنے کے لیے کم از کم مدت 90 دن تک ہے اس کو پڑھیں اس عمل سے پہلے اوّل آخر درود شریف 92,92 مرتبہ پڑھنا لازم ہے۔

## عمل یہ ہے:

یَااَللّٰہُ یَااَللّٰہُ اَدْرِکْنِیْ بِحَقِّ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ

# میں کسان تو نہیں مگر کسان دوست ٹوٹکے لیجئے!

## کسانوں کے روزمرہ مسائل اور عبقری کے آسان ٹوٹکے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ تمام گھرانہ بہت شوق سے پڑھتا ہے‘ ہر ماہ شدت سے عبقری کا انتظار رہتا ہے‘ عبقری رسالہ کا ہر سلسلہ ہی بہت زبردست اور مفید ہے۔ کسان تو ہم نہیں ہیں لیکن گملے میں کسان دوست ٹوٹکے ضرور آزماتے ہیں‘ بہترین رزلٹ ملتا ہے‘ یہ ٹوٹکے کسان بھائی اپنے کھیت میں بھی کر سکتے ہیں‘ چائے کی پتی جو استعمال کر کے پھینکتے ہیں اگر اس کو اکٹھی کر کے گملے یا پھر کھیت میں کھاد کے طور پر استعمال کریں تو پھل خوب آئے گا پودے خوب اچھی طرح بڑھیں گے۔ آزمایا ہوا ہے چاول بھگونے کے بعد جو پانی پھینک دیتے ہیں ان کو سبزیاں دالوں کو بھگونے کے بعد جو پانی پھینکتے ہیں اس کو بھی کھیت کیلئے یا گملوں میں ڈال سکتے ہیں ایک اور آزمودہ ٹوٹکہ جس بھینس کی جلد پر کٹ لگ جائے تو اس کے زخم پر چولہے کی راکھ جو بھینس کے سوکھے گوبر (اوپلے) سے بنتی ہے ملیں‘ صرف تین دن میں آرام آجائے گا۔ اگر بکری کو خارش ہو جائے تو اس کو سرسوں کے تیل میں گندھک پیس کر مالش کریں دو تین دن میں ٹھیک ہوجائے گا۔

## یہ پانی سپرے کیجئے! پیداوار میں بے پناہ اضافہ

محترم قارئین! یہ انتہائی لاجواب عمل ہے‘ خاص طور پر کسان بھائی اس کو ضرور آزمائیے! کافی کسانوں کا آزمودہ ہے۔ ایک بڑے کاغذ پر ’’اَللّٰہُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ لکھ کر پانچ سیر پانی میں دھولیں اور اس پانی کو کھیت میں چھڑک دیں صرف ایک بار یہ عمل کریں۔ زمین کی پیداوار میں بے پناہ اضافہ ہوگا۔ بالکل آسان ہے۔

## کسان دوست عبقری کا ساتھ دیں

قارئین! آپ نے کوئی ٹوٹکہ روحانی ہو یا طبی جانوروں‘ فصلوں کی بیماری میں آزمایا ہو یا سنا ہو‘ یا آپ نے گھر میں پودے لگائے ہیں یا گھر میں پرندے یا کوئی پالتو جانور رکھا ہے تو اپنے آزمودہ ٹوٹکے ضرور بھیجیں۔ بیماری کا نام اور دوائی کا نام واضح لکھیں تاکہ دوسرے بھی آسانی سے پہچان سکیں۔ آپ کے چھوٹے سے ایک ٹوٹکے سے لاکھوں کا بھلا ہوگا اور آپ کیلئے قیامت تک کیلئے صدقہ جاریہ اس عمل میں غفلت نہ کریں۔

**جانور شفاء:** سالہا سال کے مسلسل تجربات کے بعد عبقری کی جانور شفاء جانوروں کیلئے اور ان کی تمام بیماریوں کیلئے ہے۔ جانور کو موٹا تازہ صحت مند‘ سدا بہار رکھنے کیلئے جانور شفاء مویشی پال حضرات کیلئے بہت ضروری ہے۔ (قیمت-/130 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

عبقری کی ادویات کے سو فیصد رزلٹ پر لوگوں کو شبہ ہوتا ہے کہ شاید اس میں اسٹرائیڈ یا انگریزی ادویات پیس کر شامل کی گئی ہیں لیکن الحمدللہ عبقری ادویات خالص دیسی جڑی بوٹیوں سے پوری مقدار اور مکمل نگرانی میں تیار کی جاتی ہیں۔ کئی لوگوں نے اپنے اطمینان کیلئے عبقری ادویات کے لیبارٹری ٹیسٹ بھی کروائے اور الحمدللہ عبقری کی ادویات ہر قسم کے اسٹرائیڈ سے پاک ثابت ہوئی ہیں۔

بیماریوں کیلئے شفائیہ نمک! ہجویری محل چلیے!

# نقش گاڑی میں لگائیں ایکسیڈنٹ کو بھول جائیں


حکیم محمد آصف' منڈی بہاؤالدین

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں آپ کی اور عبقری کی خدمت میں کچھ عملیات اور کچھ آزمودہ نسخہ جات بھیج رہا ہوں۔

## نقش گاڑی میں لگائیں ایکسیڈنٹ کو بھول جائیں

اس نقش کو چاند کی چودہ سے پہلے کسی بھی جمعرات کو نماز اشراق اور نماز چاشت کے درمیان نمازی پرہیز گار آدمی سے باوضو زعفران اصلی سے شمال کی طرف منہ کر کے لکھوائیں اور گاڑی' کار، ٹرک، موٹر سائیکل، یا سائیکل ہی کیوں نہ ہو اس میں ایسی جگہ لگا دیں جہاں نجس چیز نہ پڑے یا گاڑی دھونے پر اتار لیں پھر لگالیں۔ ان شاء اللہ گاڑی حادثہ سے محفوظ رہے گی۔ گاڑی اپنے ہاتھ چلائیں یہ نہ ہو ٹریفک قوانین کی پابندی کی خلاف ورزی کریں پہلے اگر ہوسکے تو ہر جمعرات کو نقش کو لوبان کی دھونی دیں اگر نہ دے سکیں تو پہلی تین جمعرات کو تو لازمی دھونی دینی ہے۔

آزمودہ نقوش: مولانا ادریس علوی
ناشر: عمران اکیڈمی گوجرانوالہ




**روحانی وضو کیجیے:** ظاہری وضو تو ہر کوئی کرتا ہے باطنی کوئی کوئی کرتا ہے۔ وضو شروع کرتے ہوئے ہاتھ دھونے کے ساتھ یہ کہیں کہ میں دنیا کی محبت سے ہاتھ دھو رہا ہوں جب کُلی کرے تو کہے منہ سے صرف اللہ تعالیٰ کا ذکر کروں گا جب ناک میں پانی ڈالیں تو کہے ناک سے صرف اللہ تعالیٰ کی خوشبو سونگھوں گا کسی غیر کی نہیں۔ جب منہ دھوئے تو کہے تمام مخلوقات دنیا سے منہ موڑ کر اللہ تعالیٰ سے دل لگا رہا ہوں۔ جب بازو دھوئے تو کہے دنیا کی محبت ہاتھ بازو سے دھو رہا ہوں۔ جب مسح کرے تو کہے میں اپنے تمام امور اللہ تعالیٰ کے سپرد کرتا ہوں۔ جب پاؤں کو دھوئے تو کہے کہ پاؤں سے چل کر اللہ تعالیٰ کی طرف جاؤں گا کسی غیر کی طرف نہیں جاؤں گا۔ آپ نے جب ظاہری وضو کے ساتھ یہ باطنی وضو کیا تو وہ روحانی سکون ملے گا جو پہلے نہ تھا۔

**پہلے اچھی نیت کریں:** اللہ تعالیٰ نے انسان اور جنوں و فرشتوں کو اپنی عبادت کے لیے پیدا کیا اور قرآن پاک میں فرمایا ''کہ میں نے انسانوں اور جنوں کو اپنی عبادت کیلئے پیدا کیا ہے'' لیکن آج تک روئے زمین پر کوئی انسان یا جن اللہ تعالیٰ کی عبادت کا حق ادا نہیں کرسکا نہ کرسکے گا۔ لیکن ایک طریقہ سے کچھ نہ کچھ گزارہ ہی ہوجائے گا وہ یہ کہ جب بھی آپ کوئی جائز کام کرنے کیلئے گھر سے نکلنے سے پہلے یہ نیت کروں کہ یہ کام میں اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کرنے کیلئے کرنے جارہا ہوں' کام کیلئے تو آپ نے ویسے بھی جانا ہی ہے لیکن جب آپ نیت اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے کریں گے تو پھر کیا ہوگا وہ آپ کا جانا اور آنا عبادت میں لکھا جائیگا مثلاً نماز پڑھنے کیلئے جانا ہے، مزدوری کرنے جانا ہے، کسی بیمار کی تیمارداری کرنے جانا ہے وغیرہ نیت کر کے جائیں تو اتنی سی آواز کہیں کہ اپنے کانوں سے آواز سن لیں تاکہ آپ کے کان بھی گواہ ہو جائیں گے کہ یہ بندہ فلاں وقت فلاں کام اللہ تعالیٰ کی رضا کیلئے کرنے کے لیے گیا تھا کوئی خرچہ نہیں کوئی وقت نہیں ضائع ہوگا صرف نیت آواز سے کرنا ہے۔

(نوٹ) نقش، عملیات اولیاء اللہ' بزرگان دین' اکابر کی مستند کتب سے ہیں' غیر شرعی نہیں۔

---

## ماہانہ روحانی محفل

روحانی محفل مرکز روحانیت وامن میں اجتماعی نہیں ہوتی ہر فرد اپنے مقام پر رہتے ہوئے کرے

اس ماہ کی روحانی محفل 10 جنوری بروز اتوار صبح 11 بجے سے لیکر 12 بج کر 21 منٹ تک۔ 20 جنوری بروز بدھ عصر تا مغرب۔ 30 جنوری بروز ہفتہ رات 9 بجے سے لیکر 10 بج کر 27 منٹ تک یَاشَافِیُ یَا کَافِیُ پڑھیں۔ یہ ذکر، بھکاری بن کر، خلوص دل، درد دل، توجہ اور اس یقین کے ساتھ کہ میرا رب میری فریاد سن رہا ہے اور سو فی صد قبول کر رہا ہے۔ پانی کا گلاس سامنے رکھیں اور اس تصور کیساتھ پڑھیں کہ آسمان سے ہلکی پیلی روشنی آپکے دل پر ہلکی بارش کی طرح برس رہی ہے اور دل کو سکون چین نصیب ہو رہا ہے اور مشکلات فوری حل ہو رہی ہیں۔ وقت پورا ہونے کے بعد دل و جان سے پوری امت، عالم اسلام اور غیر مسلموں کے ایمان کیلئے پوری دنیا میں امن کی دعا' اپنے لیے اور اپنے عزیز و اقارب کیلئے دعا کریں۔ پورے یقین کے ساتھ دعا کریں۔ ہر جائز دعا قبول کرنا اللہ تعالیٰ کے ذمے ہے۔ دعا کے بعد پانی پر تین بار دم کر کے پانی خود پئیں۔ گھر والوں کو بھی پلا سکتے ہیں' ان شاءاللہ آپ کی تمام جائز مرادیں ضرور پوری ہوں گی۔

### ہر محفل کے بعد 11 روپے صدقہ ضرور کریں

(نوٹ:) 1۔ روحانی محفل کے درمیان اگر نماز کا وقت آجائے تو پہلے نماز ادا کی جائے اور بقیہ وقت نماز کے بعد پورا کیا جائے۔ اگر اسی وقت یہ وظیفہ روزانہ کرلیں تو اجازت ہے مستقل بھی کرنا چاہیں تو معمول بنا سکتے ہیں۔ ہر مہینے کا ورد مختلف ہوتا ہے اور خاص وقت کے تعین کے ساتھ ہوتا ہے۔ بے شمار لوگوں کی مرادیں پوری ہوئیں۔ ناممکن، ممکن ہوئیں۔ پھر لوگوں نے اپنی مرادیں پوری ہونے پر خطوط لکھے آپ بھی مراد پوری ہونے پر خط ضرور لکھیں۔ (ایڈیٹر:۔ حکیم محمد طارق محمود عفا اللہ عنہ)

---

## رب کی شان رکشہ والا ہمارا گھر ڈھونڈ رہا تھا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں اپنی بھانجی کی شادی پر لاہور سے گجرات گئی' واپسی پر جب ہم گھر پہنچے تو رات کے بارہ بج گئے' ہم رکشہ سے اترے تو جلدی میں وہ بیگ جس میں سارے قیمتی کپڑے تھے' وہ رکشے میں بھول گئے' اگلے دن جب بیگ تلاش کیا تو بیگ ندارد' کافی پریشانی ہوئی' میں نے نیت کی' یا اللہ میرا بیگ مل جائے' میں نوافل ادا کرونگی' دل میں آیا اور میں نے یَارَبِّ مُوسٰی یَارَبِّ کَلِیْم بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھنا شروع کردیا' رب کی شان اگلے دن رات کے دس بجے رکشے والا خود گھر ڈھونڈتا ہوا آگیا اور بیگ ہمارے حوالے کردیا' میں نے اُسی وقت شکرانے کے نوافل ادا کیے۔ (ولیہ نوید ظفر' لاہور)

خاص الخاص عمل کے بعد **جادو شکن تیل**
کالا جادو' جنات' نظر بد' سفلی عمل' بدروحوں کے بُرے اثرات' لاعلاج بیماریاں گھریلو جھگڑے' اولاد کی نافرمانی' مسلسل ناکامیاں' دورے پڑنا اور ایسے روگ جو کسی کی سمجھ میں نہ آتے ہوں حتیٰ کہ جہاں ہر معالج نے آپ کو مایوس کردیا ایسے حالات میں **جادو شکن تیل** کا استعمال مایوسی کو ختم کر کے آس اور امید دلاتا ہے۔ (قیمت 50 روپے)

بچہ امتحان میں فیل نہ ہوگا!
ہجویری محل چلیے!

# سکول ٹیچرز کیلئے ترقی پانے کا انوکھا فارمولہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ پاک اپنی رحمت کا سایہ آپ پر آپ کی نسلوں پر اور آپ کے ساتھیوں پر ہمیشہ قائم ودائم رکھے آمین۔ آپ فرماتے ہیں کہ اپنے تجربات عبقری کے لیے لکھے جائیں اس سلسلہ میں عرض یہ ہے کہ میں پیشے کے لحاظ سے ٹیچر ہوں۔ 2010ء میں مجھے شہر کے نمبرون سکول میں ملازمت ملی جس میں گوجرانوالہ اور اس کے گردونواح کے بچے پڑھنے آتے ہیں۔ مجھے نرسری کلاس دے دی گئی اس میں تقریباً سارے بچے سلف فنانس پر آئے ہوئے تھے۔ وہ کلاس ''رونے والی کلاس'' کے نام سے مشہور تھی۔ میں نے ایک ماہ تک ایک سینئر ٹیچر کے ساتھ کام کیا تھا وہ روزانہ بچوں سے دعا کرواتیں۔ پھر درود ابراہیمی پڑھتی اور بچے بھی ان کا ساتھ دیتے۔ وہ مئی اور جون کے شدید گرمی والے دن تھے میں نے اپنی آنکھوں سے دیکھا کہ کمرے کی کھڑکی کے باہر درخت اور پودے حبس کے دنوں میں جھومنے لگ جاتے کمرے کی جالی کے پردے ہلنے لگتے اور لوڈشیڈنگ میں بھی ٹھنڈی ہوا کے جھونکے کمرے میں نجانے کہاں سے آتے تھے؟ مجھے ستمبر میں نرسری کلاس ملی اصل ٹیچر چھٹی پر گئی تھی' پہلے دن میں کلاس میں گئی ہر بچہ رونے دھونے میں مصروف تھا۔ سیکنڈ ہیڈ خفیہ طور پر میری نگرانی کررہی تھیں۔ مجھے کچھ سمجھ نہ آرہی تھی میں نے طرز کے ساتھ درود پاک پڑھنے کی کوشش کی لیکن ناکام رہی پھر میں نے درود ابراہیمی پڑھا اور بچوں کو اپنے پیچھے پیچھے پڑھایا پھر میرا یہ روز کا معمول بن گیا۔ کلاس میں شعور' ذہانت' فہم' ادراک اللہ کی طرف سے آگیا۔ وہ بچے جو سفارش پر یا پیسے دے کر سکول میں داخل ہونے میں کامیاب ہوئے تھے۔ باقی آٹھ سیکشنوں سے آگے نکل گئے۔

سب حیران تھے والدین خود آکر بتاتے تھے کہ ہمارے بچے اردو اور انگلش کے الفاظ پڑھنے کے قابل ہوگئے ہیں۔ ان کی لکھائی ان کے لکھنے کی رفتار باقی ساری نرسری کلاسز (اس سکول میں نرسوں کے کل نو سیکشن تھے اس وقت) سے بہتر ہیں راز یہ تھا کہ صبح کے وقت سات یا گیارہ بار درود ابراہیمی سب مل کر پڑھتے بعد میں چونکہ کام جلدی ختم ہوجاتا تھا جتنی بار پڑھا جاتا میں بچوں کو درود ابراہیمی پڑھا دیتی تھی۔

# نالائق سے لائق بننے والا انوکھا طالب

میرا یہ مسئلہ 1998ء سے تھا کہ میرے جسم کے مختلف حصوں پر فیروزی رنگ گرتا تھا۔ اس کے چھینٹے دھبے ہوتے پھر پسینہ آتا عقل سمجھ ختم ہونے لگ جاتی کبھی یہ سلسلہ زیادہ ہوجاتا کبھی کم۔ ڈی پی ایس میں ملازمت ملنا اللہ کا بہت بڑا احسان' یہاں پر پردے میں رہتے ہوئے جاب کی جاسکتی ہے۔ کمشنر کی طرف سے آبزرویشن کے لیے لوگوں نے آنا تھا اس دن گھر سے سکول جاتے ہوئے فیروزی رنگ مجھ پر بارش کی طرح برسا اور میرے لیے سیدھا چلنا بھی ناممکن ہوگیا مجھے اپنی نوکری جاتی دکھائی دے رہی تھی۔ مجھے ایک بزرگ نے تیسرا کلمہ پڑھ کر یہ رنگ دھونے کے لیے فرمایا تھا لیکن اس سے بھی افاقہ نہ ہوا پھر اللہ نے میرے دل میں ڈالا میں نے حسب معمول بچوں سے دعا کروائی اور اپنی حالت کے لیے خاص طور پر دعا کروائی حیرت انگیز طور پر بالکل ٹھیک ہوگئی۔

## نالائق کالو کیسے کلاس کا لائق سٹوڈنٹ بنا

مجھے 2013 میں سکول سے ملازمت چھوڑنی پڑی پھر مجھے 2015 میں اپنے گاؤں میں ملازمت ملی وہاں سکول ابھی نیا نیا بنا ہے وہ لوگ دیہاتی بچوں کو آکسفورڈ سلیبس پڑھاتے ہیں اور ابتدائی کلاسز سے بچوں پر بہت زیادہ بچوں پر بوجھ ہے یہاں KG کلاس میں تقریباً سارے بچے ایسے ہیں جو دوسروں سکولوں میں ناکام ہوچکے ہیں۔ میری کلاس میں ایک ایسا بچہ تھا جس کی ماں کو طلاق ہوچکی ہے۔ ننھیال میں پل رہا ہے شکل وصورت افریقی اصل نام عبدالرحمن سب کالو کہتے ہیں' ذہانت نہ ہونے کے برابر آئی کیو لیول بہت ہی کم جب میرے پاس اس کا کوئی حل نہیں تھا' میں نے اس کے گھر والوں کو اعمال بتانے کی کوشش کی لیکن ایسا نہ ہوسکا۔ پھر میں نے گیارہ بادام صبح کے وقت کھانے کے لیے کہنے کی کوشش کی میری ہیڈ مسٹریس نے کہا کہ ان لوگوں کی روٹی پوری نہیں ہوتی بادام کہاں سے کھائیں گے۔ پھر اللہ نے میرے دل میں ڈالا میں نے اسے اوّل آخر درود پاک کے ساتھ درمیان میں کھلا ''رَبِّ زِدْنِي عِلْمًا '' یعنی علم میں اضافہ کی دعا پڑھنے کو کہا جب وہ کوئی شرارت کرتا میں اسے کھڑا کرکے کھلا یہی دعا پڑھوانا شروع کردیتی تھی' آہستہ آہستہ میں نے محسوس کیا کہ وہ پڑھنے لکھنے کے قابل ہوگیا ہے۔ سب سے زیادہ بڑی بات یہ تھی کہ وہ وجد میں پڑھتا تھا۔ سب لوگ حیران تھے کہ یہ بچہ کیسے پڑھنے لگ گیا اس کی پہلی ٹیچر حیران تھی کہ یہ تو صرف کاغذ پر دائرے بنایا کرتا تھا پڑھنے میں بہت نالائق تھا اب بہت بہتر ہے' میرے لیے یہ بالکل نیا تجربہ تھا۔ (راحیلہ فاطمہ، گوجرانوالہ)

اس ماہ کا نورانی مراقبہ

# مراقبے سے علاج

مراقبے کے جب کمالات کھلیں گے تو حیرت کا انوکھا جہان اور مشکلات کا سو فیصد حل خود آپ کو حیرت زدہ کردے گا۔

Meditation یعنی مراقبہ جہاں ازل سے روحانیت کی ترقی اور مشکلات کے حل کا علاج رہا ہے وہاں جدید سائنس نے اسے امراض کا یقینی علاج بھی قرار دیا ہے۔ ہزاروں تجربات کے بعد عبقری کے قارئین کے لئے مراقبے سے علاج پیش خدمت ہے۔ سوتے وقت اگر باوضو اور پاک سوئیں تو سب سے بہتر ورنہ کسی بھی حالت میں صرف 10 منٹ بستر پر بیٹھ کر لاتعداد مسلسل يَا عَالِمَ الْغَيْبِ پڑھیں' اول و آخر 3 بار درود شریف پڑھیں پھر لیٹ جائیں۔ جس مرض کا خاتمہ یا الجھن کا حل چاہتے ہوں اس کو ذہن میں رکھ کر یہ تصور کریں کہ ''آسمان سے سنہرے رنگ کی روشنی میرے سر سے سارے جسم میں داخل ہوکر اس مرض کو ختم یا الجھن کو حل کررہی ہے اور اس وظیفے کی برکت سے میں سو فیصد اس پریشانی سے نکل گیا/گئی ہوں'' یہاں تک کہ اس تصور کو دہراتے دہراتے نیند آجائے۔ شروع میں تصور بناتے ہوئے آپ کو مشکل ہوگی لیکن بعد میں آپ پر جب اس کے کمالات کھلیں گے تو حیرت کا انوکھا جہان اور مشکلات کا سو فیصد حل خود آپ کو حیرت زدہ کر دے گا۔ مراقبے کے تجربات ہمیں لکھنا نہ بھولیں۔

قوتی گولیاں خودکوشادی کے قابل نہ سمجھنے والوں کیلئے عبقری کا خاص تحفہ شوگر کے مریض استعمال کریں اور قدرت کا کرشمہ دیکھیں۔
قوت وشباب کا بے بہا خزانہ
بے طاقتی' بے رغبتی کیلئے قوت اور طاقت کا موجیں مارتا ہوا انوکھا سمندر
خواتین ہوں یا مردان سب کیلئے قوتی گولیاں لاجواب علاج ہیں۔ ایک مرتبہ کا استعمال زندگی بھر کا فائدہ۔
قیمت صرف 500 روپے علاوہ ڈاک خرچ
گاہک کھینچنے والا تعویذ! ہجویری محل چلیے!

# زندگی کی سب سے بڑی غلطی پسند کی شادی تھی!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں گمراہیوں کی تاریکی میں بھٹک رہی تھی' عبقری ملا اور زندگی میں روشنی بھر گئی' بہت ساری غلطیاں کیں جس میں ایک غلطی پسند کی شادی تھی' وقت گزرنے کے ساتھ پتا چلا کہ شوہر عیاش طبیعت ہے جھوٹا ہے، چوری کی عادت ہے، نوکری بھی ٹھیک سے نہیں کرتا' میں سمجھاتی رہی' سکول میں پڑھاتی' ٹیوشن پڑھاتی' ایک بیٹا ہے میرا' ایک بیٹے کے بعد اولاد نہیں ہوسکی بہت علاج کروایا لیکن کامیاب نہ ہوئی' ایک بیٹا ہونے کے بعد مجھے بانجھ ہونے کا طعنہ ملتا رہتا کہ اگر دوبارہ اولاد نہ ہوئی تو طلاق دیدوں گا' دوسری شادی کرلوں گا' پھر کچھ سالوں پہلے کسی سے افیئر چلا' پوری پوری رات اس سے باتیں کرتا' میرے احتجاج پر مارتا پیٹتا المختصر اس شخص نے میری زندگی اجیرن کردی' میرے موبائل پر جو بھی میری سہیلی یا اسٹوڈنٹس کے نمبر ہوتے' ان کو میرے نمبر سے چوری چھپے غیر اخلاقی میسجز کر دیتا پھر اس نے دوسری شادی کرلی' سسرال والوں کو اس کی ساری باتوں کا علم تھا' اس لیے سب میرے ساتھ تھے مجھ سے پسند کی شادی کی غلطی ہوگئی تھی لیکن ان سارے حالات میں اللہ نے بیان و تبلیغ سے جوڑ دیا' باجماعت تراویح بیان میری زندگی کا معمول بن گیا تھا' میں نے اللہ کی رضا کے لیے اس کو دوسری شادی پر معاف کیا' خرچہ معاف کیا اور اپنی امی کے گھر بیٹے کے ساتھ رہنے لگی جب اس نے دیکھا کہ سب مجھے (بیوی) ہی صحیح کہتے ہیں تو اس نے مجھے بدنام کرنا شروع کردیا کہ میں غلط ذریعوں سے پیسہ کمارہی ہوں پھر گھر میں سب نے کہا جو تمہاری عزت کی حفاظت نہیں کرسکتا ایسے شخص سے قطع تعلق کرلو' خلع لے لو' میں نے خلع لے لی۔ خلع کے بعد عدت میں مجھے عبقری کا مطالعہ کرنے کو ملا میں نے اللہ تعالیٰ سے معافی مانگی پھر وظائف پڑھنا شروع کردیئے جس سے تنگدستی ختم ہوگئی' رزق میں برکت ہوگئی میں ہر فرض نماز کے بعد اوّل و آخر درود شریف اور سات دفعہ سورۃ القریش پڑھتی ہوں' صبح شام سورۃ المائدہ کی آیت نمبر 114 پڑھتی ہوں' قرض کے لیے یَاعَزِیْزُ کی تسبیح پڑھتی ہوں۔ رات سورۃ واقعہ پڑھتی ہوں' عبقری دفتر سے ''برکت والی تھیلی'' ملی' صبح شام سورۃ کوثر پڑھ کر پھونکتی ہوں' اللہ کا کرم ہے کہ اللہ کی ذات کے علاوہ کسی کے آگے ہاتھ نہیں پھیلانا پڑتا۔ اللہ تعالیٰ عبقری کو بہت کامرانیاں عطا کریں' عبقری رسالے ہر ماہ ہدیہ کرتی ہوں تاکہ اوروں کا بھلا ہو جیسے مجھے روشنی ملی دوسروں کو بھی ملے جو بھی خود پڑھتی ہوں دوسروں کو بتاتی ہوں کہ یہ پڑھو دل کو بہت سکون ملتا ہے یہ بیٹی آپ کی بہت مشکور ہے۔ (ر۔ن، کراچی)

# درویش کے آزمودہ دم اور تعویذات لیجئے!

سبحان اللہ، مردان

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! 1991ء سے عملیات کا شوق ہے۔ عملیات کے بارے میں جب بھی کوئی کتاب ملی تو پڑھ لی لیکن کسی میں کوئی خاص کامیابی نہیں ہوئی۔ 2006ء میں ملیر کینٹ میں ایک اللہ والے سے ملاقات ہوئی' انہوں نے اللہ کے نام کے مراقبے بتائے جو کہ ابھی بھی کررہا ہوں اور ان سے راہ سلوک کے اسباب سیکھ رہا ہوں۔ پیروں فقیروں سے مجھے بے حد محبت ہے ہر وقت درویشوں اور اللہ لوک قسم کے لوگوں سے ملنے اور ان سے کچھ سیکھنے کی کوشش میں لگا رہتا ہوں تاکہ کہیں سے بھی کچھ سیکھ کر صرف اللہ تعالیٰ کی رضا کیلئے لوگوں کی خدمت کروں۔

(۱) جگر کی تمام بیماریوں کیلئے پانی پر 21 مرتبہ تَبٰرَكَ اسْمُ رَبِّكَ ذِی الْجَلٰلِ وَالْاِکْرَامِ پڑھ کر دیتا ہوں۔ جگر کی بیماریاں الحمدللہ ختم ہوجاتی ہیں۔

### گوہانجنی کا آزمودہ دم

(۲) گوہانجی چشم کیلئے بیری کے سات عدد پتوں پر ''بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ'' پڑھ کر دم کرتا ہوں۔ پھر ان پتوں کو ایک ایک کرکے گوہانجنی پر پھیرتا ہوں' چند دنوں میں گوہانجنی ختم۔ انتہائی کامیاب روحانی عمل ہے۔

(3) بخار والے کو 7 عدد دھاگے پر 4 قل پڑھ کر اور یہ پڑھ کر 14 گرہیں لگا کر دیتا ہوں قُفْلُ کَرْ دَمْ وَ بَسْتَمْ بِنَامِ فَلَانْ (یہاں مریض کا نام لکھیں) بِحَقِّ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللهِ

(4) کسی پر جادو ہے یا جن ہے، معلوم کرنے کے لیے اسکے قد کے برابر دھاگہ ناپ کر اول و آخر 11 مرتبہ درود شریف اور 7 مرتبہ سورہ مزمل پڑھ کر دم کردیتا ہوں۔

### نظر بد ختم کرنے کیلئے تین مرتبہ پڑھیں

(5) نظر اتارنے کے لیے 3 مرتبہ" وَاِنْ یَّکَادُ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا لَیُزْ لِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ (سورۃ القلم آیت نمبر 51) دم کرتا ہوں۔

### ناف کیلئے بازو پر یہ تعویذ باندھیں

(6) ناف کیلئے تعویذ لکھ کر بازو پر بندھواتا ہوں۔

| | | |
|---|---|---|
| یااللہ یارحمن | یااللہ یارحمن | یااللہ یارحمن |
| یااللہ یارحمن | مریض کا نام | یااللہ یارحمن |
| یااللہ یارحمن | یااللہ یارحمن | یااللہ یارحمن |

خزینہ تعویذات: مولانا انوار الحق، فاضل دارالعلوم انڈیا، ناشر: چن پٹن ادارۃ القاسم

### جب بھی جو مانگنا ہو! اس طرح مانگیں ملے گا

(7) جب بھی کوئی چیز اللہ تعالیٰ سے مانگتا ہوں تو اول و آخر درود شریف، سورۃ الفاتحہ ایک مرتبہ، سورۃ اخلاص 3 مرتبہ۔ کبھی بھی ناکامی نہیں ہوئی۔

### کوئی بیماری ہو یہ پڑھیے

(8) کسی کو کوئی بھی بیماری ہو تو 7 مرتبہ سورۃ الفاتحہ اول و آخر درود شریف پڑھ کر دم کرتا ہوں۔ سر درد کیلئے سورۃ اخلاص 3 مرتبہ یا 7 مرتبہ یا 11 مرتبہ پڑھ کر دم کرتا ہوں۔

### دانت درد کا تعویذ

(9) دانت درد کے لیے لِكُلِّ نَبَاٍ مُّسْتَقَرٌّ وَّ سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ (سورۃ انعام 67) کا تعویذ لکھ کر دیتا ہوں۔ کاغذ پر لکھ کر گلے میں پہن لیں۔ پینے کے طور پر استعمال کرسکتے ہیں۔

### آیات شفاء چینی کی پلیٹ پر

(10) ہر بیماری کیلئے آیاتِ شفاء چینی کی پلیٹ یا کاغذ پر لکھ کر پینے کے لیے دیتا ہوں۔ (11) کبھی کبھی بغیر کچھ پڑھے بھی دل میں نہایت عاجزی اور خلوص کے ساتھ اللہ تعالیٰ کو یاد کرکے کسی کو دعا دے دیتا ہوں اور کام ہوجاتا ہے۔

### جگر کی بیماریوں کیلئے تعویذ

(12) جگر کی بیماریوں کے لیے تعویذ: لَوْ كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّكَلِمٰتِ رَبِّیْ (کہف آیت 19) لکھ کر' دائیں بازو پر باندھنا ہے۔

**(نوٹ) نقش' عملیات اولیاء اللہ' بزرگان دین' اکابر کی مستند کتب سے ہیں' غیر شرعی نہیں۔**

اصلاح معدہ وجگر پیکیج
معدہ اور آنتوں کی کمزوری دور کرکے پیٹ اور آنتوں میں خون کی فراہمی بحال کرے۔
معدے اور جگر کے تمام امراض کا آزمودہ علاج
معدہ کے کینسر کو ختم کرتی ہے معدے کے زخم کی خاص دوا
قیمت صرف 440/- روپے علاوہ ڈاک خرچ
نافرمان اولاد نیک! ہجویری محل چلیے!

# تسبیح خانہ نے مجھے منتر سے درود شریف پر لگا دیا

زین، لاہور

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! تحریر لکھنے سے پہلے میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ تسبیح خانہ سے مجھے بہت فیض ملا ہے اس نسبت کی وجہ سے میں اب کبھی مایوسی والے بول نہیں بولتا ہمیشہ یہ سوچتا ہوں کہ گلاس آدھا تو بھرا ہوا ہے‘ یہ نہیں کہتا کہ گلاس آدھا خالی کیوں ہے تو حضرت جی! یادداشت کمزور ہونے کی وجہ سے میں نے سوچا کہ جیسے ہی کوئی بات یاد آئے تو فوراً لکھ لیا کروں۔ اب میں تحریر لکھتا ہوں۔

ابھی میرے دوست نے 2011 کی میری ایک ویڈیو مجھے دکھائی جو اس نے چھپ کر بنائی تھی اس ویڈیو کو دیکھنے کے بعد مجھے احساس ہوا کہ زین شکر کر اللہ نے تجھے تسبیح خانے کے لیے قبول کرلیا‘ ورنہ تو کیا تھا اور لوگوں کو کیا بتاتا پھرتا تھا‘ اس ویڈیو میں خود ہی دیکھ لے۔ اس ویڈیو میں میں مون مارکیٹ لاہور میں واقع ایک فاسٹ فوڈ کی دکان پر بیٹھا اپنے دوستوں کے ساتھ برگر کھا رہا تھا اور کافر کا طریقہ یعنی فرنچ ڈاڑھی منہ پر سجائے میں اپنے دوستوں کو ہنسانے کے لیے یہ کہہ رہا تھا کہ میں تمہیں منتر بتاتا ہوں ایسا منتر کہ تو کبھی بھوکا نہیں رہ سکتا تیری ساری ضرورتیں پوری ہوں گی۔ بولو بتاؤں منتر؟ تو انہوں نے کہا بتاؤ منتر!

میں نے کہا کہ وہ منتر ہے (اللہ کے نام پہ دے دے بابا) اس وقت میں نے اپنے آپ کو کہا کہ میں بابا ببل گم ہوں اور بابا ببل گم کی طرف سے یہ منتر ہے جاؤ سڑک پر جا کر یہ منتر کہو اور دیکھو مال آتا ہے یا نہیں۔ اس ویڈیو کو دیکھا اب دوبارہ یعنی آج میں تو یہ بات بھول چکا تھا‘ دوبارہ ویڈیو دیکھی تو شرم آئی اور بعد میں ایک خوشی ہوئی۔ خوشی جس بات پر ہوئی اب میں وہ لکھتا ہوں۔ دیکھ اپنا ویڈیو والا دور اور آج کا دور کہ تسبیح خانہ سے جڑنے کے بعد تیری سوچیں کتنی پاک ہوگئیں۔

ویڈیو والا دور میرا تو آپ نے پڑھ لیا اس میں جو میں منتر بتاتا تھا وہ منتر بھی دیکھا آپ نے لیکن اب بھی میں اپنے ملنے والوں کو ایک ’منتر‘ (یعنی وظیفہ) بتاتا ہوں ایسا منتر (وظیفہ) کہ جسے پڑھنے سے وہ کبھی بھوکے نہیں مر سکتے بلکہ ان کی نسلیں بھی بھوکی نہیں مریں گی ان شاء اللہ۔ وہ منتر (یعنی وظیفہ) جو میں بتاتا ہوں وہ درود پاک ہے۔ یہ ہے تسبیح خانے کا فیض‘ پہلے کی زندگی میں کیا منتر لوگوں کو دیا اور اب کی زندگی میں کیا منتر (یعنی وظیفہ) دیا۔ پہلے والے منتر (یعنی وظیفہ) کو کوئی پڑھے گا تو مال ملے گا لیکن ذلت کے ساتھ اور صرف اس کے اپنے لیے نسلوں کے لیے نہیں اور آخرت کی سزا علیحدہ میرے دوسرے منتر کو اگر کوئی پڑھے گا تو اسے بھی ملے گا لیکن عزت کے ساتھ اور نسلوں کیلئے اب یہ پڑھنے والے کے یقین پر ہے کہ اس نے کتنی نسلوں کیلئے مانگنا ہے۔ سچے اللہ سے۔

میں تو دعا کرتا ہوں کہ اللہ جس نے انٹرنیٹ ایجاد کیا اس کو اور اس کی قیامت تک کی آنے والے نسلوں کو آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی غلامی دیدے اور جو انٹرنیٹ کے ذریعے خیر کا پیغام لوگوں تک پہنچا رہے ان کی نسلوں کو اور ان کو شاد و آباد رکھے۔ ایک وقت تھا جب یہ انٹرنیٹ میرے لیے عیب کی زندگی تھا لیکن جب سے اللہ کو تلاش کرنا شروع کیا اللہ نے میرے اسی عیب کو ہنر میں بدل دیا آج میں کماتا ہی انٹرنیٹ سے ہوں (الحمدللہ)

ایک اور فیض میں لکھنا بھول گیا کہ پہلے والا منتر میں نے لوگوں کو بتایا تب میں نے کافر کا طریقہ فرنچ ڈاڑھی منہ پر رکھی ہوئی تھی اور اب جو میں دوسرا منتر یعنی درود پاک لوگوں کو بتاتا ہوں اور ان شاء اللہ موت تک بتاتا رہوں گا یہ منتر بتاتے ہوئے میرے منہ پر سنت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم (ڈاڑھی) سجی ہوئی ہے۔ واہ کیا فیض ہے اللہ تیرا شکر ہے۔

# ایک بول اور بدنظری سے چھٹکارا

حضرت جی اکثر لوگ مجھے جب بھی ملتے ہیں تو سلام کے بعد یہ کہتے ہیں کہ ’ہور سناؤ‘ کیا حال ہے یہ لفظ سن سن کر بعض اوقات مجھے نہ چاہتے ہوئے غصہ بھی آجاتا ہے کہ جو ملتا ہے پہلا لفظ یہ ہی ہوتا ہے اور سناؤ کیا حال ہے۔ تو میں نے اس کا حل ڈھونڈنا شروع کیا کہ اس کا میں کوئی ایسا جواب دوں کہ ملنے والے کے لیے کوئی سبق بھی ہوجائے اور میرے لیے بھی تو اللہ پاک نے جو بات میرے دل میں ڈالی وہ یہ کہ اب مجھے اگر کوئی کہے کہ اور سناؤ کیا حال ہے تو میں اسے کہتا ہوں کے بہت پریشان ہوں تو اچانک اس کے طوطے اُڑ جاتے ہیں کیونکہ وہ جس کیفیت سے کہتا ہے کہ اور سناؤں تو اسے سو فیصد امید ہوتی ہے کہ اگلا بندہ کہے گا کہ شکر ہے اللہ کا لیکن جب میں اسے کہتا ہوں کے بہت پریشان ہوں تو اس وجہ سے وہ رک جاتا ہے اور بعض اوقات کہیں جانا بھی ہو اس نے تو بھی رک جاتا ہے‘ کہتا ہے کہ کیوں کیا ہوا خیریت تو ہے تو میں دل میں کہتا ہوں ہاں اب تو قابو آیا ’اب میری بات سنے گا تو جیسا کہ میں نے اسے کہا ہوتا ہے کہ پریشان ہوں تو میں جھوٹ نہیں بولتا۔ (تسبیح خانے سے جڑنے کے بعد اللہ کا فضل ہے پریشانی نہیں آئی لیکن اگر آئی بھی تو زبان پر ذکر جاری رہنے کی وجہ سے اللہ پاک نے پریشانی کی حالت میں بھی سکون دیئے رکھا۔ اس لیے کہہ رہا ہوں کہ تسبیح خانے سے جڑنے کے بعد پریشانی نہیں آئی اور جو پریشانی ہوتی بھی ہے تو میں مخلوق کے آگے ذکر نہیں کرتا‘ صرف اللہ کو اپنا غم بتاتا حتیٰ کے ماں کو بھی نہ بتاتا۔ یہ بھی ایک انوکھا فیض ملا۔ ویسے بھی ہر بندے کو بیماری نہیں بتائی جاتی فقط ڈاکٹر کو ہی بتائی جاتی ہے اسی طرح تسبیح خانے سے جڑنے کے بعد الحمدللہ میرا مزاج ایسا بن چکا ہے کہ میں اپنی پریشانی کا رونا ہر بندے کے آگے نہیں روتا۔ صرف اللہ کو دل ہی دل میں کہتا رہتا ہوں) لیکن اس ملنے والے کو جو میں کہتا ہوں کہ پریشان ہوں تو وہ میں اس لیے کہتا ہوں کہ میرے معاشرے میں جو بے حیائی پھیلی ہے اس کو میں دیکھ کر واقعی بہت پریشان ہوں تو اس پر وہ شخص بھی کہتا ہے کہ واقعی صحیح کہا۔ یہ بے حیائی میرا ایک غم ہے آخر ہماری نسلوں نے اسی معاشرے میں تو رہنا ہے‘ بات پھر میں اس سے کافی لمبی کرتا ہوں لیکن ایک بات ہے اس کے بعد وہ شخص مجھے یہ کہتے ہوئے سوچتا ہے کہ ہور سناؤ۔ اسے پتا ہے دیوانہ سا ہے پھر شروع ہوجائے گا۔

اکثر میری اس بات پر مجھے لوگ دیوانہ کہہ دیتے ہیں لیکن ان کو شاید پتا نہیں ہے کہ اس بے حیائی کی وجہ سے اللہ کے جو فیصلے اتر رہے ہیں اس کا اثر تو سب پر پڑ رہا ہے بس وہ بچ جاتا ہے جو اس کو روکنے کی کوشش کرتا ہے اور دعا کرتا ہے۔

حضرت جی! شادی سے پہلے میں نمکو فروخت کرتا تھا دکان دکان پھرتا تھا‘ نہ چاہتے ہوئے بھی بدنظری ہوجاتی تو ایک دوست نے ٹوٹکہ بتایا کہ جب بھی کسی پر نظر پڑے تو فوراً دل میں یہ کہہ کر میری ماں، بہن ہے‘ سوچا کہ چلو اس ٹوٹکہ کو آزماتا ہوں تو جس پر پہلی نظر پڑی فوراً کہا کہ میری ماں بہن ہے تو جیسے کوئی جادو ہوگیا کہ جذبات ہی بدل جاتے ہیں‘ یہ ٹوٹکہ بڑے کام آتا ہے۔

چاند جیسے مکھڑے کے متلاشی عبقری کی چہرہ شفاء کیوں بھول گئے؟
آزمودہ طبی فارمولہ کوئی سائیڈ ایفیکٹ نہیں قیمت 180 روپے
دانے‘ کیل مہاسے‘ چھائیاں‘ داغ‘ گڑھے‘ پیپ دار الرجی‘ رنگت میں تبدیلی ہو یا چہرے کا سیاہ ہوجانا اعتماد سے استعمال کریں۔
چہرہ شفاء صدیوں سے آزمودہ طبی فارمولہ
مویشی شفا پیکیج! ہجویری محل چلیے!

# 41 جمعہ کا عمل! کاتب تقدیر سے رئیس بننا لکھوا لیجئے!

حضرت جی! غالباً 27 رمضان 2013 کے درس میں آپ نے ایک عمل بتایا تھا کہ 41 یا 81 جمعہ تک اوّل آخر تین دفعہ درود پاک گیارہ دفعہ سورۂ الم نشرح اور گیارہ بار سورۂ قدر (انا انزلنا) پڑھے۔ فوائد تو اس کے تقریباً چھ بتائے تھے لیکن ایک فائدہ آپ نے یہ بتایا تھا کہ جو شخص اگر متواتر 41 یا 81 جمعہ پڑھ لے یہ عمل جمعہ کی نماز کے بعد تو اللہ پاک اس کے لیے اور اسکی نسلوں کے لیے وسعت کے دروازے کھول کر رکھ دے گا اور یہ بات تقدیر کے قلم سے لکھ کر رکھ دے گا تو میں نے اس وسعت کو پانے کیلئے عمل شروع کر دیا۔ اس کا سب سے پہلے جو مجھے فائدہ ہوا وہ یہ ہوا کہ میں نے زندگی میں پہلی بار بلا ناغہ 81 جمعہ ادا کیے اس سے پہلے ناغہ سے جمعہ کی نماز ادا کرتا تھا۔ اللہ کے فضل سے یہ عمل میں نے 81 جمعہ پورا کیا اور 81 جمعہ تک رزق میں اللہ تعالیٰ نے وسعت ہی دکھائی، مجھے اور آج تک وسعت کی طرف ہی لے جا رہا ہے، میرا اللہ مجھے اور اللہ کی رحمت سے امید ہے، یہ سلسلہ اللہ نسلوں تک چلائے گا۔ جیسے ہی 81 جمعہ پورے ہوئے تو مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللهِ اَحْمَدُ رَسُوْلُ اللهِ والا نقش میں نے لکھا اور ان دونوں عمل کے بعد اگلے ہی ہفتے اچانک ایک دور کے رشتہ دار نے فون پر کہا کہ زین کیلئے ایک تحفہ لا رہا ہوں، جب تحفہ آیا تو وہ غلافِ کعبہ تھا تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ ترتیب 81 جمعہ والے عمل اور درس میں بلا ناغہ حاضری کی برکت ہے۔

# میرے نانا کی عبرتناک موت! ضرور پڑھیے گا

حضرت جی! آپ کے درس سننے کے بعد جب یہ حقیقت مجھ پر کھلی کے مکافات عمل کیا ہوتا ہے تب سے مجھے خود سے زیادہ اپنی آنے والی نسلوں کی فکر رہتی ہے کہ کہیں میری خطاؤں کی سزا ان کو نا بھگتنی پڑے۔ کیونکہ میرے نانا کے خاندان میں ایسے بڑے گزرے ہیں جنہوں نے مخلوق کو بہت ستایا۔ جیسا کہ میرے نانا کے بارے میں میری ماں اور میری خالہ نے بتایا کہ وہ اپنی ہی بیٹیوں پر غلط نظر رکھتے تھے اور کئی لوگوں کی بددعائیں بھی لیں، انہوں نے کئی لوگوں کے گھر تڑوائے جس کے نتیجے میں خود اس حالت میں فوت ہوئے کہ اپنا پاخانہ خود کھا جاتے تھے، غسل دینے لگے تو جسم الگ الگ ہونے لگتا۔ آخر گٹھڑی بنا کر قبر میں ڈال آئے، یہ لوگوں نے بتایا کیونکہ ان کی موت پر ان کے پاس اپنا کوئی نہیں تھا اور لوگوں نے کہا کہ آپ کے نانا نے اپنے مرشد کی بھی بے ادبی کی تھی جس کا اقرار میرے ماموں نے بھی کیا اور میرے نانا نے جو مخلوق کی بددعائیں لیں اس کے نتیجے میں ان کی پانچ میں سے تین اولادوں کی شادیاں ناکام ہوئیں، ایک بیٹا ایکسیڈنٹ میں فوت ہو گیا باقی ایک بیٹی کی شادی تو ٹھیک چلی لیکن انہوں نے باپ کو معاف نہیں کیا اور دو بیٹیوں اور ایک بیٹے کی دو دو شادیاں ہوئیں جن میں ایک میری ماں تھی، ان کی دونوں شادیاں ہی ناکام اور غربت کا منہ دیکھتے گزری، یہ تو اب کئی سالوں سے اپنے بڑوں کی طرف سے استغفار کرنا شروع کیا تو تسلی ہوئی اور یہ آنکھ آپ کے درس کی بدولت کھلی کہ استغفار صرف اپنے لیے نہیں کیا جاتا بلکہ پچھلی نسلوں کی طرف سے بھی کرنا چاہیے۔ اللہ کی رحمت سے امید ہے کہ اللہ نے میرے نانا کو بخش دیا ہوگا آپ بھی ان کے لیے دعا فرما دیجئے گا۔ مجھے نانا کا واقعہ لکھتے اور دوسروں کو بتاتے بڑا خوف آتا ہے میں نے بس اس نیت سے بتا دیا کہ شاید کسی کے لیے سبق بن جائے اور اس لیے کہ اس واقعہ کو دیکھ کر میں اپنی آنے والی نسلوں کے لیے فکر مند رہتا ہوں کیونکہ یہ میرے گھر کا واقعہ ہے اور میں سمجھتا ہوں کے ایک نانا کی وجہ سے ان کے بچے نجانے کتنی خیروں سے محروم ہو گئے تو اپنی نسلوں کے بارے میں اللہ سے بہت ڈرتا ہوں اور ہمیشہ وہ عمل کرتا رہتا ہوں جس کا فائدہ نسلوں کو بھی ملے اور مجھے بھی۔ یہ تب ہی ممکن ہے جب میں تسبیح خانہ سے ہمیشہ جڑا رہوں گا۔ دعا فرمائیں کہ اللہ مجھے اور میری نسلوں کو سدا تسبیح خانے سے جوڑے رکھے۔ کہیں کسی خطا کی وجہ سے پتا نہ کٹ جائے۔

# سسرالی گھر کے ہر فرد کی نگاہ میں عزت

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں تین یا چار ماہ سے عبقری کا قاری ہوں الحمد اللہ اس سے مستفید ہو رہا ہوں۔ اللہ رب العزت شیخ الوظائف، عبقری کے ہر کارکن، علامہ لاہوتی صاحب کو دین، دنیا، قبر، آخرت، حشر کے تمام معاملات میں کامیابی عطا فرمائے۔ آمین میرے پاس چند قیمتی نسخے ہیں جو میں عبقری قارئین کی نذر کر رہا ہوں۔

## سسرالی گھر کے ہر فرد کی نگاہ میں عزت

میری کسی بہن کی سسرال میں اگر قدر نہ ہو تو وہ بسم اللہ الرحمن الرحیم مکمل 110 مرتبہ پڑھنی ہے پھر پانی پر پھونک کر آٹا گوندھنا ہے۔ پھر اس پانی کو سالن میں استعمال کرنا ہے پکاتے ہوئے اور روٹی بناتے ہوئے کثرت سے بسم اللہ مکمل پڑھتے رہنا ہے ان شاء اللہ کچھ دن تک آپ کی عزت ہونے لگ جائے گی۔

## احساس کمتری کے شکار افراد کیلئے

اگر کسی کو احساس کمتری رہتا ہو تو اوّل و آخر گیارہ بار درود پاک پھر 313 مرتبہ سورۂ توبہ کی آخری آیت پڑھے۔

## شوہر کی صحت کے لیے

اگر شوہر کی صحت کے بارے میں پریشان رہتی ہیں تو اوّل و آخر گیارہ بار درود پڑھ کر ستر مرتبہ سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ پڑھ کر پانی پلانا ہے انشاء اللہ شوہر تندرست رہیں گے۔

## دل کی تکلیف کیلئے

اگر کسی بہن یا بھائی کو دل کی تکلیف ہو تو دل کو مضبوط کرنے کیلئے اوّل و آخر گیارہ بار درود پاک پھر بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھ کر گیارہ بار سورۂ قدر پڑھیں، پانی پر پھونک کر چالیس دن تک پینا ہے ان شاء اللہ دل مضبوط ہو جائے گا۔

## دل کے مریض کا سالن

تین سے چار پیاز لینے ہیں، پیاز کاٹ کر نمک ملا کر دھو لینا ہے پھر جب پیاز نرم ہو جائیں تو حسب ذائقہ مصالحہ ڈال کر اس پیاز سے کھانا کھانا ہے ان شاء اللہ چند دنوں کے اندر اندر دل کی تکالیف میں افاقہ پائے گا۔ (محمد انس ظفر اعوان، ملتان)

ستر سے زائد لا علاج، پیچیدہ اور انوکھی بیماریوں کیلئے سو فیصد شفاء
ستر شفائیں
دل کے والو کھولنے میں اتنی لاجواب کہ سرجن حیران
جسم کی ضائع شدہ قوتوں کی فوری بحالی کیلئے ایک انوکھا تریاق معدے کے تمام امراض میں یکساں مفید
لاعلاج مریض صرف چند ڈبیوں سے ہمیشہ کیلئے صحت یاب جوڑوں کے ہر قسم کے امراض کا بار ہا کا آزمودہ علاج (قیمت صرف 250 روپے علاوہ ڈاک خرچ)
زندگی عذاب سے گلزار! ہجویری محل چلیے!

# حاملہ کی ٹانگ پر باندھنے والا نایاب نقش! فوری ڈیلیوری

محمد نوید، حیدر آباد

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ پر اور علامہ لاہوتی صاحب پر اپنی رحمتوں اور برکتوں کا نزول فرمائے اور ان کا سایہ ہم سب پر تادیر قائم و دائم فرمائے آمین۔ میرے پاس چند اعمال جو میں عبقری قارئین کی نذر کر رہا ہوں۔

## جن کی زبان میں لکنت ہے یا گھبراتے ہیں!

جو لوگ کسی شخص سے بات کرنے میں گھبراتے ہوں' کسی محفل میں جانے سے کتراتے ہوں' خود کو دوسروں سے کمتر سمجھتے ہوں یا جن کی زبان میں لکنت ہو اس کے علاوہ جو بچے دیر سے بولنے والے ہوں تو ان کے لیے ''رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ. وَ يَسِّرْ لِيْٓ اَمْرِيْ. وَ احْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِيْ. يَفْقَهُوْا قَوْلِيْ'' (سورۂ طٰہٰ آیات ۲۵ تا ۲۸) اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک اور 100 مرتبہ یہ آیات صبح و شام پانی پر دم کر کے پئیں۔ یا بچوں کو پلائیں انشاءاللہ اس کی برکت سے زبان کی تمام بندشیں کھل جائیں گی اسکے علاوہ بے شمار علم و حکمت کی باتیں زبان سے ظاہر ہونا شروع ہو جائیں گی جس کو ہر خاص و عام اہمیت دے گا اگر اٹھتے بیٹھتے چلتے پھرتے اس کو ہمیشہ ورد زبان رکھا جائے تو سونے پر سہاگہ ہوگا۔ ان شاءاللہ۔

## یہ نقش حاملہ کی سیدھی ران پر باندھ دیجئے!

یہ عمل میرا بارہا آزمایا ہوا ہے اور بے حد مجرب ہے اس نقش کو سیاہ رنگ سے لکھ کر موم جامہ کر کے اور کسی کپڑے میں لپیٹ کر اس حاملہ کی سیدھی ران میں باندھی جائے جس کے بارے میں ڈاکٹرز نے آپریشن کہہ دیا ہو ان شاءاللہ اس کی برکت سے نقش باندھتے ہی پندرہ منٹ کے اندر بنا آپریشن با آسانی ولادت ہوگی ان شاءاللہ بچہ کی ولادت ہوتے ہی فوراً تعویذ حاملہ کی ران سے کھول لیں اور حسب توفیق خیرات کر دیں نقش کو بہتے پانی میں بہا دیں۔ نقش یہ ہے:

X X X X X

▽• + + + + +

تلخص علم الاعداد: تالیف مولانا نور الھادی، ناصر اکیڈمی کوئٹہ علماء کے تیر بحدف تعویذات

## جنات کا سایہ ہو تو یہ عمل کیجئے

اگر مرض کی صحیح تشخیص نہ ہو اور یہ کہا جائے کہ اس کے اوپر جنات یا آسیب کا سایہ ہے تو مریض کو سامنے بیٹھا کر نہایت سکون اور اطمینان کے ساتھ 11 مرتبہ پڑھ کر مریض پر دم کریں اور دم کرتے وقت یہ تصور ہونا چاہیے کہ مریض اور میں دونوں عرش معلیٰ کے نیچے بیٹھے ہیں اگر مریض پر جنات کا اثر ہوگا تو دم کرتے وقت ظاہر ہو جائے گا جب یہ تصدیق ہو جائے کہ مریض پر جنات کا اثر ہے تو 11 مرتبہ يَاحَفِيْظُ پڑھ کر دم کریں مریض اپنی حالت میں واپس آئیگا۔ عمل یہ حاضر کا

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يَاحَفِيْظُ يَاحَفِيْظُ يَاحَفِيْظُ

يَابَدِيْعُ يَابَدِيْعُ يَابَدِيْعُ يَابَدِيْعَ

الْعَجَائِبِ بِالْخَيْرِ يَابَدِيْعُ

## ادھر نقش لکھیں ادھر پتھری گردے سے باہر

گردہ کا درد ریاحی ہو یا پتھری کی وجہ سے ہو دونوں حالتوں میں کسی مومی کاغذ پر مندرجہ ذیل نقش لکھ کر ڈوری کے ساتھ درد والی جگہ پر اس طرح باندھیں کہ تعویذ گردوں کے قریب رہے' ہر حالت میں باندھ سکتے ہیں' اس کے علاوہ اس کو لکھ کر دھو کر پلانا بھی بے حد مفید ہے۔ گردہ میں پتھری ہو تو وہ ریت بن کر پیشاب کے ذریعے خارج ہو جاتی ہے۔ یہ نقش انتہائی نایاب تھا' صرف عبقری کیلئے لکھ رہا ہوں۔ نقش یہ ہے:

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ك م ن ق △•

اَلْمَلِكُ اَلْقُدُّوْسُ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

۷۹۵ ۷۹۵ ۷۹۵

(نوٹ) نقش' عملیات اولیاء اللہ' بزرگان دین' اکابر کی مستند کتب سے ہیں' غیر شرعی نہیں۔

# منزل پانے کیلئے سیڑھی کا استعمال کیجئے!

مولانا وحید الدین خاں

''موجودہ منزل تک میں سیڑھی سے پہنچا ہوں نہ کہ لفٹ سے'' ایک ٹیلر ماسٹر نے کہا ''ایک اچھا کوٹ تیار کرنا کوئی آسان کام نہیں ہے۔ کوٹ تیار کرنے کا پورا عمل اتنا پیچیدہ ہے کہ کوئی شخص کافی معلومات اور تجربہ کے بغیر اس کو بخوبی انجام نہیں دے سکتا۔ میں نے اس راہ میں ایک عمر صرف کی ہے۔ اس کے بعد ہی یہ ممکن ہو سکا ہے کہ میں شہر میں سلائی کی ایک دکان کامیابی کے ساتھ چلا سکوں''۔

ٹیلر ماسٹر نے اپنی کہانی بتاتے ہوئے کہا کہ اولاً میں نے ایک ٹیلر ماسٹر کی شاگردی کی۔ اس کے یہاں پانچ سال تک کوٹ کی سلائی اور کٹائی کا کام سیکھتا رہا۔ پانچ سال کی مسلسل محنت کے بعد میں اس قابل ہو گیا کہ میں ایک عام کوٹ سی سکتا تھا۔ مگر جب میں نے اپنی دکان کھول کر کام شروع کیا تو معلوم ہوا کہ ابھی بہت سے مسائل ہیں جن کو حل کرنا باقی ہے۔ ہر آدمی کا جسمانی ڈھانچہ الگ الگ ہوتا ہے اور کسی کوٹ کو پہننے والے شخص کے اپنے ڈھانچہ کے مطابق ہونا چاہیے۔ چنانچہ جو کوٹ میں تیار کرتا اکثر اس میں شکایت ہو جاتی۔ کیونکہ اس میں گاہک کے اپنے جسمانی ڈھانچہ کے لحاظ سے کچھ فرق ہو جاتا اور کوٹ صحیح نہ آتا۔ اس تجربہ کے بعد میں اس نتیجہ پر پہنچا کہ انسانی جسم کی بناوٹ (اناٹومی) کے اچھے مطالعہ کے بغیر یہ ناممکن ہے کہ میں ایک معیاری کوٹ تیار کر سکوں۔ میں ایک گریجویٹ تھا۔ میں نے باقاعدہ اناٹومی کا مطالعہ شروع کر دیا اور انسانی جسم کی اوپر کی ساخت کے بارے میں پوری معلومات حاصل کیں۔ اس مطالعہ میں مجھ کو مزید پانچ سال لگ گئے۔ اس طرح دس سال کی محنت کے بعد یہ ممکن ہوا کہ میں ہر شخص کے جسم سے ٹھیک ٹھیک مطابقت رکھنے والا کوٹ بھی میں اس طرح تیار کر سکتا ہوں کہ کہیں کوئی شکن نہ ہو۔ ہر لحاظ سے ایک موزوں کوٹ تیار کرنے کے لیے بہت سی باتیں بطور خود جاننی پڑتی ہیں۔ کیونکہ ہر چیز کا ناپ نہیں لیا جا سکتا۔ ایک ٹیلر ماسٹر جسم کے جن حصوں کا ناپ لیتا ہے اگر اس کا علم اتنا ہی ہو تو وہ کبھی ایک معیاری کوٹ تیار کرنے میں کامیاب نہیں ہو سکتا۔ ٹیلر ماسٹر نے اپنے فن کے بارے میں اس طرح بات کی اور بھی کئی باتیں بتائیں اور مجھے ایسا محسوس ہوا جیسے میں ''تعمیرِ ملت'' کے موضوع پر ایک تجربہ کار آدمی کا لیکچر سن رہا ہوں۔ یہ حقیقت ہے کہ ہمارے جو معاشی اور سماجی مسائل ہیں ان میں وہی طریقہ کارآمد ہے جس سے مذکورہ ٹیلر ماسٹر نے کامیابی حاصل کی۔ یعنی لفٹ کے بجائے سیڑھی سے چڑھنا۔ زندگی میں کوئی چھلانگ نہیں۔ یہاں ایسا کوئی بٹن نہیں ہے کہ آپ اس کو دبائیں اور اچانک ایک لفٹ متحرک ہو کر آپ کو اوپر پہنچا دے۔ یہاں تو زینہ بزینہ ہی سفر طے کیا جا سکتا ہے۔ آپ ''سیڑھی'' کے ذریعہ اپنی زندگی کو کامیاب بنا کر ایک لفٹ خرید سکتے ہیں مگر ''لفٹ'' کے ذریعہ اپنی زندگی کو کامیاب نہیں بنا سکتے۔

خون افزاء ٹانک خون بنانے والی گولیاں ☆ کمی خون کی ہر وجہ کا حل۔ ☆ صالح خون پیدا کرے' جسم کو فربہ اور توانا بنائے ☆ چہرے کا رنگ نکھارے۔ دل کو فرحت اور معدہ و جگر کو تازگی دے۔ ☆ سالہا سال کی تھکاوٹ' اسٹریس' ڈیپریشن کا چند ڈبیوں سے خاتمہ ☆ بھوک بحال اور صحت شاندار بنائے ☆ خواتین کیلئے آب حیات سے کم نہیں۔ قیمت -/120 روپے

اصحاب کہف کے 8 طلسم! ہجویری محل چلیے!

# آپ کو بھی پُراسرار عامل بنائے دیتے ہیں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری کا تقریباً اڑھائی سال سے قاری ہوں' ہر ماہ عبقری رسالہ کے آنے کا بے چینی سے انتظار رہتا ہے۔ قارئین کیلئے آج میں سینے کا راز لے کر آیا ہوں جو میں نے کافی سالوں سے کسی کو نہیں دیا ہے۔ میں 12 سال کا تھا جب مجھے عملیات سیکھنے کا شوق پیدا ہوا۔ ایک عامل کے پاس چار سال گزارے مگر کچھ نہ ملا۔ پھر ایک عامل کو دیکھا اور اس نے دو وظیفے دیئے' مجھے علم نجوم کا شروع سے شوق تھا۔ ایک دن قرآن مجید پڑھ رہا تھا کہ ذہن بنا کہ اس میں بہت کمال وظیفے ہوں گے۔ میں نے ایک وظیفہ نکالا بحساب قمر و شمسی ان کی ساعت اور مہینے نکالے وظیفہ بالکل ٹھیک نکلا لاجواب رزلٹ ملا۔ پھر میں نے چند دنوں میں سارے قرآن مجید سے باہر سے اور کچھ وظیفے خود بنائے سارے عاملوں کو خیر آباد کہہ دیا۔ ہر وظیفہ بالکل 100 فیصد درست نکلا۔ میرے پاس ایسے عملیات ہیں جن میں جنات کو آگ کے کوڑے مارنا، آگ کا سریا بنا کر ان کے جسم میں پھیرنا۔ ان کو آگ کی زنجیروں میں جکڑنا، آگ کے کپڑے اور جوتے پہنانا، ان کے اوپر خچر کے سائز کے سانپ اور بچھو پھینکنا۔ سر میں آگ کے ہتھوڑے مارنا۔ اگر جن مر جائے تو اس کے آباؤ اجداد کو دکھانے کیلئے دوزخ سے لاش منگوانا۔ زندہ جن کو دوزخ میں بھیجنا ہر قسم کے اوزار اور ہتھیار تیار کروانا جن میں چاقو، خنجر، تلوار، پستول، میزائل، ایٹم بم وغیرہ ہیں اور سپرے کر کے آگ لگوانا۔ جنات کا قید کروانا۔ ایسی گولیاں بھی مخصوص اوراد کے ذریعہ بنائی جاتی ہیں اگر جن سچے مسلمان ہوں تو بچ جاتے ہیں یا گولی مس ہو جاتی ہے اگر نیت درست نہ ہو تو فوراً گولی کھا کر مر جاتے ہیں۔ حضرت جبرائیلؑ، میکائیلؑ، اسرافیلؑ، عزرائیلؑ کے موکل (خادم) منگوانا ان سے ہر قسم کا کام کروایا جا سکتا ہے ایسے ایسے جنات ہیں جو کہ اگر ایک دفعہ کان میں پھونک مارے تو جن فوراً مر جائے۔ ایسے مؤکلات ہیں جو جنات کی ساری بستی الٹ دیتے ہیں پتھر کنکریاں مارتے ہیں' دور سے آگ کے گولے مارتے ہیں۔ عضو وغیرہ کاٹ کر مار دیا جاتا ہے ایسے عملیات بھی ہیں اگر جن نہ کہنا مانے تو اس کو کہوں کہ میری آنکھوں میں دیکھ اس کو جہنم کی آگ نظر آئے گی آنکھوں سے آنسو نکل آئیں گے پھر معافیاں مانگے گا۔ بھائی جان یہ مت سمجھنا کہ یہ جھوٹ ہے میں رب قدیر کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ یہ بالکل سچ ہے یہ سوچ لو انسان اشرف المخلوقات ہے۔ اب میں چند عمل لکھتا ہو جو نو چندی جمعرات سے شروع کرنے ہیں:۔ (۱) صلی اللہ علی حبیبہ محمد والہ و اصحابہ وسلم۔ 2100 مرتبہ۔ (۲) سورۂ فیل ہر نماز کے بعد 2 مرتبہ عشاء کی نماز کے بعد تین مرتبہ پڑھنی ہے۔ (۳) سورۃ القارعہ تین مرتبہ پڑھے جب تیسری مرتبہ آخری آیت نَارٌ حَامِيَةٌ پر پہنچے تو اس لفظ کو دو ہزار مرتبہ پڑھے۔ اس کے بعد پھر تین مرتبہ شروع سے پڑھے اور جب نَارٌ حَامِيَةٌ پر پہنچے تو اس کو سو مرتبہ پڑھے۔ 21 سو مرتبہ آیت اور 6 مرتبہ سورۂ ہو جائے گی۔ سورۃ القارعہ کے عمل کے اوّل آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھیں درود شریف کے اوّل آخر کچھ نہیں پڑھنا ہے۔ درود شریف کا عمل بعد نماز عشاء کے پڑھیں جب درود کا عمل مکمل ہو تو پندرہ منٹ ٹھہر کر سورۃ القارعہ پڑھیں۔ یہ عمل آپ کو عامل بنانے کیلئے کافی ہے' ان شاء اللہ آپ پر ایسے ایسے حقائق کھلیں گے کہ آپ حیران رہ جائیں گے۔ میں آزما چکا ہوں۔ اب آپ کی باری۔ (ج۔بہاولپور)

# بے پناہ حسن کے لیے یہ عمل آزمودہ ہے!

## دانتوں کے جملہ امراض کیلئے

عمر سے پہلے دانتوں کا ہلنا، پائیوریا، ماس خورہ، دانتوں پر چونا جم جانا، کیڑا لگ جانا، کالے دھبے پڑ جانا دانتوں کا رنگ ہلدی کی طرح زرد ہونا۔ دانت کی ہڈی کا ریزہ ریزہ ہو کر ٹوٹنا وغیرہ کے لیے ''وَالْجُرُوْحَ'' 9 مرتبہ پڑھ کر صبح نہار منہ ایک گلاس پانی پر دم کر کے ایک گھونٹ پانی الگ کر لیں باقی پانی سے اچھی طرح کلی کریں۔ کلی کرنے کے بعد الگ کیا ہوا ایک گھونٹ پانی پی لیں۔ اسکے آدھے گھنٹے بعد تک کوئی چیز نہ کھائیں۔ کلی والا پانی چھت' لان یا گملے وغیرہ میں گرائیں۔

## امتحان میں اچھے نمبروں سے کامیابی کیلئے:

جب آپ تمام کاموں سے فارغ ہو جائیں اور سونے کے علاوہ کوئی کام نہ ہو تو وضو کر کے مصلیٰ پر بیٹھ جائیں اور 300 مرتبہ ''اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ'' پڑھ کر حافظہ تیز ہونے اور امتحان میں اچھے نمبروں سے کامیابی کے لیے دعا کریں یہ عمل نتیجہ آنے تک کریں۔

## بے پناہ حسن کے لیے

سب کاموں سے فارغ ہونے کے بعد رات کو سونے سے پہلے سورۂ یوسف کا پہلا رکوع تلاوت کریں اور پانی پر دم کر کے پی لیں۔ اسکے بعد دس منٹ تک گلابی رنگ کا تصور کر کے مراقبہ کریں۔ کھانوں میں ترکاری زیادہ استعمال کریں۔ وضو کے بعد دونوں گال تھپتھپائیں چہرہ پرکشش ہو جائے گا۔

## چہرے کی چھائیوں کے لیے

اگر چہرے پر چھائیاں پڑ گئیں ہو تو دیسی انڈے کا چھلکا لیں۔ اس کے اندر کی سفید جھلی صاف کر کے چھلکا پیس لیں۔ رات کو سوتے وقت تھوڑے سے پاؤڈر میں سرکہ انگوری ڈال کر مکس کریں اور جہاں چھائیاں ہیں وہاں لیپ کریں ان شاء اللہ چند بار کرنے سے چہرہ صاف ہو جائے گا۔

## ہاتھ بچوں کی طرح نرم ملائم چمکدار بنائیے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے ہاتھ کھردرے' سخت' لائنیں' جلد پھٹی غرض انتہائی بدصورت تھے' میں اپنی کزنز سے بھی ہاتھ چھپا کر رکھتی تھی' میں نے بہت علاج کروایا' مجھے کسی نے یہ ٹوٹکہ بتایا' یقین کیجئے میرے ہاتھ ایسے نرم ملائم اور خوبصورت ہو گئے جیسے کسی بچے کے ہوتے ہیں۔ بازار میں کسی بھی میڈیکل سے سٹور سے ایک ٹیوب ''ایفی ڈیکس'' Effidex لیں اور ساتھ صوفی سوپ (کپڑے دھونے والا صابن) یا کوئی بھی دیسی صابن لیں' ہمیشہ ہاتھ صرف اسی سے دھولیں' کبھی بھی خوشبودار صابن سے ہاتھ نہ دھوئیں' ان میں کیمیکل ہوتا ہے۔ میرا آزمودہ قارئین ضرور آزمائیں۔ (سعدیہ ثاقب' گجرات)

آنکھ شفاء موسمی وبائی اور تمام آنکھوں کے امراض کیلئے
آشوب چشم' موتیا بند' دھندلا پن' سوزش چشم' ضعف چشم' آنکھیں درد کرتی ہوں' صبح کے وقت آنکھیں کیچڑ سے جڑ جاتی ہوں یا بوجھل ہوتی ہوں' آنکھوں کے سامنے پتنگے سے اڑتے ہوں' آنکھوں میں دھندلا' غبار یا جالا ہو' آنکھوں میں خارش ہو' نظر دن بدن کمزور ہوتی جا رہی ہو' آنکھوں کی جلن' ان تمام امراض کو دور کرتا ہے۔ قیمت 90 روپے

اللہ تعالیٰ کو منا لیں! ہجویری محل چلیے!

# جادو ہے یا بیماری! سوفیصد درست تشخیص خود کیجئے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ پاک آپ پر اپنی رحمتوں برکتوں کا نزول بے حساب فرمائے اور ہم اسی طرح تادیر ان برکات سے فیض یاب ہوتے رہیں‘ عبقری کے لیے چند تشخیص امراض کے طریقے بھیج رہا ہوں اور امید ہے کہ عبقری کے شایانِ شان ہوں گے یوں تو عمل کتابوں میں بے شمار بھرے پڑے ہیں لیکن میری کوشش ہے کہ وہ عمل عبقری کو بھیجوں جو کہ خود میرے آزمودہ ہوں یا ان کے صحیح ہونے کی سند ہو درج ذیل عمل بے حد کامیاب ہیں امید ہے کہ قارئین عبقری ان اعمال سے بے حد فائدہ حاصل کرینگے۔

## پوشیدہ قوت عبارت چاٹ جائے گی

سب سے پہلے کچلا لے کر اس کو جلائیں اور اس کی راکھ کو عرق گلاب میں حل کر کے سیاہی بنا لیں اب کسی سفید کاغذ پر ذیل کی عبارت باوضو حالت میں تحریر کریں۔ عبارت لکھتے وقت مریض کو سامنے بٹھائیں۔ اب اس کاغذ کو لپیٹ کر مریض کے سر سے پاؤں تک جسم پر پھیر کر اس کے ہاتھ میں دیں اور کچھ دیر بعد کاغذ مریض کے ہاتھ سے لے کر کھولیں اور چیک کریں اگر تحریر مٹ گئی ہو اور کاغذ بالکل سفید ہو تو سمجھو مریض پر طلسماتی، آسیبی و جناتی اثرات ہیں اکثر یہ بھی دیکھا گیا ہے کہ ابھی تحریر کاغذ پر لکھی جارہی ہوتی ہے تو الفاظ خود بخود غائب ہونا شروع ہو جاتے ہیں جیسے کسی پوشیدہ قوت نے زبان سے عبارت عمل کی سیاہی چاٹ لی ہو۔

### کچلا سے لکھی جانے والی عبارت

تعاویشاتما ویولوشیالوشیوش
ترشیا ترشیوش ملیوشا کلیوشا
طلیقادھیا اھمیا اھمیا اھمیا اھمیا
کعفا کعفا کشو کشا قلویشا اطرلوا
املیحا ملیحا ملیحا یرموا جیا ھیا
اطا اطالوا برھشا برھیرہ غیا ھیا

### جان لیجئے یہ آسیب کا اثر ہے!

ذیل کی عبارت سفید کاغذ پر تحریر کریں اور اس کاغذ کو کسی کپڑے میں سی لیں اور رات کو سوتے وقت مریض کے گلے میں پہنا دیں یا اس کے بازو پر باندھ دیں دوسرے دن صبح کو مریض کے گلے یا بازو سے اسی نقش کو اتروا کر کھولیں اور اس نقش کو دیکھیں اگر کپڑے سے نقش غائب ہو تو جان لیں کہ آسیب کا اثر ہے۔

### گلے میں ڈالنے والی عبارت

اھنوا بعاھوتیا جیا تعزطاتو تیارما اکربدی
زماتوت ھوث یا ارواح اطلف طیراث ھیوثا
اھیوتا الاان رما امامن الارض والاسماء
والبحر والبروالجن والانس جو حیاطا
ججامر جیا

### مریض بس اس تحریر کو بغور دیکھے

ذیل کا نقش کالی سیاہی سے باوضو حالت میں لکھیں اور مریض کو کہیں کہ وہ اسے بغور دیکھتا رہے۔ (۱) اگر مریض رونے لگے تو اثر شیطانی دیو وجنات ہے۔ (۲) اگر مریض ہنسنے لگے تو اثر ارواح خبیث کا ہے۔ (۳) اگر مریض بالکل خاموش رہے تو مرض دماغی خلل ہے۔ (۴) اگر مریض اپنے آپ میں بے چینی محسوس کرے تو مرض جسمانی ہے۔

### مریض کو دکھانے والا نقش



(نوٹ) نقش‘ عملیات اولیاء اللہ‘ بزرگان دین‘ اکابر کی مستند کتب سے ہیں‘ غیر شرعی نہیں۔

آزمودہ نقوش: مولانا ادریس علوی
ناشر: عمران اکیڈمی گوجرانوالہ

# کالی مرغی کا انڈا لیجئے اس پر یہ لکھیے مقصد پا لیجئے

ایک عدد کالی مرغی کا انڈا لیں اور اس پر ذیل کی عبارت تحریر کریں پھر اس انڈے کو مریض کے دائیں ہاتھ پر رکھیں مریض کا ہاتھ کھلا رہے اب اس پر سورۂ اخلاص بار بار پڑھتے جائیں اور ساتھ ساتھ مریض کو دھنیے کی دھونی دیتے رہیں پانچ سے دس منٹ بعد اس کو توڑ کر دیکھیں۔

(۱) اگر انڈے کی زردی میں کالا بال ہو تو سفلی سحر ہے۔

(۲) اگر انڈے کی زردی میں سرخ بال ہو تو آسیب وجنات ہیں۔

(۳) اگر انڈے کی زردی ساری کی ساری کالی ہو تو نظر بد ہے۔

(۴) اگر انڈے کی زردی اپنی اصلی حالت میں ہو تو مرض جسمانی ہے۔

### انڈے پر تحریر کرنے والی عبارت

بِسۡمِ اللہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ صَلَّی اللہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَ اَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ تَسۡلِیۡمًا کَثِیۡراً کَثِیۡراًo اَھۡلَکَعۡ فَوۡعَ

اس کے بعد انڈے کو قبرستان یا کسی ایسی صاف جگہ پھینک دیں‘ یا دفن کر دیں۔ راستہ میں یا گندی جگہ نہ پھینکیں۔ بے ادبی نہ ہو۔ (نوید، سکھر)

### شفائے امراض کیلئے نقش

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں آپ کا رسالہ عبقری ہر مہینے باقاعدگی سے پڑھتی ہوں۔ الحمدللہ! عبقری ایک خزانہ ہے جس سے ہم اپنی مرضی کے ہیرے‘ موتی‘ جواہرات لیتے ہیں‘ ہمارے پاس بھی ایک آزمودہ خاندانی نقش ہے‘ یہ نقش شفائے امراض کیلئے انتہائی مفید ہے۔ ہمارے بڑوں کو کسی نے دیا تھا‘ آزمایا کمال پایا۔ یہ نقش پانی میں ڈال کر سارا گھر پیئیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۶۹۱ | ۱ | ۱۶۹۳ |
| ۱۶۹۲ | ۱۶۹۰ | ۳ |
| ۲ | ۱۶۹۴ | ۱۶۸۹ |

معجون شفایابی
گزشتہ 70 سال سے اپاہج اور معذور افراد کو تندرست اور توانا بنانے والی کامیاب ترین دوا
بیماری کے بعد کی کمزوری کیلئے
لولے لنگڑے‘ اپاہج‘ معذور‘ سر میں پانی بھر جانا‘ مسلسل بے ہوش یا غنودگی میں رہنا‘ اس مرض میں مبتلا بچے ہوں یا بڑے سب کیلئے یکساں مفید
پولیو کے شکار مہروں کا درد اور خاص طور پر بوڑھوں کیلئے تو معجون شفایابی بڑھاپے کا سہارا ہے قیمت صرف 550 روپے علاوہ ڈاک خرچ
مقدر اور نصیب سنواریں! ہجویری محل چلیے!

# میں شادی سے بھاگتا تھا اب خوشگوار زندگی بسر کر رہا ہوں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! شادی کو دو ماہ رہ گئے تھے تمام خاندان خوش تھا سوائے میرے کیونکہ میں خود کو شادی کے قابل نہیں سمجھتا تھا کیونکہ جوانی میں قدم رکھتے ہی میں جریان کا شکار ہو گیا۔ میری عمر اس وقت 28 سال ہے وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ ادویات کا استعمال کرتا رہتا تو جریان ختم ہو جاتا لیکن پھر سر اٹھا لیتا ادویات کھا کھا کر میں تنگ آ گیا تھا۔ اب میرے لیے سب سے بڑا مسئلہ شادی کا تھا۔ ایک روز آفس سے گھر جاتے ہوئے سڑک کنارے ایک حکیم صاحب کا نام لکھا ہوا پڑھا میں نے فوری اس گلی میں موٹر سائیکل موڑ کر ان سے ملاقات کی انہوں نے مجھ سے کہا کہ میں تم کو ایک ایسا نسخہ تیار کر کے دوں گا جو تمہاری ساری کمزوری دور کر دے گا لیکن اس پر دس ہزار لاگت آئے گی میں نے کہا کہ میری شادی کو دو ماہ رہ گئے ہیں میں بہت پریشان ہوں یہ نہ ہو دوائی کے استعمال کے بعد فرق نہ پڑے۔ لیکن اس نے مجھے بہت یقین دلایا میں بھی مجبور تھا میں اس کی باتوں میں آ گیا اور اگلے روز میں نے دس ہزار روپے اس کو لا کر دیا۔ تقریباً ہفتے بعد اس حکیم کی مجھے کال آئی کہ بیٹا تمہارا نسخہ تیار ہے میں گیا اور اس سے نسخہ لیا اور اس کی بتائی گئی ہدایات کے مطابق اس کا استعمال شروع کر دیا۔ شادی کو ایک ہفتہ رہ گیا لیکن مجھے ذرا فرق محسوس نہیں ہوا میں نے بار بار حکیم صاحب کو کالیں کی لیکن انہوں نے کال نہ اٹھائی آخر میں دو بار ان کی دکان پر گیا مجھے دیکھتے ہی پریشان ہو گئے میں نے ان کو تمام صورتحال سے آگاہ کیا لیکن پھر مجھے تسلی دینے لگا میں سمجھ گیا کہ میں لٹ چکا ہوں۔ ہفتے بعد میری شادی ہو گئی ولیمہ والے دن میرا ایک پرانا اور گہرا دوست مجھے دیکھ کر کہنے لگا کہ تم پریشان لگتے ہوں حالانکہ یہ تمہاری زندگی کا بہت حسین لمحہ ہے کہ تم شادی جیسے مقدس رشتے میں بندھ گئے ہو۔ تمہیں خوش ہونا چاہیے لیکن میں تمہارے چہرے پر خوشی کے آثار کم اور پریشانی زیادہ دیکھ رہا ہوں۔ میں نے اس سے کہا کہ تم مجھے کل صبح ملنا میں تمہیں تمام صورتحال سے آگاہ کروں گا۔ اگلے روز اس سے ملاقات ہوئی تو میں نے تمام صورتحال اس کے سامنے رکھ دی یہ سن کر کچھ دیر کے لیے وہ بھی پریشان ہوا لیکن اس نے مجھے تسلی دی اور کہا میرے ساتھ چلو۔ وہ مجھے عبقری دواخانے لے آیا جہاں اسسٹنٹ حکیم صاحب سے میری ملاقات کروائی جنہوں نے مجھے ''قوتی گولیاں'' استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔ دو ڈبی گولیاں لیں اور واپس آ گئے تقریباً ایک ہی ہفتے کے استعمال کے بعد میرے میں جیسے کرنٹ سا آ گیا ہو اب مجھے حقوق زوجیت ادا کرنے میں کوئی مسئلہ درپیش نہیں آتا تھا۔ دو ڈبی جب میں نے مکمل استعمال کر لیں تو مجھے جریان، قوت میں کمی سے چھٹکارا مل گیا۔ میں اس دوست کا شکر گزار ہوں جو مجھے عبقری دواخانے لے کر گیا اور عبقری دواخانے اور حکیم صاحب کے لیے میرے دل سے ہمیشہ دعائیں نکلتی رہے گی۔

(محمد عمران، کوٹ عبدالمالک)

**قارئین کی شکایت عبقری کی ادویات:** قارئین شکایت کرتے ہیں کہ سیرپ یا شہد کا رنگ کبھی گہرا کبھی ہلکا' سیرپ کا قوام کبھی پتلا کبھی گاڑھا۔ ذائقہ کبھی زیادہ کڑوا کبھی کم! ادویات کے پاؤڈر کے رنگوں میں بھی کمی وبیشی۔ اس طرح کی بے شمار اور شکایات! دراصل قارئین! ہاتھ سے تیار ہونے والی دوائی اپنی ایک مکمل اور جامع تاثیر رکھتی ہے۔ مشین سے تیار ہونے والی دوائی کا انداز اور ہوتا ہے۔ یہ کمی بیشی نہ اجزا میں ہے نہ تاثیر میں ہے بلکہ موسم کی سردی گرمی کبھی مواد کو پگھلا دیتی ہے کبھی سکیڑ دیتی ہے۔

## جادوئی مرہم کے استعمال سے بازو کا درد غائب

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں پچھلے دو سال سے عبقری رسالہ پڑھنے والا ہوں۔ ایک ہفتے سے بازو میں درد تھا۔ ایلو پیتھک گولیوں کا استعمال کیا کچھ وقت کے لیے درد غائب ہو گیا لیکن پھر شروع ہو گیا۔ گلی میں چاچا حنیف صاحب ہیں ان کو دکھایا تو انہوں نے کہا بیٹا لگتا ہے تمہارے بازو پر دب آ گئی ہے یا تم نے کوئی وزنی چیز اٹھائی ہے جس وجہ سے تمہارے بازو کی کوئی رگ کھینچ گئی ہے تو کسی جراح کو دیکھو میں اسی وقت ایک جراح کے پاس گیا اس نے تیل کی مالش کی اور پٹی باندھ دی اور کہا صبح تک ٹھیک ہو جاؤ گے جب صبح ہوئی تو درد ویسے کا ویسے میں پریشان کیونکہ بازو میں درد کی وجہ سے کام کرنے میں مشکلات درپیش آ رہی تھیں۔ آخر میں دماغ میں آیا کہ کیوں نہ میں عبقری کا مطالعہ کروں اس میں کوئی نہ کوئی ٹوٹکہ، نسخہ یا دوائی لازمی ہو گی۔ میں نے مطالعہ شروع کیا تو اس میں دردی ہربل بام کے بارے پڑھا تو سکون ملا کیونکہ عبقری کی ادویات پر میں آنکھیں بند کر کے اعتماد کرتا ہوں۔ عبقری دواخانے کی ہر دوا میں جادو سا اثر ہے۔ میں نے عبقری دواخانے اسی وقت کال کی اور دو ڈبی دردی ہربل بام کا آرڈر دیا دو دن بعد مجھے بذریعہ ڈاک بام مل گئی اور اسی روز سے استعمال شروع کر دیا تین دن مسلسل استعمال سے میرے بازو کا درد چلا گیا اور مجھے سکون ملا۔ (حسن رشید، گوجر خان)

## سسر صاحب کی اصل دیسی گھی کی تلاش ختم ہوئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں ہر جمعرات درس پر تسبیح خانے آتی ہوں۔ اور عبقری کی ادویات اور فوڈ آئٹمز کا استعمال بھی کرتی ہوں۔ میرے سسر کی عمر تقریباً 70 سال ہے۔ اور وہ کھانے میں دیسی گھی کا استعمال ضرور کرتے ہیں لیکن آج کل اصلی دیسی گھی نہ ملنے پر اکثر مایوس سے ہو جاتے ہیں اور کہتے ہیں کہ میرے دور میں ہمارے گھر میری اماں جان خود دیسی گھی تیار کرتی تھیں۔ اس جیسا دیسی گھی کا ذائقہ مزہ آج تک مجھے نہیں ملا آج کل پیکٹوں اور ڈبوں میں بند دیسی گھی دو نمبر ہی ہیں۔ میری دو نندوں کی شادی گاؤں میں ہوئی ہے وہ اکثر اپنے والد کے لیے دیسی گھی بھیج دیتی ہیں لیکن سسر صاحب اس کو بھی اصلی دیسی گھی تصور نہیں کرتے کہتے ہیں یہ گھی دو نمبر ہے۔ عبقری کے ایک شمارہ کے ٹائٹل صفحہ پر میں نے دیسی گھی بارے پڑھا اور سوچا کیوں نہ سسر صاحب کے لیے عبقری کا دیسی گھی لایا جائے تو جمعرات درس کے بعد عبقری دواخانے سے میں نے ایک کلو کی پیکنگ والا ڈبہ دیسی گھی لیا اور گھر آ گئی صبح کھانے میں سسر صاحب کو دیسی گھی پیش کیا تو ایک چمچ دیسی گھی کھانے کے بعد سوچ میں گم ہو گئے میں نے کہا ابا جی کیا ہوا؟ کہنے لگے بیٹا یہ کہاں سے لائی ہو میں نے کہا کہ عبقری دواخانے سے کہنے لگے آج مدتوں بعد اصل دیسی گھی کی تلاش ختم ہوئی ہے اس نے میرے بچپن کی یاد تازہ کر دی ہے ایسے لگتا ہے یہ دیسی گھی میری والدہ نے تیار کیا ہے۔ بالکل ایک نمبر ہے۔ (عذرا بی بی، لاہور)


مکمل دماغی اور جسمانی ٹانک فٹنس فولاد ٹانک چہرے کو گلنار بنائے
فٹنس فولاد ٹانک بچوں کیلئے انمول تحفہ
کاروباری' ملازم پیشہ مردوں' عورتوں اور بچوں کیلئے قابل اعتماد ٹانک
لیکوریا کی مریضہ کیلئے بہترین ٹانک۔ حاملہ عورت کا بہترین ساتھی
خون بڑھانے کیلئے توانائی بخش ٹانک
قیمت 150 روپے
رزق اور عمر میں برکت! ہجویری محل چلیے!

# ضدی اور نافرمان اولاد کیلئے ایسا نقش جو کبھی خطا نہیں گیا

## پیٹ بڑھ گیا ہے تو میرا آزمودہ ٹوٹکہ لیجئے

اگر کسی کا وزن بڑھ گیا ہو یا جسم درد کرتا ہو ہاتھ پاؤں پر سوجن کی وجہ سے درد ہوتا ہو پیٹ بڑھا ہو تو میرا آزمایا ہوا ٹوٹکہ حاضر ہے۔ سبز چائے، الائچی، سونف، پودینہ ہم وزن لے کر پانی میں ابال لیے اور تین وقت پینے سے کچھ دنوں میں آپ کو آرام آجائے گا اگر کچھ عرصہ استعمال کرے تو جسم میں لچک پیدا ہوجائے گی میرا آزمایا ہوا ٹوٹکہ ہے۔

## کسی بھی گھریلو الجھن کا آزمودہ وظیفہ

مجھے کوئی بھی کام میں دشواری ہو چاہے وہ گھر کی ہو یا باہر کی میں نے ہر مشکل میں آزمایا' میرے گھر میں نل' چولہے' بیسن، سنک یا دوسرا گھر کا کوئی بھی کام کرنے والا نہیں اگر کوئی چیز خراب ہوجائے تو خود ہی ٹھیک کرتی ہوں' اکثر مشکل ہوتا ہے مگر ہوجاتا ہے۔ پہلے وقت بہت لگتا تھا پھر جب سے میں نے عبقری اپنا محبوب رسالہ لینا شروع کیا' اس میں ایک وظیفہ آیا ہوا تھا وہ پڑھ کر کرتی ہوں تو ہر مشکل آسان اور کام جلدی ہوجاتا ہے بے شک آزما کر دیکھیں۔ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ کا مسلسل ورد کریں۔

## ایسا نقش جو کبھی خطا نہیں گیا

بچے میرا کہنا نہیں مانتے تھے میں نے یہ نقش آزمایا تو میرے بچے کہا ماننے شروع ہوگئے۔ پانی میں ڈال کر پلانا ہے۔ مجھے یہ نقش جس نے دیا تھا اس نے بھی کہا تھا کہ یہ نقش کبھی خطا نہیں جاتا۔ الحمدللہ! میں نے آزمایا واقعی ہی اثر کرتا ہے۔

| یامتین یامتین یامتین | بسم اللہ الرحمن الرحیم<br>یامتین یامتین یامتین<br>فلاں بن فلاں<br>لڑکی ہو تو فلاں<br>بنت فلاں والدین کا | یامتین یامتین یامتین |
|---|---|---|

خزینہ تعویذات: مولانا انوار الحق، فاضل دارالعلوم انڈیا، ناشر: چمن پٹن ادارۃ القاسم

(نوٹ) نقش' عملیات اولیاء اللہ بزرگان دین' اکابر کی مستند کتب سے ہیں' غیر شرعی نہیں۔

## کوئی روحانی پراسرار اور ماورائی علوم کا انکشاف

آپ یقین کریں ہم نے ایسے گھرانے میں آنکھ کھولی ہم کو دنیا کی کوئی خبر نہ تھی جیسے کسی نے کہہ دیا ہم نے یقین کرلیا' چالاکی نام کی کوئی چیز نہ تھی۔ سب ہم کو کہتے تھے کہ یہ مولوی کی اولاد تو بہت بے وقوف اور سیدھی ہے۔

## 16 سال خوب بیوقوف بنی

میرے ابو ایک سیدھے سادے عالم تھے' میں شادی کے بعد سسرال آئی تو سسرال والوں نے سولہ سال خوب بے وقوف بنا کر کام کروایا۔ سارا دن کام' بس کام اور پھر معمولی بات پر جھگڑا شروع' شوہر الگ لڑتا' ساس سسر الگ' نندیں الگ لڑائی ختم نہ ہوتی اور رو دھو کر پھر کام یعنی خوب بے وقوف بنایا پھر عبقری کے وظائف ہاتھ لگے' تھوڑی عقل آئی سال تک آپ کے مختلف وظائف کرتی رہی پھر آپ سے بیعت ہوئی' خاص وظائف ہاتھ لگے پہلے پڑھ نہ سکی پھر خط لکھ کر اعمال کا بتایا' اب سات ماہ سے پڑھ رہی ہوں پہلے پتہ نہیں چلتا تھا کہ کون بے وقوف بنا رہا ہے کون لڑائی کروا رہا ہے اب پہلے ہی پتہ چلتا ہے یا پھر کشف ہوجاتا ہے کہ لڑائی ہوگی یا کوئی چالاکی ہوگی محفوظ ہوجاتی ہوں آپ کے وظائف پڑھنے لگتی ہوں تو سکون ملتا ہے۔ (ج۔گجرات)

# سفلی جادو کے تعویذ ہی نہیں! بددعائیں بھی برباد کرتی ہیں

قارئین! ہمارے ساتھ بددعا کا واقعہ ہوا میری سگی خالہ جو میرے تایا کے گھر میں تھی' میرے تایا اس کو بہت دکھی رکھتے تھے ہر روز مارتے تھے اور کھانے پینے کی چیزیں بھی نہ لاتے تھے حتیٰ کہ کھانا پکانے کیلئے آئل بھی نہ لاکر دیتے تھے۔ سالن بغیر آئل کے پکاتی تھی' نمک اگر ختم ہوجاتا تو پیسے بھی نہ دیتے تھے وہ بیچاری گندم فروخت کرکے نمک لاتی تو میرے دوسرے تایا میرے اس تایا کو سمجھاتے تو میرے تایا اس (میری خالہ) کو جانوروں کی طرح ڈنڈوں سے مارتے تھے پھر طلاق پر بات ختم ہوئی۔ میری خالہ بددعا دیتی تھی کہ اس خاندان کی بیٹیاں کبھی سکھ نہ دیکھیں گی' اثرات اب ظاہر ہورہے ہیں' ہم سب بہنوں کے شوہر انا پرست اور ہمارا سسرال میں کوئی مقام نہیں ہے' یہ اس بددعا کے اثرات ہیں۔ ایک تایا کی بیٹی کو کینسر کا مرض لاحق ہے' اسی تایا کی پوتی کو چار بچوں پر طلاق۔ میرے بھائی کا گھر اجڑ گیا جس تایا نے طلاق دی تھی اس کی بیٹی کتنے عرصہ سے شادی کے بعد تایا کے گھر بیٹھی۔ اب جاکر کہیں آباد ہوئی۔ شوہر پہلے شادی شدہ تھا تایا کی پوتی چھ بچوں کے ساتھ والدین کے گھر رہ رہی ہے' میں چار سال سے اپنے گھر رہ رہی ہوں' سسرال والے اور شوہر خرچہ نہیں دیتے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں ان بددعاؤں کے اثرات سے محفوظ رکھے اللہ تعالیٰ اس سلسلے کو یہی ختم کردے۔ آمین!

## سسر' شرابی' زانی اور ہر وقت گالیاں دیتا

سسر شرابی، زانی، گالیاں دیتا، بیوی سے ہر وقت لڑنا' بوڑھے ہونے کے باوجود پھر بھی لڑنا' آج اس کی اولاد کا یہ حال ہے کہ ایک بیٹی کو سگے تایا کے گھر سے طلاق' ایک بیٹے کے اولاد نہیں' دوسرا 23 سال کی عمر میں فوت ہوگیا' رزق کی تنگی انتہا کو پہنچی ہوئی ہے۔ 51 ہزار کرایہ آتا ہے پھر بھی رزق کی تنگی ہے۔ بددعاؤں کے اثرات پیچھا نہیں چھوڑ رہے جو کاروبار کرتے ہیں اسی میں گھاٹا، آئے دن جھگڑے لڑائیاں پریشانیاں۔ آپ کے عنایت کردہ وظائف سے اب لڑائی میں سکون لیکن رزق کی تنگی اور کاروبار میں گھاٹا بہت ہے۔ یہ بددعا کا اثر ہے جانے کس کس نے دی ہوگی۔ (پوشیدہ)

## برائے حافظہ! پہلی پوزیشن کیلئے ضرور کیجئے

اَللّٰھُمَّ نَوِّرْ قَلْبِیْ بِنُوْرِ الْعِلْمِ وَالْفَھْمِ مِنْ ظُلُمٰتِ الْجَھْلِ وَالْوَھْمِ "مفہوم: اے میرے اللہ میرے دل کو علم اور فہم وفراست کے نور سے منور کردے اور مجھے جہالت اور وہم کی تاریکیوں سے نکال دے۔" ہر وقت چلتے پھرتے پڑھتے رہیں۔ حافظہ قوی اور تیز ہوجائے گا۔ اگر طالب علم کرے تو امتحانات میں پوزیشن پائے گا۔ بہت ہی کامیاب عمل ہے' جس نے بھی یقین سے کیا مراد پائی۔ خاص طور پر عبقری قارئین کیلئے یہ لکھ رہا ہوں ان شاءاللہ جو بھی آزمائے گا اسے فائدہ ہوگا۔ (ک، لاہور)

جادو شکن پانی
خاص الخاص عمل کے بعد کالا جادو' جنات' نظر بد' سفلی عمل' بدروحوں کے بڑے اثرات' لاعلاج بیماریاں گھریلو جھگڑے' اولاد کی نافرمانی' مسلسل ناکامیاں' دورے پڑنا اور ایسے روگ جو کسی کی سمجھ میں نہ آتے ہوں حتیٰ کہ جہاں ہر معالج نے آپ کو مایوس کردیا ایسے حالات میں "جادو شکن پانی" کا استعمال مایوسی کو ختم کرکے آس اور امید کو دلاتا ہے۔
قیمت صرف 80 روپے
چند گھونٹ پانی! آسیب' بیماری ختم
ہجویری محل چلیے!

# شوہر کے رویہ سے تنگ اس نقش کو معمولی نہ سمجھیں!

### ملازمت حاصل کرنے کیلئے

نماز کی پابندی کریں لباس بدن پاک رکھیں۔ اوّل آخر درود شریف 21 مرتبہ درمیان میں چاروں قل۔
نماز فجر میں 21 بار، ظہر میں 22 مرتبہ، عصر میں 23 مرتبہ، مغرب میں 24 مرتبہ، عشاء میں 25 مرتبہ اوّل و آخر درود شریف اور ہر جمعرات کو خاص کر نفل پڑھ کر دعا مانگیں اور مربع نقش 120 کا پاس رکھیں۔

### شادی کیلئے لڑکیاں پڑھیں

اَللّٰھُمَّ اِنَّكَ اَنْتَ الصَّمَدُ. رَبُّ كُلِّ الْمَصْدَرِ وَ اَنْتَ الْكَبِيْرُ

بعد نماز عشاء دو نفل نیت توبہ پھر درود شریف صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى حَبِيْبِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَسَلَّمَ
سات مرتبہ پھر تیس منٹ مسلسل استغفر الله ربی من کل ذنب و اتوب الیه۔
پھر 21 مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھیں 90 دن میں اللہ پاک شادی کے اسباب پیدا کر دے گا۔

### کاروبار چلانے کیلئے یہ نقش لٹکا لیجئے!

یافتاح یارزاق کا نقش لٹکائیں اور ہر جمعرات کو سوا لاکھ مرتبہ چند افراد مل کر بیٹھ کر پڑھیں یا اگر اکیلے ہوں تو اکیس ہزار مرتبہ پڑھیں اور روزانہ دکان آفس کھولتے وقت گیارہ تسبیح پڑھ لیا کریں۔ کاروبار اگر رکا ہوا ہو' گاہک پیسے نہ دیتے ہوں' بحث کرتے ہوں' دکان پر گاہک نہ آتے ہوں' ادھار زیادہ ہوتا ہو' ان شاء اللہ کاروباری مشکلات ختم ہوں گی۔
نقش یہ ہے

| | | | |
|---|---|---|---|
| یافتاح یارزاق | یافتاح یارزاق | یافتاح یارزاق | یافتاح یارزاق |
| یافتاح یارزاق | یافتاح یارزاق | یافتاح یارزاق | یافتاح یارزاق |
| یافتاح یارزاق | یافتاح یارزاق | یافتاح یارزاق | یافتاح یارزاق |
| یافتاح یارزاق | یافتاح یارزاق | یافتاح یارزاق | یافتاح یارزاق |

کاروبار چلانے کیلئے جو نقش لکھا گیا ہے اس کو اس ترتیب سے بھریئے۔ یعنی جہاں نمبر ایک لکھا ہے اس جگہ اس ڈبے میں پہلی مرتبہ یافتاح یارزاق لکھنا ہے اور پھر اسی ترتیب سے تمام خانہ جات پُر کر لیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| 8 | 11 | 14 | 1 |
| 3 | 2 | 7 | 12 |
| 13 | 16 | 9 | 6 |
| 10 | 5 | 4 | 15 |

(یہ نقش نہیں ہے' یہ اوپر کے نقش کی چال ہے۔)

### شوہر تنگ کرتا ہو تو اس نقش کو معمولی نہ سمجھیں

عزرائیل — بسم اللہ الرحمن الرحیم — جبرائیل

| | | | |
|---|---|---|---|
| ٢٤٨ | ٢٦١ | ٢٧٣ | ٢٢٠ |
| ٢٦٩ | ٢٢٤ | ٢٤٤ | ٢٦٥ |
| ٢٢٨ | ٢٨١ | ٢٥٣ | ٢٤٠ |
| ٢٥٧ | ٢٣٦ | ٢٣٢ | ٢٧٧ |

میکائیل — اسرافیل

(یہاں مطلوب کا نام لکھیں) الحب علق قلب میکائیل
(یہاں طالب کا نام لکھیں) العجل الساعۃ الواحا

یہ نقش آپ ساعت مشتری میں منہ رخ شمال کر کے رجال الغیب کا دھیان کر کے قلم گلاب سے زعفران کی سیاہی سے لکھیں' منہ میٹھا خوشبودار کر کے اور پھر اس نقش پر اکتالیس مرتبہ سورۂ اخلاص اوّل و آخر درود شریف اکتالیس بار دم کریں اور پہن لیں' پھر روزانہ اکتالیس مرتبہ آنکھیں بند کر کے تصور شوہر کر کے پڑھا کریں' شوہر بہت پیار کرے گا۔

تلخص علم الاعداد: تالیف مولانا نور الھادی، ناصر اکیڈمی کوئٹہ علماء کے تیر بحدف تعویذات

### جوڑوں کے درد کیلئے

اعصابی کمزوری، خون کی کمی، یادداشت کی کمی۔ خواتین کے اندرونی ورم، مردوں کی خاص قوت کیلئے نیم گرم دودھ سے ایک ٹی سپون دن میں چار بار لیں۔ کم از کم ایک ماہ۔
ھوالشافی: بکھڑا، اسگندھ ناگوری، سونٹھ ہم وزن لے کر سفوف بنالیں اور تمام نسخوں کے ساتھ طہارت پاکی اور عبادت کو افضل جانیں۔ (کیپٹن سید علی رضا مشہدی، اسلام آباد)

# جوانی میں بیوہ ہوگئی! ان وظائف نے سہارا دیا

ن۔م، چکوال

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو اور آپ کی نسلوں کو دولت، عزت، برکت، رحمت جیسی نعمتوں سے مالا مال فرمائے' آپ پوری امت کی خدمت کر رہے ہیں اور وہ بھی ایسے وقت میں جب ہم مسلمان دین سے بہت دور ہو چکے ہیں اور اسی وجہ سے بہت سی بیماریوں اور پریشانیوں میں گھر چکے ہیں۔ میں اپریل 2018ء سے عبقری کی قاریہ ہوں' مجھے عبقری سے میری ہمسائی نے ملایا۔ ہم لوگ ایک شادی پر جا رہے تھے' راستے میں دو عورتیں ایک ہماری ہمسائی اور دوسری اس کی سہیلی باتیں کر رہی تھیں کہ عبقری بہت ہی زیادہ مقبول ہو رہا ہے' اس وجہ سے کہ یہ لوگ مسائل کا حل اسلامی طریقے سے حل کرتے ہیں۔ دل میں خواہش پیدا ہوئی کہ میں بھی اس کا مطالعہ کروں' چنانچہ میں نے بھی منگوا کر پڑھنا شروع کیا تو بہت سکون ملا۔ حکیم صاحب میں ایک بیوہ عورت ہوں۔ میری شادی میرے کزن سے ہوئی۔ شادی کے صرف آٹھ ماہ بعد میرے شوہر فوت ہو گئے۔ ہوا یوں کہ وہ ٹھیک ٹھاک تھے گندم کا موسم تھا وہ گندم کاٹ رہے تھے۔ اچانک ان کو سر درد ہوا اور پھر بلڈ پریشر ہائی ہو گیا دو تین دن ہسپتال میں رہنے کے بعد وہ ہمیں چھوڑ کر چلے گئے۔ میرے سسرال والے پہلے تو بہت اچھے تھے جب میرا شوہر فوت ہو گیا تو سسرال والے بہت بدل گئے۔ میرے شوہر پر کسی نے جادو کیا تھا۔ میں اپنی عدت پوری کرنے کے بعد اپنی امی کے گھر آ گئی۔ وہاں میرے بھائیوں نے مجھے عمرہ کروایا۔ اللہ پاک نے وسیلہ بنایا ورنہ میرے پاس ایک پیسہ بھی نہیں تھا۔ اللہ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ میں نے تین عمرے کیے' بہت سے وظائف کیے' میرے کریم اللہ نے بہت سکون دیا۔ میری زندگی میں بہت ساری پریشانیاں لیکن اس کے باوجود میں بہت سکون میں ہوں' سمجھ نہیں آتا کہ ایسا کونسا عمل ہے جس وجہ سے میں سکون میں ہوں۔ میں آپ کو اپنے وظائف بتاتی چلوں کہ ہر روز عشاء کی نماز کے بعد دو رکعت نماز نفل پڑھ کر پیارے آقا محمد مصطفیٰ ﷺ کی بارگاہ میں تحفہ پیش کرتی ہوں۔ جھاڑو لگاتی ہوں تو زبان پر درود ابراہیمی جاری رہتا ہے اور اگر آندھی بھی چل رہی ہو تو کوڑا کر کٹ اڑ کر صاف جگہ نہیں جاتا صبح شام جب بھی یاد آئے درود پڑھتی ہوں اور خاص طور پر کھانے پکاتے ہوئے بھی درود ابراہیمی پڑھتی ہوں۔ سورۂ کوثر سارا دن چلتی پھرتی پڑھتی رہتی ہوں۔ کوئی مشکل ہو یَارَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ پڑھتی ہوں تو فوراً حل ہو جاتی ہے۔

کالے جادو کیلئے کڑوی شفاء
کالی کڑوی شفاء
صرف اس مریض کیلئے جس کو جادو نے ڈس لیا ہو، معالجین نے لاعلاج قرار دیا ہو، جادو کی وجہ سے کینسر، کالا یرقان، چھاتی کا سرطان، ہڈیوں نے کام کرنا چھوڑ دیا ہو، مریض موت کا انتظار کر رہا ہو۔ اسی طرح لاعلاج اور ناممکن بیماریاں جس کا علاج آپ کو سمجھ نہ آتا ہو بس چمچے سے چند گھونٹ یا چند بوتلیں "کالی کڑوی شفاء" پلائیں پھر قدرت ربی کا مشاہدہ کیجئے۔
قیمت 400 روپے
بہو بیٹی بن جائے! ہجویری محل چلیے!




[illegible]

صبیحہ اختر، آزاد کشمیر۔ اسامہ عباسی، ایبٹ آباد۔ شازیہ بابر، کراچی۔ رضیہ مغل، لاہور۔ ثمرین، حیدر آباد۔ صنوبر، ملتان۔ محمد ذوالنورین پیرزادہ، خیر پور۔ فردوس، راولپنڈی۔ ممتاز حسین، رحیم یار خان۔ طوبیٰ محمود، تلمبہ۔ عاصمہ اشتیاق، دولتالہ۔ محمد رفیق، حاصل پور۔ صدیقاں بی بی۔ شبانہ کوثر، ہرنولی۔ مصباح شیرازی، لالہ موسیٰ۔ حرا، لاہور۔ محمد وقاص، میرپور خاص۔ حکیم غلام حسین غفوری، چوک سرائے۔ ایم عرفان، اسلام آباد۔ روبی عمران، گوجرانوالہ۔ عمران منظور، جلالپور پیروالہ۔ انجم آرا، کراچی۔ شازیہ انجم، جہلم۔ نہایت بی بی، کراچی۔ محمد فاروق، ہری پور۔ مقدس نور، سرگودھا۔ حافظ ذیشان علی، راولپنڈی۔ زعیمہ، لاہور۔ محمد جاوید اقبال، ڈی آئی خان۔ تہمینہ، لاہور۔ ای انور بیگ جاوید، کوٹ رادھا کشن۔ حکیم حمید اللہ میمن، حیدرآباد۔ شاہ نواز، وہاڑی۔ عبدالمنان، کہروڑ لعل عیسن۔ محمد قیصر، راولپنڈی۔ کشور سلطانہ، لاہور۔ نور محمد، کراچی۔ فردوس بیگم، ڈیرہ غازی خان۔ ذیشان صدیق، بورے والہ۔ ذیشان صدیق، بورے والہ۔ تاج محمد سلیم، اسلام آباد۔ امینہ طاہرہ، کوٹلی۔ محمد مجاہد قدیر، راولاکوٹ۔ عاشق حسین، کراچی۔ صدام حسین، خالق آباد۔ رشیدہ، وزیر آباد۔ مشتاق علی، نوشہرہ۔ محمد رفیق، مانسہرہ۔ سعد حسین شاہ، پشاور۔ شاہینہ حیدر، لاہور۔ فریدہ افضل، گوجرانوالہ۔ محمد شفیق، سکھر۔ ذیشان علی، حسن ابدال۔ سید منیر حسین، ایبٹ آباد۔ سمرا فاطمہ، سکھر۔ مہرالنساء، ٹنڈوم جام۔ مسرت پروین، ننکانہ صاحب۔ بلقیس بیگم چوہان، لندن۔ صفدر علی، گلگت۔ ارسہ قیصر، سرگودھا۔ طاہر الحسنین، ہری پور۔

**آپ تمام درج ذیل وظیفہ پڑھیں۔**

إِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ o وَ إِذَا النُّجُومُ انْكَدَرَتْ o وَ إِذَا الْجِبَالُ سُيِّرَتْ o وَ إِذَا الْعِشَارُ عُطِّلَتْ o (التکویر 1 تا 4) یہ آیات طاق اعداد میں پڑھ سکتے ہیں تین دفعہ، سات دفعہ، گیارہ دفعہ، جتنا زیادہ پڑھیں گے اتنا زیادہ فائدہ ہوگا۔ چند دن، چند ہفتے اور چند مہینے ضرور پڑھیں۔

ماریہ مقبول، لاہور۔ عاصمہ، اسلام آباد۔ نذیر احمد، گوجرانوالہ۔ میاں ناصر محمود، سیالکوٹ۔ محمد بلال، رکن پور۔ محمد اسامہ خالد، رحیم یار خان۔ سید وقار احمد، ملتان۔ کائنات شہزادی، رائیونڈ۔ شبانہ کوثر، لیہ۔ نور العین، گوجر خان۔ رفاقت علی، حافظ آباد۔ شاہ زہرہ بیگم، راولپنڈی۔ عاقب احمد، سکھر۔ ہما پروین، بوریوالہ۔ اریبہ، کراچی۔ آفتاب احمد، پدھراڑ۔ صائمہ سلیم، وریام والا۔ عبدالرحمن وارثی، سکھر۔ نتاشہ مہک، ملتان۔ محمد اصغر، وزیر آباد۔ عمران خان، عباسپور۔ سید خوشرنگ شاہ، صوابی۔ سمیرا تبسم، فیصل آباد۔ حفیظہ اشرف، حافظ آباد۔ ثمینہ نورین، ملتان۔ فاطمہ، حیدر آباد۔ عذرا، فیصل آباد۔ سیدہ اقراء، حیدرآباد۔ طاہرہ بتول، فتح پور۔ نگہت کراچی۔ نسرین اظہر، بوریوالہ۔ سمیرا عابد، کبیر والا۔ شازیہ، پھولنگر۔ بلقیس اختر، عارف والہ۔ اقراء مبین، جہلم۔ کائنات، خانیوال۔ عاشی وسیم، گوجرانوالہ۔ غزالہ اختر، کراچی۔ مسلمہ بی بی، ڈی آئی خان۔ محمد موسیٰ، گانگھے بلتستان۔ الماس شیخ، کراچی۔ عشرت جہاں، کراچی۔ رحیم بخش، ماتلی۔ مینہ جلیل، مظفر گڑھ۔ صبرین شاہد، رحیم یار خان۔ عبدالستار، وندر۔ زین منصور، راولپنڈی۔ محمد رضوان، کراچی۔ سجاد حسین، کھیرو۔ حسینہ بی بی، وندر۔ غازی اجمل حق، لاہور۔ خنساء ایمان، تلہ گنگ۔ حبیب اللہ، راجن پور۔ اقبال زیبا، مرادن۔ محمد اویس، خیر پور۔ جمیل فاطمہ، بھمبر۔ زینب، روہڑی سکھر۔ عظمیٰ، بھمبر۔

**آپ تمام درج ذیل وظیفہ پڑھیں۔**

إِيَّاكَ نَعْبُدُ وَإِيَّاكَ نَسْتَعِينُ کا نادر النوادر وظیفہ: دو رکعت نماز نفل حاجت کی نیت سے پڑھیں اور اس میں ثناء کے بعد سورۂ فاتحہ شروع کریں جب إِيَّاكَ نَعْبُدُ وَإِيَّاكَ نَسْتَعِينُ پر پہنچے اس کو بار بار دہرائیں اور اتنا دہرائیں، اتنا دہرائیں کہ تین سو، چار سو، دو ہزار، تین ہزار کی تعداد میں اس کو دوہرا اگر کھڑے ہو کر نفل پڑھ لیں تو سعادت اگر کھڑے نہیں ہوسکتے تو بیٹھ کر پڑھ لیں۔ جتنا کریں گے اتنا کمال پائیں گے۔

**یہ عمل چند دن، چند ہفتے اور چند مہینے ضرور کریں۔**

فاروق اعظم، بھمبر۔ شبانہ اشفاق، گوجرانوالہ۔ فضل محمود، حاصل پور۔ امیر حمزہ اشرف، بورے والہ۔ نیلم شہزادی، لاہور۔ زوہیب مظفر، حاصل پور۔ آمنہ، گوجرانوالہ۔ صبیحہ خان، اسلام آباد۔ نعیم انجم، چک نمبر 320 گ ب۔ نسیم اختر، راولاکوٹ۔ عصمت عزیز، احمدال۔ فرخندہ ناز، مظفر آباد۔ ضیاء وحید، کراچی۔ انجم علی، راولپنڈی۔ مناظہر، فیصل آباد۔ حمید، جھنگ۔ کوثر پروین، سرگودھا۔ علیزہ فاطمہ، سرگودھا۔ سعدیہ اصغر، کراچی۔ ثوبیہ حمید، لاہور۔ عمران جمشید، کراچی۔ محمد صفدر، کراچی۔ تبسم آرا خانم، کراچی۔ عدیلہ ہاشم، اٹک۔ پروین فاروق، کوٹ نجیب اللہ۔ عالیہ پروین، ہری پور۔ عبدالمعیز، جلالپور۔ مبشر حسین عثمانی، حیدرآباد۔ محمد یٰسین، ساہیوال۔ ناصرہ ضیاء، پتوکی۔ ناہید اختر، راولپنڈی۔ عائشہ مقدس، جھنگ۔ فرح رفیق، ساہیوال۔ ذیشان جاوید، راولپنڈی۔ محمد فرحان سلیم، ڈیرہ اسماعیل خان۔ محمد اعظم، کہوٹہ۔ تاج محمد سلیم، اسلام آباد۔ محمد شفیق، سکھر۔ مسز زاہد، لاہور۔ طیبہ اکرم، اوکاڑہ۔ نصرت عطا، ساہیوال۔ محمد عثمان، بہاولپور۔ فائزہ، حیدرآباد۔ نسیم، محراب پور۔ تسکین اختر، راولپنڈی۔ نور العین، سکھر۔ مریم اسحاق، سنجوال کینٹ۔ میمونہ عباس، لاہور۔ کنیز فاطمہ ہاشمی، مظفر گڑھ۔ رشیدہ بی بی، خانیوال۔ عروج ظہیر، راولپنڈی۔ ربیعہ الرحمن، ڈی جی خان۔ مختار احمد، خانیوال۔ رضوان امین، ظاہر پیر۔ صدف، ملتان۔ احمد علی صابری، قصور۔ عابدہ رفاقت، فیصل آباد۔ غزالہ اختر، لاہور۔ عدنان سرور، لالہ موسیٰ۔ شازیہ ارشد، اوکاڑہ۔

**آپ تمام درج ذیل وظیفہ کریں**

يَا حَكِيمُ يَا عَزِيزُ يَا لَطِيفُ يَا وَدُودُ بکثرت یعنی روزانہ وضو بے وضو، پاک ناپاک، ہزاروں کی تعداد میں پڑھیں۔ ہزاروں کی تعداد سے کم نہ ہو۔ یہ عمل (کم از کم 90 دن) چند ہفتے، چند مہینے ضرور کریں۔ دوران عمل حسب توفیق صدقہ ضرور کریں۔

ایسے والدین جن کے بچوں کی شادی صرف اس بیماری کی وجہ سے نہیں ہو رہی ان کی پریشانی ہوئی ختم
برص پھلبہری کورس برص، خارش، چنبل، کوڑھ، جذام سمیت جلد کے تمام امراض کا شافی علاج
500
جادوائے ختم جیسے آٹے سے بال ہجویری محل چلیے!

تجرباتِ رومی — قسط نمبر 11 — رومی احمد پوری

# ابتدائی سفرنامہ! سوچ کر کانپ اٹھتا ہوں

قارئین السلام علیکم! آج میں آپ کے سامنے اپنا ابتدائی سفر نامہ لے کرحاضر ہوا ہوں' میری زندگی کا اب تک کا خطرناک' پراسرار سفر اور ہاں جسے میں پرلطف لکھنا نہیں بھولوں گا۔ غالباً 2014ء کی بات ہے۔ شیخ الوظائف کا قافلہ پہلے مانسہرہ گیا اور پھر ایبٹ آباد گیا۔ ایبٹ آباد میں شیخ الوظائف کا درس تھا۔ درس سے فراغت حاصل کرنے کے بعد قافلہ عشاق نے رخت سفر باندھا اور نامعلوم منزل تھی۔ اتنا پتا تھا کہ کسی اللہ والے سے ملنے دور پرے جنگل میں جانا ہے۔ برسات کا موسم تھا' ان دنوں بارشیں عروج پر تھیں' روزانہ بارش ہورہی تھی' مگر اس دن سورج اپنے پورے جوبن پر تھا۔ شیخ الوظائف نے فرمایا: جیپ لے کر چلتے ہیں لیکن ساتھیوں نے مشورہ یہ دیا کہ چھوٹی مہران وہاں ٹھیک رہے گی۔ شیخ الوظائف نے ساتھیوں کا مشورہ مانا اور تقریباً دن دس بجے کے بعد ہم نکل پڑے۔ پورا دن گاڑی چلتی رہی' کوئی منزل نظر نہ آرہی تھی۔ میں اور میرا چھوٹا بھائی بھی ہمراہ تھے جو بار بار پوچھ رہے تھے کہ کدھر جارہے ہیں۔ شیخ الوظائف ہمیشہ فرمائیں بس بیٹا پہنچنے ہی والے ہیں لیکن پہنچ تو نہیں رہے تھے۔ آخر سہ پہر میں ہم کہیں رُکے۔ سب نے باری باری لکڑی سے بنا ہوا بیت الخلاء استعمال کیا جو کہ ایسے لگ رہا تھا کہ ابھی ٹوٹ جائے گا اور ہم کھائی میں گرجائیں گے۔ نماز پڑھی اور پھر قریبی ہوٹل میں کھانا کھایا' موسم آہستہ آہستہ بدلنا شروع ہوگیا اور بادلوں نے آسمان کو اپنی لپیٹ میں لینے کا فیصلہ کرلیا۔ اسی ہوٹل میں ایک اجنبی ہمیں ملا جو کہہ رہا تھا کہ میں آپ کو آپ کی منزل پر لے جاؤں گا۔ ساتھیوں نے اسے گاڑی میں بیٹھا لیا۔ یوں گاڑی پھر انجان سفر پر روانہ ہوگئی' جیسے جیسے آگے بڑھ رہے تھے سڑک چھوٹی اور ناہموار ہونے لگی' اندھیرا چھانے لگا اور ہم نے نماز مغرب راستے میں ایک طرف ہوکر چادریں بچھا کر پڑھی۔ سردی بڑھنے لگی' اندھیرا گہرا ہونے لگا' ہر طرف ہو کا عالم اس میں مزید پراسراریت دریائے نیلم کے پانی کا شور پہاڑوں سے ٹکرا کر ہمارے کانوں میں پڑ رہا تھا۔ ہم آگے چلے تو ایک ٹرک والا راستے سے واپس آرہا تھا اس نے ہمیں کہا میرا ٹرک پھنس گیا ہے آپ لوگوں کی تو گاڑی تو ہے مگر وہاں سے یہ بھی نہیں گزرسکتی۔ شیخ الوظائف نے فرمایا کوئی بات نہیں آگے بڑھو۔ جب ہم تھوڑا سا اور آگے گئے تو ایک گاڑی والا ملا اور بڑی افسردگی سے کہنے لگا کہ میری گاڑی آگے نہیں جاسکی' آگے بہت بڑی آبشار گررہی ہے جس میں میری گاڑی پھنس گئی تھی وہ آبشار اتنی تیز ہے کہ وہ گاڑی کو ساتھ دریا میں لے کر جانے کی طاقت رکھتی ہے۔ شیخ الوظائف نے ساتھیوں سے فرمایا کہ حفاظت والے اعمال شروع کرو' مجھے ابھی بھی اچھی طرح یاد ہے کہ مجھے اس وقت کچھ سمجھ نہ آرہا تھا کہ کون سی دعا پڑھوں' میں بہت زیادہ ڈر رہا تھا' میں نے ڈر کی وجہ سے سر نیچے کرلیا اور اللہ کے سارے نام پڑھنا شروع کردیئے۔ ہمارا اسکول اسلامک تھا اس میں دعائیں، اعمال، سنتیں وغیرہ یاد کرواتے تھے لیکن ہر چیز دماغ سے غائب ہوگئی' اس وقت میری عمر چھوٹی تھی اور ڈر کی وجہ سے والدہ یاد آنے لگیں۔ بس پھر حالت غیر ہوگئی آبشار آخر کار آن پہنچی۔ جب اتنا تیز پانی پہاڑوں سے گرتا دیکھا اور اس کا شور کانوں میں پڑا تو میری تو ٹانگیں کانپنا شروع ہوگئیں۔ ڈرائیور نے سب کو باہر اتر جانے کا کہا۔ جب میں نے آبشار میں پاؤں رکھا تو میں پھسل کر پانی کے ساتھ جانے لگا کہ یکدم شیخ الوظائف نے مجھے سنبھال لیا۔ بہت مشکل سے اللہ اللہ کرکے گاڑی نکلی۔ اب رات ہوچکی تھی اور بارش بھی ہونا شروع ہوگئی۔ سڑک پر سناٹا چھا گیا اور مختلف جانوروں اور دریائے نیلم کے پانی کی آوازیں آنے لگی۔ (باقی صفحہ نمبر 58 پر)

# خواتین کیلئے ہیرے موتی جواہرات سے قیمتی عمل!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! جب بھی موقع ملتا ہے قرآن کے موتی چنتی ہوں ایک عمل لکھ رہی ہوں جو ہیرے جواہرات سے زیادہ قیمتی ہے۔ یہ عمل میں نے بھی سیکھا تھا۔ برسوں سے اس پر عمل کررہی ہوں سب کو بتاتی ہوں۔ مسلمان ہر کام سنت کے مطابق کرتا ہے لباس بھی پہنتے ہیں تو اذکار کے ساتھ اس عمل کے بہت فوائد ہیں اور کمالات ہیں جب نیا لباس پہنیں سب سے پہلے دوپٹہ سر پر اوڑھ لیں اوّل آخر ایک بار درود شریف تین مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھے۔ اس عمل سے سر کی بیماریاں نہیں ہوتیں' چوٹ سے سر محفوظ رہتا ہے۔ بدن والا کپڑا لیں تو تین بار سورۂ الم نشرح پوری سورۂ پڑھیں اب وہ پہن لیں' اس عمل سے آپ کا بدن لاعلاج بیماریوں سے محفوظ رہے گا۔ ناف سے نیچے پہننے والا لباس لیں اوّل آخر درود شریف سورۂ فلق اور سورۂ الناس تین بار پڑھے ایک بات یاد رکھیے پہلا لباس اپنے بدن سے جدا کریں نیا لباس باری باری پہن لیجیے اور یہ عمل کرتی جائیں ہمیشہ کریں' چھوٹے بچوں کو جب نیا لباس پہنچائیں تو مائیں خود یہ عمل پڑھ دیا کریں آپ ان اذکار کے بعد دیکھیں گی آپ کا لباس کبھی استری سے نہیں جلے گا۔ ان کپڑوں میں مسلسل پہننے کے باوجود پرانا پن نہیں ہوتا۔ اس کی چمک ماند نہیں پڑتی خود بندی اللہ کی حفاظت میں رہتی ہے۔ میری زندگی میں تین موقعے ایسے تھے جب موت کے اور میرے درمیان صرف بال کے برابر فرق تھا جب یہ مواقع آئے' رب سے دعا کی وہ مجھے نیکی کرنے کیلئے زندگی بخش دیتا۔

## خارش کے مرض کیلئے

گرمیوں میں بچوں اور بڑوں کو خارش کا مرض ہوجاتا ہے کہیں پر خارش ہو تو دو نفل پڑھے اور اس کا ثواب حضرت نوح علیہ السلام کو بخش دیجئے خارش ٹھیک ہوجائے گی۔ زیادہ تکلیف ہے تو چھ نفل پڑھ لیں نفل کی تعداد لامحدود ہے جتنی تعداد میں پڑھنا چاہیں پڑھ سکتے ہیں۔ پھل یا کھانا صدقہ کردیا کریں۔

## مکھی، مچھر، کاکروچ، چھپکلی بھگانے کیلئے

گھروں میں اکثر مکھی' مچھر، کاکروچ، چھپکلیاں آجاتی ہیں ان کو بھگانے کے لیے صبح و شام سات مرتبہ سورۂ الماعون پڑھیں۔ ہر قسم کا کیڑا غائب ہوجائے گا گھر میں نہیں رہے گا مچھر دانی کی ضرورت نہیں پڑیگی الماعون کا عمل مجھے ایک خاتون نے دیا تھا۔ اس کے عبقری میں بھی اکثر پڑھا اور تسبیح خانہ درس میں بھی شیخ الوظائف نے بتایا۔ (ذکیہ اقتدار بہاولنگر)

خون روک شفاء
حیض اور جسم کے کسی بھی حصہ سے خون روکنے والی
خون روک شفاء حیض کو باقاعدہ مقررہ وقت اور مقررہ مقدار پر لائے جسم کے کسی بھی حصہ میں خون آرہا ہو مثلاً زخمی ہوجانا' پیچش میں خون آرہا ہو، نکسیر کیلئے بھی لاجواب ہے۔

لیکوریا' رحم کی تقویت کیلئے اور کمر درد کا بہترین علاج ہے۔ (قیمت صرف 150 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

ناگہانی آفت سے حفاظت! ہجویری محل چلیے!

## چائلڈ اسپیشلسٹ حیران! ڈبل نمونیہ ٹوٹکہ سے فوراً ٹھیک

منیزہ بتول، راولپنڈی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ خیر پھیلانے پر آپ کو اور آپکے خاندان کو جزائے خیر دے۔ آمین۔ میں بہت بیمار تھی تیسرے دم سے بہت فائدہ ہوا ہے پٹھوں کے درد میں کافی فرق ہے معدے کی تکلیف بھی شفائے مدینہ اور ستر شفائیں سے ٹھیک ہوئی آپ کو ایک ٹوٹکہ لکھ رہی ہوں آج سے آٹھ دس سال پہلے میری بیٹی کو ڈبل نمونیہ ہوگیا راولپنڈی کے مشہور چائلڈ اسپیشلسٹ کو دکھایا۔ ڈاکٹر صاحب نے صرف ایک سیرپ دیکر کہا کہ استری گرم کر کے بچی کے پیر گرم کریں بچی درد سے تڑپ رہی تھی اور ہم پریشان میں نے کہیں ٹوٹکا پڑھا تھا کہ ایک کلو السی کو پاؤ نمک کے ساتھ ابال لیں' ایک دو ابال آنے پر پانی چھان کر السی تکیہ کے غلاف میں ڈال کر مریض کو الٹا لٹا کر کمر پر رکھ دیں تیز گرم نہیں رکھنا اتنا کہ مریض برداشت کرے میں نے پہلے بچی پر رضائی ڈالی اور ہلکی گرم رضائی کے اوپر رکھا بچی کے ناک سے اتنا پانی نکلا کہ تولیہ بھیگ گیا ٹشو کا ڈبہ ختم ہوگیا ٹکور تیز گرم نہیں کرنا اصل پھیپھڑوں سے ریشہ ناک کے ذریعے باہر آیا بچی کے پیر گرم ہوگئے دو گھنٹے رضائی میں رکھا کمرے میں ہیٹر لگا کر آہستہ آہستہ باہر نکالا دوسرے دن دوبارہ رپورٹ کروائی ہفتہ بعد رپورٹ کلیئر تھی ڈاکٹر صاحب خود حیران تھے۔ (نوٹ) ابال کر السی کا پانی اچھی طرح نکالنا ہے پھر السی تکیہ میں بھرنا ہے تیز گرم نہ ہو۔ (منیزہ نعیم، راولپنڈی)

## بڑھاپے میں جوانی جیسی صحت' چستی اور پھرتی پانے کا راز

م،ا، بہاؤالدین

### دانتوں کا کیڑا آنکھوں سے دیکھیں!

نسخہ: تخم پیاز ایک ماشہ، ایک ٹوپی حقے کی استعمال شدہ، پانچ سے چھ عدد بڑے کوئلے دہکتے ہوئے۔ (طریقہ) پہلے دانتوں کو برش یا مسواک کر کے صاف کریں کلی کریں پھر کوئلے حقے کی ٹوپی کے نیچے رکھ کر یعنی کوئلے دہک جائیں پھر اوپر چھوٹے سوراخ سے تخم پیاز ڈالتے ہی فوراً اپنا منہ سوراخ پر رکھ کر دھواں اوپر کھینچیں پھونک نہ ماریں' ایک منٹ بعد منہ سے دور کریں' دھواں لینے کے دوران تھوک آئے تو تھوک ٹوپی میں گرا دیں' سر اوپر نہ اٹھائیں۔ جب ایک منٹ ہو جائے تو چھوڑ دیں پھر دیکھیں جو کیڑے کوئلے کے اوپر گرے وہ تو جل جائیں گے نظر نہیں آئیں گے جو کیڑے کوئلے کے ساتھ لگتے ہی سائیڈ پر گریں گے وہ چاول کے کیڑے سے تھوڑا باریک سفید رنگ کے پڑے ہوں گے۔

### دانتوں میں کھوڑ سوراخ پیپ کیلئے

دانتوں میں کھوڑ سوراخ یا پیپ پڑنے کی وجہ سے درد ہو تو لہسن سونٹھ یا لونگ رکھیں پیپ ختم ہو کر درد سے نجات ملے گی۔

### بہرا پن سے محفوظ رہنے کیلئے

ہر دس دن بعد تین تین قطرے اصلی بادام روغن نیم گرم کانوں میں ڈالنے سے کان کے بہرا پن سے محفوظ رہتا ہے۔

### ایک ہی پڑیا سے حیض بند

سادہ کاغذ جلا کر راکھ بنا کر محفوظ کر لیں۔ پہلے تین دن نہیں کھانا کیونکہ پہلے تین دن خون تیزی سے آتا ہے اس لیے اس کا استعمال کرنا نقصان دہ ہے۔ چار پانچ دن خون بند نہ ہو تو پھر دو ماشہ راکھ سادہ پانی سے کھائیں۔ فائدہ مند ہوگا۔

### عمر رسید بزرگ کی باتیں

ایک عمر رسید بزرگ نے کسی دوست کو بتایا کہ ماس یعنی گوشت کھانے سے جسم کا گوشت بڑھتا ہے گڑ کھانے سے دماغ بڑھتا ہے دودھ پینے سے عضو خاص بڑھتا ہے، سونف کھانے سے نظر بڑھتی ہے۔

### گڑ کا فائدہ

ایک سو سالہ شخص کی صحت جوانوں جیسی لوگوں نے پوچھا تو کہنے لگے کہ میں روزانہ رات کے کھانے سے آدھا گھنٹے بعد آدھا پاؤ گڑ کھا لیتا ہوں پورا جسم فٹ ہے نہ دوا نہ دم۔

### چرواہے کی صحت کا راز

ایک چرواہا بڑھاپے تک بلکہ مرتے دم تک صحت مند رہا لوگوں کے اصرار پر بتایا کہ اور تو کوئی دوا یا پھل نہیں کہ غریب ہوں لیکن جنگل میں ایک درخت ہے اس کے نیچے ایک تالاب گندے پانی کا ہے اس میں درخت کا پھل گرتا ہے میں جب بھی جنگل جاتا ہوں اس تالاب کا پانی جی بھر کے پیتا ہوں کڑوا تو بہت ہوتا ہے لیکن آنکھیں بند کر کے پی جاتا ہوں یہی میری صحت راز ہے۔ لوگوں نے جا کر دیکھا تو وہ ہلیلہ کا درخت تھا سب نے مان لیا واقعی یہ بڑے کام کی چیز ہے۔ جوانوں کی طرح صحت، بال سیاہ، دانت، نظر، سب اعضاء طاقتور رہتے ہیں۔ ہلیلہ پنساری سے مل جاتا ہے۔ اسے ہریڑ بھی کہتے ہیں۔ خشک ہو تو پانچ سے سات ماشہ ایک کپ قہوہ میں سفوف بنا کر استعمال کر سکتے ہیں' ہریڑ کا مربہ تین دانے ایک وقت کھا سکتے ہیں۔

## بے اولادی ٹوٹکہ! جس بہن نے آزمایا اولاد پائی

صابرہ' بلوچستان

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ پورا گھرانہ بڑے شوق سے پڑھتا ہے' بے شمار ٹوٹکے آزمائے میرے پاس بھی ایک ٹوٹکہ ہے جو میں پیش کر رہی ہوں۔ جن بہنوں کے ہاں بیماری کی وجہ سے اولاد نہیں ہوتی ان کیلئے میرا خود کا آزمایا ہوا ٹوٹکہ ہے' یقین کیجئے میں نے جس بہن کو بھی بتایا اس نے آزمایا اللہ کریم نے اسے اولاد سے نوازا۔ ھوالشافی: سرخ پھٹکڑی باریک پیس لیں' ماہواری کے تین دن رات کو پی لیں وہ بھی ایک ہفتہ پرانا دہی جو بالکل سڑا ہوا ہو' تین گلاس کے جتنا لے کر رکھ لیں۔ ماہواری سے ایک ہفتہ پہلے دن اگر یاد ہوں تو تین رات ایک چمچہ پھٹکڑی سرخ پورا چمچ ہو تو بہتر ہے نہیں تو آدھی چمچ جس نے بھی کھایا ہے اللہ تعالیٰ نے اسے اولاد جیسی نعمت سے نوازا ہے۔ ہاں اگر کسی کے بچہ دانی میں گند کچرا ہو' نلوں میں تو ماہواری کی تیسری رات سے کالی مرچ کے برابر کھانی اور لونگ کے جتنا برابر بچہ دانی میں رکھنا ہے جس سے بچہ دانی میں رکا گند نکل جاتا ہے۔ بچہ دانی صاف ہو جاتی ہے جیسے عورتیں لیڈی ڈاکٹر سے صفائی کرواتی ہیں یہ بھی تین راتیں کرنی ہے یہ دو طریقے ہیں پہلا عمل بھی آزمایا ہوا ہے اور دوسرا عمل بھی بے اولادی کیلئے بہترین ہیں یہ عمل ان لوگوں کے بتائے ہوئے ہیں جن کو چھ سات سال اولاد نہیں ہوئی ان کو اللہ تعالیٰ نے اولاد سے نوازا ہے۔

تمام بدن کیلئے شاہی ٹانک جسمانی دردوں سے آزاد زندگی
جسم میں انقلابی قوت پیدا کرنے والا نوابی نسخہ زرغوانی نقرائی
ایسی نعمت جو جوڑ جوڑ کے بال بال کو روحانی اور جسمانی شفاء بخشے
لاغر انسان کو بھی قابل فخر صحت مند انسان بنا دیتی ہے
فالج، رعشہ، لقوہ کا یقینی علاج شوگر کے مریض مایوس کیوں؟
بچے، بوڑھے، جوان، خواتین سب کیلئے یکساں مفید شاہی ٹانک
بادشاہ، نواب، روساء اور امراء کیلئے خاص طور پر بنایا نسخہ اب آپ کیلئے بھی
قوت خاص کیلئے حیرت انگیز طور پر مؤثر قیمت صرف 2200 روپے
انگلی سے حاجت لکھیں' پوری
ہجویری محل چلیے!

# تانبے کا برتن! سدا بہار صحت جوانی اور تندرستی!

قارئین! آپ کیلئے قیمتی موتی چن کر لاتا ہوں اور چھپاتا نہیں' آپ بھی سخی بنیں اور ضرور لکھیں (ایڈیٹر: شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی)

آپ نے یقیناً محسوس کیا ہوگا پوری سائنس پلاسٹک کے برتنوں کا استعمال کینسر کا ذریعہ' دیگر دھاتوں کے برتنوں کا استعمال بیماریوں کا ذریعہ باقاعدہ اس پر شور' واویلا' پورا اشتہار' پوری مہم کہ اپنے برتنوں کو استعمال کرتے ہوئے ان پر نظر رکھیں اور احتیاط کریں کہ برتن ہماری زندگی پر کیا اثر ڈالتے ہیں اور ان برتنوں کا استعمال ہماری زندگی کو کتنا متاثر کرتا ہے۔

## جب تانبے کے برتن تھے بے اولادی نہیں تھی

جب تانبے کے برتن تھے بے اولادی نہیں تھی' گلی میں کبھی کبھار کہیں کوئی گھر ایسے ملتا جہاں پتہ چلتا تھا کہ اس گھر میں اولاد نہیں' ورنہ بچے ہوتے تھے اور سنبھالے نہیں جاتے تھے' سفید پوشی عام اور بچے بھی عام تھے۔ برتن تانبے' پیتل اور کانسی کے تھے۔ آٹا گوندھنے والا تھال بھی تانبے پیتل کا' ہنڈیا پیتل' تانبے کی' گلاس' تھالی' کھلانے کے لیے چمچ حتیٰ کہ نہانے کے لیے جو برتن ہوتے تھے وہ بھی پیتل اور تانبے کے تھے۔ اکثر نہانے کیلئے گھاگھر ہوتی تھی یا پانی گرم کرنے کے لیے پیتل تانبے کے برتن جسے کشمیری سماوار کہتے ہیں وہ ہوتے تھے۔ یعنی ہمارا کھانا' پینا اور پلانا سب تانبے میں ہوتا تھا اور دھات میں ہوتا تھا' اس کے چھوٹے چھوٹے ذرات ہمارے جسم کو صحت' تندرستی' توانائی دیتے جاتے تھے۔ آپ سمجھتے ہیں کہ یہ ذرات کیسے جاتے ہوں گے؟ آئیں! آپ کو ایک مثال دیتے ہیں۔ گردے میں پتھری کیسے بنتی ہے؟ کیا انسان پتھر اور کنکر نگلتا ہے' ہرگز نہیں بلکہ چھوٹے چھوٹے نظر نہ آنے والے ذرات گردے میں اٹکتے اٹکتے بعض اوقات بیر جتنی پتھری اور کھجور جتنی پتھری اس سے کم یا زیادہ بن جاتی ہے۔ یہ پتھر کہاں سے آیا؟ اور کیسے بنا یہی چھوٹے چھوٹے نظر نہ آنے والے ذرات ہی تو تھے جو پتھری کا ذریعہ بنے' بالکل اسی طرح دھاتی برتنوں سے بھی نظر نہ آنے والے ذرے ہمارے جسم میں داخل ہوتے چلے جاتے ہیں اور وہی صحت کا وجود بن جاتے ہیں۔

## قبل از وقت بڑھاپا اور عینک کا وجود نہیں تھا

جب ہم تانبے کے برتن کو استعمال کرتے تھے قبل از وقت بڑھاپا نہیں تھا' عینکیں نہیں تھیں' نظر کمزور نہیں تھی' صحت' طبیعت' تندرستی' شفاء اور جسم میں توانائی تھی۔ جسم بے مثال تھا اور لمبی عمریں تھیں' مشقت' محنت کرنے والے بوڑھے تھے اور وہ مشقت اور محنت کرتے تھے کہ آج کے جوان حیرت زدہ ہوجائیں یا پھر تھوری دیر کے بعد ان کا سانس پھول جائے۔ کمر دُھری ہوجائے' ٹانگیں تھرتھرا جائیں' سر چکرا جائے' آنکھوں کے سامنے اندھیرا چھا جائے اور چاروں شانے چت ہوجائیں۔ جس تھوڑے سے کام کا اثر جوانوں پر یہ ہوتا ہے' وہی بوڑھے سالہا سال یہی کام کرتے تھے لیکن برتن اور تھے۔ کیا پلاسٹک کے برتن کا اثر ہوتا ہے تو پھر تانبے کے برتن کا اثر نہیں ہوتا یہ کیسے ناممکن ہے؟

## نہ مریض تھے اور نہ ٹیسٹ لیبارٹریاں

ایک وہ وقت تھا جب ٹیسٹ تھے نہیں اور اگر کہیں کسی بڑے شہر میں لیبارٹری ہوتی تھی تو ویران پڑی ہوتی تھی کیونکہ مریض نہیں تھے اور کوئی ٹیسٹ کروانے والا آتا بھی تھا تو ٹیسٹ صاف اور کلیئر ہوتا تھا کیوں؟ سادہ غذائیں اور دیسی برتن ان کی زندگی میں صحت گھولتے تھے' نہ خون خراب' نہ جگر متاثر' نہ گردے مرجھائے ہوئے' نہ دل ناراض' نہ دماغ ویران اور پریشان' نہ آنکھیں دھنسی ہوئی اور کمزور' نہ اعصاب شل' نہ ٹانگیں پتھرائی ہوئی اور نہ ہی جسم کی خاص قوتیں کوچ کر گئیں' ایسا ہرگز نہیں۔

## شادیوں کا رواج اور مزاج

اس سے پہلے شادیوں کا رواج زیادہ تھا اور شادیاں بھی زیادہ بچے بھی زیادہ' عرب کی زندگی اٹھا کر دیکھیں اب بھی ان کی شادیاں زیادہ ہیں برصغیر میں بھی شادیوں کا عمومی رواج اور مزاج تھا کہ شادیاں زیادہ ہوتی تھیں کیوں؟ اس کی وجہ وہ دیسی چھوٹے چھوٹے ذریعے بچپن سے پچپن تک جاتے تھے' جو انسان کو صحت مند تندرست اور ایسا تندرست رکھتے تھے جس صحت مندی اور تندرستی کی وجہ سے انسان کی ازدواجی زندگی خوشحال ہوتی تھی اور اس کے ازدواجی مسائل نہیں ہوتے تھے لہٰذا ازدواجی زندگی کی تندرستی کا اثر معاشرہ اور زندگی پر پڑتا تھا اور گھریلو جھگڑے ناچاقیاں نہیں ہوتی تھیں ہر شخص مطمئن ہوتا تھا۔

## برتن کا معاشرے پر اثر

سائنس ایک انوکھا نکتہ اٹھاتی ہے اگر میری بات کو مزید تفصیلات سے جاننا اور پڑھنا چاہیں تو انٹرنیٹ کی دنیا میں تلاش کرلیں' برتنوں کا زندگی' لہجہ اور معاشرے پر بہت اثر پڑتا ہے' پہلے تنگ گلاس آئے' تنگ برتن آئے اب وہی پھر سائنس ہے جو کشادہ گلاس' کشادہ چائے کے کپ اور کشادہ برتن لارہی ہے' آخر کیوں؟ اس کی وجہ یہ ہے کہ برتن ہمارے معاشرے' مزاج' طبیعت پر ایک گہرا اثر ڈالتے ہیں اس کی وجہ سے ہم اپنے مزاج کو بناتے یا بگاڑتے ہیں۔

## مہنگے داموں پرانے برتن میں کھانا

بالکل اسی طرح تانبے کے برتن ہماری طبیعت میں بہت زیادہ اثر ڈالتے ہیں' اس کی زندہ مثال آج کل موجود فوڈ اسٹریٹ یا ایسے بڑے بڑے مغل اعظم یا خانان خان یا لال قلعہ کے نام پر ریسٹورنٹ ہوٹل ہیں جہاں لوگ تانبے کے برتنوں اور پرانے برتنوں میں مہنگے داموں کھانا کھانے جاتے ہیں۔ مجھے کئی لوگوں نے بتایا کہ سیر و تفریح کی جگہ تو اور بھی بہت ہے لیکن جب یہاں جاکر ان برتنوں میں کھانا کھاتے ہیں ہماری طبیعت پرسکون' ذہن کا دباؤ' تناؤ جسے ہم ڈیپریشن اور ٹینشن کہتے ہیں' وہ ختم اور ہمارا جسم ہلکا پھلکا حتیٰ کہ وہاں کا ایک دفعہ کا کھانا ہمیں ہفتوں اور مہینوں مطمئن اور پرسکون رکھتا ہے۔

## کیا خیال ہے آپ پرسکون نہیں رہنا چاہتے؟

کیا خیال ہے آپ پرسکون نہیں رہنا چاہتے؟ آپ اپنی طبیعت کو اس تھوڑی سی زندگی میں بے چین پریشان رکھنا چاہتے ہیں' کیوں رکھنا چاہتے ہیں آپ ہر حال میں آج کے بعد فیصلہ کریں کہ ہم نے تانبے کے برتن استعمال کرنے ہیں اور تانبے کے برتن کو اپنی زندگی میں اوڑھنا'' بچھونا' کھانا پینا' پلانے کے طور پر استعمال کرنا ہے۔ لہٰذا صحت کی تلاش بھی ایسے ہے جیسے ایمان اور دین کی تلاش' کیوں؟ صحت مند جسم ہی عبادت، تسبیح' تلاوت کرسکے گا۔ ورنہ ہمارا جسم بیمار ہوگا۔ بیمار نہ دین کا' نہ دنیا کا' نہ معاشرے کا اور نہ ہی سماج کا۔ بیمار بوجھ ہوتا ہے بوجھ' بوجھ ہی ہوتا ہے اس کا نفع نہیں ہوتا۔ آیئے آج کے بعد تانبے کے برتن تلاش کریں کوئی مشکل نہیں اب بھی مل جاتے ہیں بس تلاش کرلیں۔

ناک شفاء دائمی نزلہ' الرجی' چھینکیں' ناک کی ہڈی کا بڑھ جانا کیلئے ناک میں ڈالنے والے قطرے
نزلہ کی وجہ سے دماغی کمزوری بال سفید ہونا۔ نیند کا نہ آنا موسمی تبدیلی کی وجہ شدید الرجی کا ہونا
قیمت -/130 روپے
الرجی سے پیدا بیماریوں کیلئے ناک شفاء کا کچھ عرصہ استعمال ہمیشہ کیلئے نجات کا سبب بنتا ہے۔
لاکھوں کا قرض ادا! ہجویری محل چلیے!

## پریشان اور بدحال گھرانوں کے الجھے خطوط سلجھے جواب

### رنگے ہاتھوں پکڑوں گا

میرے بھائی کی عمر سولہ سال ہے مجھے لڑکوں نے بتایا کہ وہ ''شیشہ باز'' گیا تھا۔ یہ سن کر بہت برا لگا۔ فوراً ہی والدہ کو بتایا وہ بھی افسوس کرنے لگیں۔ والد دبئی میں ہیں۔ انہیں بتانا باقی ہے۔ سوچتا ہوں پہلے بھائی کو رنگے ہاتھوں پکڑوں گا پھر بات کروں گا۔ یہ بھی خیال آتا ہے دوستوں کے سامنے اس کی بے عزتی ہوگی۔ میری مثالیں دے گا۔ (کاشف، بہاولنگر)

مشورہ: اگر آپ خود کسی عادت کا شکار ہیں تو فوری طور پر اپنی اصلاح کریں تاکہ نصیحت پُراثر ہو۔ ابھی تو بھائی کے حوالے سے سنی سنائی بات ہے، کبھی دیکھ بھی لیں تو اس وقت کچھ نہ کہیں۔ انجان بن جانا ہی بہتر ہوگا۔ پھر مناسب موقع دیکھ کر تذکرہ کریں کہ لڑکے کتنے بے وقوف ہیں جو شیشہ کی عادت کا شکار ہو کر تمباکو نوشی میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔ خوشبو کے نام پر زہر پھیپھڑوں میں اتار رہے ہیں۔ پھر دیکھیں اور غور کریں کہ اس کی کیا رائے ہے۔ اس کے ساتھ اس پر اعتماد اور بھروسہ کرتے ہوئے کہیں کہ تم سے ایسی کوئی امید نہیں۔ مجھے یقین ہے تم ایسے لڑکوں کے ساتھ بھی نہیں رہتے ہوگے۔ بچوں اور نوعمر لڑکوں کی غلطیوں پر رنگے ہاتھوں نہیں پکڑنا چاہیے۔ اس طرح وہ نڈر ہو جاتے ہیں اور انہیں غلطیاں دہراتے ندامت نہیں ہوتی۔

### چہرہ دیکھ کر بُرا لگتا ہے

آئے دن میرے چہرے پر دانے نکلتے رہتے ہیں ان سے چہرہ بہت بُرا لگتا ہے۔ کسی طرح کی کریم اور پاؤڈر بھی فائدہ نہیں دیتا۔ یہ دانے چھپائے نہیں چھپتے۔ آئینے میں چہرہ دیکھ کر سخت غصہ آتا ہے۔ عمر 21 سال ہے' ایم اے کر رہا ہوں۔ (اسامہ' کراچی)

مشورہ: طبی معائنے اور احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کے باوجود چہرے پر دانے نکلتے رہیں تو انہیں عمر کے اس دور کی ایک نشانی سمجھ کر قبول کیا جاسکتا ہے چند سال میں یہ دانے خود ہی ختم ہو جاتے ہیں۔ دراصل آپ کی عمر کے نوجوان چہرے کے حوالے سے بہت حساس ہوتے ہیں چھوٹا سا بھی نشان بڑا اور نمایاں معلوم ہوتا ہے۔ حد سے زیادہ فکر' طرح طرح کی ادویات کا استعمال' زیادہ تشویش نفسیاتی اعتبار سے بھی نقصان دہ ہے۔ مختصر یہ کہ چہرے پر نکلنے والے دانے اتنے تباہ کن نہیں ہوتے جتنا کہ ان کا احساس تکلیف اور احساس کمتری کا سبب بنتا ہے۔

### ہر جگہ سے ناکام لوٹتا ہوں

میں جس جگہ بھی انٹرویو دینے جاتا ہوں' ناکام آتا ہوں' اعتماد سے بات ہی نہیں کی جاتی۔ یہ بھی نہیں بتا سکتا کہ کیا کیا کام آتے ہیں جبکہ درخواست نہیں پڑھتے' نام دیکھ کر بلا لیتے ہیں اور شخصیت دیکھ کر واپس لوٹا دیتے ہیں کیونکہ میرا قد چھوٹا ہے میرے بھائی 6 فٹ کے ہیں اور میں پانچ فٹ چھ انچ کا ہوں سب ہنستے ہیں کہ تمہارا قد تو لڑکیوں والا ہے۔ (اسد' لاہور)

مشورہ: انٹرویو میں ناکام ہونے کی وجہ بے اعتمادی یا حد سے زیادہ گھبراہٹ ہوسکتی ہے لیکن چھوٹا قد نہیں ہوسکتا۔ آپ کا قد درمیانہ یعنی اوسط ہے یہ اور بات ہے کہ چھ فٹ کے بھائی سے مقابلہ کر رہے ہیں اور وہ بھی اگر ساڑھے چھ فٹ کے شخص کے ساتھ کھڑے ہوں گے تو چھوٹے معلوم ہوں گے۔ اپنے سے چھوٹے قد کے لوگوں کے ساتھ اپنے قد کا موازنہ کریں اور دیکھیں کہ وہ آپ کے مقابلے میں کس قدر کامیاب ہیں۔ اعلیٰ تعلیم، اچھا عہدہ کاروبار میں مہارت یا کرکٹر یا کسی بھی فیلڈ میں کامیاب ہونے کے لیے قد کی شرط نہیں ہوتی۔ رہی گھر کے لوگوں کی بات ان کے ہنسنے کی پرواہ نہ کریں' یہ مطلب ہرگز نہیں کہ آپ گھر والوں سے ناراض ہو جائیں بس ان کی باتوں کو محبت کا انداز سمجھیں۔

### بیٹی اب معافی مانگ رہی ہے!

میری بیٹی میرے پرس سے پیسے چرا لیتی تھی' میں بہت پریشان تھا' ایک دن رنگے ہاتھوں پکڑ لیا' اب میں اس سے سخت ناراض ہوں' اب وہ مجھ سے معافیاں مانگ رہی ہے' روتی ہے' گڑگڑاتی ہے مگر میں معاف نہیں کر پا رہا۔ اس نے میرے اعتماد کو ٹھیس پہنچائی ہے۔ (شبیر احمد' ملتان)

مشورہ: آپ کا ناراض ہونا فطری ہے' لیکن اب بیٹی کو اپنی غلطی کا احساس ہوگیا وہ بار بار معافی مانگ رہی ہے' اپنے ذہنی اور قلبی سکون کی خاطر ہی اس کو دل سے معاف کر دیں۔

### دل چاہتا ہے تیز رفتار گاڑی کہیں ٹکرا دوں

میرا مسئلہ گھر اور باہر کے لوگوں سے متعلق ہے۔ چند منٹ کے لیے مرضی کے خلاف بات پر غصہ آتا ہے اور بہت کچھ ہو جاتا ہے۔ کل کی بات ہے میں نے اپنا لیپ ٹاپ اٹھا کر پھینک دیا۔ کتنے ہی موبائل فون توڑ چکا ہوں۔ گھڑیاں توڑی ہیں۔ اب ایسا ہوتا ہے کہ سڑک پر کسی کی غلطی برداشت نہیں ہوتی، دل چاہتا ہے گاڑی ٹکرا دوں۔ اب بڑے بھائی نے اپنی گاڑی دینی چھوڑ دی اور مجھے موٹر سائیکل سے سفر کرنا پڑ رہا ہے۔ ایک دفعہ حادثہ ہوتے ہوئے بچا تیز رفتار ٹرک اتنے برابر سے گزرا کہ میں موٹر سائیکل سمیت اس کے نیچے آنے سے بچ گیا۔ ایک دوست ساتھ تھا، اس نے سمجھایا۔ (عمیر ضیاء۔ نامعلوم)

مشورہ: غصہ کرنے والے لوگ مرضی کے خلاف بات ہونے کی شکایت کرتے ہیں جبکہ حقیقت یہ ہے کہ وہ غصہ کو اپنے قابو میں رکھنے کی کوشش نہیں کرتے اور خود غصہ کے قابو آ جاتے ہیں۔ تب وہ توڑ پھوڑ کر کے اپنا بھی نقصان کرنے سے گریز نہیں کرتے اس طرح کا غصہ کئی نفسیاتی امراض کی علامت ہے۔ اس حقیقت کو قبول کریں کہ خلاف مزاج باتیں ہوں گی اور سڑک پر لوگ ٹریفک کے قوانین کی پابندی بھی نہیں کریں گے۔ آپ کو دوسروں کی اور اپنی غلطی سے بچنا ہے۔ غصہ کی وجہ ہونے پر بھی پرسکون ہو کر اپنے مقصد تکمیل کرنا ذہنی صحت ہے۔

### سکول نہ جانے کی ضد

میرا بیٹا پانچویں جماعت میں پڑھتا ہے۔ میں صبح اس کو سکول بھیج کر والدہ کے گھر چلی جاتی تھی اور وہ بچوں میں کھیل کر سکول کے وقت پر گھر آ جاتا۔ کتنے ہی دن مجھے معلوم نہ ہوا۔ جب سکول سے فون آیا کہ کیا وجہ ہے بچہ سکول نہیں آ رہا تو میں بے حد پریشان ہوئی ڈانٹا، پٹائی بھی کروائی لیکن اس نے نہیں بتایا کہ وہ سکول کیوں نہیں گیا؟ اب اس کے والد اس کو سکول چھوڑ کر آ رہے ہیں۔ پڑھنے میں کمزور ہے۔ روز صبح روتا ہے کہ سکول نہ بھیجا جائے۔ (ثوبیہ، کراچی)

**مشورہ:** یہ دیکھنے کی ضرورت ہے کہ بچہ پڑھنے میں شروع سے کمزور ہے یا چھٹیاں کرنیکی وجہ سے کلاس میں پیچھے رہ گیا۔ اسے معمول سے زیادہ وقت دینے کی ضرورت ہے تاکہ وہ خود کو کلاس کے بچوں کے برابر لے آئے۔ ٹیچر سے بات کر کے برتاؤ میں نرمی کی درخواست بہتری کا سبب ہوگی۔ عام طور پر سکول سے بھاگنے والے بچوں کو مجرم سمجھ کر سخت سزائیں دی جاتی ہیں۔ چھوٹے بچے سکول نہ جانا چاہئیں تو وجوہات کا اندازہ لگانا ضروری ہوتا ہے۔ مثلاً والدین دیگر اہل خانہ کا رویہ زیر غور لائیں، اسکے علاوہ سکول میں اساتذہ کا طریق تعلیم، کلاس میں طلباء کا برتاؤ۔ دوستوں کے بارے میں معلومات اور بچے کا اپنا ذہنی رجحان جاننا ضروری ہے۔ یہ تمام معلومات بچے کے مسائل کو سمجھنے اور تعلیم میں بہتری لانے کیلئے اہم ہوتی ہیں۔

الرجی، چھینکیں، دائمی نزلہ، ناک کی ہڈی کا بڑھنا (کورس)
ناک کی ہڈی کا بڑھنا ناک کا بند رہنا جلدی مسائل حتیٰ کہ الرجی
دائمی نزلہ الرجی کے شکار افراد کیلئے تیر بہدف لاتعداد کا آزمودہ کورس سفید اور گرتے بال' دماغ کمزور' حافظہ ضعیف ہو تو یہ کورس آپ کو ناامید نہ کرے گا کچھ عرصہ مستقل مزاجی کا استعمال درج بالا بیماریوں سے ہمیشہ کیلئے چھٹکارا
قیمت صرف -/600 روپے
سورۂ رحمٰن کا آزمودہ عمل ہجویری محل چلیے!

# سیارگان کی نحوست ختم! ہرنماز کے بعد صرف یہ پڑھ لیجئے

محترم قارئین! عبقری کے اس خاص نمبر کیلئے یہ ایک بہت بڑا تحفہ ہے' یہ صرف ان کیلئے ہے جو تمام جگہوں سے تھک ہار چکے ہیں' جن کو تمام عاملین نے کہہ دیا ہو کہ آپ کے سیارے نحوست میں ہیں' یقین کیجئے جو بھی یہ عزیمت ہر نماز کے بعد صرف نو مرتبہ پڑھ لے اس کی سیارگان کی نحوست ختم ہوجائے گی۔ جس کے ختم ہوتے ہیں ان کی عزت' وقار' شان وشوکت' گھر میں سکون' زندگی میں چین' سسرال میں خیرو برکت' کاروباری حالات بہترین' بیماری ختم۔ بہت یقین اور اعتماد سے یہ عمل کیجئے۔ ان شاء اللہ خیرو برکت ہوگی' ہمیشہ رحمت ہوگی' ہمیشہ فضل ہوگا اور اللہ کا احسان ہوگا۔

ان شاء اللہ ہر مہم کامیاب ہوگی۔ اس عمل کو چھوڑنا نہیں' ہر نماز کے بعد صرف 9 مرتبہ پڑھنا ہے۔

## عزیمت دفع رجعت ونحوست سیارگان

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ یَااَللّٰہُ یَااَللّٰہُ یَارَحۡمٰنُ یَارَحِیۡمُ یَاحَیُّ یَاقَیُّوۡمُ یَاحَافِظُ یَانَاصِرُ یَامُعِیۡنُ یَاشَافِیۡ یَاکَافِیۡ یَاقَادِرُ یَاکَرِیۡمُ بِحَقِّ کٰھٰیٰعٓصٓ بِحَقِّ حٰمٓعٓسٓقٓ بِحَقِّ اِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَاِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ اَحۡفَظۡنِیۡ مِنۡ نُحُوۡسَۃِ الشَّمۡسُ وَالۡقَمَرِ وَالۡمُشۡتَرِیۡ وَالزُّحَلِ وَالزُّھۡرَۃِ وَالۡعَطَارُدِ وَالۡمِرِّیۡخِ وَالدَّاسِ وَالذَّنَبِ بِحَقِّ یَااَللّٰہُ یَااَحَدُ یَاصَمَدُ یَالَمۡ یَلِدۡ وَلَمۡ یُوۡلَدۡ وَلَمۡ یَکُنۡ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیۡرِ خَلۡقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّآلِہٖ وَاَصۡحٰبِہٖ اَجۡمَعِیۡنَ بِرَحۡمَتِکَ یَااَرۡحَمَ الرّٰحِمِیۡنَ

اس عزیمت کو ہرنماز کے بعد نو مرتبہ پڑھنا اپنا معمول بنالیں تو پھر کسی سیارے کی نحوست آپ کے قریب نہ آئے گی۔ اوّل وآخر درود پاک تین مرتبہ کے ساتھ۔ ہر طرف سے تھکے ہارے ضرور آزمایئے۔

# کاغذ پر لکھا درود! بھابھی خوفناک حادثہ میں مرتے بچی!

## صَلُّوۡ عَلَیۡہِ وَآلِہٖ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ سے راضی ہو اور دنیا اور آخرت آپ کے حق میں کرے۔ آمین! میں گزشتہ دس سال سے عبقری کی قاریہ ہوں اور میں نے عبقری سے بہت کچھ پایا ہے' میں پچھلے کچھ عرصہ سے کوشش کررہی تھی کہ عبقری کیلئے کوئی تحفہ بھیجوں لیکن ہمت نہیں ہورہی تھی۔ آخر کار کوششوں سے پہلی بار قلم اٹھا رہی ہوں امید ہے آپ میری تحریر کو عبقری صفحات میں ضرور جگہ دیں گے۔

حکیم صاحب! یہ میری زندگی کا سچا واقعہ ہے جب یہ واقعہ رونما ہوا تو میری خوشی کی انتہا نہیں تھی اور میں چاہتی تھی کہ میں یہ بات سب کو بتاؤں۔ عبقری کا احسان ہے کہ آج میں یہ سچا قصہ اپنے مسلمان بہن بھائیوں کیساتھ شیئر کررہی ہوں۔ اسے پڑھ کر سب کے ایمان تازہ ہوجائیں گے اور ان کے دلوں میں درد پاک کی محبت اور بڑھ جائے گی۔

یہ 2005ء میری شادی سے ایک سال پہلے کا واقعہ ہے' ہم جہاں رہتے تھے وہاں اوپر والے پورشن میں ایک پڑھی لکھی اور سلجھی ہوئی فیملی رہتی تھی' ان کی بہو کیساتھ میری اچھی دوستی تھی' ہم دونوں کو پہننے، اوڑھنے کا بہت شوق تھا۔ ہماری عادت تھی کہ ہم جب کوئی سوٹ بناتیں تو ایک دوسرے کو دکھاتیں میں سلائی خود کرتی تھی جبکہ بھابھی (میری دوست انہیں میں بھابھی کہتی تھی) ٹیلر سے سلواتی تھیں۔

### بھابھی کے ساتھ ناراض تھی!

ربیع الاوّل کا مبارک مہینہ آیا تو ایک دن میری ٹانگ کا مسل پھول گیا میری خالہ آئیں تو انہوں نے کہا کہ ان کے گھر کے پاس ایک اچھا فزیوتھراپسٹ ہے تو تم میرے ساتھ چلو تو میں کچھ دنوں کیلئے ان کیساتھ چلی گئی۔ چودہ ربیع الاوّل کو میں ٹھیک ہوکر گھر آگئی' ایک دو دن تک میری بھابھی کیساتھ ملاقات نہ ہوئی مجھے غصہ تھا کہ امی نے بھابھی کو میرا بتایا ہوگا مگر بھابھی میری خبر لینے نہیں آئی' اگلے دن میں کسی کام سے باہر جانے لگی تو باہر گیٹ پر مجھے بھابھی مل گئی اب میں نے ان سے غصے کا اظہار کیا کہ کیسی دوستی ہے آپ نے میرا حال نہیں پوچھا؟ اب وہ بھی مجھ سے ناراض تھیں وہ اس لیے کہ ان کے ساتھ بھی ایک ایکسیڈنٹ ہوا تھا جس کا مجھے علم نہ تھا بقول ان کے میں انے ان کی خبر نہیں لی۔ خیر گلے شکوے ہوئے اور ہماری ناراضگی دور ہوگئی اور وہ مجھے اوپر اپنے کمرے میں لے گئیں اور ایکسیڈنٹ کے بارے میں بتانے لگیں کہ سائرہ معجزہ ہوگیا میں تین دن پہلے رات کو تیرے بھائی جان کیساتھ موٹر سائیکل پر کسی کام سے باہر گئی۔ موٹر سائیکل سپیڈ میں تھی اور آگے سپیڈ بریکر تھا جو اندھیرے کی وجہ سے نظر نہ آیا موٹر سائیکل زور سے اچھلی اور میں منہ اور چھاتی کے بل زمین پر دور تک لڑھکتی چلی گئی لیکن مجھے خراش تک نہ آئی۔ جلدی سے بھائی جان نے بائیک روکی اور بھابھی کو آکر اٹھایا وہ بھی یہ دیکھ کر حیران رہ گئے کہ اتنے بُرے طریقے سے گرنے کے باوجود ان کا منہ چھاتی بالکل بھی زخمی نہیں ہوئے۔ حتیٰ کہ کپڑے تک سلامت تھے' بھابھی اتنا خوش ہوکر بتارہی تھی کہ سائرہ اس مبارک مہینے کے صدقے میں بڑی چوٹوں سے بچ گئی۔ میں نے کہا بے شک بھابھی یہ سب اس مہینے کی برکت سے آپ بڑے نقصان سے بچ گئیں۔ ابھی ہم یہ باتیں کررہی تھیں کہ مجھے باتوں باتوں میں خیال آیا اور میں نے پوچھا کہ بھابھی آپ نے کیسا جوڑا سلوایا تھا تو بھابھی نے کہا کہ وہ جوڑا تو میں نے آج صبح دھو ڈالا ہے اچھا سوکھ گیا ہوگا میں ابھی لاکر دکھاتی ہوں تھوڑی دیر میں وہ قمیض لیکر اندر آگئیں اور مجھے دکھانے لگیں کہ اس بار درزی نے بڑا مغزیوں والا گلہ بنادیا تھا میں نے اسے کچھ اور ڈیزائن بتایا تھا لیکن اس نے اتنی ساری مغزیوں والا گلہ بنادیا اور انہوں نے بتایا کہ یہ جوڑا انہوں نے ایکسیڈنٹ والی رات کو پہنا تھا۔ یہی جوڑا تھا جب میں گری تھی۔ میں نے ایسا گلہ پہلے کبھی نہیں بنایا تھا اس لیے میں قمیض الٹی کرکے دیکھنے لگی کہ آیا دیکھوں ٹیلر نے اتنی باریک مغزیاں کیسے بنائی ہیں جونہی میں نے قمیض الٹی کرکے دیکھی تو مارے خوشی کے میری چیخ نکل گئی اور میں بھابھی کو بتانے لگی کہ بھابھی آپ کے اس ایکسیڈنٹ سے بچنے کی اصل وجہ یہ تھی، مغزی کیساتھ چھوٹا سا اخبار کا ٹکڑا تھا جس پر لکھا تھا صَلُّوۡ عَلَیۡہِ وَآلِہٖ خوشی سے میری آنکھوں میں آنسو آگئے میں نے بھابھی سے کہا کہ بھابھی آپ کے سینے پر یہ درود پاک تھا اور اسی کے طفیل آپ کا منہ اور چھاتی زخمی ہونے سے بچ گئے۔ یہ درود پاک کی شان ہی تو ہے جو اللہ نے ہمیں اس معجزے کی شکل میں دکھائی ہے کیونکہ قمیض تو بھابھی نے دھو ڈالی تھی پھر بھی اخبار کا یہ چھوٹا سا ٹکڑا بچا رہا جس پر درود پاک لکھا ہوا تھا۔ درزی مغزیوں والے گلے بنانے کیلئے اخبار کا استعمال کرتے ہیں جب گلہ بن جاتا ہے تو اخبار کھینچ کر اتار دیتے ہیں۔ تو یہ تھا میری زندگی کا ایک خوبصورت واقعہ۔

(سائرہ ذوالفقار، لاہور)

خاتون شفاء حیض کی بے قاعدگی کا آخری علاج
جوانی کی دہلیز پر قدم رکھتی لڑکیوں کے امراض کا آزمودہ علاج
چہرے پر بال ہوں یا داغ دھبے خاتون شفاء سے نئی زندگی پائیں
ایام درد سے آئیں تو اعتماد سے استعمال کریں اور درد سے چھٹکارا پائیں
حیض کی بے قاعدگی کی شکار خواتین کیلئے خوشی کی نئی کرن
شادی کے بعد جسم موٹا ہورہا ہو تو خاتون شفاء استعمال کریں
داغ دھبے چھائیوں کا آزمودہ علاج
صرف 150 روپے علاوہ ڈاک خرچ
جنات پاؤں پکڑلیں! ہجویری محل چلیے!

# معدہ کا السر اور دیگر بیماریوں کیلئے طلسماتی عمل! یقینی شفاء! صرف ایک بار کیلئے پُر عمل کیجئے کھائیے اور بس!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری عمر اس وقت 65 سال ہے۔ میں اپنے مجربات سے آگاہ کر رہا ہوں۔

### الٹی، متلی کیلئے

نمک یا چینی پر اوّل آخر ایک ایک مرتبہ درود شریف کے ساتھ سات مرتبہ یَاحَفِیْظُ پڑھ کر دم کر کے مریض کو کھلا دیں انشاءاللہ فوراً آرام آئے گا۔

### معدے کے السر اور دیگر بیماری کے لیے

ایک صاف اور بڑا کیلا لے لیں، زردے کے رنگ اور قلم سے کیلے کے اندر کا چھلکا (جب کیلے کا چھلکا اتاریں تو اندر بھی باریک سا چھلکا) اتار کر 66 مرتبہ یَااللّٰہُ یَاوَاحِدُ لکھ کر اسی وقت مریض کو کھلا دیں ان شاء اللہ دس منٹ کے اندر مریض کو سکون آئے گا۔ ایک کیلا ایک دفعہ کھالیں، ساری زندگی آرام رہے گا۔ کیلا کھانے کے بعد ایک گھنٹہ تک کھانا پینا منع ہے۔ میرے پاس بے شمار مریض آتے ہیں، السر کی وجہ سے روتے آتے ہیں جاتے ہوئے ہنستے ہیں، یہ میرے اللہ کا کرم ہے۔ میں فی سبیل اللہ کام کرتا ہوں۔

### ٹرانسفر رکوانے کا وظیفہ

اگر کسی ملازم کی ٹرانسفر ہو رہی ہو اس کو رکوانا مقصود ہو تو عشاء کی نماز کے بعد 19 دن تک 19 مرتبہ تَبَّتْ یَدَا اَبِیْ لَھَبٍ وَّتَبَّ سورۂ لہب پوری پڑھ کر دعا کریں۔ ان شاء اللہ 19 دن کے اندر اندر تبادلہ منسوخ ہوجائے گا۔

## بچوں کا یا بڑوں کا گم ہوجانا! پتھر کے نیچے دبا دیجئے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اسرافیل

| | | |
|---|---|---|
| ۲ | ۴ | ۵ |
| ۱۰ | ۷ | ۱۴ |
| ۹ | ۳۶ | ۶۰ |

ابرک یا موٹے کاغذ پر لکھ کر تعویذ پتھر یا سل کے نیچے ایسی جگہ دبا دیں جہاں کوئی الٹ پلٹ نہ کرے۔ تعویذ کے اوپر وزن کم از کم پانچ کلو ہو یا چند اینٹیں رکھ دیں اس طریقہ سے کہ تعویذ پر وزن رہے۔ تین دن تک انتظار کریں گمشدہ واپس آئے گا۔ آنے پر تعویذ کو پانی میں بہا دیں اور خیرات کر دیں حسب توفیق۔ ان شاءاللہ گمشدہ واپس بخیریت آئے گا۔ (امجد خان، راولپنڈی)

# نظر بد کا طاقتور ترین نقش! لکھیے جلا دیجئے!

### عام بخار کے لیے کا نقش! باندھ لیجئے!

''بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ ھُوَ اللّٰہُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَہُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی'' کاغذ پر لکھ کر موم جامہ کر کے سفید کپڑے کے ٹکڑے میں باندھ کر گلے میں ڈال دیں بخار اترنے کے بعد تعویذ اور کپڑا دونوں جلا دیں۔

### چوٹ سے تکلیف! لکھیے، چوٹ پر باندھیے!

ایسی چوٹ جس میں کوئی عضو اپنی جگہ سے ہل جائے یا چوٹ میں ٹیس یا درد ہوتی ہو اس کو ختم کرنے کیلئے 1 مرتبہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ کُلَّ یَوْمٍ ھُوَ فِیْ شَاْنٍ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائیں اور کاغذ پر لکھ کر چوٹ کی جگہ پر باندھیں۔

### نظر بد کا طاقتور ترین نقش! لکھیے جلا دیجئے

کسی کو نظر بد لگ جائے سر میں شدید درد ہو بچہ روتا ہو تو یہ نقش کاغذ پر لکھ کر چند منٹ تک سر پر رکھیں پھر جلا دیں چند بار عمل کریں انشاءاللہ آرام آئے گا۔

△ +۱ +۲+ ۵+۷

اَلْیَابِسُ — اَلْبَاسِطُ

### گنج پن دور کرنے کا دم! یقین کیجئے فوری اثر

اگر گنجا پن ہو تو صاف شفاف شیشی میں خالص تلوں کا تیل بھر کر ایک تسبیح درج ذیل دَم پڑھ کر پھونک دیں۔ چالیس دن تک متواتر دم کریں اور اکتالیسویں رات سے روزانہ سوتے وقت تیل اچھی طرح سر میں جذب کریں۔ یہ عمل صرف سردیوں میں کریں گرمی میں منع ہے۔ انتہائی لاجواب اور باکمال عمل ہے، یہی تیل مسلسل استعمال کیجئے ان شاءاللہ نئے بال آنا شروع ہوجائیں گے۔ دم یہ ہے:

الر تِلْکَ آیَاتُ الْکِتَابِ الْمُبِیْنِ

اَلرَّحِیْمُ اَلرَّحِیْمُ اَلرَّحِیْمُ

**خزینہ تعویذات: مولانا انوار الحق، فاضل دار العلوم انڈیا، ناشر: چن پٹن ادارۃ القاسم**

# بیماریوں کی پٹاری تھی! اس نسخہ سے کلی شفاء ملی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو اور آپ کی قیامت تک آنے والی نسلوں کو اپنے محبوب ﷺ کی رفاقت عطا فرمائے۔ آمین۔ میں بیماریوں کی پٹاری تھی تھی لیکن دسمبر 2018ء میں عبقری رسالہ میں آنے والے نسخہ کے استعمال سے مجھے بیماریوں سے چھٹکارا مل گیا۔ میں 2007 سے عبقری کا مطالعہ کر رہا ہوں بہت ہی اعلیٰ اور معیاری رسالہ ہے۔ نسخہ یہ تھا: خولنجاں، سونٹھ، کباب چینی، عقرقرحا، عود ہندی، لونگ، نخود سیاہ، جاوتری، پوست خشخاش، اجوائن دیسی، پوست کابلی ہڑر، لہسوڑہ ہر ایک دس گرام۔

ترکیب: سب اشیاء کو کوٹ چھان کر مصری اور شہد گائے کا دودھ (جھاگ اتارا ہوا) ہر ایک سے بقدر ضرورت لیکر تینوں کو باہم ملا کر قوام کریں پھر سب ادویات اس میں گوندھیں ایک خوراک کی مقدار چھ ماشہ ہے۔ مجھے بواسیر، گیس، جسم درد، جوڑوں کا درد، نزلہ الرجی، کمر درد، پٹھوں کا مسئلہ، ہر وقت بخار رہتا تھا۔ کمزوری اس قدر کے بتا نہیں سکتا۔ اللہ کا شکر ہے کہ اس دوا سے سارے مسائل حل ہوگئے ہیں۔

### جلدی امراض کیلئے انتہائی لاجواب

یہ ٹوٹکہ جلدی امراض کیلئے انتہائی لاجواب ہے، بے شمار مریضوں کو آزما چکا ہوں، چہرے پر داغ دھبے اور نشانات ہوں، جلد پر پھوڑے پھنسی نکل آتے ہوں، پیپ والے دانے اکثر نکلتے ہوں ان تمام مسائل کے حل کیلئے یہ نسخہ بنا کر استعمال کیجئے۔ مزید خواتین کے امراض میں رزلٹ دیتا ہے۔ **ھوالشافی:** کرائتہ انڈیا والا، کرائتہ نیپال والا، ماز و اصلی والا، انار دانہ، بیری کی راکھ ہر ایک 200 گرام، سونف 100 گرام، اصلی ہینگ 50 گرام ان تمام چیزوں کا پاؤڈر بنا کر خالی کیپسول بھر لیں دو عدد صبح شام دودھ کے ساتھ کھائیں۔ (شمشاد قریشی، خیبر پختونخوا)

**معذور شفاء ٹانک** ہر قسم کی معذوری۔ فالج۔ لقوہ۔ دماغی کمزوری۔ ڈیپریشن۔ مرگی۔ بچوں کا سوکھا پن یا پیدائشی معذوری ان تمام امراض کیلئے صرف چند ماہ استعمال کریں۔ (قیمت 550 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

اس بار بیٹا ہوگا! آزمودہ عمل ہجویری محل چلیے!

# جھوٹے جعلی عاملین سے پریشان! نجات پالیں!

فوزیہ مغل، بہاولپور

## عامل بننے کا راز میں بتاؤں گی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آج میں عبقری کے قارئین کیلئے کچھ تحفہ دینا چاہتی ہوں ایسی مشکلات کا حل جس میں آج کے دور کا ہر انسان گرفتار ہے چاہے وہ امیر ہے یا غریب۔ جھوٹے اور جعلی عامل لوگوں نے ایسی مشکلات میں زیادہ اضافہ کردیا ہے' یہ لوگ شیطانی جال کا حصہ بن گئے ہیں آپ کسی بھی عامل کے پاس جائیں تو وہ آپ کو آپ ہی کے خاندان والوں سے بدظن کردیتے ہیں۔ عزت اور مال اور آخرت سب کچھ داؤ پر لگا دیتے ہیں۔ آج میں آپ کو خود عامل بننے کے راز بتا دیتی ہوں جو قرآن وسنت کے مطابق ہوں گے۔ آپ کو نا تو زعفران چاہیے ہوگا اور نہ ہی کالا بکرا صدقہ کیلئے، نہ تعویذ جلانے ہوں گے اور نہ شرک وبدعت کے کام کرنے ہوں گے اور نا ہی آپ کے پیسے خرچ ہوں گے یہ وہ اعمال ہیں جو میرے پیارے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ساڑھے چودہ سو سال پہلے ہی ہمیں بتا دیئے تھے۔ آج سے آپ اپنے عامل خود بن جائیں اور جادو، جنات، سحر، آسیب اور نظر بد سے اپنی حفاظت خود کرینگے۔

## شیطانی چیزیں خود آپ سے دور رہیں گی

(۱) سب سے پہلا کام آپ نے یہ کرنا ہے کہ ہر وقت باوضو رہنا ہے بظاہر آپ کو اس کا فائدہ نظر نہیں آئے گا لیکن اس طہارت سے آپ کے اندر ایسی نورانیت اور روحانیت پیدا ہوگی جو آپ کے گرد موجود شر کا خاتمہ کردے گی' باوضو انسان سے شیطانی چیزیں خود دور ہوکر بھاگ جاتی ہیں۔ باوضو سونے والے انسان کے لیے فرشتے بھی دعا کرتے ہیں۔

## ایسا عمل کہ شیطان کا دم گھٹ جائے

(۲) نماز کی پابندی کرنے سے آپ کے گرد رہنے والے شیطان کا دم گھٹ جاتا ہے اس لیے کوشش کریں ہر فرض نماز اپنے وقت پر ادا کریں۔

## بے شک میرے گناہوں کی وجہ سے ہے

(۳) نماز توبہ ادا کرنے سے آپ بہت ساری مشکلات سے نکل سکتے ہیں۔ نماز توبہ اس نیت سے پڑھے کہ ''اے اللہ یہ جو جادو، آسیب، شیطان مجھ پر مسلط ہے بے شک میرے ہی گناہوں کی وجہ سے ہے میرے ہی اعمال کے باعث مجھ پر عافیت اور حفاظت کے دروازے بند ہوگئے ہیں بس مجھے معاف کردے اور اس شیطانی جال سے مجھ کو نجات دے دے۔

## یہ عمل بہت سی مشکلات سے آپ کو نکال دے گا

(۴) روزانہ کچھ وقت نکال کر اپنے گناہوں کو یاد کرکے توبہ استغفار کریں۔ استغفار کی کثرت آپ کو بہت سی مشکلوں سے بچالیں گی۔

## یہ دو آیات جادو کا بہترین علاج ہے

(۵) سورۂ بقرہ کی آخری آیات جادو کے توڑ کا بہترین علاج ہے یہ اللہ کے عرش کے خزانوں میں سے ایک خزانہ ہے رات کو سوتے وقت اس کی تلاوت کو اپنا معمول بنالیں ہر فرض نماز کے بعد اس کو ضرور پڑھے۔

## یہ آیت آپ کی بہترین محافظ ہے!

(۶) رات کو سوتے وقت آیت الکرسی کا ورد ضرور کریں۔ یہ آپ کے لیے بہترین محافظ ہے۔

## جادو توڑنا ہے تو آیات قطب پڑھیے!

(۷) ہر نماز کے بعد آیات قطب جو سورۂ آل عمران میں ہیں وہ ضرور پڑھے۔ کسی بھی بک سٹور سے مل جاتی ہیں۔

## جادو جنات کیلئے ایٹم بم! صرف سات بار پڑھیے!

(۸) سورۂ مومنون کی آخری چار آیات جادو اور جنات کیلئے ایٹم بم ہیں۔ شیطان ان سے بہت ڈرتا ہے صبح وشام سات، سات بار ان کو ضرور پڑھیں۔

## جادو اور شیطان کے مکروفریب سے بچنے کیلئے پڑھیے!

(۹) ہر فرض نماز کے بعد انمول خزانہ پڑھنے والا بھی جادو اور شیطان کے مکروفریب سے بچا رہتا ہے۔

## روحانی غسل سے جادو کی نحوست ختم

(۱۰) روحانی غسل ضرور کریں یہ آپ کے اوپر سے جادو اور بیماری کی نحوست کو دور کردیتا ہے۔

## دعائے کعب رضی اللہ عنہ جادو کا بہترین توڑ

(۱۱) دعائے کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا پڑھنا بھی جادو کا بہترین توڑ ہے یہ دعا آپ کو کسی بھی بک سٹور سے مل سکتی ہے۔

## 66 مرتبہ پڑھیے! طاقتور فرشتوں کی حفاظت

(۱۲) 66 بار اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ صبح و شام ضرور پڑھے۔ طاقتور فرشتے آپ کی ہر وقت حفاظت کرینگے۔

## مہینے میں ایک بار عمل! خیروبرکت حیران کردیگی

(۱۳) مہینہ میں ایک بار پوری سورۂ بقرہ ضرور پڑھیں' اپنے اوپر دم کرکے گھر کے سب کونوں میں چھڑک دیں آپ کے گھر میں وہ خیروبرکت ہوگی کہ آپ خود حیران ہوجائینگے۔

## جادو' آسیب' شیطان سب بھاگ جائینگے

(۱۴) منزل ضرور پڑھیں' اس کے اندر بہت ساری دعائیں ہیں۔ چالیس دن پڑھیں اور پانی پر دم کرنے کے بعد گھر کے سب کونوں پر چھڑک دیں۔ جادو، آسیب، شیطان سب بھاگ جائینگے ان شاء اللہ۔

## شیطان دم دبا کر بھاگ جائے گا

(۱۵) ہلکی آواز کے ساتھ اذان دیتے رہیں گھر کا کوئی نا کوئی فرد یہ کام کرتا رہے۔ شیطان دم دبا کر بھاگ جائے گا۔

## روحانی وجسمانی بیماریوں کا معالج

(۱۶) تیسرے کلمہ کا ورد آپ کو بہت سی جسمانی اور روحانی بیماریوں سے بچالے گا۔

## کثرت درود شریف! سب کام ٹھیک

(۱۷) درود شریف کثرت سے پڑھیں' یہ اللہ کی رحمت کو آپ کی طرف متوجہ کریگا اور جب اللہ کی رحمت ہوگی تو سب کام ٹھیک ہوجائینگے۔

## کتا اور تصاویر سے گھر کو بچائیں

(۱۸) کوشش کریں کہ آپ کے گھر میں کتا یا تصاویر نہ ہوں یہ بھی رحمت کے فرشتوں کو آنے سے روکتی ہیں۔

## نام نہاد عاملین سے بچیے

(۱۹) اپنے آپ کو گناہوں سے بچائیں غیر محرم عامل لوگوں کے پاس جا کر شرک وبدعت سے بچیئے اور وہ جھوٹے جھوٹے نام بتا کر آپ کو لوگوں سے بدگمان کرتے ہیں اور مختلف گناہوں میں مبتلا کرتے ہی۔ (۲۰) صدقہ ضرور دیں اور روزانہ دیں اور اپنی جیب اور حیثیت کے مطابق دیں۔ وہ روپے جو جھوٹے عامل آپ سے ڈنڈے کے زور پر لیتے ہیں وہ آپ خود اپنے ہاتھوں سے دیں اور جادو، جنات اور نظر بد کو بھگائیں۔

موذی ترین مرض کا مؤثر ترین علاج۔ صرف چند بوتلیں پیئیں اور اپنا ٹیسٹ کروائیں۔ بے شمار صحت پاچکے۔ ہر عمر ہر فرد کیلئے یکساں مفید۔ جگر کو طاقت دے' خون بڑھائے' چہرے پر رونق لائے۔ (بڑی بوتل 400' چھوٹی 150 روپے میں)
ہیپاٹائٹس نجات سیرپ
سائیڈ ایفیکٹ سے پاک
بیٹی سسرال میں سدا خوش! ہجویری محل چلیے!

☆عبقری کتب' ادویات' گھر بیٹھے منگوائیں۔ کال کریں: 0332-7552382 ☆ڈبی پر لکھی قیمت ہی اصل تصور ہوگی ☆عبقری ادویات' رسالہ یا ایجنسی سے متعلق تجاویز شکایات: صرف میسج 0343-8710009

محمد فاران ارشد بھٹی، مظفر گڑھ

# جادو ٹونا، آسیب اور ہر قسم کا کینسر ختم! کرشماتی اعمال

## بدمزاج خاوند اخلاق والا ہوجائے

خاوند ظالم اور بدمزاج ہو تو تین سو مرتبہ یَابَاسِطُ پڑھ کر پانی پر دم کر کے وہ پانی خاوند کو پلائے یا کھانے پر دم کر کے کھلائے یہ عمل تین دن تک کرنا ہے ان شاء اللہ بدمزاج کبھی بداخلاقی نہ کر سکے گا۔

## اولاد کے لیے رشتہ طلب کرنا

اگر کسی کے بیٹے بیٹی کا عقد نہ ہوتا ہو بعد نماز عشاء 313 دفعہ اکیس دن تک سورۂ فرقان کی آیت نمبر 54 پڑھیں ان شاء اللہ کام بن جائے گا۔

## دین و ایمان کی سلامتی کے لیے وظیفہ

بعد نماز عصر 313 دفعہ اوّل و آخر تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر ''یَاسَلَامُ یَاعَزِیْزُ'' پڑھیں۔ ہمیشہ کیلئے عادت بنالیں آپ ہمیشہ عزت سے رہیں گے۔

## پڑھائی میں دل لگانے کے لیے

فجر کی نماز کے بعد اکتالیس مرتبہ سورۂ فاتحہ اوّل و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر قلب پر پھونک ماریں پڑھائی میں دل لگے گا۔

## ہر جائز مراد کے لیے

جو دل میں مراد ہے یا مشکل آن پڑی ہے' حل کیلئے نماز کی باقاعدگی کریں درود شریف کثرت سے پڑھیں۔ اول و آخر گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھ کر ایک ہزار مرتبہ درود تنجینا پڑھنے کی نیت کرلیں۔ روزانہ پڑھنا شروع کردیں جتنی مرتبہ آسانی سے پڑھ سکیں پڑھیں۔ مراد پوری ہوجانے یا مشکل حل ہونے کی صورت میں بھی ایک ہزار مرتبہ پورا کریں۔ چاہیں تو گھر کے چند افراد مل کر ایک ہی نشست میں بھی پڑھ سکتے ہیں۔ انتہائی آسان اور تیر بہدف عمل ہے۔ عمل مکمل ہونے کی صورت میں حسب توفیق شیرینی بچوں میں ضرور تقسیم کیجئے۔ مقصد حل ہونے کی صورت میں شکرانے کے نوافل ادا کیجئے۔

## ہر قسم کے کینسر کو ختم کرنے کیلئے

مریض روزانہ حسب توفیق صدقہ کرے۔ بعد نماز فجر اوّل و آخر ایک مرتبہ درود ابراہیمی اکتالیس بار سورۂ فاتحہ پڑھ کر مریض کو پلائیں اس کے کمرے کے چاروں کونوں میں چھڑکیں۔ روزانہ صرف ایک مرتبہ سورۂ مریم مریض کے کمرے میں بیٹھ کر بلند آواز سے پڑھنی ہے۔ اوّل و آخر درود ابراہیمی پڑھ کر مریض کو دم کریں پانی پر پھونک کر مریض کو پلائیں صرف اکتالیس دن یہ عمل کرنا ہے اگر مریض خود یہ عمل کرے تو زیادہ بہتر ہے۔ سورۂ رحمٰن مستقل کمرے میں چلتی رہے اکتالیس دن کے بعد ٹیسٹ کروالیں ان شاء اللہ مریض صحت اور تندرستی کی جانب لوٹ آئے گا۔

## جادو ٹونہ آسیب کے اثرات ختم کرنے کیلئے

بعد نماز فجر گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی ایک مرتبہ منزل گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی بسم اللہ الرحمن الرحیم ایک ہزار مرتبہ۔ بعد از نماز ظہر گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی 211 مرتبہ یَامُنْعِمُ گیارہ مرتبہ درود شریف چلتے پھرتے پڑھنے کیلئے۔ پہلا کلمہ 100 مرتبہ، تیسرا کلمہ 100 مرتبہ، استغفر اللہ 100 مرتبہ، سُبْحَانَ اللهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللهِ الْعَظِيْمِ 100 مرتبہ۔ صرف اکتالیس دن باقاعدگی سے پڑھیں ان شاء اللہ سب پریشانیاں ختم ہوجائیں گی۔

## نافرمان اولاد کے لیے وظیفہ

کسی بھی نماز کے بعد اَعُوْذُ بِاللهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ اور بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھ کر 125 مرتبہ سورۂ مدثر کی آیت نمبر 54 تا 56 سات دن تک وظیفہ کریں۔

## اپنے فوت شدہ قریبی رشتہ داروں کو دیکھنا

بعد نماز عشاء چار رکعت نماز نفل پڑھے ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد سورۂ تکاثر پڑھے سلام پھیرنے کے بعد دعا مانگے درود شریف پڑھ کر دعا مانگو یا اللہ میرے فلاں فوت ہونے والے شخص کو اصل حالت میں دکھا دیجیے صرف اپنے قریبی رشتہ داروں کے لیے یہ عمل کیجیے۔

## ہر مراد پوری ہو

سورۂ نصر کو سترہ دن تک 123 مرتبہ پڑھا جائے تو ہر مراد حاصل ہوگی ہر نماز کے بعد سات مرتبہ پڑھنا مشکلات کے حل کے لیے مفید ہے۔

## زیارتِ رسول مقبول ﷺ کے لیے وظائف

(۱) شب جمعہ بعد نماز عشاء دو رکعت نفل بعد فاتحہ کے 25 بار سورۂ اخلاص بعد نماز ہزار مرتبہ مندرجہ ذیل درود شریف پڑھیں اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلِّمْ تَسْلِيْمًا ان شاء اللہ تعالیٰ زیارت نصیب ہوگی۔

## ہر امید' آس پوری ہوگی

(۲) شب جمعہ بعد از عشاء دو رکعت نفل الحمد کے بعد آیۃ الکرسی گیارہ مرتبہ قل شریف گیارہ مرتبہ بعد سلام 100 مرتبہ درج ذیل درود شریف پڑھیں۔ ان شاء اللہ دیدار رسول اکرم ﷺ نصیب ہوگا۔ متواتر ہر جمعہ پڑھتے رہیں آس پوری ہوگی درود شریف یہ ہے اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ۔

## دیدار رسول ﷺ نصیب

(۳) ہر روز صبح و شام درج ذیل درود شریف پڑھیں ان شاء اللہ حضور پاک ﷺ کا دیدار نصیب ہوگا۔ ''اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى رُوْحِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِى الْاَرْوَاحِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى جَسَدِهٖ فِى الْاَجْسَادِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى قَبْرِهٖ فِى الْقُبُوْرِ

## 11 جمعراتیں! سورۂ اخلاص کا عمل! ملازمت سے اپنا کاروبار بنانے کا گُر

**12 نومبر 2020ء بروز جمعرات سے 21 جنوری 2021ء بروز جمعرات تک سورۂ اخلاص کا یہ عمل تسبیح خانہ میں ہر جمعرات کو ہوگا**

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! درس میں گزشتہ تین سالوں سے مسلسل درس میں شامل ہو رہا ہوں' گزشتہ سال مجھے سورۂ اخلاص کی گیارہ جمعراتوں کے عمل کا معلوم ہوا' میں ایک جگہ ملازمت کرتا تھا' پانچ سو روپے دیہاڑی لیتا تھا۔ میں نے گیارہ جمعراتیں صرف اسی نیت سے تسبیح خانہ میں ہونے والے سورۂ اخلاص کے عمل میں شمولیت اختیار کی' نیت یہی اختیار رکھی کہ اللہ مجھے میرا اپنا کاروبار دے۔ یقین کیجئے! گیارہ جمعراتیں مسلسل عمل میں شامل ہوا' آج ایک سال ہوگیا' جب میں یہ بتا رہا ہوں اپنا کاروبار ہے' ٹھیک ٹھاک کمار ہا ہوں' زندگی میں کوئی ایسی خواہش نہیں جو میں پوری نہ ہو رہی ہو' اس سال پھر شامل ہو رہا ہوں' مزید نئے مقاصد لے کر تسبیح خانہ لیکر جا رہا ہوں۔ (کامران' لاہور)

اکسیر البدن کامیاب بچپن' لاجواب جوانی بے مثال بڑھاپا
بے رونق جسم' پچکے گال' آنکھیں دھنسی ہوں یا نسوانی حسن کی شدید کمی ہو علاج صرف اکسیر البدن ☆ کمزور حافظہ ہو' امتحان کا خوف یا دماغی وجسمانی کام کرنے والے صرف اکسیر البدن کو اپنا ساتھی بنائیں اور ہر میدان میں کامیابی
چند خوراکوں سے ہی مردانہ طاقت بحال دل و دماغ، اور جگر کی طاقت پائیں
قیمت صرف -/300 روپے
ہر مرض' درد کیلئے دم شدہ نیلا دھاگہ! ہجویری محل چلیے!

# تعویذ پہنیں اور قد بڑھنا شروع!

رومی احمد پوری

قارئین السلام علیکم! جنوری 2021ء میں ''عبقری کرشمات تعویذ نمبر'' کا اعلان پڑھا تو سوچا آپ کے لیے ایک آزمودہ اور خاص تعویذ لے آؤں جو کہ شاید بہت ہی کم لوگوں کو معلوم ہوگا۔ میرے والد محترم نے یہ تعویذ ضرورت مند کو دیا۔ اس کا قد نہیں بڑھتا تھا کئی سال سے قد رکا ہوا تھا۔ اس نے تعویذ ملتے ساتھ ہی قدر کی' بغیر وقت ضائع کیے کام شروع کردیا۔ اس شخص تعویذ کو ہرنماز کے بعد کھانا شروع کیا اور جو تعویذ کے الفاظ تھے۔ ان کو مستقل پڑھنا شروع کردیا کئی دن کے بعد ایک خدا کے بندے نے کہا لگتا ہے کہ رات و رات آپ کا قد بڑھا ہے۔ خیر ہے کیا کُشتہ کھایا ہے۔ اسی طرح چند اور لوگوں نے بھی محسوس کیا کے قد میں اضافہ ہورہا ہے۔ قد بڑھانے کے علاوہ اس طاقتور تعویذ کے اور بھی بے بہا فوائد ہیں جو آپ کے سامنے لے کر حاضر ہوا ہوں۔

اساتذہ، جج حضرات، طالب علم، آئی ٹی کی فیلڈ والے لوگ اس تعویذ کو ضرور استعمال کریں۔ جو کہتا ہو کہ میرا دماغ کام کرتے کرتے تھک جاتا ہے وہ لوگ اس تعویذ کو صبح شام یا ہرنماز کے بعد استعمال کریں اور ہرنماز کے بعد اس تعویذ کے الفاظ کو گیارہ دفعہ پڑھیں پھر دیکھیں تو سہی' اللہ کے نام کی برکت۔ آپ کو تو محسوس بھی نہیں ہوگا کہ آپ نے آٹھ گھنٹے نوکری کا وقت پورا کیا ہے۔ دماغ کے کام کے ساتھ ساتھ یہ حافظے کے لیے انمول تحفہ ہے جو استعمال کرے تو پھر وہ نہیں کہہ سکتا کہ قرآن حفظ نہیں ہوتا، سکول کے سلیبس کا کام یاد نہیں ہوتا وغیرہ وغیرہ۔ طالب علموں کے لیے تو یہ ایک نادر تحفہ ہے جو کہ میں نے اپنے والد محترم کی برکت سے یہاں درج کردیا۔ والدین اپنے بچوں کی طبیعت سے عمل کریں۔ بچے ان شاء اللہ لائق بن جائیں گے اور ان کا آئی کیو لیول والدین کی سوچ سے بالاتر بڑھ جائے گا۔ مزید یادداشت کے لیے سردرد، سر کے بال سفید ہونا، چڑچڑاپن اور جو چاہتا ہو کہ اس کا غصہ ختم ہوجائے اس کے لیے بے حد مفید ہے۔ وہ استاد جس کا کام امتحانات چیک کرنا ہو، صبح سے شام تک دماغی کام ہی کام ہو اس کو استعمال کرکے صحت پائیں۔ چند دنوں میں آپ اس کا اثر ضرور محسوس کریں گے۔ سارا دن کھلا پڑھیں اور اللہ سے مانگیں کے یہ جو میرا قد بڑھے گا، یہ میرا دماغ درست ہوگا، میری یادداشت زیادہ ہوگی یہ سارا میں تیری یاد میں اور لوگوں کو تیرے قریب کرنے میں لگاؤں گا۔ تو یہ تعویذ زعفران والے رنگ سے بالکل پتلے کاغذ پر لکھیں۔

الٓرٰ-تِلْکَ اٰیٰتُ الْکِتٰبِ الْمُبِیْنِ

اَلرَّحِیْمُ اَلرَّحِیْمُ اَلرَّحِیْمُ یَااَللہُ یَامُرِیْدُ

گھلنے والی سیاہی سے لکھیں چاہے وہ کالی ہو یا زعفران کے رنگ کی ہو۔ ا۔ل۔ر (الر حروف مقطعات میں سے ہیں اور ان کا علم صرف اللہ تعالیٰ ہی کو ہے۔ ان الفاظ کی بہت ہی زیادہ طاقت اور یہ وہ حروف مقطعات ہیں جن کے اوپر نقطہ نہیں ہے۔ یااللہ، اللہ تعالیٰ کا نام سارے ناموں سے زیادہ افضل اور اس تعویذ پر یامرید بھی لکھا ہوا ہے جو کہ عبرانی زبان میں رب کا نام ہے جس کے اندر چار ہزار نام ہیں اور چار ہزار ناموں کی تاثیر اس کے اندر ہے۔ یہ اپنی زندگی کا معمول بنالیں اور اسے کسی بھی صورت میں نا چھوڑیں جس تعویذ کے اندر اللہ کو الرحیم کو تین دفعہ پکارا جائے۔ اللہ تو ہر دفعہ کہنے پر آجاتے ہیں تو اس میں تین دفعہ پکارا گیا ہے۔ آپ اپنے مسئلے کا تصور کرکے پڑھ کے دیکھیں تو سہی اللہ آپ کو اپنی شان کے مطابق عطا فرمائے گا۔ (انشاءاللہ) وسلام آپکا خادم۔ رومی احمد پوری۔

(نوٹ) نقش' عملیات اولیاء اللہ' بزرگان دین' اکابر کی مستند کتب سے ہیں' غیر شرعی نہیں۔

# سر درد کا کامیاب دم! سیکھ لیجئے کام آئے گا

## سر درد کا دم

مریض کو سامنے بیٹھا کر اس کی پیشانی کو اپنے دائیں ہاتھ کے انگوٹھے اور شہادت کی انگلی پکڑ کر جیسے چٹکی لگاتے ہیں آہستہ آہستہ انگوٹھے اور انگلی کو ملاتے جائیں اور جب دونوں مل جائیں تو چٹکی لگا کر ہاتھ کو نیچے جھاڑ دیں ساتھ پیشانی کو اور اپنے ہاتھ کو بھی دم کریں تین بار کریں انشاءاللہ سر درد فوراً ختم ہوگا۔ دم یہ ہے: **فرزند بی بی آجماں حاضر شود حاضر شود حاضر شود۔** ہر بار پہلے بسم اللہ پوری پڑھ کر شروع کریں۔

## گھر، دکان یا کسی قیمتی چیز کی حفاظت کیلئے

اگر گھر، دکان یا کسی بھی قیمتی چیز کی حفاظت مقصود ہو تو تین بار آیۃ الکرسی پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر دم کرکے روز تین بار تالی بجا کر پھر دائیں ہاتھ کی شہادت کی انگلی دم کرکے گھمائیں اس چیز کے گرد تین بار حصار کردیں انشاءاللہ کوئی جن انسان اس چیز کا نقصان نہ کرسکے گا۔ شام کو کریں تو صبح تک اگر صبح کریں تو شام تک حفظ امان میں رہے گی۔ اللہ تعالیٰ حفاظت فرمائیں گے۔ اگر آپ گھر سے دور سفر پر گئے ہیں تو وہیں سے کریں چاہیے دنیا کے کسی کونے میں بھی ہوں وہاں سے ہی حصار مقصود کرکے کریں انشاء اللہ اثر ہوگا۔ اگر کوئی کمزور عقیدہ والے ہوں تو اس کے بعد سورۂ ناس پانچ بار پڑھ کر مذکورہ طریقہ سے حصار کردیں پھر تو سونے پر سہاگہ ہوجائے گا۔

## باطنی نماز بھی پڑھیے

ظاہری نماز کے ساتھ ساتھ باطنی نماز بھی پڑھے اور دل و دماغ کی کثافت دور کرکے روشن کرکے چالیس دن اسی طریقہ سے پڑھ کر مقام ولایت پائیں۔ تکبیر اولیٰ کے بعد بغیر زبان کے صرف تصور کریں اوپر اللہ تعالیٰ مجھے دیکھ رہا ہے۔ سامنے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میرے منہ کے برابر شہنشاہی تخت پر تشریف فرما ہیں مجھے نظر رحمت سے دیکھ رہے ہیں۔ نفس اور شیطان میرے دشمن ہیں میں مجاہد ہوں نماز میدان جہاد ہے۔ میرے دائیں طرف جنت اور بائیں طرف دوزخ ہے میرے پاؤں کے نیچے پل صراط ہے میرے پیچھے عزرائیل ہے جب تکبیر اولیٰ کے لیے ہاتھ اٹھائے تو کہے میں گناہوں سے دستبردار ہوتا ہوں جب رکوع میں جائے تو تصور میں کہے اللہ تعالیٰ کی جلالت کی وجہ سے میری کمر جھک گئی ہے جب سجدہ میں ہوں اللہ تعالیٰ کی عظمت و شان میرے سامنے ہے ذلت و رسوائی میں مبتلا ہوں۔ جب سجدے کرکے قعدہ میں بیٹھ جائے تو تصور کرے اللہ تعالیٰ میری جھولی میں انعام و اکرام ڈال رہا ہے۔ جب دونوں طرف سلام پھیرے تو تصور کرے کہ میں نمازیوں فرشتوں مسلمان جنوں پر سلام کرتا ہوں' جب مرد یا عورت اکیلے میں نماز پڑھے تو اتنا کہے کہ فرشتوں مسلمان جنوں کو سلام کرتا/کرتی ہوں۔

نوجوان شفاء!:
• قیمتی نایاب جڑی بوٹیوں کے قدرتی کیلشیم کا انمول خزانہ • خواتین کے امراض کا بھی بہترین علاج
• کھوئی ہوئی طاقتوں کو واپس دلائے • نوجوانوں کے تمام روگوں کا آزمودہ شفائی علاج
• شادی شدہ اور غیر شادی شدہ کیلئے فائدہ مند • منہ چھپاتے نوجوانوں کیلئے امید کی کرن
قیمت صرف 150 روپے علاوہ ڈاک خرچ

حرمین جانے کے خواہشمند! ہجویری محل چلیے!

# خاندان اور خاوند کی نظروں میں عزت کا نقش

محترم قارئین! یہ نقش انتہائی کامیاب ہے، بس بتائی گئی ترکیب سے لکھیں اور گلے میں پہن لیں، بازو پر باندھ لیں، ان شاء اللہ گھر میں، خاندان میں، علاقہ میں رعب و دبدبہ پیدا ہوجائے گا۔ خاص طور پر وہ خاتون جن کی سسرال یا خاوند کی نظروں میں عزت نہ ہو وہ یہ نقش پہن لیں ان شاء اللہ انتہائی کامیاب نقش لے۔ ان شاء اللہ اسے پہننے والا سب جگہ مقبول اور باعزت ہوگا۔ سب پر اس کا تسلط اور رعب ہوگا۔ ہر کوئی اس کی عزت کرے گا۔ یہ نقش پرانی خاندانی ڈائری میں لکھا ہوا تھا، نسل در نسل چھپا کر رکھا گیا تھا، مگر عبقری رسالہ کی بخل شکنی دیکھتے ہوئے میں یہ نقش عبقری میں لکھنے پر مجبور ہوگیا۔ درج ذیل اسماء کو مشک و زعفران سے سفید کاغذ پر لکھے بخور یا کوئی اور خوشبو میسر ہوجلائیں نہیں تو اگربتی بھی جلا سکتے ہیں۔ لکھ کر بازو یا گلے میں پہن لے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ ان الذین قالوا ربنا اللہ ثم استقامو اتتزل علیھم الملائکۃ ان لاتخافوا ولاتحزنوا وابشروا بالجنۃ التی کنتم توعدون ا۱ہ۱۱ہ وہ وہ وہ بتکہ بتکافال صعی کعی حمیان تو کلوا یأخدام ھذہ الاسماء بمحبۃ ۲۵۲ واعقد والسنۃ الخلق و ابشر من کل انثیٰ وذکر بحق الاسماء العظیمۃ ۹ ح ہ ل۹۱ط ۱۱۱۱۸ ح ل۱۱ ۹۲ول۱۱ھ۔۱۱۱۹ ۲۶۱۱۲ ۲۶ع ۷۱۱ال ام ع۱۱۱ ۱د ۱۲۹۲ط ۱۹۱ ر ہ ۱۲۸ ۱۱م د ۱۱۱۱م۱۱۱۱ ۱۱ہے، ولاحول ولاقوۃ الا باللہ علی سیدنا محمد وعلی الہ واصحبہ وسلم۔۔

تلخص علم الاعداد: تالیف مولانا نور الھادی، ناصر اکیڈمی کوئٹہ علماء کے تیر بحدف تعویذات

# حاجت کوئی بھی ہو بس یہ عمل کیجئے! پوری

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتا ہوں، میرے گھر میں ایک ڈائری پڑی ہے جس میں ہمارے بڑوں کے وظائف، تعویذات اور نقش لکھے ہوئے ہیں، جس کے بعض صفحات اتنے بوسیدہ ہیں کہ ہاتھ لگاتے ڈر لگتا ہے کہ کہیں ہاتھ میں ہی نہ رہ جائے۔ اس میں ایک عمل پڑھا، دل کو لگا، سوچا کیوں نہ یہ عمل عام کردوں تاکہ لاکھوں لوگوں کا فائدہ ہو اور میرے، میری نسلوں اور اس ڈائری میں یہ عمل لکھنے والوں کیلئے ہمیشہ کا صدقہ جاریہ ہو۔ بس اسی سوچ نے مجھے قلم اٹھانے پر مجبور کیا، میں نے ڈائری اٹھائی، ورق گردانی کی اور اس عمل کو سامنے رکھ کر لکھنا شروع کردیا۔

جس شخص کو کوئی حاجت درپیش ہو خواہ کتنی پریشانی ہو تو لازم ہے کہ فوراً وضو کرکے کسی مسجد میں یا گھر میں صاف علیحدہ کمرہ میں بہ نیت قضائے حاجت دو رکعت نماز نفل ادا کرے پہلی رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ، سورۂ اخلاص تین مرتبہ اور تسمیہ ستر بار پڑھے دوسری رکعت میں یہی پڑھ کر معوذتین (سورۂ فلق اور سورۂ ناس) زیادہ پڑھے پھر سلام پھیر کر ستر مرتبہ درود شریف پڑھے پھر رب کریم سے گڑگڑا کر اپنے مقصد کی دعا مانگے۔ ان شاء اللہ حاجت پوری ہوگی۔

درج بالا تحریر لفظ بہ لفظ ڈائری سے اتار کر آپ کے سامنے پیش کردیا۔ عمل انتہائی مجرب ہے اور بس دل میں نیت کریں اور اپنی من کی مراد پالیجئے۔ کسی کو پہلی، کسی کو دوسری اور کسی کو چند بار عمل کرنے کے بعد مراد مل جاتی ہے۔ جس کو بھی فائدہ ہو عبقری رسالہ میں اپنا مشاہدہ ضرور لکھے۔

# کسی کا دل اپنی محبت میں تڑپانے کا عمل! صرف جائز

## صرف اکیس دن میں گھر سے نحوست کا خاتمہ

گھر میں نحوست ہو، رزق آتا ہو پتہ نہ چلتا ہو گیا کدھر، ہروقت گھر میں لڑائی جھگڑے رہتے ہوں، بچے نافرمان ہوگئے ہوں، گھر جانے کو دل نہ چاہتا ہو، باہر بالکل ٹھیک گھر جاکر مزاج چڑچڑا ہوجائے۔ ان سب کیلئے انتہائی کامیاب عمل ہے ان شاء اللہ صرف اکیس دنوں میں گھر سے نحوست کا خاتمہ ہوجائے گا۔ ہر روز 7 مرتبہ سورۂ یٰسین پڑھ کر پانی پر پھونک کر مکان میں چاروں طرف اور ہر کمرہ میں چاروں طرف چھڑک دیں یہ عمل 21 دن کریں ان شاء اللہ نحوست ختم ہوجائے گی۔ انتہائی مجرب اور بے ضرر عمل ہے۔

## جادو زدہ سے فوری جادو ختم کرنے کا عمل

جس شخص پر جادو ہوا ہو، اس پر یہ عمل کریں، ان شاء اللہ فوری اس سے جادو کا اثر زائل ہوجائے گا اور وہ چند دنوں کے اندر اندر بالکل صحت یاب ہوجائے گا۔ یہ عمل انتہائی مجرب اور انتہائی طاقتور ہے۔ خاص طور پر عبقری قارئین کیلئے پیش کررہا ہوں قارئین ضرور آزمائیں مگر یقین کے ساتھ، جس نے بھی یقین، توجہ اور دھیان کے ساتھ یہ عمل کیا اس کو اس سے ضرور فائدہ حاصل ہوا۔ عمل کیجئے جو بھی فائدہ ہو عبقری رسالہ میں ضرور لکھیے تاکہ مزید لوگوں کا بھلا ہو۔ عمل یہ ہے:۔ آیت الکرسی، سورۂ الفلق اور سورۂ الناس کو اکیس اکیس مرتبہ پڑھ کر مسحور پر دم کریں فوراً سحر دور ہوگا۔

## دل محبت میں تڑپے! صرف جائز مقصد کیلئے کیجئے

اگر شوہر یا بیوی گھر سے روٹھ کر چلی گئی ہو۔ شوہر کا دل بیوی کے ساتھ نہ لگتا ہو یا بیوی شوہر سے محبت نہ کرتی ہو، یا شوہر غیر عورتوں میں دلچسپی رکھتا ہو اور بیوی سے رغبت نہ ہو۔ گھر میں ہروقت لڑائی جھگڑے، تو تو میں میں چلتی ہو، حتیٰ کہ محلے دار بھی روز روز جھگڑوں سے عاجز آچکے ہوں۔ جب ایسی صورتحال ہو تو تب یہ عمل کیجئے۔ انتہائی طاقتور ہے۔ مطلوب کا دل محبت میں تڑپنا اور جلنا شروع ہوجاتا ہے اور اسے اپنی بیوی/شوہر سے شدید محبت شروع ہوجاتی ہے۔ انتہائی طاقتور ہے، صرف جائز محبت کیلئے استعمال کیجئے، تجربات گواہ ہیں جس نے بھی ناجائز مقصد کیلئے استعمال کیا الٹا شدید نقصان شروع ہوا۔

**عمل یہ ہے:** چالیس کالے چنے کے دانے لیں پھر سورۂ اخلاص کو ہر دانہ پر چالیس چالیس مرتبہ پڑھ کر آگ میں چنے ڈالتے جائیں پھر کہیں کہ فلاں بن فلاں کا دل میری محبت میں تڑپے تو چند دنوں میں غائب آدمی یا عورت (شوہر یا بیوی) تسخیر ہو کر حاضر ہوجائے گی۔ یعنی اگر گھر چھوڑ کر گئی یا گیا ہے تو واپس آجائے گا۔

مشروب عبقری افزا ڈونر ڈونر خالص
باہر کی گرمی باہر ہی رہنے دے
گرمی کی لو میں ٹھنڈی ٹھنڈی پھوار
نبوی اور فطری جڑی بوٹیوں کے سو فیصد خالص کشید شدہ عرقیات سے تیار شدہ
نوجوانوں اور خواتین کی جملہ گرمی کی بیماریوں کا آخری علاج
چند سالوں میں اعلیٰ کوالٹی کے سبب ہر گھر کی رونق بننے والا مشروب
قیمت 230 روپے علاوہ ڈاک خرچ
کرشماتی ٹوپی، ڈوپٹہ! ہجویری محل چلیے!

## پاگل پن کا شکار بھائی زندگی کی جانب واپس لوٹ آیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری کا مستقل پڑھنے والا ہوں۔ میرا چھوٹا بھائی بہت بیمار تھا اس کو دورے پڑتے تھے۔ بہت سے عاملوں، پیروں کو دکھایا لیکن کوئی فرق نہیں پڑا۔ اس کے علاوہ ڈاکٹری علاج میں بھی کوئی کسر نہیں چھوڑی۔ ہر قسم کا ٹیسٹ کروا کر دیکھ لیا لیکن ہر ٹیسٹ کلیئر ڈاکٹرز پریشان کے آخر وجہ کیا ہے؟ کبھی وہ دماغی عدم توازن قرار دیتے تو کبھی کچھ ہم سب گھر والے پریشان تھے کہ آخر کیا وجہ ہے کہ بھائی ٹھیک کیوں نہیں ہو رہا۔ اس کی عمر پچاس سال ہے حالانکہ بچپن سے لے کر بالغ ہونے تک بالکل ٹھیک تھا پچھلے دو سال سے اس کی ایسی طبیعت ہوگئی تھی ہر وقت گھر میں رہتا چڑچڑا پن اس کے اندر آچکا تھا۔ میں نے دیسی ادویات بہت سی استعمال کروائی لیکن فرق نہیں پڑ رہا تھا۔ آخر اللہ تعالیٰ کے آگے دعا کی کوئی راہ دکھائے۔ ماہ شروع ہونے پر عبقری رسالہ لایا اس پر ''کالی کڑوی شفاء'' بارے میں پڑھا دل کو لگی' چھ بوتل لے آیا اور بھائی کو مستقل مزاجی سے استعمال کروائی چار بوتل کے استعمال سے چڑچڑا پن دور ہوگیا اور اس کے چہرے پر مسکراہٹ آنے لگی جیسے اس میں زندگی لوٹ آئی ہو ہم سب گھر والے بہت خوش کہ ہمارا بھائی ہنسنے کھیلنے لگ گیا ہے چھ بوتل کے استعمال کے بعد آج وہ بالکل ٹھیک ہے اور کالج جاتا ہے۔ اور عبقری تسبیح خانے بھی دو ماہ بعد جا کر روحانی چلے میں شرکت کرتا ہے۔ (حفیظ شیخ، جہلم)

### اندھیروں سے نکل کر اُجالے میں آگیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ماشاء اللہ ''تندرستی ٹانک'' بڑے کمال کی چیز ہے۔ مرید والا منڈی میں ایک جاننے والے کو بخار ہوگیا جس وجہ سے وہ انتہائی کمزور ہو چکا تھا تھوڑا سا وزن اٹھانے پر سانس پھول جاتا۔ ٹائیفائیڈ بخار کی وجہ سے کام پر جانے پر بھی قاصر تھا اس کی دکان بند ہوگئی تھی میں نے اسے بتایا مرید والا میں عبقری ادویات کی ایجنسی ہے وہاں سے ''تندرستی ٹانک'' لے کر استعمال کرو اور پھر ایک ماہ بعد دوبارہ مجھے ملا تو میں یہ دیکھ کر حیران رہ گیا کہ یہ وہی کمزوری شخص تھا جو اب ایک صحت مند و تندرست آدمی نظر آرہا تھا۔ کہنے لگا کہ ''تندرستی ٹانک'' نے مجھے اندھیرے سے نکال کر اُجالے میں ڈال دیا۔ مجھے اور عبقری دواخانے کو دعائیں دینے لگا۔ (محمد منظور، ٹوبہ ٹیک سنگھ)

**قارئین کی شکایت عبقری کی ادویات:** قارئین شکایت کرتے ہیں کہ سیرپ یا شہد کا رنگ کبھی گہرا کبھی ہلکا' سیرپ کا قوام کبھی پتلا کبھی گاڑھا۔ ذائقہ کبھی زیادہ کڑوا کبھی کم! ادویات کے پاؤڈر کے رنگوں میں بھی کمی و بیشی۔ اس طرح کی بے شمار اور شکایات! دراصل قارئین! ہاتھ سے تیار ہونے والی دوائی اپنی ایک مکمل اور جامع تاثیر رکھتی ہے۔ مشین سے تیار ہونے والی دوائی کا انداز اور ہوتا ہے۔ یہ کمی بیشی نہ اجزا میں ہے نہ تاثیر میں ہے بلکہ موسم کی سردی گرمی کبھی مواد کو پگھلا دیتی ہے کبھی سکیڑ دیتی ہے۔

## کزن مہروں کے درد میں مبتلا تھی اب تندرست ہے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! 2019ء کو میں رتہ کلاں ضلع جھنگ اپنے عزیزوں کے پاس گیا تو وہاں میری ایک کزن ہے اس کی خیریت معلوم کرنے پر اس نے بتایا کہ مہروں کا مسئلہ ہے زیادہ دیر تک ایک جگہ بیٹھ بھی نہیں سکتی اور تھوڑا سا کام کرنے پر بہت زیادہ تھکاوٹ اور سانس پھول جاتا ہے تو میں نے اسے بولا باجی میں حکیم یا ڈاکٹر تو ہوں نہیں ایک عبقری دواخانہ ہے اس کا خادم ہوں۔ اگر آپ کہیں تو ان کی کوئی دوائی میں آپ کو کسی طرح پہنچا دیتا ہوں کیونکہ شفاء تو اللہ کے ہاتھ میں ہے تو وہ مطمئن ہوگئی لہٰذا میں نے اسکو ستر شفائیں پہنچا دی تین چار دن بعد فون پر خیرت معلوم کرنے پر اس نے بتایا کوئی خاص فرق نہیں میں نے کہا آپ نے یہ دوائی چھوڑنی نہیں دو یا تین ماہ مسلسل کھانی ہے کیونکہ یہ دیسی دوائی ہے تقریباً بیس دن بعد اس نے مجھے خود فون کیا اور کہا کہ اب طبیعت میں بہتری آرہی ہے آپ دو ڈبی کسی طرح پہنچائیں مزید بتایا کہ میرے بھتیجے کو الٹی آرہی تھی رکتی نہیں تھی تو میں نے کالی مرچ کے برابر اس کو دی تو اس کی الٹی رک گئی۔ اس طرح وہاں پر اور کئی لوگوں نے مجھ سے ستر شفائیں منگوائی ہیں اور کئی لوگوں کو میں نے جھنگ عبقری ایجنسی کا نمبر دے دیا کہ جھنگ نزدیک ہے آپ وہاں سے لے لیں۔ ایک اور باجی نے مجھ سے کہا کہ میری بیٹی حاملہ ہے اس کے سر میں درد ہوتا ہے اکثر کھانے کے بعد الٹی (قے) کر دیتی ہیں تو میں نے اسے ستر شفائیں دے دی ایک ماہ بعد دوبارہ ملاقات ہوئی تو بتانے لگی کہ بھائی ستر شفائیں نے تو جادو کی طرح اثر دکھایا ہے اب بیٹی بالکل ٹھیک ہے۔ میرے پاس جو بھی مریض آتا ہے میں اس کو عبقری رسالہ پڑھنے کا مشورہ دیتا ہوں کیونکہ عبقری رسالہ میں دیئے گئے ٹوٹکے، نسخہ جات میں بیماریوں کا علاج ہوتا ہے جس کے استعمال سے شفاء مل جاتی ہے۔ (میاں احمد حسن، سرگودھا)

### روشن دماغ کے استعمال سے سکون ملا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے سر میں ہر وقت درد رہتا تھا۔ اتنا شدید درد کے کئی کئی دن لگاتار درد رہتا تھا۔ نہ میں لیٹ سکتی تھی نہ سو سکتی تھی۔ چوبیس گھنٹوں میں ایک گھنٹہ بھی سکون کا نہیں گزرتا تھا۔ یہ درد مجھے کئی سال رہا ہفتے میں اگر دو دن آرام آتا تھا تو پانچ دن درد میں بے سکون رہتی تھی، روشن دماغ میرے گھر میں موجود تھی، لیکن کبھی دھیان ہی نہیں کیا کہ اس کے کھانے سے مجھے آرام آجائے گا۔ خیر وہ کئی سالوں والا درد تسبیح خانے میں دم کروانے کی برکت سے ٹھیک ہوگیا، دوبارہ درد ہوا ہی نہیں، ابھی چند دن پہلے کی بات ہے، مجھے سر میں درد شروع ہوا چار دن مسلسل رہا ہر وقت لیٹی رہتی والدہ محترمہ نے مجھے روشن دماغ لا کر دی میں نے دودھ کے ساتھ روزانہ دو مرتبہ استعمال کی، پہلے مجھے سکون ملنا شروع ہوا جیسے میرے سر پر پہاڑ جتنا وزن تھا جو کسی نے ختم کر دیا ہو، پھر مجھے آرام آنا شروع ہوگیا، اب میں روشن دماغ روزانہ کھاتی ہوں تاکہ مجھے کبھی کچھ بھی نہ ہو اور الحمدللہ مجھے مکمل طور پر آرام آگیا۔ (ث، ق۔ مورگاہ راولپنڈی)

الرجی کھانسی' ناک بہنا یا بند ہونا' جسم میں درد' دماغی بوجھ' سستی کاہلی' بخار' ناک کی ہڈی کا بڑھ جانا' بالوں کا قبل از وقت سفید ہونا جیسے امراض کا شافی علاج (قیمت: 10 روپے)
جوش جوشاندہ
ابالنے کی تکلیف سے نجات فوری حل
بےگناہ قید سے رہا! ہجویری محل چلیے!

## سینے کی جلن اور جوڑوں کے درد سے نجات مل گئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری سے میرا تعلق 2015 میں ہوا اور 2016 میں پورا رمضان تسبیح خانہ میں گزارہ۔ عبقری حویلی کے چلہ میں بھی شرکت کر چکا ہوں۔ عبقری دواخانے کی روحانی پھکی، جوہر شفائے مدینہ، ٹھنڈی مراد تینوں کو مکس کر کے استعمال کیا اس کے استعمال سے سینے کی جلن، بدہضمی، گیس ختم ہوجاتی ہے اسی طرح شادی بیاہ میں جہاں چٹ پٹی اور مرغن غذائیں ہوتی ہیں اور ساتھ ہی کولڈ ڈرنک پی جاتی ہے جس سے معدے کا ستیاناس ہوجاتا ہے وہاں پر میں یہی مرکب استعمال کرتا ہوں طبیعت صحیح ہوجاتی ہے۔ دوسری بات میری والدہ ماجدہ کے جوڑوں اور ہڈیوں میں درد ہوتا تھا اور بلڈ پریشر ہائی لو ہوجاتا تھا۔ میں نے والدہ کو عبقری کی ستر شفائیں استعمال کروائی الحمدللہ ان کے سارے درد ختم ہوگئے بلڈ پریشر نارمل ہوگیا، اسی طرح عبقری کا مشروب گرمی کے امراض، خون کی گرمی جسم میں حرارت کے لیے اور ایسی متلی جو سمجھ میں نہ آتی ہو اس کے لیے بڑا مفید ہے میں گرمیوں کے رمضان میں یہی استعمال کرتا ہوں کسی قسم کی پریشانی نہیں ہوتی یہ میرے ذاتی مشاہدات ہیں اس کے علاوہ درس سننے سے بے سکونی ختم ہوگئی بلڈ پریشر نارمل ہوگیا۔ جادو جنات کے اثرات ختم ہوئے پہلے صرف اپنے لیے دعائیں تھیں اب پوری امت کے لیے ہیں۔ الحمدللہ! جب سے تسبیح خانہ سے جڑے ہیں جینے کا ڈھنگ آگیا ہے، رب سے مانگنے کا سلیقہ ملا ہے، اللہ کریم کا بڑا فضل ہے ہم پر اللہ تعالیٰ شیخ الوظائف پر ہمیشہ رحمت و فضل کا سایہ رکھے۔ (سید سرفراز، کراچی)

## عبقری سے جڑے تو بیماریاں ختم ہوگئیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! جوہر شفائے مدینہ پہلی بار میں نے 2012ء میں استعمال کی۔ تب ہم تسبیح خانے سے جڑے بھی نہیں تھے۔ ہمیں تسبیح خانے سے جوڑنے کا ذریعہ ہی جیسے جوہر شفائے مدینہ ہے۔ میں 2012ء میں بہت بیمار ہوگئی، مجھے شدید کھانسی شروع ہوگئی، میری پسلیوں میں درد، سینے میں درد، کھانسی میں ریشہ، حتیٰ کہ کئی مرتبہ تو کھانسی کرتے وقت منہ میں خون بھی آتا تھا۔ ڈاکٹر کے پاس گئی۔ ڈاکٹر نے ٹی بی کے ٹیسٹ کیے۔ رپورٹ تو ٹھیک آئی لیکن کھانسی نہ رکی۔ بہت دوائیں کھائیں لیکن فرق نہ پڑا، گھر والے بھی سب پریشان، ہمیں کسی نے عبقری رسالہ دیا کہ یہ پڑھیں بہت نفع مند ہے۔ اس میں جوہر شفائے مدینہ کا ذکر آیا۔ اب ہمیں کسی بارے میں زیادہ علم نہ تھا، ہم نے لاہور کال ملائی تو انہوں نے ہمیں بتایا کہ عبقری ایجنسی راولپنڈی میں موجود ہے۔ آپ وہاں جا کر ادویات حاصل کر سکتے ہیں۔ ہم نے فوراً ایجنسی سے جوہر شفائے مدینہ کی چند ڈبیاں خریدیں، ایک کے استعمال سے ہی میری کھانسی فوراً رک گئی پھر ہم نے عبقری ویب سائٹ پر باقی معلومات حاصل کیں اور ہم لاہور گئے اور تسبیح خانے سے جڑ گئے۔ اس کے بعد سے مجھے کبھی کھانسی ہوئی ہی نہیں الحمدللہ۔ میرے مرشد ہی ہر دوا پر تاثیر اور موثر ہے۔ (ثوبیہ قاسم، مورگاہ راولپنڈی)

## عبقری کی ادویات اور وظائف نے زندگی بدل دی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری بڑے شوق سے پڑھتی ہوں مجھے جب بھی کھانسی نزلہ زکام ہوتا ہے عبقری کی شفائے حیرت پی لیتی ہوں اس سے مجھے آرام مل جاتا ہے پچاس سال سے زائد عمر ہوگئی ہے ظاہر ہے اس عمر میں جسم میں تھکاوٹ کمزوری تو ہوہی جاتی ہے اور جسم بھی دکھنے لگتا ہے میں عبقری کی ستر شفائیں، اکسیر البدن اور روحانی پھکی استعمال کرتی ہو اور الحمدللہ ڈاکٹری ادویات کے بغیر چل رہی ہوں، گرمیوں کے رمضان المبارک میں مشروب عبقری، املی آلو بخارا کا شربت پینے سے سکون ملتا ہے اور روحانی طور پر میں نے دو کروڑ بار درود شریف پڑھا الحمدللہ ہر کروڑ پر عمرہ کرنے کی سعادت ملی دوسری مرتبہ ایک کروڑ پڑھا دوسری مرتبہ سعادت نصیب ہوئی اب تیسرا کروڑ پورا ہونے والا ہے اللہ سے امید ہے کے حج کی سعادت بھی ملے گی بلکہ مل ہی جاتی لیکن کرونا وائرس کی وجہ سے ملکی حالات خراب ہوگئے بہرحال آئندہ سال اگر زندگی نے وفا کی تو ضرور درود شریف کی برکت سے میں حرم شریف جاؤں گی عبقری اور عبقری کے ذمہ داروں کے لیے ڈھیروں دعائیں ہیں میرا رب ان کی حفاظت فرمائے اور انہیں ایسے ہی عوام الناس کی خدمت کی توفیق عطا فرماتے رہے۔ (رعنا شہزاد، کراچی)

عبقری کا شہد سو فیصد خالص ہے، شہد کا جمنا فطری عمل ہے۔ مصنوعی اور ملاوٹ نہ سمجھی جائے۔ قارئین! اعتماد سے عبقری کی ادویات استعمال کر رہے مشکور ہیں۔ (ادارہ عبقری)

## بے رونق زندگی میں خوشیاں واپس لوٹ آئیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری عمر 60 سال ہے۔ میں جملہ بیماریوں کا گڑھ بن گیا تھا جس میں سرفہرست جریان، اعصابی کھچاؤ، جوڑوں کا درد، پیشاب کی تکلیف تھی اس کے ساتھ ساتھ میں مردانہ کمزوری کا بھی شکار ہوگیا تھا۔ زندگی میں رنگ ختم ہوگیا تھا۔ جسم بے جان تھا یہ کہنا غلط نہ ہوگا کہ میں چلتی پھرتی لاش ہی تھا۔ زندگی میں مسکراہٹ غائب ہوگئی تھی۔ پھر مجھے ایک پرانا دوست ملا وہ مجھے دیکھتے ہی پریشان ہوگیا کہ طفیل تم نے اپنی حالت کیا بنا رکھی ہے میں نے اس کو تمام تفصیل بتائی۔ اس نے مجھ سے کہا کہ مایوس ہونے کی ضرورت نہیں ہے تو کل میرے ساتھ شہر چلنا اگلے روز دوست میرے گھر آیا اور ہم دونوں موٹر سائیکل پر شہر گئے وہاں پر وہ بھی عبقری ادویات کی ایجنسی پر لے گیا میں سمجھ گیا یہ کوئی دواخانہ ہے وہاں جا کر اس نے میرا مسئلہ بتایا تو انہوں نے معجون مراد اور قوتی گولیوں کے نام سے دوائی میرے ہاتھ میں تھما دی میں نے ان کی قیمت پوچھی لیکن میرے دوست نے کہا ان سب ادویات کی قیمت میں ادا کروں گا اور یہ میری طرف سے تمہیں ہدیہ ہے۔ مگر ایک شرط ہے کہ تم اس کا مستقل استعمال کروگے۔ میں نے حامی بھری اور ادویات کا استعمال شروع کیا ایک ماہ کے استعمال سے میری صحت میں بہتری آئی میری ازدواجی زندگی پرسکون ہوگئی۔ زندگی میں خوش کی لہر واپس آگئی۔ اور اب میرا عبقری کی ادویات پر بہت یقین پکا ہوگیا ہے گھر میں بھی کسی کو کوئی تکلیف ہو تو میں عبقری کی ادویات کی استعمال کرواتا ہوں۔ (محمد طفیل، فتح جھنگ)

نُورتن شفاء
بواسیر، الرجی، بڑھا پیٹ، اٹھرا، خون کی خرابی، پھوڑے پھنسی، شوگر کے زخم، رسولی لاعلاج بیماریوں کا
چاہے کینسر کی ہی ہو دائمی قبض اور گیس کیلئے انوکھی دوا ہے اس کے علاوہ بھی آزمودہ شافی علاج
200 روپے

روحانی ہستیوں کی توجہات لیں!
ہجویری محل چلیے!

# کیا انڈے واقعی صحت کیلئے اچھے ہوتے ہیں؟

انڈہ صحت کے لیے بے حد اہم غذا ہے کیونکہ اس میں پروٹین آئرن وٹامن اور دیگر غذائیت سے بھرپور اجزاء پائے جاتے ہیں اسی لیے انڈے کا شمار صحت مند متوازن غذا میں ہوتا ہے انڈے کے بے شمار فوائد میں ایک اہم فائدہ یہ ہے کہ یہ دل کے امراض سے بچنے میں مدد دیتا ہے اور کولیسٹرول کے مسائل کو بھی دور کرتا ہے لیکن اس کیلئے اس بات کا خیال رکھنا ضروری ہے کہ آپ روزانہ جتنے انڈے کھا رہے ہیں ایک انڈے میں تقریباً دوسو ملی گرام کولیسٹرول شامل ہوتا ہے تب ہی ہاضی کولیسٹرول۔ مریضوں کو انڈا احتیاط سے کھانا چاہیے تحقیق سے یہ بات ثابت ہوئی ہے کہ۔ روزانہ ایک انڈا کھانے سے انسان ہر طرح کی دل کی بیماریوں سے خود کو محفوظ رکھ سکتا ہے کولیسٹرول کی مقدار کو لیول میں رکھنے کے لیے بھی انڈے کا استعمال کرنا فائدہ مند ثابت ہوتا ہے کیونکہ اس میں موجود اومیگا تھری فیٹی ایسڈز ٹرائی گلائیسر ائیڈز کی سطح میں کمی لانے میں مددگار ثابت ہوتا ہے جس سے قلب سے جُڑے مختلف امعاض کا خطرہ کم ہوتا ہے۔ ماہر غذائیت کا کہنا ہے کہ جو افراد کولیسٹرول بڑھ جانے کے سبب پریشان ہیں جبکہ وہ اپنے کھانے میں سبزیاں بھی استعمال نہیں کرتے‘ ان کے لیے دن میں اُبلے انڈے بغیر زردی کے کھانا ضروری ہیں اس کے علاوہ یہ لوگ ہفتے میں دو انڈے پورے بھی کھا سکتے ہیں اور جن افراد کا کولیسٹرول لیول ٹھیک ہے ان کے لیے روزانہ ایک انڈا زردی کے ساتھ مفید ہے ایسے افراد جو کسی طرح کی بیماری میں مبتلا نہیں ان کے لیے بھی روزانہ ایک انڈا مفید ثابت ہوتا ہے

## زردی کا استعمال

انڈوں کے شوقین افراد اگر دن میں ایک سے زائد انڈے کھاتے ہیں تو ان کو چاہیے کہ وہ زردی نکال کر انڈہ کھائیں کیونکہ یہ سفیدی کے مقابلے میں زیادہ کیلوریز کی حامل ہوتی ہے اندازے کے مطابق ایک بڑے انڈے میں 55 کیلوریز شامل ہوتی ہیں

## انڈہ ذیابیطس کے مریضوں کے لیے

ذیابیطس ہائی کولیسٹرول اور امراض قلب میں مبتلا مریضوں کے لیے پورے ہفتے میں صرف دو انڈے کھانے چاہیے

## اُبلے ہوئے انڈے

انڈے کو کئی مختلف اقسام سے بنا کر کھایا جاسکتا ہے لیکن ابلے انڈے کو سب سے زیادہ کارآمد ہے کیونکہ انڈہ ابال کر کھانا جسمانی وزن میں دوگنا تیزی سے کمی میں لانے میں مدد دیتا ہے۔

# بدبودار سانسیں گردوں کے امراض کی علامت

سانس میں بُو کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ آپ کو مسواک سے زیادہ کسی چیز کی ضرورت ہے کیونکہ وہ صحت کے بارے میں بہت کچھ بتا رہی ہوتی ہے۔ یہ بات امریکہ میں ہونے والی ایک طبی تحقیق میں سامنے آئی۔ امریکن ڈینٹل ایسوسی ایشن کی تحقیق کے مطابق اگر کسی شخص کے سانس کی بو زیادہ ہو تو وہ گردوں کے امراض کی علامت ہوسکتی ہے۔ تحقیق میں بتایا گیا کہ گردے میں موجود زہریلے مواد کو پیشاب کے ذریعے خارج کرتے ہیں اور جب ان کی کارکردگی متاثر ہوتی ہے تو یہ کچرا فلٹر نہیں ہو پاتا۔ سانس سے مچھلی جیسی بو درحقیقت یہ اشارہ کررہی ہوتی ہے کہ گردے کے امراض نے نظام تنفس کو متاثر کرنا شروع کردیا ہے۔ تاہم تحقیق میں یہ بھی بتایا گیا کہ اگر سانس میں بو کے ساتھ زبان پر سفید دھبے ابھر رہے ہیں تو یہ منہ کے کسی مرض کی نشاندہی بھی کررہے ہوتے ہیں۔ اسی طرح اگر سانس کی بو کسی پھل جیسی ہو تو اس کا مطلب ہے کہ جسم میں انسولین کی مقدار مناسب حد تک نہیں بن رہی جو کہ ذیابیطس کے بگڑ جانے کی علامت ہوتی ہے اور اس سے مختلف پیچیدگیوں کا خطرہ پیدا ہوجاتا ہے۔ محققین نے مزید بتایا کہ اگر سانس سے فضلے جیسی بو ہو تو یہ ٹانسلز کے مسائل کی جانب اشارہ کررہی ہوتی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ایسی حالت میں بیکٹیریا اور کھانے کے اجزاء ٹانسلز میں پھنسنے لگتے ہیں اور ایک پتھری جیسی شکل اختیار کرلیتے ہیں ایسی صورت میں معالج سے ضرور مشورہ کرنا چاہیے۔

# اسم اعظم کا روحانی دم کروایا جناتی اثرات ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے عبقری سے ایک دوست نے روشناس کروایا‘ میں بچپن سے ہی بیمار تھا‘ بہت جگہوں سے روحانی علاج کروایا‘ وقتی فائدہ ہوتا تھا بعد میں پھر وہی صورتحال ہوجاتی‘ مجھ پر جناتی اثرات تھے‘ بے شمار درباروں‘ آستانوں پر گیا‘ دم جھاڑے کروائے‘ صرف وقتی چند دن کیلئے فائدہ ہوتا‘ بعض جگہوں پر جانے کے بعد میری طبیعت مزید خراب ہوئی‘ والدین مجھے دیکھ دیکھ کر روتے تھے‘ ایک جاننے والے میرے والد کو تسبیح خانہ کے متعلق بتایا اور انہیں اسم اعظم کے روحانی دم کا تفصیل سے بتایا‘ میرے والد مقررہ دن مجھے اپنے ساتھ تسبیح خانہ لائے‘ صبح فجر سے پہلے ہم تسبیح خانہ پہنچ گئے‘ بس وہ دن میرا تھا‘ بس حضرت کے آگے سے گزرا‘ دم کروایا اور میرا کام ہوگیا۔ ایسے لگا جیسے میرے جسم سے کوئی چیز نکل گئی ہو‘ اس کے بعد میں ہر ماہ اسم اعظم کا دم تسبیح خانہ میں کرواتا ہوں‘ الحمدللہ بالکل ٹھیک ہوں۔ (راشد‘ منڈی بہاؤالدین)

**نماز اب کرسی پر ادا کرتا ہوں:** مجھے جوڑوں کے درد کا مسئلہ بہت پرانا تھا‘ تسبیح خانہ میں درس سننے آتا ہوں‘ یہاں سے اسم اعظم کے روحانی دم کا معلوم ہوا‘ ہر ماہ دم کروانا شروع کیا‘ جہاں میرے بہت سے مسائل حل ہوئے وہیں ایک مسئلہ اور حل ہوا کہ میں عرصہ پانچ سال (باقی صفحہ نمبر 52 پر)

3 جنوری 2021ء بروز اتوار صبح 6 بجے تسبیح خانہ لاہور میں شفائیہ دعا اور اس کے بعد اسم اعظم کا روحانی دم ہوگا۔ اسم اعظم کے دم کے فوری بعد حلقہ کشف المحجوب‘ درس‘ مراقبہ اور پوری دنیا میں مختلف شعبوں کی خدمت کرنے والوں کا مذاکرہ ہوگا۔

تسبیح خانہ میں ہونے والے اسم اعظم کے روحانی دم میں بچے، بوڑھے، جوان، خواتین سب شرکت کرسکتے ہیں۔ خواتین ہر حال میں شامل ہوسکتی ہیں۔ پہلے وقت لینے کی ضرورت نہیں‘ اجازت عام ہے۔ 7 یا 14 یا 21 اسم اعظم کے روحانی دم میں لازماً شرکت کریں۔ اگر زندگی کا معمول بنالیں تو ساری زندگی ہر پریشانی‘ بیماری‘ گھریلو الجھن‘ کاروباری مسائل کا سو فیصد حل ہے۔

**اسم اعظم کا روحانی دم کروایا‘ فائدہ ہوا۔ ضرور لکھیے!**
**لاکھوں کا فائدہ آپ کیلئے صدقہ جاریہ**

طب اسلامی کے پاکیزہ اصولوں کے مطابق تیار کیا گیا
معدہ کا السر (کورس) معاشرے میں پائے جانے والے خطرناک مرض کا شافی علاج
بلڈ پریشر اور ہاضمہ کی پریشانی سے ستائے صرف یہ کورس آزمائیں
معدہ کے تمام امراض کا علاج
معدہ کو صحت مند اور ہشاش بشاش بنایئے
معدہ میں درد ہو‘ معدہ کا کینسر ہو‘ تیزابیت ہو یا اپنڈی سائٹس ابھی لائیں کمال پائیں
(قیمت صرف 400/- روپے علاوہ ڈاک خرچ)
زندگی سے نحوست ختم! ہجویری محل چلیے!

# سر کے بال اگانے کا قدرتی آزمودہ نسخہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے سر کے بال کمزور اور گر گئے تھے۔ میرے ایک دوست نے ایک نسخہ بتایا جس کو اس کے ابا جان نے خود استعمال کیا تھا اور اس کے بھی بال اگ آئے ہیں۔جس کی تفصیل درج ذیل ہے اور نہایت سستا بھی ہے۔نسخہ یہ ہے۔ھوالشافی: رات کو سونے سے چند گھنٹے پہلے ایلوویرا کے پتے کو سر پر تقریباً پانچ سے سات منٹ تک خوب ملے اور پھر یہ سر پر تقریباً ایک گھنٹہ رہنے دیں۔ پھر سر کو دھولیں۔اس کے بعد آملہ کے تیل سے مالش کرلیں۔ پھر صبح سر کو دھولیں تو اسکے بقول ایک مہینے میں سر کے بال اگ جائینگے۔ میں نے یہ عمل مارچ 2019 میں سٹارٹ کیا۔اس میں تھوڑی سی ترمیم کرلی۔آملہ کا تیل استعمال کرنے کے بجائے کلونجی/ پیاز/ کوکونٹ آئل/ کیسٹر آئل کو مکس کیا۔ جو ادھر آسانی سے ملتا ہے۔ پہلے سر کو منڈھوایا پھر باقی جو دوست نے بتایا تھا وہ عمل کرتا رہا۔الحمدللہ میرے بال اگ آئے ہیں۔آپ پڑھ کر اندازہ نہیں لگا سکتے میری خوشی کا۔مطلب دوسرے بالوں کی نسبت وہ تھوڑا بعد میں اگ آئے چونکہ عبقری ساری دنیا کے لوگوں کو اپنے تجربات شیئر کرنے کا ایک پلیٹ فارم مہیا کرتا ہے۔اس لئے میں نے بھی اس صدقہ جاریہ کو قارئین کے ساتھ شیئر کرنا مناسب سمجھا۔(وقار خان' لاہور)

# موٹاپا سے یقینی نجات! 50 گرام دوا کا کمال پالیجئے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! الحمدللہ! میرے پاس موٹاپے سے نجات کا آزمودہ نسخہ موجود ہے۔ لوگ موٹاپے سے نجات اس لیے نہیں پا سکتے کہ ان میں ارادے کی استقامت نہیں ہوتی اور غذائی معمولات میں تبدیلی اور ورزش کو باقاعدہ معمول نہیں بنا سکتے۔ ورزش کا عمل اور چکناہٹ سے پرہیز کرکے موٹاپا سے یقینی نجات پائی جاسکتی ہے۔مگر پرہیز اور غذائی احتیاط لازمی شرط ہے۔ھوالشافی: لاکھ دانہ عمدہ 50 گرام۔زیرہ سیاہ 50 گرام۔کلونجی 50 گرام۔ تمام ادویات کو کوٹ (پیس) کر سفوف تیار کریں اور بڑے کیپسول میں بھرلیں۔(کیپسول میں بھرنے کا مقصد یہ ہے کہ آپ آسانی سے استعمال کر سکیں)۔ایک سے دو کیپسول ایک وقت میں پانی کے ہمراہ کھانے سے قبل دن میں دو بار استعمال کریں۔ان شاء اللہ یقینی فوائد نمودار ہوں گے۔نسخہ ڈیڑھ ماہ تک استعمال کریں لیکن اس کے ساتھ تین ''چ'' استعمال نہ کریں۔یعنی چاول چینی اور چکنائی والی وہ چیزیں ہیں جو انسان کو فربہ اور غیر ضروری موٹا بنا دیتی ہیں۔مزید بیکری کی اشیاء سے بھی پرہیز کیجئے' مستقل مزاجی سے پرہیز اور اس نسخے کا استعمال آپ کا وزن کم کردے گا۔(فوزیہ خان' پشاور)

# مدد ایسے آئی کہ گمان نہیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتے ہیں' ہمارے تمام روحانی و جسمانی مسائل میں سب سے بہترین ساتھی ہمارے لیے عبقری ثابت ہوا ہے۔ ہم تمام گھر والے آپ کا درس بھی بہت شوق سے سنتے ہیں' درس میں بتائے گئے وظائف اور مسنون دعائیں قدم قدم رہنمائی کرتی اور اللہ کی مدد اترتی' آنکھوں سے اترتی نظر آتی ہے۔ابو کاروبار کے سلسلے میں گوجرانوالہ گئے۔آپ نے ہمیں اذان اور احسبتم والا وظیفہ پڑھنے کیلئے دیا ہوا ہے۔ابو نے سفر کے دوران تقریباً چھ مرتبہ اذان اور احسبتم والا عمل کیا' ابو نے ہمیں گھر آکر بتایا کہ جب میں پہلی دکان پر گیا تو جو مشین کا پرزہ لینا تھا وہ دو ہزار کا تھا جب میں نے کہا کہ کچھ رعایت کر تو اس نے کہا نہیں' میں اتنے کا ہی دوں گا جب میں دوسری دکان پر گیا تو وہی پرزہ پندرہ سو کا تھا' میں نے اسے بھی کہا کہ کچھ رعایت کرو تو اس نے کہا کہ نہیں میں اتنے کا ہی دوں گا۔ پھر جب میں تیسری دکان پر گیا تو مجھے ان سے بہتر چھ سو روپے میں یہی پرزہ مل گیا' اس کے بعد ابو ایک اور دکان پر گئے اور دکاندار سے کہا کہ آپ یہ سامان تھوڑی دیر کے لیے اپنی دکان پر رکھ لیں گے تو اس نے کہا کہ سامان صرف یہی ہے تو ابو نے کہا کہ نہیں ابھی اور سامان لینا ہے تو دکاندار نے کہا کہ کوئی مسئلہ نہیں' آپ جتنا چاہیں یہاں رکھ سکتے ہیں اور میرا سامان بھی بہت زیادہ تھا۔گرمی کی وجہ سے میں پریشان تھا' اچانک مجھے کسی نے پیچھے سے آواز دی میں نے مڑ کر دیکھا تو وہ میرے محلے کا قریبی دوست تھا' وہ بائیک پر تھا' اس نے کہا اور کتنا سامان لینا ہے تو ابو نے کہا ابھی اور زیادہ سامان لینا ہے تو اس نے کہا کہ گرمی بہت زیادہ ہے تم میری بائیک پر بیٹھو باقی سامان بھی خرید لیتے ہیں۔ابو نے کہا کہ تمہیں پریشانی ہوگی تو ابو کے دوست نے کہا کہ ایسی باتیں مت کرو اور جلدی بیٹھو اور وہ ابو کو آدھا گھنٹہ بازار میں لیکر پھرتا رہا اور ابو نے باقی سامان بھی خرید لیا۔ابو نے مزید بتایا: میں گرمی کی وجہ سے بہت پریشان ہوگیا تھا' مزید سامان کیسے خریدوں گا' میں گمان نہیں کرسکتا تھا کہ وہ میری مدد کے لیے کہاں سے آگیا؟ پھر اس نے مجھے 'عبقری کی ایجنسی جو گوجرانوالہ میں پر چھوڑ دیا اور وہ چلا گیا' گھر واپس آنے کے لیے جب میں چاند گاڑی میں بیٹھا تو وہ بالکل خالی تھی' میں تیس منٹ تک بیٹھا رہا تو ڈرائیور نے کہا کہ بھائی صاحب آپ سب سواریوں کے پیسے اگر دے دیں تو میں آپ کو سٹیشن چھوڑ دیتا ہوں' لگتا ہے آج کوئی سواری نہیں آئیگی' میں بہت خوش تھا مجھے اللہ پاک کی ذات پر پورا بھروسہ تھا' میں نے پھر اذان اور احسبتم والا عمل پڑھا اور رکشہ ڈرائیور کو کہا: رک دیکھ تو سہی' ابھی سواریاں آئیں گی' تین سے چار منٹ کے اندر اندر ساری چاند گاڑی بھر گئی اور ڈرائیور حیران تھا کہ بھائی صاحب یہ کیا ہوا۔گھر آنے تک اللہ پاک کی مدد میری آنکھوں کے سامنے تھی۔یہ سب اس عمل کی برکت سے ہوا تھا۔قارئین! میرے ابو جب یہ بتا رہے تھے تو ابو کی آنکھوں میں آنسو تھے۔اللہ پاک شیخ الوظائف کی بھی ہر قدم پر مدد اور ان پر رحمت عطا فرمائے۔اللہ پاک شیخ الوظائف کو سدا اسلامت رکھے۔عمل: سورۂ مومنون کی آخری چار آیات اور اذان' سات سات مرتبہ پڑھنی ہے' اول و آخر تین مرتبہ درود شریف کے ساتھ۔(ن، لاہور)

# پرانی چوٹ ٹوٹی ہوئی ہڈیوں کے درد کیلئے لاجواب

سردیوں میں پرانی چوٹ کا درد لوٹ آتا ہے اسی طرح مجھے بھی درد ہوتا تھا' ہر سردیوں میں 1997 میں میرے الٹے بازو کی ہڈی ٹوٹ گئی تھی فریکچر تو ٹھیک ہوگیا تھا لیکن ہر سردیوں میں درد بہت ہوتا تھا۔ 2014 میں میں ایک کمپنی میں جاب کررہا تھا۔ایک چوکیدار سے سلام دعا اچھی تھی اس سے ذکر کیا کہ مجھے سردی میں ٹوٹی ہوئی ہڈی میں درد ہوتا ہے' تو اس نے بولا: تم ایسا کرو کہ میتھی دانہ لے لو موٹا موٹا کوٹ لو' ایک چمچ تھوڑے سے سرسوں کے تیل میں ڈال کر تھوڑی دیر پکالو۔ نیم گرم جتنا برداشت کرسکو بازوں پر رات کو باندھ لو' صبح نیم گرم پانی سے دھولو' کچھ دن کرو' آرام آجائے گا۔میں نے ایسا ہی کیا۔میرے درد میں آرام آگیا۔یہ نسخہ کافی لوگوں کو استعمال کروایا بہت فائدہ ہوا ہے۔(فرحان علی' کراچی)

عبقری تلبینہ
عورتوں' بچوں اور مردوں کے تمام امراض کیلئے نبوی ٹانک
عبقری تلبینہ نا صرف مریضوں بلکہ صحت مندوں کیلئے بہت بہترین چیز
ٹینشن ڈیپریشن تھکان' جسمانی' کمر' ٹانگوں کا درد' پٹھوں کا کھچاؤ ہر کمزوری کا علاج
قیمت 100 روپے علاوہ ڈاک خرچ
بچوں' بڑوں' بوڑھوں اور گھر بھر کے افراد کیلئے غذا' ٹانک بھی' دوا بھی شفاء بھی اور عطا بھی
روحانی سپرے ڈبل پیداوار!
ہجویری محل چلیے!

# دعاؤں کی قبولیت! میرا آزمودہ عمل اب آپ کیلئے

عائشہ، اسلام آباد

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ بہت عرصہ سے پڑھ رہی ہوں ہر مرتبہ زیادہ شدت سے عبقری کا انتظار ہوتا ہے۔ میں عبقری قارئین سے آج اپنا ایک تجربہ شیئر کرنا چاہتی ہوں۔ شیخ الوظائف نے ایک مرتبہ دوران درس بتایا تھا کہ دوران عبادت یا اعمال کے دوران دعا کی قبولیت کے امکانات زیادہ ہوتے ہیں۔ میں نے اعمال کے دوران مختلف دعائیں پڑھنا شروع کردیں۔ خاص طور پر دوران نماز جب التحیات پر بیٹھتی اور رب جعلنی والی دعا کے بعد مختلف قرآنی دعائیں پڑھ کر پھر سلام پھیرتی۔ میں ایک طالب علم ہوں، مجھے اپنا سبق صحیح طریقہ سے یاد نہیں ہوتا تھا مگر جب سے میں نے نماز میں رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ ○ وَیَسِّرْ لِیْٓ اَمْرِیْ ○ وَاحْلُلْ عُقْدَۃً مِّنْ لِّسَانِیْ ○ یَفْقَهُوْا قَوْلِیْ ﴿سورۃ طٰہٰ﴾ والی دعا پڑھنا شروع کی میں حیران رہ گئی کہ مجھے میرا سبق بہت جلد یاد ہونا شروع ہوگیا حتیٰ کہ میں نے ایک دن 12 صفحات پر مشتمل مضمون یاد کرلیا اور بہترین طریقے سے لکھ بھی لیا۔ اب تو صفحات سے بات آگے نکل گئی ہے میں ایک نشست میں پورا چیپٹر ازبر یاد کرلیتی ہوں۔ میرے نمبر بہت ہی اچھے آرہے ہیں، کلاس ٹیچرز حیران ہیں کہ اس لڑکی نے خود اتنا امپرو کیسے کرلیا؟۔ میری قارئین سے بھی درخواست ہے کہ اعمال کے دوران دعائیں مانگیں، پھر کمال دیکھیں آپ کا کوئی بھی مقصد، مشکل ہے بس پورے یقین، توجہ اور دھیان سے دعا مانگیں اور چند دنوں کے اندر اندر زندگی کے اندر کمال خود دیکھیں۔

# چیسٹ انفیکشن، الرجی! 15 دن میں یقینی ختم! میرا آزمودہ

بلال احمد، ساؤتھ افریقہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ پاک آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے اور ہمیشہ صحت مند وتندرست رکھے۔ عبقری رسالہ میں ایک نسخہ 2018ء میں شائع ہوا تھا، جسے شگفتہ پتوکی نے بھیجا تھا۔ مجھے بہت پرانی موسمی کھانسی تھی، بہت علاج کروایا لیکن کچھ افاقہ نہ ہوا۔ میرے والد پاکستان میں ہیں اور وہ ہر ماہ عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتے ہیں، ان سے ہی عبقری کے متعلق سنا اور آن لائن عبقری پڑھنا شروع کیا۔ میں ساؤتھ افریقہ میں مقیم ہوں، میں نے کھانسی کے متعلق نسخہ آزمایا، مجھے یقین نہ آیا کہ صرف دو ہفتے کے استعمال سے میری پرانی کھانسی بالکل ختم ہوگئی۔ الحمدللہ! اب میں صدقہ جاریہ کے طور پر یہ تحریر لکھ کر عبقری میں بھیج رہا ہوں، تاکہ لاکھوں قارئین پڑھیں گے تو مزید لوگوں کو فائدہ ہوگا۔ مزید میں اس بہن کیلئے ہمیشہ دعاگو رہوں گا جس نے یہ نسخہ عبقری میں شائع کروانے کیلئے بھیجا اور عبقری نے شائع کیا۔ جب بھی ہاتھ دعا کیلئے اٹھتے ہیں اس بہن کو ضرور یاد رکھتا ہوں۔ اللہ اسے جزائے خیر عطا فرمائے۔ اس بہن نے جو نسخہ شائع کیا تھا وہ مئی 2018ء کے شمارے میں تھا۔ درج ذیل ہے: ھوالشافی: ایک درمیانے سائز کا گلاس شہد کا لیں، ایک درمیانے سائز کا لیموں اور ایک کھانے کا چمچ گلیسرین سفید۔ لیموں کو ہلکی آنچ پر پانی میں ابال لیں، پھر ٹھنڈا ہونے دیں، پھر کاٹ کر بیج نکال کر ایک گلاس شہد میں نچوڑ دیں پھر ایک چمچ گلیسرین شہد میں ڈال کر کم از کم پندرہ منٹ تک مکس کریں۔ یہاں تک کہ یک جان ہوجائے، رات سوتے وقت آدھی چمچ کھا کر سونا ہے، پانی نہیں پینا ہے۔ اس بہن نے اس نسخہ کے متعلق جو لکھا جو بھی پڑھ لیجئے الحمدللہ انہوں نے جو لکھا سوفیصد سچ لکھا۔ ’’اب جو میں نسخہ لے کر حاضر ہوئی ہوں وہ ہے پولن الرجی، ڈسٹ الرجی، دھوئیں کی الرجی، چیسٹ انفیکشن وغیرہ الرجی کیسی بھی ہو یہ نسخہ اس کیلئے سوفیصد کام کرتا ہے۔ یہ نسخہ میرے والد صاحب کو کسی اللہ والے نے بتایا تھا، لاتعداد لوگوں کو فی سبیل اللہ بنا کر دیا، میرے والد میری والدہ کو سامان لاکر دیتے اور میری والدہ بنا کر دیتی تھیں۔‘‘ قارئین سے گزارش ہے کہ بےدھڑک ہو کر استعمال کیجئے اس کا کوئی سائیڈ ایفیکٹ نہیں۔

# تیزاب سے جلد جل جائے تو نشان بھی نہ پڑے گا! آزمودہ ٹوٹکہ

ش۔صدیقی، انڈیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں انڈیا سے ہوں اور آن لائن درس سنتی ہوں اور عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتی ہوں۔ ہمارے ہاں عبقری بہت پڑھا جاتا ہے، عبقری کے چاہنے والے دن بہت زیادہ ہیں، یہاں انڈیا میں خاندان کی کوئی شادی بیاہ ہو خواتین بیٹھ کر صرف عبقری کے ٹوٹکوں اور وظائف کے فوائد ہی بیان کرتی رہتی ہیں۔ آج میں بھی ای میل کے ذریعے عبقری کو ایک ٹوٹکہ بتانا چاہتی ہوں تاکہ پوری دنیا میں مقیم عبقری کے چاہنے والے اس سے بھرپور فائدہ اٹھاسکیں۔ یہ بہت ہی خاص ٹوٹکہ ہے ان کیلئے جن کی جلد پر تیزاب گرجائے اور ان کی جلد جل جائے۔ پاکستان اور انڈیا میں یہ بہت زیادہ ہے کہ حاسدین اکثر لڑکیوں پر تیزاب پھینک دیتے ہیں اس کے علاوہ بھی اکثر حادثات میں جلد پر تیزاب گرجاتا ہے، یا بیٹری پھٹ جائے تو اس کا تیزاب جلد پر گرتا ہے اور جلد جل جاتی ہے اور انسان بدصورت ہوجاتا ہے خاص طور لڑکیاں پوری زندگی کیلئے معاشرے کیلئے ناقابل قبول ہوجاتی ہیں اور ان کی زندگی ایک اندھیرے کمرے میں سسک سسک کر گزرتی ہے۔ ہمارے ایک جاننے والے ہیں ان کے گھر میں انورٹر کے ساتھ رکھی بیٹری اچانک پھٹ گئی، اس کا تیزاب قریب بیٹھی لڑکی پر گرا اس کا جسم، چہرہ اور آنکھ پر گرا، آنکھ کا رنگ بھی بدل گیا۔ اللہ تعالیٰ نے ایسا کرم فرمایا کہ اسی وقت ان کا ایک دور پرے کا رشتہ دار گھر آگیا، اس نے جب دیکھا تو فوراً گھر میں موجود دودھ ہی اس پر ڈالنا شروع کردیا، پھر پورا اس کو نہلا دیا، اس نے گھر کے افراد کو مزید دودھ لانے کا کہا، وہ وافر مقدار میں دودھ لے آئے اور لڑکی پر ڈالتے رہے، جہاں جہاں تیزاب گرا تھا دھار بنا کر وہاں دودھ ڈالتے رہے۔ یقین کیجئے وہاں موجود جنہوں نے دیکھا ان کا کہنا ہے کہ لڑکی کی آنکھ ادھر ہی ٹھیک ہوگئی اور نشان بھی ختم ہوگیا۔ صرف چند دن اس بچی نے بعد میں علاج کروایا اور مختلف کریمیں لگائیں، مگر جو سب سے پہلے دودھ والا ٹوٹکہ تھا اس نے اصل کام دکھایا اور تیزاب کے تمام مضر اثرات دھو ڈالے، بچی کی جلد بالکل صاف ہوگئی، جیسے کبھی اس تیزاب گرا ہی نہ تھا۔ خدانخواستہ اگر آپ کے ساتھ بھی ایسا کوئی سانحہ پیش آئے تو یہ ٹوٹکہ آزمانا کبھی مت بھولیے گا۔

شوگر کورس بےشمار کا آزمودہ! شوگر سے پیدا شدہ تمام عوارضات ہمیشہ کیلئے ختم آج ہی سے استعمال شروع کریں اور مردہ زندگی میں جان ڈالیں قدرتی خالص اجزاء پر مشتمل ہر سائیڈ ایفیکٹ سے پاک شوگر کا خاتمہ ممکن ہے قیمت 800 روپے علاوہ ڈاک خرچ نظر بد کا آخری علاج ہجویری محل چلیے!

# میرے پاس کالے جادو کی کاٹ کا عمل ہے! لے لیجئے!

سائیں خالد محمود، اسلام آباد

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں ایک ادنیٰ سا روحانی معالج ہوں۔ عبقری کا تعارف اکتوبر 2014ء میں ہوا تب سے عبقری کا دلدادہ ہوں اللہ تعالیٰ آپ کو عافیت والی زندگی عطا فرمائے (آمین)

حکیم صاحب! آج بیٹھے بیٹھے دل میں خیال آیا کہ میرے پاس کالے جادو، ٹونے کی کاٹ کا عمل ہے کیوں نہ آپ کو ہدیہ تحفۃً پیش کروں تاکہ مخلوق خدا اس سے استفادہ حاصل کرسکے اور یہی میری بخشش کا ذریعہ بن جائے عمل درج ذیل ہے: جس شخص پر جادو، ٹونہ، کاروبار میں رکاوٹ، نظر بد، اولاد کی بندش، یعنی کوئی بھی مخالفت کرتا ہے تو درج ذیل نقش رات کو پانی میں گھول کر پلائے جائیں، نقش عین سونے کے وقت پینا ہے۔ نقش یہ ہے:

٧٨٦

| | | |
|---|---|---|
| ٣٩١١ | ٣٩٠۴ | ٣٩٠٩ |
| ٣٩٠٦ | ٣٩٠٨ | ٣٩١٠ |
| ٣٩٠٧ | ٣٩١٢ | ٣٩٠۵ |

سونے سے پہلے اوّل درود ابراہیمی گیارہ بار، تیسرا کلمہ تین بار، آیۃ الکرسی تین بار، ایمان مفصل ایک بار، ایمان مجمل ایک بار، سورۂ فاتحہ تین بار، سورۂ اخلاص تین بار، درود ابراہیمی گیارہ بار پڑھ کر اپنے سینے پر پھونک ماریں اور سوجائیں۔ ان شاءاللہ جادو کی وجہ سے جو بھی جانی، مالی دشواری، رکاوٹ یا بندش ہے سب دور ہوجائیگی۔ (نوٹ) کم از کم گیارہ دن یہ عمل کریں انشاء اللہ کرم ہوجائے گا۔ دعاؤں میں یاد رکھیے گا۔ یہ عمل نہایت پرتاثیر ہے اور ایک عرصہ سے میرے استعمال میں ہے۔ شک کی کوئی گنجائش نہیں شفاء من جانب اللہ ہے۔

## مجرب ترین دوسرا نقش: ڈیلیوری کے لیے

اگر عورت کے پیٹ میں بچہ مر بھی گیا ہو تو یہ تعویذ کاغذ پر لکھ کر دھو کر پلائیں فوراً بچہ باہر آجائے گا۔

٧٨٦

| | | |
|---|---|---|
| ٦ | ٧ | ٢ |
| ١ | ۵ | ٩ |
| ٨ | ٣ | ۴ |

**آزمودہ نقوش: مولانا ادریس علوی،**

**ناشر: عمران اکیڈمی گوجرانوالہ**

(نوٹ) نقش، عملیات اولیاء اللہ، بزرگان دین، اکابر کی مستند کتب سے ہیں، غیر شرعی نہیں۔

# یورپ شکرقندی کو سپر فوڈ کیوں کہتا ہے؟ جان لیجئے!

آلو جیسی شکل اور غذائیت رکھنے والی شکرقندی ایک جڑ ہے جو پاکستان میں عام پائی جاتی ہے۔ یہ سردیوں میں ٹھیلوں پر بڑی تعداد میں فروخت ہوتی ہے جس سے نہ صرف بچے بلکہ بڑے بھی شوق سے کھانا پسند کرتے ہیں۔ اس کے میٹھے ذائقے کی وجہ سے اسے انگریزی میں سوئیٹ پوٹیٹو کہا جاتا ہے۔ کم قیمت کی وجہ سے یہ امیر وغریب میں یکساں مشہور ہے۔ خاص طور سے غریب طبقہ جو اکثر اناج کی کمی کی وجہ سے غذائی کمی کا شکار ہوجاتا ہے، شکرقندی کی کرشماتی خصوصیات سے اس کمی کو پورا کرسکتے ہیں۔ شکرقندی کو بھون کر یا ابال کر کھایا جاتا ہے۔ اس کا حلوہ بھی بے حد لذیذ ہوتا ہے جو کہ جسم کو گرمی اور تقویت بخشتا ہے۔ کالی مرچ اور نمک کیساتھ اس کا استعمال اس کا مزا اور افادیت مزید بڑھا دیتا ہے۔

## شکرقندی کی خصوصیات

اس کی ان گنت خصوصیات کیوجہ سے اس سبزی کو سپر فوڈ کہا جاتا ہے۔ یہ کئی بیماریوں سے محفوظ رکھتی ہے۔ اس کے آٹھ حیران کن فوائد وخصوصیات مندرجہ ذیل ہیں:

### (1) دل کی بیماریوں سے بچاتی ہے

آپ کو یہ جان کر حیرت ہوگی کہ شکرقندی میں وافر مقدار میں موجود وٹامن B6 دل کو بیماریوں سے محفوظ رکھتا ہے۔ یہ ہوموسیسٹین لیول کو کم کرتا ہے جو زیادہ تر دل کی بیماریوں کا سبب بنتا ہے۔ ہوموسیسٹین کی زیادتی سے دل کی شریانیں سخت ہونے لگتی ہے۔ وٹامن B6 ان شریانوں کو لچکدار بناتا ہے۔ شکرقندی میں موجود پوٹاشیم دل کی دھڑکنوں کو ترتیب دینے میں مدد کرتا ہے۔ البتہ جو لوگ امراض قلب کا شکار ہیں وہ بغیر معالج کے مشورے کے شکرقندی کا استعمال نہ کریں۔

### (2) وٹامن اے کا خزانہ

ایک شکرقندی میں اتنا وٹامن اے موجود ہوتا ہے جو آپ کے جسم کی ایک دن کی وٹامن اے کی ضرورت کو پورا کرسکتا ہے۔ وٹامن اے کئی قسم کے کینسر سے محفوظ رکھتا ہے۔ اس کے علاوہ جلد کو سورج کی الٹراوائلٹ شعاعوں سے بچاتا ہے۔ شکرقندی میں پایا جانے والا بیٹا کیروٹین آنکھوں کے لیے بھی بے حد مفید ہے اور اس سے آنکھوں کی بینائی اچھی ہوتی ہے۔

### (3) بلڈ شوگر لیول درست رکھتی ہے

کیروٹینائڈ کپاؤنڈز جسم میں انسولین لیول درست رہتے ہیں جس سے خون میں شوگر کا لیول بھی ٹھیک رہتا ہے۔ شکرقندی سے حاصل ہونے والا وٹامن B6 ذیابیطس کے مرض سے بچاتا ہے۔ البتہ جو لوگ پہلے ہی ذیابیطس کے مرض کا شکار ہوں وہ شکرقندی کا استعمال محدود رکھیں۔

### (4) معدے کے السر کے لیے

اگر کوئی معدے کے السر میں مبتلا ہو تو وہ شکرقندی کا استعمال ضرور کرے۔ اس میں موجود فائبر معدہ صاف رکھتا ہے اور کھانا ہضم کرنے اور فاضل مادہ جسم سے خارج کرنے میں مدد کرتا ہے جس سے غذا کی نالی میں تیزابیت نہیں بنتی۔ شکرقندی میں موجود کیلشیم، پوٹاشیم، وٹامن بی، وٹامن سی اور بیٹا کیروٹین السر ہونے کے خطرات سے بھی محفوظ رکھتا ہے۔

### (5) گردوں کے لیے فائدے مند

وٹامن اے سے پھیپھڑے کئی بیماریوں سے محفوظ رہتے ہیں۔ شکرقندی کے استعمال سے پھیپھڑوں کی کئی بیماریوں جیسے امفیسیما سے بچا جاسکتا ہے۔ ہارورڈ یونیورسٹی میں 124,000 افراد پر ہونے والی ایک تحقیق سے ثابت ہوا کہ وہ لوگ جو باقاعدگی سے ایسی غذا کا استعمال کرتے ہیں جس میں کیروٹینائیڈ موجود ہو ان میں پھیپھڑوں کے کینسر کا خطرہ 33 فیصد تک کم ہوجاتا ہے۔

### (6) جلد اور بالوں کو صحتمند بناتی ہے

شکرقندی کو بیوٹی فوڈ بھی کہا جاتا ہے۔ اس میں موجود غذائی اجزاء جلد اور بالوں کے لیے بے حد مفید ہیں۔ وٹامن سی، وٹامن ای اور بیٹا کیروٹین کے اشتراک سے بننے والی شکرقندی جلد کو چمکدار بناتی ہے اور اس سے رنگ بھی صاف ہوتا ہے۔ اس کے مستقل استعمال سے بال گھنے ہوجاتے ہیں اور ان کا جھڑنا بھی کم ہوجاتا ہے۔

### (7) اعصابی قوت بڑھاتی ہے

شکرقندی کا استعمال دماغ میں موجود ٹشوز میں سوزش ہونے سے روکتا ہے۔ اس سے فائبرونوجن لیول (باقی صفحہ نمبر 58 پر)

دردی ہربل بام

پٹھوں کا درد ہو یا کوئی اعصابی درد ہو بدن کے کسی بھی جوڑ میں درد ہو فالج، لقوہ، رعشہ، کمر کا درد، پانی میں بھیگنے سے سردی لگ جائے، کسی عضو کا پھڑکنا، پنڈلیوں کا درد، نقرس، لاغری، ہاتھ پاؤں کا سوکھ جانا، موچ آجانا، بجلی کا شاک لگنا، کمر میں ڈسک پرابلم ہو یا کسی ہڈی کا ٹوٹ جانا، جوڑ جوڑ درد کرتا ہو بس دردی ہربل بام کا استعمال کریں قیمت:=/80روپے

خصوصی رعایتی پیکیج بڑی ڈبی کم قیمت، کئی ہفتے چلے

ایسا بام جو جسم کے انگ انگ سے درد نکال پھینکے

جلدی امراض کا نقش آزمایئے! ہجویری محل چلیے!

# کیلا اور اس کے چھلکے میں چھپا طاقت کا خزانہ!

ملائکہ مراد، کراچی

کیلا وہ پھل ہے جو آپ کو صحت اور طاقت بخشنے آیا ہے۔ یہ آپ کے لیے ایک پرفیکٹ پھل ہے جو کہ آپ کی زندگی بدل سکتا ہے۔ کہیں بھی کسی بھی وقت اس کو مختلف قسم کے کھانے اور پینے میں استعمال کیا جاسکتا ہے۔ اگر آپ اپنے بچے کا دودھ چھڑانا چاہ رہی ہیں تو بھی یہ آپ کے بچے کے لیے بہترین اور بھرپور غذا ہے، اگر آپ اپنے لیے فوری توانائی والی ڈرنک بنانا چاہتے ہیں تو بھی کیلے میں دودھ مکس کریں بلینڈ کریں، لیجیے آپ کا توانائی سے بھرا ڈرنک تیار ہے۔ یہ پکنک اور پارٹیز وغیرہ کے لیے بھی بالکل پرفیکٹ پھل ہے جس کو چھیلنا، کھانا آسان ہے اور اس کو کھانے میں آپ کے ہاتھ پیر بھی خراب نہیں ہوتے، اسی کو برتنا، استعمال کرنا آسان ہے۔ ویسے بھی اس کی غذائیت کے باعث اس کا پھلوں میں الگ ہی مقام ہے۔ اس میں بہت زیادہ مقدار میں پوٹاشیم موجود ہوتا ہے جس کی وجہ سے یہ بے شمار بیماریوں سے بچاتا ہے۔ آیوڈین کی کمی کو دور کرتا ہے، پٹھوں کو مضبوط کرتا ہے اس میں ٹھوس غذائیت زیادہ اور پانی کم ہوتا ہے۔

## آپ کے دل کا بہترین دوست

اس کو اگر پوٹاشیم کا سپر فروٹ کہا جائے تو بے جا نہ ہوگا۔ کیلا ہائی بلڈ پریشر کو کم کرنے میں بہت کام آتا ہے۔ یہ اسٹروک اور ہارٹ اٹیک سے بھی بچاتا ہے۔ بلڈ پریشر کو اعتدال میں رکھنے کے لیے ڈاکٹرز نہ صرف نمک (سوڈیم) کے کم استعمال کا مشورہ دیتے ہیں بلکہ ہائی پوٹاشیم لینے کی بھی تاکید کرتے ہیں۔ کیلے میں پوٹاشیم کے علاوہ فائبر، وٹامن سی اور بی 6 بھی پایا جاتا ہے جو کہ دل کی صحت کے لیے بہترین ہے۔

## صحت بخش توانائی کا ذریعہ

آپ نے یہ محسوس کیا ہوگا کہ جب بھی آپ کیلا کھاتے ہیں آپ کو اپنے اندر طاقت وتوانائی محسوس ہوتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ جو لوگ اپنی خوبصورتی اور فٹنس کو بہت اہمیت دیتے ہیں وہ عموماً اپنے جم اور ورک آؤٹ سے پہلے دو کیلے کھا لینا پسند کرتے ہیں تاکہ ان کی انرجی ورک آؤٹ کرتے ہوئے کم نہ رہے اور بلڈ شوگر لیول بڑھا رہے۔ کیلا کھانے سے ورک آؤٹ کے دوران پٹھوں کا کھنچاؤ یا اس میں بل پڑ جانے کی بھی شکایت پیدا نہیں ہوتی۔ اس کے علاوہ رات میں سوتے ہوئے جن لوگوں کی نس چڑھ جاتی ہے اس سے وہ شکایت بھی دور ہو جاتی ہے۔

## خوش رکھنے والا پھل

کیلا آپ کے ڈپریشن کو بھی دور کرتا ہے اور آپ کو خوش ہونے میں مدد دیتا ہے۔ کیونکہ اس میں ٹرپٹوفن پایا جاتا ہے جو کہ سیروٹونن میں تبدیل ہو جاتا ہے جو کہ موڈ کو خوشگوار بنانے کا نیوروٹرانسمیٹر ہے۔ اسی لیے آپ کیلا کھا کر اپنا موڈ بھی خوشگوار کر سکتے ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ پھل آپ کی بلڈ شوگر لیول کو بڑھا کر آپ کا ذہنی دباؤ ختم کرتا ہے۔ اس کے علاوہ جن حاملہ خواتین کو صبح اٹھ کر طبیعت بوجھل اور خراب لگتی ہے ان کو بھی کیلا کھانے سے افاقہ ہوتا ہے۔

## ذہنی دباؤ سے نجات

پوٹاشیم کی مناسب مقدار لینے سے آپ کی دل کی دھڑکن صحیح رہتی ہے۔ اور اس کی وجہ سے آپ کے دماغ کو آکسیجن ملتی رہتی ہے۔ اپنے جسم کے پانی کے توازن کو درست رکھنے اپنے نظام انہظام کو صحیح رکھنے میں بھی یہ مددگار ہے، اس کے علاوہ اس کی وجہ سے آپ کے ذہنی دباؤ میں کمی آتی ہے اور آپ اچھا محسوس کرتے ہیں۔

# بڑی آنت کے کینسر سے بچاؤ اور عینک توڑ پھل

## اپنے آپ کو متحرک اور اسمارٹ بنائیں

کوشش کریں کہ کسی امتحان یا پریزینٹیشن پہ جانے سے پہلے کیلا کھا کر جائیں، کیلے میں موجود پوٹاشیم لیول آپ کو الرٹ تیز، متحرک اور اسمارٹ رکھتا ہے آپ کے سوچنے سمجھنے کی صلاحیت بہتر ہو جاتی ہے۔ اور آپ اپنا بہترین کام پیش کرنے کے لیے تیار ہو جاتے ہیں۔

## آپ کے پیٹ کا بہترین محافظ

کیلے میں موجود پیکٹن اور ہضم کرنے والے انزائمز آپ کے جسم سے تیزابیت اور بھاری غذا جو کہ ہضم ہونے میں پریشان کن ہو، ایسی تمام چیزوں کو کیلے میں موجود اجزاء جسم سے نکال باہر کر دیتے ہیں۔ قبض یا دست کی صورت میں یہ جب آپ کے جسم کو پریشان کرتے ہیں تو کیلا ان دونوں صورتوں میں اس کو ٹھیک کر دیتا ہے۔ یہ نہ صرف آپ کے ہاضمے کو درست کرتا ہے بلکہ آپ کے الیکٹرولائٹس کو بھی محفوظ رکھتا ہے۔ ایک قدرتی پری بایوٹک اور اینٹیسڈ کے طور پر بھی کیلا دوست بیکٹیریا کی حفاظت کرتا ہے اور معدے کے السر، سینے کی جلن اور تیزابیت سے بچاتا ہے۔

## وزن کم کرنا چاہتی ہیں تو۔۔۔

اگر آپ اپنے وزن کو کم کرنا چاہ رہی ہوں لیکن آپ اپنے میٹھے کی طلب پر قابو نہ پاسکیں تو آپ کیلے کی مٹھاس پر آجائیں یعنی کیلے سے اپنی یہ طلب پوری کریں، یہ کم کیلوری پھل ہے لیکن اس میں پانی کم اور فائبر زیادہ ہے جس کی وجہ سے آپ کا ہاضمہ کچھ سست ہو جاتا ہے۔ اور اسی بناء پر آپ کو بار بار بھوک نہیں لگتی اور کھانے کی طلب کم ہوتی ہے۔

## نظر کی تیزی

وٹامن اے اور بیٹا کیروٹین کا بنیادی ذریعہ ہونے کی وجہ سے کیلا آپ کی آنکھ کے قرنیہ کی روشنی کو درست رکھتا ہے اور آپ کی نظر کو بھی صحیح رکھتا ہے۔ اس کو کھانے سے آپ کی نظر تیز ہوتی ہے۔ ان سب خصوصیات کو پڑھ کر پتہ چلتا ہے کہ کیلے میں قدرت نے کتنی ساری غذائیت پوشیدہ رکھی ہے، یہ ایک سستا پھل ہے جو کہ ہر ایک کی پہنچ میں ہے یہ ہماری پوری جسمانی صحت کے لیے ایک اہم پھل ہے جس کے اہم غذائی اجزاء کینسر کی بھی روک تھام کرتے ہیں۔ اس میں موجود فائبر کی بڑی مقدار بڑی آنت کے کینسر سے محفوظ رکھتی ہے۔ اس میں موجود آئرن جسم سے ہیموگلوبن کی کمی کو پورا کرتا ہے، اس میں موجود کیلشیم ہڈیوں کو مضبوط کرتا ہے، اس کے علاوہ بخار ہونے کی صورت میں بھی یہ جسمانی حرارت کو کم کرتا ہے۔ کیلے کے بارے میں کہا جاسکتا ہے کہ یہ قدرت کی طرف سے ہمارے لیے ایک انعام ہے، اس کی بھرپور غذائیت جسم میں توانائی کی کمی کو دور کر کے اسے صحت اور تندرستی عطا کرتی ہے۔ یہ غریب اور امیر دونوں میں یکساں مقبول پھل ہے۔ اس لیے کہا جاسکتا ہے کہ کیلا صرف بندروں کی غذا نہیں ہے۔

جوہر شفاء مدینہ موت کے علاوہ ہر مرض کا علاج
شفاء کا ایسا بیش بہا خزانہ جس کا انتخاب بیشتر نبوی جڑی بوٹیوں سے کیا گیا سالہا سال کے تجربات نے اسے خود گارنٹی اور کسوٹی بنا دیا ہے
معدہ کا مسئلہ، بلڈ پریشر، جگر، گردے یا دل کے امراض صرف چند ڈبیاں آپ کو ان امراض سے نجات دلا سکتی ہیں
بڑی سے بڑی قیمتی ادویات جہاں ناکام ہو جاتی ہیں وہاں یہ دوا کام کرتی ہے۔
قیمت 180 روپے علاوہ ڈاک خرچ
پسندیدہ نوکری آپ کے پیچھے! ہجویری محل چلیے!

☆ عبقری کتب، ادویات گھر بیٹھے منگوائیں۔ کال کریں: 0332-7552382 ☆ ڈبی پر لکھی قیمت ہی اصل تصور ہوگی ☆ عبقری ادویات، رسالہ یا ایجنسی سے متعلق تجاویز شکایات: صرف میسج 0343-8710009

علامہ لاہوتی پراسراری

سلسلہ وار آپ بیتی قسط نمبر 133

# جنات کا پیدائشی دوست

ایک ایسے شخص کی سچی آپ بیتی جو پیدائش سے اب تک اولیاء جنات کی سرپرستی میں ہے اس کے دن رات جنات کے ساتھ گزر رہے ہیں۔ قارئین کے اصرار پر سچے حیرت انگیز دلچسپ انکشافات قسط وار شائع ہورہے ہیں لیکن اس پُراسرار دنیا کو سمجھنے کیلئے بڑا حوصلہ اور حلم چاہیے

## جنات کی زندگی ایک پہلو یہ بھی ہے

آج جی چاہتا ہے آپ کو جنات کی سخاوت اور رحم دلی کے واقعات سناؤں۔ ظلم' جنات کی کالی راتیں' کالا جادو سختی تلخی لڑائی جھگڑے دشمنی انتقام یہ تو بہت سنا راتوں کی دشمنی' دن کا روگ' مشکلات حالات پریشانیاں پیدا کرنا چوریاں کرنا' ڈاکے ڈالنا' بے حیائی' بے شرمی اور بدکاری کے واقعات جنات شیاطین کے بہت سنے' کپڑے کٹ گئے' گھر جل گئے' آگ لگا دی' گھر میں خون کے' پانی کے چھینٹے' رزق کی بندش' جادو کا جنات کا دندنانا' گھر میں ہنومان کا پھرنا جس کا سارا جسم انسان سر بندر کی طرح ہوتا ہے' یہ واقعات بہت سننے کو ملے' دیکھنے کو ملے' سمجھنے کو ملے' پڑھنے کو ملے لیکن جنات کی زندگی کا ایک پہلو ایسا ہے جو اکثر پوشیدہ ہوتا ہے یا بہت کم واقعات ہیں جو کہ جنات کی زندگی میں ملتے ہیں اور لوگ اکثر ان کو بیان نہیں کرتے' زندگی کا اصول ہے کہ اس کو دونوں پہلوؤں سے لیا جائے اگر دونوں پہلوؤں سے نہ لیا تو زندگی کا نظام بے کار ہے اور انسان کسی بھی چیز کے صرف ایک پہلو کو اگر بیان کرے اور دوسرے کو بیان نہ کرے تو یہ ناانصافی ہے اور سراسر ظلم ہے اور زیادتی ہے آئیں میں آپ کو جنات کی زندگی کا ایک ایسا پہلو بتاتا ہوں جو سدا پوشیدہ رہا اور سربستہ رازوں میں رہا' چھپا رہا بہت کم لوگ اس کو بیان کرتے ہیں لیکن یہ حقیقت ہے ہوا یہ:۔

## جناتی سواری کا سفر

ایک دفعہ میں جناتی سواری میں سفر کررہا تھا' یہ دن کا اجالا تھا رات کی تاریکی نہیں تھی جنات کی سواری بہت تیزی سے سفر کرتی ہے' دنیا کے جہاز راکٹ اس کے سامنے کوئی حیثیت نہیں رکھتے جیسے کہتے ہیں کہ چشم زدن میں یعنی پلک جھپکتے ہی اسی طرح ان کی سواری کی رفتار اور سپیڈ ہوتی ہے اور ان کی سواری بہت تیزی سے کسی سفر میں رواں دواں ہوتی بالکل یہی صورتحال جنات کی تھی اور جنات مسلسل سفر کررہے تھے میں اور کچھ اور جنات اس سواری پر بیٹھے ہوئے تھے اچانک نیچے سے روشنیاں اور ایک طرف سے دھواں محسوس ہوا میں نے اپنے بڑے جن سے جن کے ہاں ہم جارہے تھے ان سے پوچھا کہ یہ روشنیاں اور دھواں کہاں سے نکل رہا اور یہ کیا ہے؟ کہنے لگے روشنیاں تو یہ ہیں کہ آگ جل رہی ہے اور جگہ جگہ دیگیں پک رہی ہیں اور دھواں اس لکڑی کے جلنے کا ہے مجھے حیرت ہوئی کہ کیا اتنی آگ جل رہی؟ کیا اتنی دیگیں پک رہی؟ کیا اتنے لوگ جمع ہیں؟ کہنے لگے: ہاں اور پھر ایک واقعہ سنایا جس نے مجھے حیرت زدہ کردیا اور واقعی میں حیران ہوا کہ کیا ایسے واقعات بھی ہوتے ہیں۔

## ایک غریب موچی اور سخی جن

واقعہ یہ ہے: ایک غریب موچی' جس کا باپ' دادا موچیوں کا کام کرتا تھا' اس کے گھر میں ایک پرانا سا کمرہ تھا جس میں جانوروں کے لیے بھوسہ رکھتے تھے' ایک مرتبہ اس بھوسے کو آگ لگ گئی' جھونپڑی بھی جل گئی' بھوسہ بھی جل گیا' وہ پریشان حال جھونپڑی کے باہر بیٹھا رو رہا تھا' بڑی مشکل سے گاؤں بھر نے مل کر اس آگ کو بجھایا اور آگ بجھی۔

وہ غریب آدمی تھا' اس کے جانوروں کے سال بھر کا چارا بھی یہی تھا' گزارا بھی یہی تھا' اس کے بچوں کا دودھ' اس کے گھر کا خرچ چھن گیا' وہ کچھ دودھ بچوں کو پلاتا' کچھ بیچ کر اپنے گھر کی گزر بسر کرتا تھا لیکن اس کا سب کچھ لٹ گیا سب مال سب چیزیں ختم ہوگئیں' وہ حیران تھا' پریشان تھا' رو رہا تھا۔

جناتی اڑن کھٹولے کے اندر بیٹھے اس جن نے ٹھنڈی سانس لی اور کہنے لگا: میرا ایک قریبی دوست اچانک وہاں سے گزر رہا تھا وہ سخی تھا' اور سخاوت میں حاتم طائی تھا اسے جب یہ حالات نظر آئے وہیں بیٹھ گیا اب یہ بوڑھا اور غریب موچی رو رہا تھا' وہ جن کو نہیں دیکھ رہا تھا جن اس کو دیکھ رہا تھا' اس کے گھر والے' اس کے بچے بھی رو رہے تھے' ابھی گندم کی فصل کو گیارہ مہینے رہتے ہیں' ان گیارہ ماہ میں کون ان کا ساتھ دے گا؟ پھر گندم آئے گی' پھر بھوسہ بنے گا' پھر جانوروں کا چارہ بنے گا۔

## فقیر جوگی کی تسلیاں

اچانک ہمارے جن دوست نے ایک فقیر جوگی کا روپ دھارا اور صدا لگاتا ہوا آیا' دعائیں دیتا ہوا آیا' خیرات مانگنے والے کے روپ میں اور ان کے پاس آکر بیٹھ گیا۔ ان سے پوچھنے لگا' پھر خود ہی کہنے لگا: لگتا ہے بھوسہ کو آگ لگ گئی اور گھر کا سارا ایندھن جل گیا' حیران ہوں آپ نے صبر کیسے کرلیا اور پریشان بھی ہوں کہ آپ کا نظام اب کیسے چلے گا؟ جوگی نے انہیں تسلیاں دیں جو کہ اصل میں جن تھا اور بڑے اطمینان سے کہا کوئی حرج نہیں میرا ایک دوست ہے' وہ قرض دیتا ہے لیکن دیتا اس بنیاد پر ہے کہ نہ اس میں منافع نہ سود۔ بس وہ کہتا ہے کہ جب آپ کو سہولت ہو اور آپ کا ہاتھ سیدھا ہو اور رزق میں وسعت اور برکت ہو' آہستہ آہستہ آکر کے لوٹا دینا اور وہ جوگی جن کہنے لگا: ہاں دیکھو' خیال کرنا پریشان نہ ہونا اگر آپ نہ لوٹا سکو' آپ کی اولاد لوٹا دے' آپ کی اولاد نہ لوٹا سکے تو آپ کے گھر کا کوئی فرد لوٹا دے' مایوس نہ ہونا اور پریشان نہ ہونا' آپ کو ہمیشہ خیریں' راحتیں' برکات اور شان و شوکت ملے گی' دولت آپ کے ساتھ ہمیشہ رہے گی' بالکل مایوس پریشان نہ ہونا۔

## ہاں! اس رزق سے کاروبار بھی ضرور کرنا

یہ بات سنتے ہی وہ غریب موچی ممنون نظروں سے اس کو دیکھنے لگا کہ یہ جوگی کیا تھا؟ بہت بڑا محسن تھا جس نے اس کے اوپر احسان کی سچی راہیں کھولیں تھیں۔ گاؤں کا کوئی فرد اس کو یہ نہیں کہہ گیا تھا ہم بھوسہ دے دیں گے' افسوس کرنے' تسلیاں دینے سب آئے تھے لیکن کسی نے اس کو یہ ہرگز نہیں کہا تھا کہ ہم اس کا ساتھ دیں گے اور اس کی دل کی گہرائیوں سے کوئی مدد کریں گے' اب اس جوگی نے کہا: ٹھہرو میں اس کو بلا کر لے آتا ہوں اور کہنے لگا: میں تو چلا جاؤں گا' وہ بندہ آئے گا' تھوڑی دیر میں میں اس کو بھیجتا ہوں' وہ آپ کی مدد کرے گا' آپ مایوس پریشان نہ ہونا' آپ بھوسہ بھی لے لو اور ہاں اس رزق سے تھوڑا سا اپنا کاروبار بھی کرلینا' بڑی برکت والا پیسہ ہوگا اور اس پیسے سے تم مالا مال اور خوشحال ہوجاؤ گے اور دنیا کی ہر نعمت سے بے پرواہ ہوجاؤ گے' تمہیں اس کے بعد دنیا کی کسی چیز کی ضرورت تک نہیں پڑے گی۔ یہ بات زیادہ لوگوں میں پھیلانا نہیں' ورنہ لوگوں کے حسد اور ہوک کی نظر تمہیں کھاجائے گی' بہت تسلیاں دیں' گھر کے بچے اسے حیرت سے دیکھ رہے تھے' بیوی اس کو دعائیں

موتی مسجد اور تسبیح خانہ میں دھوکہ فراڈ

حضرت علامہ لاہوتی نے موتی مسجد کو اعمال اور عبادات کیلئے متعارف کرایا' نہ کہ دھوکہ اور فریب کیلئے۔ مرد' عورتیں وہاں خود کو حضرت علامہ اور حضرت حکیم صاحب سے اجازت یافتہ ظاہر کرکے لوگوں کو دونوں ہاتھوں سے لوٹ رہے ہیں۔ براہ کرم! ان لوگوں کے فریب سے بچیں۔ اگر ایسا کوئی فرد پائیں تو ادارہ کو خط یا درج 0343-8710009 نمبر پر صرف میسج کرکے اطلاع ضرور دیں بلکہ اس اعلان کو لوگوں میں عام کریں تاکہ کوئی دھوکہ نہ کھائے۔ نیز وہاں آثار قدیمہ کے قوانین کی خلاف ورزی نہ کریں۔ مزید: دوران درس تسبیح خانہ لاہور میں بعض خواتین خود کو حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کی نمائندہ ظاہر کرتی ہیں ایسا ہرگز نہیں ہے۔

41 بیماریوں کیلئے دم شدہ گڑ! ہجویری محل چلیے!

دے رہی تھی اور غریب موچی بس اس کو جو کہے جارہا تھا خود اسے پتہ نہیں تھا کہ احسان مندی کے الفاظ بعض اوقات انسان کو خود بھی یاد نہیں رہتے۔ یہی تسلیاں دے کر وہ جوگی اٹھا اور چلا گیا اور جاتے جاتے درختوں کے جھنڈ میں کہیں اندر گم ہوگیا۔

## وہی جوگی اب ایک سوداگر بن کر آیا

جناتی اڑن کھٹولے میں بیٹھا وہ جن بہت محبت‘ پیار کے لہجے میں کہنے لگا تھوڑی ہی دیر میں وہی جوگی ایک سوداگر کے روپ میں پھر آیا اور کہنے لگا: ابھی مجھے کچھ دیر پہلے ایک جوگی نے آکر آپ کے گھر کے حالات سنائے‘ بولو کیا حالات ہیں؟ گھر والے بہت مشکور ہوئے‘ ہر بندہ بھاگ دوڑ میں لگ گیا اس کے لیے کوئی چیز کھانے پینے کی بنائی جائے‘ کچھ بچھونا لگایا جائے‘ اس نے سب منع کردیا اور کہا وقت تھوڑا ہے‘ بتاؤ کیا مسئلہ ہے؟ جس دور میں سونا چند روپے تولہ ہوتا تھا اس دور میں انہیں تیرہ روپے اس شخص نے دیئے اور تیرہ روپے سے مراد یہ ہے کہ ان کے اگر چالیس خاندان بھی ایک سال تک بیٹھ کر کھائیں اور جی بھر کر کھائیں اور ذخیرہ بھی کرلیں تو ان کو کسی چیز کی کمی نہ ہوگی اور وہ ہمیشہ مال دار رہیں گے۔ وہ تیرہ روپے اپنے ہاتھ پر دیکھ کر حیرت زدہ ہوئے‘ خاتون نے فوراً اپنے ڈوپٹے کے پلو میں باندھ لیے اور حفاظت سے دونوں ہاتھوں میں لیے بیٹھ گئی‘ انہوں نے زندگی میں پہلی مرتبہ تیرہ روپے دیکھے تھے‘ خاتون نے کہا میں نے زندگی میں زیادہ سے زیادہ تین اور مرد کہنے لگے سات روپے دیکھے ہیں۔ وہ چاندی کے سکے تھے‘ اس دور میں چاندی کے روپے ہی چلتے تھے‘ وہ تیرہ روپے دے کر سوداگر نے تسلی دی اور کہا: یہ میں آپ کو قرض حسنہ دے رہا ہوں‘ بالکل پریشان نہ ہونا‘ تسلی رکھنا‘ یہ قرضہ میرا کوئی آدمی مانگنے نہ آئے گا‘ آپ کو جب بھی سہولت ہوگی پیسے بنا کر رکھیے گا میں یا وہی جوگی آتے جاتے لے جائے گا۔

## تم شادوآباد ہوجاؤ گے

ہاں! پہلے اپنا کاروبار کرنا‘ اپنے کاروبار میں سب کچھ لگا دینا‘ صرف سوا روپے میں تمہارا سارا بھوسہ آجائے گا‘ باقی جتنے پیسے بچتے ہیں ان سب سے کاروبار کرو‘ یہ برکت والا پیسہ ہے‘ تمہارا کاروبار چمکے گا اور بہت زیادہ تم رزق‘ صحت اور برکت کے معاملے میں آباد اور شاد ہوجاؤ گے اور تمہارے مسائل حل‘ مشکلات دور اور تمہاری ناکامیاں ختم ہوں گی۔ تم عزت‘ راحت‘ برکت‘ صحت اور شفاء پاؤ گے اور تمہاری زندگی میں خوشی‘ خوشحالی‘ راحت اور رحمت ملے گی بالکل پریشان نہ ہونا اور مایوس بھی نہ ہونا۔ تمہاری پریشانی اور مایوسی مجھ سے نہ دیکھی جائے گی‘ بس تمہیں جو کچھ میں نے دیا ہے یہ تمہاری زندگی کے لیے ایک بہترین سرمایہ ہے‘ اس سرمائے کی قدر کرنا‘ میں ہمیشہ تمہارا ساتھ دوں گا۔ بس یہ تسلی کے چند بول‘ بول کر وہ سوداگر چلا گیا۔

**اسی سخی‘ باکمال درویش‘ ولی‘ نیک ہستی اور درویش جن کی ذمہ داری ہے کہ وہ ہجویری محل میں آکر دکھیارے‘ غم کے مارے اور پریشان لوگوں کی دعاؤں پر آمین کہیں۔ لوگ جس وقت بھی جہاں سے بھی آئیں یہ باکمال ولی جن‘ اس ولی جن کی عمر صدیوں سے بھی زیادہ ہے‘ بس ان کا کام صرف ان دکھیارے اور مجبور لوگوں کی دعاؤں پر آمین کہنا ہے اور ان پر دم کرنا ہے جو بھی ہجویری محل میں آتا ہے وہ نیک ولی جن اس کے لیے دعا بھی کرتے ہیں‘ آمین بھی کہتے ہیں اور دم بھی کرتے ہیں۔ بس بات ہے طلب‘ تڑپ اور یقین کی۔ بے یقین ہمیشہ جھولی خالی لے کر جاتا ہے‘ کبھی بھری لے کر نہیں جاتا۔**

## اب اتنا پیسہ سنبھالا مشکل

گھر والے خوش تھے‘ اب اتنا پیسہ سنبھالنا ان کیلئے مشکل تھا‘ پریشان تھے اس کو رکھیں کہاں؟ کہیں چوری نہ ہوجائے‘ دھوکہ نہ ہوجائے‘ اس غریب موچی نے ایک دفعہ کہیں سے ایک آدھ بوری چنے کی لی تھی اور لے کر ہی جارہا تھا راستے میں کسی نے پوچھا بیچو گے؟ اس نے کہا ہاں‘ اس نے کچھ اپنا منافع رکھ کر اسے بتایا کہ اتنے کی بیچوں گا‘ اس شخص نے وہ چنے کی بوری لے لی اور اسے تھوڑی ہی دیر میں وہ منافع اچھا لگا۔ کئی کئی دن تک ایک جوتی بناتا رہتا تھا‘ کسی سے آنا‘ ٹکا اور کسی سے دو آنے اور حد کسی سے چار آنے بچتے تھے لیکن اس تھوڑی سی تجارت سے تو اسے ڈیڑھ روپے بچ گئے تھے‘ اس نے سوچا کیوں نہ میں چنے اور جنس کا کاروبار کروں کیونکہ اجناس کا کاروبار اس کے ساتھ بڑا شہر اس میں ہوتا تھا‘ اس نے اللہ توکل کیا اور شہر کی طرف چل پڑا‘ وہاں جاکر اس نے ساڑھے پانچ روپے کی جنس خریدی اور ساڑھے پانچ کی جنس خرید کر اس نے منڈی میں اس جنس کی بولی لگائی کیونکہ رزق حلال تھا‘ کسی فقیر کی دعا تھی اور توجہ تھی اس کو تو آناً فاناً اسی ساڑھے پانچ روپے کی جنس میں پونے تین روپے بچ گئے‘ پھر اس نے جاکر ساڑھے آٹھ روپے کی اور جنس لی اور اسے آکر منڈی میں بیچا‘ بیوپاری آئے‘ گاہک آئے انہوں نے جنس دیکھی کیونکہ اس نے ہر چیز میں ایمانداری کو پیش نظر رکھا تھا‘ ملاوٹ اور دو نمبری اس کے ذہن میں تھی ہی نہیں۔ یہ جب موچی تھا اس وقت بھی ایمانداری کے ساتھ زندگی گزار رہا تھا‘ اب یہ تاجر ہے‘ وہی مزاجوں اور رگوں میں رچی بسی ایمانداری اس کو بھلی لگی اور اس کے کام آئی اور یہ شخص اس ایمانداری کے ساتھ یوں آگے بڑھتا چلا گیا اور اس کی زندگی میں خیریں اور برکات آتی چلی گئیں‘ اب اس کو پھر اچھی خاصی بچت ہوئی اور پھر یہ بہت سارے روپے لے کر گھر آیا۔ گھر آکر یہی حال سنایا اور کچھ اچھا کھانا‘ اچھا پہننا‘ گھر کی ضرورت‘ کچھ کپڑے اور کچھ اور چیزیں برتن بھی ساتھ لایا۔ وہ پہلا دن تھا اور پہلی رات تھی جب اس کے بچے پیٹ بھر کھا کر سوئے اور اس گھر میں احساس ہوا کہ تونگری داخل ہوئی ہے اور کیسے ہوئی ہے؟ بس غیب سے ہوئی ہے۔

## ترقی! جس کی تلاش تھی وہ مل گئی!

یہ بہت خوش ہوا‘ منڈی قریب تھی‘ آدھ پونا دن روزانہ جاتا‘ جنس بڑے بیوپاریوں سے لیتا اور بازار کے چوک میں جنس رکھتا اور یوں اس کی جنس فوراً بک جاتی‘ وہاں چہ مگوئیاں ہونے لگیں‘ یہ کون شخص ہے‘ جو ابھی آیا ہماری جنس تو بعض اوقات ہفتوں یا دنوں پڑی رہتی (باقی صفحہ نمبر 58 پر)

**حضرت علامہ صاحب بتائیں گھریلو الجھنوں کا حل**
اپنی گھریلو الجھنیں رسالے کے صفحہ نمبر **65** پر دیا گیا کوپن پُر کرکے بھجوادیں۔ کوپن کے بغیر خطوط کا جواب نہیں دیا جائے گا۔ جوابی لفافہ کے ذریعے جواب نہیں بذریعہ رسالہ ہی ہوگا۔

**اس سے بھی زیادہ پراسرار واقعات اور لاجواب وظائف اور سابقہ اقساط پڑھنے کیلئے ”جنات کا پیدائشی دوست“ کتاب پڑھیے۔**

ایسے والدین جن کے بچوں کی شادی صرف اس بیماری کی وجہ سے نہیں ہورہی ان کی پریشانی ہوئی ختم
برص پھلبہری کورس برص‘ خارش‘ چنبل‘ کوڑھ‘ جذام سمیت جلد کے تمام امراض کا شافی علاج 500
دنیا و آخرت میں عزت! ہجویری محل چلیے!

# کارِ دعوت ہی عزت و سربلندی کا راستہ ہے

داعی اسلام حضرت مولانا محمد کلیم صدیقی مدظلہ (پھلت): حضرت مولانا عالم اسلام کے عظیم داعی ہیں جن کے ہاتھ پر تقریباً 5 لاکھ سے زائد افراد اسلام قبول کرچکے ہیں۔ ان کی کتاب ''نسیم ہدایت کے جھونکے'' پڑھنے کے قابل ہے۔

ارحم الرحمین حکیم وخبیر رب نے اپنے آخری نبی ﷺ کو رحمۃ للعالمین بنا کر اس دنیا میں رحمت کی ہوائیں چلانے کے لیے بھیجا، اور ہمیں نبی رحمت ﷺ کا اپنے فضل خاص سے بلا استحقاق اور بلا طلب امتی بنایا اور آپ پر ختم نبوت کا اعلان فرما کر اپنے خاص کرم اور عنایت سے وہ عظیم المرتبت کام جس کے لیے انبیاء کو معبوث فرماتے تھے، اس کی نیابت ہمیں عطا فرما کر ہمیں خیر امت کا عظیم لقب اور منصب عطا فرمایا اور بڑے فخر سے اپنے منشور میں اعلان فرمایا: ''کنتم خیر امة اخرجت للناس تأمرون بالمعروف و تنہون عن المنکر'' تم سب سے اچھے ہو، تم سب سے بہتر امت ہو قرآن مجید کی اس آیت شریفہ کو پڑھتے وقت ایسا لگتا ہے جیسے کوئی ماں باپ اپنی اولاد میں اپنے اس بیٹے یا بیٹی کو جو بہت سی اولاد میں اپنے اس بیٹے یا بیٹی کو جو بہت سی اولاد میں سب سے زیادہ سعید وفرمانبردار اور کسی صلاحیت کی وجہ سے اس کو قابل فخر کہے، مثلاً کہتے ہیں یوں تو شمار کرنے کے لیے میرے پانچ بیٹے اور پانچ بیٹیاں ہیں مگر مولوی عبداللہ یا فلاں بیٹے کے کیا کہنے، بالکل اسی طرح رب کائنات بڑے فخر کے ساتھ ہمارے خیر امت ہونے کو ہمارے عظیم المرتبت کام اور ذمہ داری کے ساتھ ذکر کرتے ہیں، کنتم خیر امة اخرجت للناس

تم سب سے اچھے ہو، تم بہتر ہو، تم انسانیت کی نفع رسانی اور خیر خواہی کے لئے نکالے گئے ہو اور بھلائی بھی سب سے عظیم، کہ تم پوری انسانیت کی خیر خواہی اور نفع رسانی کے لیے نکالے گئے ہو، تم سب کو بھلائی کا حکم کرتے ہو اور برائی سے روکتے ہو۔ یہ دین قیامت تک رہنے والا ہے، تحریف کے سارے راستے بند کردیئے گئے ہیں، مشہور مفسر علامہ طبری نے اس آیت کی تفسیر میں روایت نقل کی ہے کہ تم ایمان کا حکم کرتے ہو اور کفر وشرک سے روکتے ہو، مفسرین کے سرخیل حضرت عبداللہ بن عباس کا قول اس آیت کے ذیل میں مفسرین نے نقل کیا ہے کہ ایمان والوں کو ان کی ماؤں کے پیٹوں سے داعی بنا کر نکالا گیا ہے، امیر المومنین حضرت عمرؓ کا ارشاد بھی مفسرین نے نقل کیا ہے کہ تمہاری سرداری دعوت کی شرط کے ساتھ مشروط ہے۔ یہ اشکال اور خیال بار بار ذہنوں میں خلجان پیدا کرتا ہے، خصوصاً آج کے دور میں، کہ پوری دنیا میں امت مسلمہ تو ذلت، مغلوبیت اور محکومیت کا شکار ہے، جبکہ قرآن مجید میں اس کو خیر امت، سردار اور سب سے بہتر امت کہا گیا ہے، اور آج پورے عالم میں مسلمانوں سے زیادہ ذلت سے کوئی قوم دوچار نہیں تو یہ خیال قرآن کو صحیح نہ سمجھنے کی وجہ سے پیدا ہوتا ہے، اصل میں یہ خیال صحیح نہیں ہے کہ ہر عبداللہ اور عبدالرحیم خیر امت ہے، بلکہ قاعدہ ہے افسری کروگے تو افسر کہلاؤ گے، جھاڑو لگاؤ گے تو افسر کیسے کہلاؤ گے، قرآن مجید نے خیر امت کو دعوت کی شرط کے ساتھ مشروط کیا ہے، یعنی نبیوں کی راہ چلو گے تو خیر امت کہلاؤ گے، نبیوں کی راہ کیا ہوتی ہے؟ سب کچھ لٹ جائے، آرام قربان، مال قربان، اولاد قربان، عزت وآن قربان ہوجائے سب کچھ لٹ جائے اور اللہ کے بندے اللہ سے جڑ جائیں اور تباہی، نافرمانی اور جہنم کا راستہ چھوڑ کر جنت میں چلے جائیں۔ نبیوں کی راہ چلو گے تو خیر امت کہلاؤ گے، جو خیر تمہارے پاس ہے اس کو سب کو بانٹو گے، سب کا بھلا چاہو گے تو خیر امت کہلاؤ گے، نبیوں کی راہ فقیروں کی راہ نہیں ہے، کہ سب کو دینے کی بجائے سب سے لینے، اور طلب کرنے کی راہ چلو نبیوں کی راہ یہ نہیں کہ سب کچھ میرے پاس آجائے، میرا بینک بیلنس، میرا اکاؤنٹ، میری تجارت، میری پراپرٹی، میرا گھر اور پریوار کا موت سے پہلے کا اسٹیٹس، یہ فقیروں کی راہ ہے، اس پر چل کر کیسے خیر امت کہلا سکتے ہو؟ امت مسلمہ کا المیہ یہ ہے کہ وہ نبیوں اور فقیروں کی راہ چل کر نبیوں اور سخیوں کے سرداروں کی عزت کے خواب دیکھتی ہے اور وہ امت جسے ساری انسانیت کو دین رحمت سے وابستہ کرنے کے لیے برپا کیا گیا تھا، دعوت کی اپنی راہ بھول گئی ہے۔ اس لیے خیر امت کو اس کا دعوتی مقام دلانے کے لیے ضروری ہے کہ اللہ کے رسول ﷺ کی سیرت پاک کا بحیثیت رسول مطالعہ کیا جائے اور آپ ﷺ کی زندگی کے دعوتی پہلو کو اُجاگر کیا جائے، کاش! اللہ تعالیٰ ہمیں اس کا شعور عطا فرمائیں۔

## آزمودہ وظائف سے گھریلو الجھنوں کا حل


**پھنسے پیسے مل گئے:** محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! کاروبار کے لین دین میں میرے ایک شخص کے پاس پانچ لاکھ روپے پھنسے ہوئے تھے تقریباً ڈیڑھ سال سے، وہ پیسے ادا نہیں کررہا تھا ہر بار ایک نیا بہانہ بنا کر بات کو ٹال دیتا' ایک دوست نے ''آزمودہ وظائف سے گھریلو الجھنوں کا حل'' کتابچہ مجھے دیا اور اس میں دیئے گئے اعمال پڑھنے اور تقسیم کرنے کا کہا میں نے 500 کتابچہ تقسیم کیا' اعمال کیے' ایک ماہ کے اندر اس شخص کی اچانک مجھے کال آئی اور کہنے لگا بھائی آپ کے اکاؤنٹ میں' میں پانچ لاکھ جمع کروا رہا ہوں' تھوڑی دیر کے بعد بینک کی طرف سے میسج موصول ہوا اور رب کا شکر ادا کیا۔ (حامد، نارووال)

**جھوٹا مقدمہ ختم ہوگیا:** محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! پچھلے ایک سال سے مجھ پر مخالفین نے جھوٹا مقدمہ درج کروا رکھا تھا پیشیاں بھگت بھگت کر میں تھک گیا تھا۔ میرے ایک جاننے والے نے مجھے ''آزمودہ وظائف سے گھریلو الجھنوں کا حل'' کتابچہ تقسیم کرنے کا' کہا میں نے تین بار 200 کتابچہ تقسیم کیا اللہ تعالیٰ نے فیصلہ میرے حق میں کردیا اور میں جھوٹے مقدمے سے بری ہوگیا۔ (ف، لاہور)

**بیٹے کا ویزہ لگ گیا:** محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا بیٹا پڑھنے کیلئے انگلینڈ جانا چاہتا تھا لیکن ویزہ نہیں لگ رہا تھا جس وجہ سے وہ بہت پریشان تھا میری ایک سہیلی نے ''آزمودہ وظائف سے گھریلو الجھنوں کا حل'' کتابچہ دیا میں نے اس میں سے اعمال کیے اور کتابچہ تقسیم کیا دو ماہ کے اندر بیٹے کا ویزہ لگ گیا۔ (والدہ مبشر، لاہور)

**بیٹی کو میڈیکل کالج میں داخلہ مل گیا:** محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! بیٹی کو میڈیکل کالج میں داخلہ نہیں مل رہا تھا صرف ایک نمبر کا فرق تھا کافی سفارشوں کے بعد بھی کام نہ بنا میری ایک جاننے والی نے (باقی صفحہ نمبر 58 پر)

قارئین! ابلارنگ ونسل دکھی انسانیت کی خدمت ہمارا عزم ہے۔ آپ بھی اس روشنی کو دوسروں تک پہنچایئے! یہ کتابچہ خود بھی پڑھیے اور دکھی عوام تک بھی زیادہ سے زیادہ پہنچائیں۔ جیلوں' ہسپتالوں' کچہریوں میں موجود پریشان لوگوں تک پہنچا کر دادرسی کا ذریعہ بنیں! (قیمت فی کتابچہ 20 روپے' تقسیم کیلئے خاص رعایت صرف 10 روپے میں حاصل کیجئے)



آگ شفاء — جلے ہوئے کیلئے بہترین مرہم
خدانخواستہ کسی وجہ سے بھی جل جائیں مثلاً (آگ سے، ابلتا ہوا پانی گرجائے، گرم دودھ، کرنٹ لگنے سے جل جائیں' گرم استری لگنے سے' کھانا پکاتے ہوئے ہاتھ جل جائے یا بچہ انجانے میں کسی گرم چیز میں ہاتھ ڈال دے' موٹر سائیکل کا گرم سلنسر لگ جائے' فیکٹری میں کام کرتے ہوئے کسی وجہ سے جسم کا کوئی حصہ جل جائے۔) گھبرائیں نہیں' آگ شفاء استعمال کریں (قیمت 100 روپے)

ہائی بلڈ پریشر' شرطیہ تعویذ! ہجویری محل چلیے!

# شدید موسم سرما اور وائرل انفیکشن!

حیدر رضا، راولپنڈی

سردیوں کا آغاز ہوتے ہی خشک اور ٹھنڈی ہوائیں چلنا شروع ہوجاتی ہیں' موسم کی عمومی تاثیر خشک رہتی ہے جس کی بناء پر جہاں دیگر معمولات زندگی متاثر ہوتے ہیں' وہاں صحت کے حوالے سے بھی کچھ مسائل پیدا ہونے لگتے ہیں۔ نزلہ، زکام،، انفلوئنز اور گلے کے درد کے ساتھ کھانسی اور سینے میں ٹھنڈ کے ساتھ ساتھ درد کے مسائل سامنے آنے لگتے ہیں۔ ذیل میں سردیوں کے کچھ خاص امراض اور ان سے نبرد آزما ہونے کے بارے میں بتایا جارہا ہے۔

## ٹھنڈ اور بیماریوں کی دعوت عام

عام طور پر ٹھنڈ لگنے سے جسم میں کپکپی اور تھرتھری کی کیفیت پیدا ہونے لگتی ہے جسے گرم کپڑوں کی مدد سے قابو پانے کی کوشش کی جاتی ہے لیکن اس کی دوسری وجہ سینے میں ٹھنڈ کا لگنا ہے جس کے نتیجے میں درد کی شدت بڑھنے لگتی ہے ایسی صورت میں جسم کو ٹھنڈے پانی سے بچائیں غیر ضروری طور پر غسل کرنے سے گریز کریں اور اونی گرم کپڑے ہر وقت پہنے رکھیں۔ ٹھنڈ سے بچنے کے لیے ایک اور قابل عمل نسخہ یہ بھی ہے کہ اپنے ہاتھوں کو روزانہ اور بار بار دھوئیں اس طرح سے ان جراثیم کا خاتمہ ہو پائے گا جو کہ آپ دوسری جگہوں کو چھونے سے اپنے ہاتھوں منتقل کر لیتے ہیں جیسے کہ سوئچ بورڈ، کھڑکیوں اور دروازوں کی ٹاپ، استری، کرسیاں اور ایسی ہی دوسری کئی چیزیں جنہیں گھر کے تمام افراد ہی بار بار چھوتے ہیں اس طرح جراثیم اور بیکٹیریا زاپنے ہاتھوں میں منتقل کر کے مختلف بیماریوں کو دعوت عام دے دیتے ہیں۔ اس کے علاوہ ضروری ہے کہ پورے گھر کو صاف ستھرا رکھا جائے اور روزمرہ میں بار بار استعمال ہونے والی خاص اشیاء جیسے کپ، گلاس، تولیہ کو خاص طور پر صاف ستھرا رکھیں۔ خاص طور پر اس وقت جب گھر کا کوئی فرد بیمار ہو۔ اگر آپ ٹھنڈ کا شکار ہیں تب ڈسپوزیبل ٹشوز یا نرم کاٹن کا رومال اپنے پاس رکھیں۔

## حلق میں خراشیں ہونا یا گلے کا خشک ہونا

موسم سرما کی یہ عام بیماری ہے جس سے بڑے، بوڑھے اور بچے سب ہی متاثر ہوتے ہیں۔ جیسے عام طور پر وائرل انفیکشن بھی کہا جاتا ہے۔ مشاہدے اور تجربے سے یہ بات سامنے آئی ہے کہ درجہ حرارت کی موسمی تبدیلی یا گرم کمرے سے باہر ٹھنڈ میں جانے سے اس کی شکایت عام ہوتی ہے۔ اور حلق متاثر ہوتا ہے' اس مسئلے کو حل کرنے کے لیے سب سے آسان طریقہ نمک ملے نیم گرم پانی سے غرارے کرنا ہے' اس سے اس مرض کی شدت میں کمی ہوگی اور اینٹی فلامینٹری خصوصیت کی بدولت یہ حلق کی شکایت کو دور کرنے میں مدد دے گی۔ ایک کپ اُبلے ہوئے نیم گرم پانی میں ایک ٹی اسپون نمک شامل کر کے صبح و شام غرارے کرنے سے گلے یا حلق کے مختلف امراض سے نجات حاصل ہوتی ہے۔

## موسم سرما میں ہونے والی فوڈ پوائزنگ

یہ سردیوں میں ہونے والی ایک بیماری ہے جس کی علامات میں فوڈ پوائزنگ، گیس، متلی، غنودگی، قے، ڈائریا وغیرہ کی شکایت شامل ہیں۔ کبھی کبھی جسم میں پانی کی کمی اور بخار کی علامت بھی پیدا ہونے لگتی ہے خاص طور پر نوزائیدہ بچوں اور بڑے اس کا زیادہ تر شکار ہوتے ہیں۔ اس لیے ایسے مریضوں کو طبی امداد کی ضرورت پڑسکتی ہے۔ نوروو ائرس میں زیادہ تر شکایت قے کی ملتی ہے۔ یوں تو یہ بیماریاں پورا سال بھی نظر آتی ہیں لیکن ٹھنڈے موسم میں ان کی شدت میں اضافہ ہوجاتا ہے ان بیماریوں کے جراثیم اسکولز اور ہوٹلز وغیرہ میں زیادہ تر پائے جاتے ہیں۔ جب مریض قے اور ڈائریا کا شکار ہونے کے سبب بیمار ہوجائیں تو ان کے لیے ضروری ہے کہ جسم میں پانی کی کمی نہ ہونے پائے اور اس کیلئے پانی کیساتھ ساتھ جوسز کے استعمال کو بھی بڑھا دینا ضروری ہوتا ہے۔ نابالغ اور شیر خوار بچوں کو یہ بیماریاں زیادہ متاثر کرسکتی ہیں۔ اس لیے انہیں خاص توجہ اور دیکھ بھال کی ضرورت ہوتی ہے بچوں کو پانی پینے کی عادت ڈالیں اور دن میں دس سے بارہ گلاس پانی ضرور پلائیں۔

# موسم کی تبدیلی جوڑوں کیلئے تباہی! مریض متوجہ ہوں!

جن افراد کو جوڑوں کے درد کا مرض لاحق ہے۔ ان کی یہ شکایت اور درد کی شدت ٹھنڈے موسم میں بڑھ جاتی ہے۔ اس بات کا ابھی تک کوئی واضح سبب دریافت نہیں کیا جاسکا ہے کہ سردی درد میں کس طرح اضافہ کرتی ہے۔ لیکن اس بات کا بھی کوئی ثبوت نہیں کہ موسم کی تبدیلی جوڑوں کی تباہی یا خرابی کا سبب بن سکتی ہے۔ اس لیے اکثر مریض اس موسم کی آمد کے ساتھ ہی ڈپریشن کا شکار بھی ہونے لگتے ہیں اور اس ڈپریشن کی وجہ درد میں شدت ہے۔ اس ضمن میں روزمرہ ورزش جسمانی اور ذہنی صحت پر مثبت اثر ڈالتی ہے۔ **ٹھنڈے یخ ہاتھ:** موسم سرما کی یہ ایک عام بیماری ہے جس میں ہاتھوں کے ساتھ ساتھ پیروں کی انگلیاں ہر وقت یخ ٹھنڈی رہتی ہیں ایسی صورت میں ان کی رنگت میں بھی تبدیلی آتی ہے انگلیاں پہلے سفید، پھر نیلے اور آخر میں سرخ رنگ کی ہونے لگتی ہیں ایسی صورت حال میں درد بھی محسوس ہونے لگتا ہے۔ یہ اس بات کی علامت ہے کہ خون کی روانی ان انگلیوں تک بہت کم ہورہی ہے بہت سارے کیسز میں یہ شکایت مختلف میڈیکل ادویات سے دور کی جاسکتی ہے لیکن ایسے بھی کیسز سامنے آتے ہیں کہ جن افراد میں یہ مرض پایا جاتا ہے وہ بغیر کسی علاج معالجے کے ان ہی علامات کے ساتھ وقت گزار دیتے ہیں۔ اس سے بچنے کیلئے تمباکو نوشی سے مکمل پرہیز اور کیفین کے استعمال کو بالکل ترک کر دینا ضروری ہے۔ اس کے علاوہ ہر وقت دستانے، موزے اور شوز پہن کے رکھنا بھی اہم ہے۔

**خشک جلد:** یہ جلد کے متعلق ایک عام بیماری ہے جو ٹھنڈے موسم میں اور زیادہ شدت سے سامنے آتی ہے۔ جب جلد میں نمی کی مقدار یا تناسب کم ہوجاتا ہے۔ جلد کو موئسچرائز رکھنا اہم' اس ضمن میں مختلف معیاری موئسچرائزنگ لوشنز اور کریمز بھی اپلائی کیے جاسکتے ہیں۔ لیکن یاد رکھیں ان کو لگانے کا سب سے بہترین وقت رات سونے سے قبل اور غسل کرنے کے بعد کا ہے۔ یاد رکھیں! غسل کا پانی بہت زیادہ گرم نہیں ہونا چاہیے بلکہ نیم گرم پانی سے نہانا بہتر ہوتا ہے. بہت تیز گرم پانی جلد کو خشک کردیتا ہے اور بہت زیادہ تیز گرم پانی سے غسل کے نتیجے میں بال بے رونق اور خشک ہونے لگتے ہیں۔

**فلو:** یہ سرد موسم کی سب سے اہم اور سب سے زیادہ لاحق ہو جانے والی بیماری ہے۔ اس سے بچاؤ کے لیے بار بار غسل کرنے اور پانی سے دور رہیں۔ اس کے علاوہ Flu Nasal Spray کے ساتھ اگر فلو ہربل ادویات کا استعمال کریں۔ اس ضمن میں گھریلو ٹوٹکے جو فلو سے بچانے کیلئے بہترین ہیں۔ فلو کے جراثیم ایک سے دوسرے فرد تک بڑی آسانی سے منتقل ہو جاتے ہیں۔ اس لیے فلو کے مریض ٹشو پیپر یا رومال کو اپنے ہمراہ ضرور رکھیں تا کہ دوسرے رسک سے محفوظ رہ سکیں۔

**کمر، جوڑوں اور پٹھوں کا درد وبال کیوں؟** اس کورس کا کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال آپ کو معاشرے کا ایک صحت مند اور تندرست شخص بنا دیگا۔ اس کے علاوہ ''کمر درد جوڑوں کا درد کورس'' آپ کے جسم کو ہر قسم کی توانائی' طاقت دے گا۔ جن کے ہاتھ پاؤں ٹیڑھے ہوچکے وہ بھی اعتماد سے استعمال کریں۔ (قیمت/800 روپے)
معاشرے میں پائے جانیوالے ان امراض کا صدیوں سے آزمودہ حیرت انگیز نسخہ

مرتے وقت کلمہ زبان پر! ہجویری محل چلیے!

کالے جادو سے تڑپتے سلگتے انوکھے خط اور شافی علاج | روحانی بیماریوں کا روحانی علاج | کالے جادو سے ڈسی دکھ بھری کہانیاں

قارئین! جب دینی زندگی پر خزاں آتی ہے تو بے دینی اور کالی دنیا کا عروج ہوتا ہے۔ اگر آپ کسی کالی دنیا، کالی دیوی یا کالے جادو کے ڈسے ہوئے ہیں تو لکھیں ہم قرآن وسنت کی روشنی میں اس کا حل کریں گے۔ جسکا معاوضہ دعا ہے۔ براہِ کرم لفافے میں کسی قسم کی نقدی نہ بھیجیں۔ توجہ طلب امور کے لئے پتہ لکھا ہوا، جوابی لفافہ ہمراہ ارسال کریں صفحے کے ایک طرف لکھیں۔ خط لکھتے ہوئے اضافی گوند یا ٹیپ نہ لگائیں۔ خط کھولتے وقت پھٹ جاتا ہے۔ رازداری کا خیال رکھا جائے گا۔ فرد کا نام' موبائل نمبر اور کسی شہر کا نام یا مکمل پتہ خط کے آخر میں ضرور لکھیں۔ جسمانی مسئلے کے لئے خط علیحدہ ڈالیں۔

## بچے کو دین و دنیا میں کامیاب بنانے کا گُر

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! گھریلو جھگڑوں کی وجہ سے میرا بیٹا ڈسٹرب ہوگیا ہے آٹھویں کلاس میں ہے جو بھی یاد کرتا ہے اس کے ذہن سے نکل جاتا ہے ایک ساتھ امتحان میں لکھنا ہو تو بھول جاتا ہے۔ میں چاہتی ہوں کہ اس کا ذہن تیز ہو' مجھے ایسی دعا یا وظیفہ بتائیں کہ وہ دین اور دنیا میں کامیاب ہو اور جو بھی امتحان کیلئے یاد کرے اسے یاد رہے جب بھی اس کا پیپر ہو کوئی ورد بتادیں جو میں اس کیلئے کرتی رہوں۔ (ر،ن۔کراچی)

جواب: تمام گھر والے یہ وظیفہ یقین توجہ اور دھیان سے پڑھیں ان شاءاللہ ہمیشہ کامیاب رہیں گے۔ صبح نماز فجر کے بعد اول وآخر تین مرتبہ درود شریف کے بعد 313 مرتبہ اِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَاِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ رات عشاء کی نماز کے بعد اول وآخر تین مرتبہ درود شریف کے ساتھ 313 بار یَامُسَبِّبَ الۡاَسۡبَابِ پڑھیں۔

## من پسند جگہ شادی کرنا چاہتا ہوں! کچھ بتائیے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں آج کل بہت مشکل میں ہوں دن رات پریشان رہتا ہوں وظائف بھی کرتا ہوں لیکن سکون نہیں مل رہا۔ میں جہاں شادی کرنا چاہتا ہوں وہاں ہو نہیں رہی' چار سال ہوگئے ہیں مجھے کوشش کرتے ہوئے۔ میں جائز طریقے سے شریعت کے مطابق نکاح کرنا چاہتا ہوں' میری مدد کیجئے۔ (کامران، مظفرآباد)

جواب: اگر سچے دل اور سچی لگن سے یہ عمل کیا جائے تو انشاءاللہ کبھی ناکامی کا سامنا نہ کرنا پڑے گا۔ مدت عمل 11 دن ہے' بدھ کو نماز عشاء کے بعد گیارہ تسبیح روزانہ اسم الٰہی یَامُعۡطِیُ کا ورد کریں۔ اول وآخر درود شریف 11 بار پڑھیں۔ دوران عمل کھانا' پینا' بولنا نہیں' ورنہ عمل باطل ہوجائیگا۔ روزانہ لباس' جگہ اور جائے نماز بھی ایک ہو۔ ان شاءاللہ نکاح کا پیغام من پسند جگہ سے آئیگا۔

## بابا کی لاڈلی تھی! اب مجھے دیکھنا گوارا نہیں کرتے

محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! میری کہانی طویل ہے' مختصر لکھ رہی ہوں' بچپن سے اپنے بابا کی لاڈلی تھی' مجھ سے بے انتہا محبت تھی' اچانک بابا بیمار ہوئے' جب تندرست ہوئے تو چڑچڑے ہوگئے' مجھ پر چلانا شروع ہوگئے' آہستہ آہستہ مجھ سے دور ہتے چلے گئے' چچا کے بچوں کو پیار کرتے ہیں' ان کے نازنخرے اٹھاتے ہیں' میں دور کھڑی دیکھ رہی ہوتی ہوں' آنکھ میں آنسو ہوتے ہیں' بابا کی محبت کو ترس رہی ہوتی ہوں مگر وہ سب دیکھ کر پرواہی سے باہر چلے جاتے ہیں۔ بابا قریب ہوتے مجھے نہیں بلاتے' چچا کے بچوں سے پانی منگواتے ہیں' میں لاؤں تو صحیح طریقے سے بات نہیں کرتے۔ یہ کیوں ہے؟ میں نے کبھی بدتمیزی نہیں کی' اونچی آواز میں بات نہیں کی' کبھی ان کے بارے بُرا نہیں سوچا۔ (پوشیدہ)

جواب: آپ صبح وشام دو تسبیح سورۂ اخلاص اول وآخر 7 مرتبہ درود شریف پڑھ کر اپنے والد کے دل کو ہدیہ کیجئے' پھر کمال دیکھئے۔ اس عمل کی تمام قارئین کو اجازت ہے۔

## بے اولادی ختم! یہ نقش گھول کر پی لیں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اولاد نہیں ہو رہی' میرے ٹیسٹ صحیح ہیں شوہر کے درست نہیں' ان کو جادو کا مسئلہ ہے۔ خاندانی نفرتوں کی وجہ سے ہمارے رشتے میں کافی رکاوٹیں تھی جس کی وجہ سے جادو کیا گیا کہ یہ شادی نہ ہو میرے شوہر شادی سے پہلے اچانک بیمار اور بالکل بستر پر پڑ گئے تھے پھر ڈاکٹرز نے کہا پیٹ میں خون جم گیا ہے یہ تو آپریشن ہوگا ان کا آپریشن کیا گیا لیکن بعد میں پتا چلا یہ جادو تھا بلا وجہ آپریشن کیا گیا ہے۔ شادی کے بعد اولاد کی بندش کروائی گئی' جو ہمیں کئی لوگوں نے بتائی۔ خدارا ہمارا روحانی علاج کیجئے۔ (ص، خضدار)

جواب: بے اولاد جوڑوں کیلئے آزمودہ عمل: سفید کاغذ پر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم رب لا تذرنی فرداً و انت خیر الوارثین (سورۃ الانبیاء)' 60 بار لکھ کر پرچیاں بنالیں' فجر کی نماز کی ادائیگی سے پہلے دو تین گھونٹ پانی میں گھول کر رکھ لیں' سلام پھیرتے ہی پانی پی لیں۔ عمل ماہواری سے پاک ہوکر شروع کریں اور اگلی ماہواری آجائے تو فجر کے وقت اسی طرح خالی پیٹ روزانہ ایک پرچی گھول کر پینا ہے' ماہواری سے پاک ہوکر نماز کے بعد! اسی دوران حمل ٹھہر جائے گا مگر 60 آیات پوری پینی ہیں۔ بفضل خدا حمل ٹھہرے گا' بیٹا ہوگا اور ہوگا بھی نارمل کیس۔ گھلنے والی کالی سیاہی سے لکھا جائے تاکہ آرام سے پانی میں گھل جائے۔ بے شمار نے آزمایا' آج بیٹوں کی مائیں ہیں۔

## شادی ہوئی شوہر کا کاروبار ٹھپ! سونا غائب

میری شادی جب سے ہوئی میرے شوہر کی کتابوں کی دکان تھی وہ بند ہوگئی میرے سونے کے زیور اکثر غائب ہوتے رہے گھر میں ہروقت ٹینشن اور لڑائی کا ماحول بنا رہنا اور سب کا اکثر بیمار رہنا یہ معمول تھا۔ میں چار سال سے اب علیحدہ ہوئی ہوں پہلے اکٹھی فیملی تھی لیکن اب میں علیحدہ ہوں گھر کے اندر ہی سیکنڈ فلور پر ہوں کچھ مسائل پہلے سے کم ہوئے ہیں مگر سونا غائب ہونا ابھی پچھلے سال ہوا پھر گھر میں اچانک جھگڑا شروع ہوجاتا ہے' سسرال کا رویہ میرے ساتھ ٹھیک نہیں ہو رہا' حالانکہ میں اب بالکل چپ ہوگئی ہوں مگر پھر بھی نجانے کہاں سے بات نکل آتی ہے۔

جواب: گھریلو مسائل کے حل اور کاروبار کیلئے فجر کی نماز کے بعد اول وآخر 21 مرتبہ درود شریف اور درمیان میں چاروں قل پڑھیں' ظہر کی نماز کے بعد اول وآخر 22 مرتبہ درود شریف اور درمیان چاروں قل پڑھیں' عصر کی نماز کے بعد اول وآخر 23 مرتبہ درود شریف اور درمیان میں چاروں قل پڑھیں' مغرب کی اول وآخر نماز کے بعد 24 مرتبہ درود شریف اور درمیان میں چاروں قل' عشاء کی نماز کے بعد اول وآخر درود شریف اور درمیان میں چاروں قل ایک مرتبہ پڑھیں۔ یہ عمل اکتالیس دن کرنا ہے۔ بارہا کا آزمودہ عمل۔ اس کے علاوہ چوری روکنے کیلئے جہاں بھی ایسی چیزیں سونا' رقم وغیرہ رکھتی ہیں وہاں کالے موٹے مارکر سے یا حفیظ بحوالہ کہف قطمیر لکھ دیں۔ ان شاءاللہ ہمیشہ حفاظت رہے گی۔


قدرت کا انمول تحفہ

چہرے کا حسن دوبالا کرے' داغ' دھبے چھائیوں سے ہمیشہ کیلئے نجات دلائے۔ سالہا سال کے تجربات کا نچوڑ

انوکھے بے ضرر اجزاء اعتماد میں بہت آگے

طب نبوی حسن و جمال کریم

طرح طرح کی کاسمیٹکس اور کیمیکل بھرے لوشن استعمال کرنے والے مرد وخواتین کیلئے لاجواب تحفہ۔

قیمت صرف 330 روپے علاوہ ڈاک خرچ

تمام خوشیاں آپ کی جھولی میں

ہجویری محل چلیے!

## رنگت سفید‘ داغ دھبے دور! گھریلو ٹوٹکے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! کوئی ایسا ٹوٹکہ بتایئے کہ میرا رنگ سفید ہوجائے اور تھوڑے داغ دھبے جو ہیں دور ہوجائیں۔ (س،ر۔ کنڈور)

مشورہ: آپ کیلئے چند آزمودہ ٹوٹکے لکھ رہا ہوں‘ مزید قارئین بھی اس سے بھرپور فائدہ اٹھاسکتے ہیں۔ داغوں اور مساموں کی وجہ سے چہرے پر گڑھے پڑ جائیں تو روغن زیتون اور روغن کدو ہم وزن ملا کر لگائیں۔ اس سے چیچک کے داغ تک دور ہوجاتے ہیں مگر شرط یہ ہے کہ مستقل مزاجی سے کام لیا جائے۔ **سیاہ رنگت کو سفید کرنا:** چرونجی پنسار کی دکان سے مل جاتی ہے دودھ میں پیس کر ہلکا گرم کریں اور رات کو سونے سے پہلے اس کی مالش کرکے سوجایا کریں۔ صبح اچھے صابن سے چہرہ دھوئیں۔ اس کے علاوہ چقندر ہونٹوں کے لئے بہترین چیز ہے۔ یہ قدرتی لپ اسٹک کا کام بھی دیتا ہے یعنی اس کو قتلے کرکے ہونٹوں پر رگڑیں۔ ہونٹوں پر سُرخی آجائے گی۔ بال لمبے کرنے کیلئے: رات پانی میں املی ڈال کر بھگودیں اور پھر صبح اس پانی سے بال دھوڈالیں۔ بال اس طرح دھونے کا عمل کم از کم ایک ہفتہ ضرور کریں۔ اس کے ساتھ ناریل یا بادام کے تیل کی مالش بھی کرتے رہیں۔ بال لمبے ہوجائیں گے۔ قدرتی ٹانک: تازہ پانی چہرے کے لئے قدرتی ٹانک ہے لیکن چشمے کا پانی اس سے بھی بہترین ٹانک ہے روزانہ اس سے چہرہ دھوئیں۔ بالوں کیلئے: چائے بنانے کے بعد جو پتی بچ جاتی ہے آپ اسے پھینک دیتے ہیں اسے پھینکنے کی بجائے اس میں دو لیٹر پانی ڈال کر بوائل کرلیں اس میں ایک عدد لیموں نچوڑلیں اس پانی سے بال دھوئیں بال گرنا بند ہوجائیں گے۔ رنگت صاف کرنے کیلئے: آدھ کپ آٹا اور دودھ ملائیں اور پیسٹ بنا کر آدھ گھنٹہ پڑی رہنے دیں اب یہ لئی آپ چہرے اور ہاتھوں پر لگائیں اور سوکھنے پر مل مل کر مروڑیاں بنا کر اتار دیں روزانہ کرنے سے رنگت صاف ہوجائیگی۔

## ماہواری خراب! آزمودہ علاج

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! میری عمر 17 سال ہے‘ مجھے ماہواری کھل کر نہیں آتی‘ اس کے ساتھ ساتھ موٹی ہوتی جارہی ہوں‘ بالخصوص چہرہ گول ہوگیا ہے گال چربی بڑھنے کی وجہ سے لٹک گئے ہیں‘ ہنستے ہوئے بہت بُرے لگتے ہیں‘ میں چاہتی ہوں کہ میں سمارٹ ہوجاؤں۔ چہرہ بھی خوبصورت ہوجائے‘ براہ مہربانی مجھے کوئی آسان سا گھریلو نسخہ بتایئے۔ (پوشیدہ‘ سیون شریف)

مشورہ: آپ عبقری دواخانہ کی ہارمونز شفاء کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کریں۔ اس کے ساتھ عبقری دواخانہ کا تیار کردہ ’’عرق موٹاپا شفاء‘‘ سیرپ لکھی گئی ترکیب کے مطابق کچھ عرصہ استعمال کریں۔ ان شاء اللہ آپ کے دونوں مسائل بہت جلد حل ہوجائیں گے۔

## قبض کا شکار ہوں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! رسالہ عبقری کے بارے بہت سنا‘ اس لیے قلم اٹھا رہا ہوں۔ مجھے گزشتہ سات سال سے قبض ہے‘ شروع میں انگریزی ادویات کھا کھا کر اپنا خانہ خراب کرلیا‘ اب ایک دو حکماء سے بھی ادویات لیں مگر فرق نہیں پڑ رہا۔ جب مجھے قبض ہوتی ہے مثلاً ایک یا دو دن تک پاخانہ نہ آئے تو مجھے عجیب سی بے چینی‘ انتہائی شدید غصہ آتا ہے‘ نہ کسی کا ہنسنا اچھا لگتا ہے اور نہ ہی کسی کا بات کرنا‘ ساتھ ہی ساتھ سارے جسم میں درد اور ہڈیوں میں درد ہوتا ہے جس کی وجہ سے سخت پریشانی ہوتی ہے‘ اسی طرح میری والدہ اور بہن کو بھی 12 سال سے قبض ہے۔ (ف، بلوچستان)

مشورہ: جہاں تک ہوسکے کھانے میں سادگی ہو یعنی مرچیں‘ کھٹائی اور گرم مصالحے کم سے کم ہوں‘ مریض کے لئے سبزی کی ترکاری گوشت سے بہت بہتر ہے۔ ثقیل غذائیں گائے بھینس کا گوشت‘ بینگن‘ پیاز‘ لہسن‘ مسور کی دال‘ چھوہارہ‘ اچار‘ چٹنی‘ کباب‘ شراب‘ بھنڈی‘ زیادہ ترش زیادہ شیریں اشیائ‘ سرکہ‘ بازاری مصالحے کھانے سے پرہیز کریں۔ اس نسخے کو کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے تمام گھر استعمال کرے۔ نسخہ: نمک لاہوری 2 تولے‘ الائچی کلاں ایک تولہ‘ مرچ سیاہ ایک تولہ‘ ثناءمکی ایک تولہ‘ سونٹھ ایک تولہ‘ کلونجی اور گل سرخ 3-3 گرام‘ تمام ادویات صاف کرکے باریک کوٹ چھان لیں اور محفوظ کریں۔ رات سوتے وقت 6 گرام پانی سے کھالیا کریں ہفتہ میں ایک 2 مرتبہ روغن ارنڈ یا روغن بادام رات سوتے وقت دودھ میں کچھ مدت استعمال کریں خدا نے چاہا تو پرانے قبض کا بھی خاتمہ ہوجائے گا اور اللہ کا شکر ادا کریں مگر کچھ مدت متواتر کھانا ضروری ہے۔

## مجھے سمجھ نہیں آتی مجھے کیا ہے؟

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! سمجھ نہیں آرہی اپنی کیفیت کو کیسے بیان کروں؟ پتہ نہیں مجھے کیا مسئلہ ہے‘ کبھی میرا دل چاہتا ہے میں بے تحاشہ ہنسوں اور کبھی بے وجہ ہی رونا آتا رہتا ہے‘ کسی کی بات برداشت نہیں کرتی‘ چھوٹی چھوٹی بات پر رونا آجاتا ہے‘ غصہ بہت زیادہ آتا ہے‘ کنٹرول نہیں کرسکتی‘ نہ مجھ سے کوئی خوشی کی بات برداشت ہوتی ہے نہ غمی کی‘ مجھے لگتا ہے میں ذہنی مریض ہوں! میرا دل کرتا ہے کہ میں کسی کا سر پھاڑ دوں‘ کوئی بچہ قریب ہے تو دل کرتا ہے اسے اونچائی سے نیچے پھینک دوں‘ غصہ میں لڑلیتی ہوں اور بعد میں پریشان ہوتی ہوں کہ ایسا کیوں کیا؟ غصہ اتنا آتا ہے کہ جسم کانپنے لگتا ہے‘ پھر بے جان ہوکر اکثر گر پڑتی ہوں۔ سمجھے سمجھ نہیں آرہی کہ میرے ساتھ کیا مسئلہ ہے؟ (م۔ت‘ میلسی)

مشورہ: آپ عبقری دواخانہ کی ’’سکون افزا‘‘ سیرپ کی چند بوتلیں چند مہینے مستقل مزاجی سے استعمال کریں۔ اس کے ساتھ کوشش کریں ہروقت باوضو رہیں‘ جب بھی وضو ختم ہو دوبارہ وضو کیجئے۔ چند دن کرکے چھوڑ نہ دیجئے۔ ان شاء اللہ چند ہفتوں میں ہی آپ کو فرق محسوس ہوگا۔ نماز پنج گانہ ہرگز نہ چھوڑیئے۔ روزانہ نماز فجر کی ادائیگی کے بعد کھلی فضا یا چھت پر جاکر نکلتے سورج کے سامنے کھڑی ہوجائیں اور لمبے لمبے سانس لیں‘ جب سانس اندر کھینچیں تو اس کو کچھ دیر کیلئے روک لیں اور یَارَحْمٰنُ پڑھتے ہوئے پریشر کے ساتھ ہوا کو باہر خارج کیجئے۔ تصور یہ رکھیں کہ سانس باہر نکالتے ہوئے بیماری‘ غصہ‘ ڈیپریشن باہر نکال رہی ہوں۔ ان شاء اللہ آپ خود کو پرسکون محسوس کریں گی۔

## مجھے پڑھے بغیر آپ کے طبی مسائل حل نہ ہوں گے؟

اس صفحہ پر امراض کا علاج اور مشورہ ملے گا توجہ طلب امور کے لئے پتہ لکھا ہوا جوابی لفافہ ہمراہ ارسال کریں۔ لکھتے ہوئے اضافی گوند یا ٹیپ نہ لگائیں کھولتے ہوئے خط پھٹ جاتا ہے۔ رازداری کا خیال رکھا جائے گا۔ روحانی مسائل کے لئے علیحدہ خط لکھیں۔ صفحے کے ایک طرف لکھیں۔ نام‘ موبائل نمبر اور شہر کا نام یا مکمل پتہ خط کے آخر میں ضرور تحریر کریں۔ نوجوانوں کے خطوط احتیاط سے شائع کیے جاتے ہیں ایسے خطوط کے لئے جوابی لفافہ لازم ہے کیونکہ اکثر خطوط اشاعت کے قابل نہیں ہوتے۔

بے پناہ امراض گھیر لیں تو صرف (شوگر والے حضرات استعمال نہ کریں)
ٹھنڈی مراد شفاء کا انوکھا فرحت بخش ٹھنڈا خزانہ ہے
ہاتھ پاؤں میں جلن‘ سر چکرانا‘ منہ کی خشکی‘ آنکھوں کے سامنے اندھیرا‘ جگر و مثانے کی گرمی، یورک ایسڈ‘ قبض‘ ہائی بلڈ پریشر‘ زنانہ و مردانہ پوشیدہ امراض کیلئے آخری حل
عورتوں مردوں اور بچوں کیلئے یکساں مفید ہر موسم میں بہترین
جسم ٹوٹے‘ دل گھبرائے یا پتھری ستائے صرف ٹھنڈی مراد سے چین پائیں قیمت 150 روپے علاوہ ڈاک خرچ
پانی سے شفاء! ہجویری محل چلیے!

## بھوسہ اور سرسوں کے تیل کا ٹوٹکہ!

سردیوں کا موسم ہے' دل چاہ رہا کہ ایسی چیزیں عبقری ادارہ کی وساطت سے خلق خدا تک پہنچائی جائیں کہ موسم کے اعتبار سے فائدہ مند ثابت ہوں سردیوں میں عموماً چہرے کی خشکی، پھٹ جانا، ہونٹوں کی خشکی، ہونٹوں کے کناروں پر زخم بن جانا، تو اس کا بہترین حل عرق گلاب گلیسرین دونوں کو برابر مقدار میں ملا لیں رات کو سوتے وقت چہرے پر مل لیں اس کے علاوہ رات کو سوتے وقت ناف میں سرسوں کا تیل لگائیں ان شاء اللہ چند دنوں میں مسئلہ حل ہوجائے گا خشک چہرے اور ہونٹوں کی خشکی کیلئے چہرے پر لگا کر تھوڑی دیر بعد نارمل پانی سے منہ دھولیں۔

سردیوں میں عموماً پاؤں کی انگلیاں اندر سے پک جاتی ہیں، یا پاؤں کے انگوٹھوں کی کوریں پک جاتی ہیں جو کہ انتہائی تکلیف دہ مرض ہے اسکے لئے بارہا آزمایا ہوا دیسی ٹوٹکہ ہے" رات کو سونے سے پہلے پاؤں کی انگلیوں اور انگوٹھوں پر سرسوں کا تیل لگائیں، اسکے بعد گندم کا بھوسہ (توڑی) لے کر صرف اتنا جلائیں کہ دھواں پیدا ہوجائے، اب اس دھونی پر پاؤں سینک لیں، اسے بعد پاؤں گیلے نہ کریں اور سو جائیں، دو دن کرنے سے مرض ان شاء اللہ ختم ہوجائے گا۔ (احسن فاروق چوہدری' لاہور)

## دس سال پرانی' گیس اور معدہ کا مسئلہ ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ پڑھتے چند سال ہوگئے ہیں' اللہ کا شکر ہے کہ اس رسالہ نے اجڑے گھر بسا دیئے اور یہ میں نے اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے۔ مجھے دس سال سے گیس اور معدے کا مسئلہ تھا' ہومیو' ایلوپیتھی' دیسی ادویات سب استعمال کی ہیں' سب کا وقتی افاقہ ہوا' مکمل آرام نہیں آیا' پھر ہمارے ایک جاننے والے نے نسخہ بتایا جو کہ نہایت سستا اور آسان تھا۔ میں نے وہ بنایا اور آج الحمدللہ چوتھا دن ہے استعمال کرتے ہوئے کسی قسم کی کوئی تکلیف محسوس نہیں ہورہی' صدقہ جاریہ سمجھ کے شیئر کریں اور تندرستی آنے پر حسب توفیق کچھ پیسے اللہ تعالیٰ کی راہ میں صدقہ کریں۔ اللہ پاک ہم سب کا حامی و ناصر ہو اپنے پیارے نبی پاک کے صدقے تمام مسلمانوں کو صحت کاملہ عطا فرمائے۔ ھوالشافی: ایک کوڑتمہ لے کر اس پر چھوٹا سا کٹ لگا کر اس میں سے جالا نکال دیں لیکن بیج نہ نکالیں' اب اس میں دیسی اجوائن احتیاط سے بھر کر اس کا منہ آٹے سے بند کردیں اور پتلے کپڑے میں باندھ کر دھوپ میں رکھ دیں' خشک ہونے پہ ہاون دستہ میں پیس لیں' برابر مقدار میں شہد ملا لیں یا ایسے ہی پانچ گرام صبح و شام نیم گرم پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ گیس' قبض' معدے کی جلن' سر درد' جوڑوں کے درد کے لیے بہترین ہے۔ (شاہ محمد وسیم' ملتان)

## جج صاحب سے اپنے حق میں فیصلہ کروانے کا عمل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ گزشتہ کئی سالوں سے مسلسل پڑھ رہا ہوں۔ میرے بہت سارے مسائل اسی رسالہ میں آئے ٹوٹکوں اور روحانی وظائف کے ذریعے حل ہوئے۔ 2003ء سے گھریلو مسائل میں گھرا ہوا ہوں' میری سابقہ بیوی نے کورٹ کے ذریعے مجھ سے خلع لیا۔ 2004 میں خلع ہوا 2005 میں بچوں کے خرچ کے سلسلے میں مجھ پر کیس کیا۔ حضرت جی! میری دو بیٹیاں ہیں ایک کی عمر 16 سال اور دوسری کی 15 سال ہے 2006 سے کورٹ کے آڈر سے 3000 روپے مہینہ دے رہا ہوں عید سعید، بقرہ عید، سالگرہ، امتحان کے پاس ہونے کے الگ سے پیسے دے رہا ہو کورٹ نے 5 فیصد سالانہ کا آرڈر کیا تھا وہ میں نے نہیں دیا کیونکہ میرے پاس وسائل نہیں تھے 2005 سے 2017 جولائی تک میں خرچہ دے رہا ہو۔ 2016 میں مارچ میں پیسے بڑھانے کا مجھ پر کیس کردیا تھا اللہ کے فضل سے آپ کے بتائے ہوئے اللہ کے نام سے نومبر 2016 کو جج صاحب نے میری سابقہ بیوی کی درخواست خارج کردی میرے حق میں فیصلہ ہوا آپ کی کتاب میں سے میں نے وظیفہ پڑھا تھا مقدمے میں کامیابی کے لیے میرے لیے اللہ ہی کافی ہے وہی میرا کارساز ہے۔ 300 مرتبہ بعد نماز فجر میں پڑھنا تھا اسکے بعد 21 مرتبہ ۷۸۶ ہر نماز کے بعد پڑھنا تھا پڑھ کر اس جج کا تصور کرکے جس نے فیصلہ کرنا تھا تصور کرکے پھونک مارنی تھی میں نے چھ مہینے تک پڑھا ایک سال تک کیس چلا نومبر 2016 میں میرے حق میں فیصلہ ہوا۔ **ٹوٹکہ:** میں نے امت اخبار میں ایک ٹوٹکہ پڑھا اور آزمایا بھی۔ بعض اوقات سکول کے بیگ یا پرس کی زیپ خراب ہوجائے تو چیپ اسٹک جو سردی میں ہونٹوں پر لگائی جاتی ہے پرس کیا ل بیگ کی زیپ پر لگائی جائے تو جام زیپ کام کرنے لگتی ہے۔ (شیخ عبدالرزاق دھلوی، کراچی)

## مخصوص ایام میں درد! خواتین و بچیوں کیلئے ٹوٹکہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اک ٹوٹکہ عبقری قارئین سے شیئر کرنا چاہتی ہوں۔ مخصوص ایام کے دوران زیادہ تر خواتین کو شدید درد ہوتا ہے' خاص طور پر نوعمر بیٹیاں بہت پریشانی اور اذیت سے گزرتی ہیں' اس درد سے نجات کے لیے میں انتہائی آسان اور آزمودہ ٹوٹکہ بتانا چاہتی ہوں۔ ٹوٹکہ یہ ہے کہ ایک چٹکی نمک ایک چمچ دیسی گھی میں ڈال کر ناف اور جہاں تک درد ہوتی ہے وہاں اچھی طرح مالش کیجئے۔ اس کے بعد شاپنگ بیگ کو پھاڑ کر اس کو پورے پیٹ جہاں پر درد ہوتی ہے اور ناف تک اچھی طرح ڈھانک دیں کہ جہاں جہاں مالش کی ہے وہاں ہوا نہ لگے۔ اس ٹوٹکے سے آپ خود محسوس کریں گی کہ آپ کو درد نہیں ہوگی۔ بہت آزمودہ ہے۔ کوشش کیجئے گھی ٹھنڈا نہ ہو' ہلکا نیم گرم ہو۔ ہمارے ہاں یہی ٹوٹکہ نسل در نسل چل رہا ہے۔ کبھی کسی ڈاکٹر کے پاس جانے کی ضرورت محسوس نہیں ہوئی۔ (عروش خان' کوئٹہ)

## سردیوں میں نزلہ' زکام ختم اور بند ناک کھولنے کا ٹوٹکہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! موسم سرما میں اکثر نزلہ زکام ہوجاتا ہے جس کی وجہ سے ناک بند ہوجاتا ہے' اکثر کان بھی بند ہوجاتے ہیں' سر نیچے کو جھکائیں تو سر میں شدید درد ہوتا ہے۔ اس مرض سے نجات کیلئے میرا پاس ایک آزمودہ ٹوٹکہ ہے۔ توا جس پر روٹی بناتے ہیں' وہ بہت زیادہ گرم کیجئے' جب توا خوب گرم ہوجائے تو اس کے اوپر دہی کی لسی تھوڑی تھوڑی کرکے ڈالنا شروع کریں' توا شدید گرم ہوگا تو بہت زیادہ بھاپ نکلے گی' آپ نے بس اس بھاپ کو توے کے قریب بیٹھ کر ناک کے ذریعے کھینچنا ہے۔ پانچ سے سات منٹ تک یہ بھاپ لیں' ان شاء اللہ ایک مرتبہ کرنے سے ہی آپ کا ناک' کان اور دماغ کھل جائے گا۔ زکام کی شکایت ختم ہوجائے گی اور سر درد بالکل ٹھیک ہوجائے گی۔ (مسز عثمانی' لاہور)

گُردی مختصر دوائی' فائدے بے شمار کمزور گردے پرانی سے پرانی گردہ مثانے کی پتھری یوریا یورک ایسڈ، ڈائیلاسز سے نجات کیلئے خالص جڑی بوٹیوں سے بنی گردی استعمال کریں
گردے کے مریض کو جہاں شفا یابی کا ذریعہ بنتی ہے وہاں مرض کی وجہ سے کمزوری' ضعف اور نقاہت کو فوری ختم کرتی ہے۔
(قیمت صرف 250 روپے)
بُری تقدیر کو بدل دینے والا عمل ہجویری محل چلیے!

# یہ سورۃ لکھ کر گلے میں باندھ لیجئے! ہر مرض سے شفاء

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! الحمدللہ آپ ہمیشہ کی طرح خلق خدا کی خدمت میں مصروف ہوں گے میں بھی اسی رستے کا ایک مسافر ہوں اور مادی و روحانی ذرائع سے لوگوں کی خدمت میں مصروف عمل رہتا ہوں۔ اسی سلسلے میں کھوج کرتے کرتے کچھ عرصہ قبل آپ کی ایک تجربات سے مزین کتاب ''خواص کلونجی'' میرے ہاتھ لگی جس کے اکثر نسخہ جات میں سے بلامعاوضہ لوگوں کو خود بنا کر بھی دیئے اور بتائے بھی۔

## ہر مرض سے مکمل شفاء

اللہ رب العزت نے جہاں انسان کو آزمانے کیلئے طرح طرح کی نعمتوں سے نوازا' وہیں بعض لوگوں کو کڑی آزمائش سے گزارنے کیلئے مختلف بیماریاں بھی پیدا کیں۔ قرآن مجید فرقان حمید میں جہاں رب عظیم نے بیماریوں کی تخلیق کا ذکر کیا وہاں خود ہی اس بات کی وضاحت فرما کر دلیل قائم کردی کہ ''ہم نے کوئی ایسا مرض پیدا ہی نہیں کیا کہ جس کے ساتھ شفاء نازل نہ کی ہو'' قرآن کا ہر حرف ہر لفظ ہر نقطہ تا ابد برحق ہے۔ اب ہم انسانوں کا یہ کام ہے کہ شفاء کے ذرائع تلاش کریں۔ روحانی طور پر مختلف امراض سے شفاء کے تین طریقے بہت افضل اور زوراثر سمجھے جاتے ہیں (۱) کثرت سے استغفراللہ پڑھنا یعنی رب سے گناہوں کی مغفرت طلب کرنا کیونکہ امراض یا تو اللہ کی طرف سے بطور آزمائش نازل ہوتے ہیں یا انسان کے کسی بڑے گناہ پر سزا کے طور پر۔ (۲) کثرت سے حضورﷺ کی ذات بابرکات پر درود پاک پڑھنے سے بھی اللہ تعالیٰ شفاء کے دروازے کھول دیتا ہے۔ (۳) کسی مخصوص سورۂ مبارکہ، آیت مبارکہ یا اللہ کریم کے مخصوص اسماء کا ورد بھی باعث شفاء بنتا ہے۔

سورتوں میں میری تحقیق اور تجربہ کے مطابق سورۂ فاتحہ الحمد شریف اگر کسی کاغذ پر پاک صاف ہو کر پیر کے دن سورج نکلنے کے بعد لکھ لی جائے اور اس کاغذ پر اوّل آخر گیارہ گیارہ بار درود پاک کے ساتھ ستر دفعہ سورۂ فاتحہ پڑھ کر دم کی جائے نیز دم کرنے کے بعد یا پانی میں گھول کر مریض کو پلائی جائے یا اسکے گلے میں دھاگہ باندھ کے ڈال دی جائے تو فوراً شفاء ہونے لگتی ہے۔ اسمائے باری تعالیٰ میں میں نے بہت تحقیق کی۔ اسم مبارک ''یاشافی'' شفاء کا ایک مخفی خزانہ ہے۔

# لڑکی کا چکر! نافرمان بیٹے نے 12 دن بعد ماں کے قدم پکڑ لیے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ نے ہماری زندگی کا سب سے بڑا مسئلہ حل کروا دیا۔ آپ کا یہ وظیفہ ہم نے اکثر رسالہ میں بھی پڑھا اور درس میں آپ بیان فرماتے رہتے ہیں۔ میں آج اسی وظیفے کی کرامات اسے کرامات کہوں یا قرآن پاک کا زندہ معجزہ کہوں' بیان کرنے لگا ہوں۔ میرے بیٹے کی سوشل میڈیا پر ایک لڑکی کے ساتھ دوستی ہوگئی' لڑکی دوسرے شہر کی رہنے والی تھی' مگر جیسا کہ آپ جانتے ہیں کہ سوشل میڈیا نے پوری دنیا کو ایک گاؤں بنا دیا ہے' فاصلے بالکل ختم ہوگئے ہیں۔

اس لڑکی کی وجہ سے ہمارے گھر کا ماحول اتنا خراب ہوا کہ میں بتا نہیں سکتا۔ اس لڑکی کے منہ سے جو نکلتا میرا بیٹا وہی کرتا' حتیٰ کہ تین ، تین دن گھر نہ لوٹتا اور اس لڑکی کے شہر میں جا کر رہتا۔ اسی سے ملاقاتیں کرتا' اکلوتا بیٹا ہے' میں اور میری اہلیہ انتہائی پریشان' گھر میں ہر وقت لڑائی جھگڑے شروع ہوگئے۔ گھر کی دیواریں مجھے کاٹ کھانے کو دوڑتی تھیں' جس بچے کیلئے ساری عمر محنت کی' کمائی کی' لاڈ پیار سے پالا' اسے زندگی کی ہر خوشی دی اس کیلئے ہر غم' تکلیف جھیلی' مگر وہی بیٹا مجھے اور میری اہلیہ کو ڈانٹ دیتا تھا' ہم دونوں چھپ چھپ کر روتے تھے' ہماری راتیں غمزدہ ہوگئیں۔

ہم ایک اللہ والے کے پاس گئے' ان کے سامنے ساری صورتحال رکھی' انہوں نے کہا کہ بچے کو مسلسل علم کر کے کھلایا اور پلایا جارہا ہے' جب تک کھلانے کا سلسلہ بند نہ ہو اس کا علاج نہیں ہوسکتا۔ ہم وہاں سے مایوس لوٹ آئے' انتہائی پریشان کے اب کیا کریں' بیٹے کو روکیں تو بیٹا کاٹ کھانے کو دوڑتا تھا' اپنی عزت کی خاطر کہ محلے دار نہ سن لیں' چپ کر جاتے' خون کے آنسو چپ کر کے پی لیتے۔

رات کو ہم پریشان حال' شیخ الوظائف کا درس سن رہے تھے کہ اس میں آپ نے سورۂ الانعام کی آیت نمبر 45 کے فضائل سنائے' ہم دونوں کی آنکھوں میں چمک آگئی' میں نے اپنی اہلیہ سے کہا بھلی مانس! چل ابھی سے اس آیت کو'پاگل' بن کر پڑھتے ہیں' اور پھر ہم نے اس آیت کو اتنا پڑھا' اتنا پڑھا' اتنا پڑھا کہ ہماری زبان پر چھالے بن گئے۔ نہ کھانے کا ہوش' نہ پینے کی فکر بس یہی وظیفہ پڑھا۔ صرف 12 دن پڑھنے کا کمال یہ حاصل ہوا کہ ایک شام میں اور میری اہلیہ کمرے میں بیٹھے یہی آیت مسلسل پڑھ رہے تھے کہ کمرے کے دروازہ پر دستک ہوئی' میں اندر آنے کا کہا' دروازہ کھلا' سامنے میرا بیٹا کھڑا تھا' ہم دونوں ڈر گئے کہ آج پھر کوئی ڈرامہ ہوگا' یہ چیخے چلائے گا' اس لڑکی کو گھر میں لانے کی بات کرے گا۔ مگر وہ بوجھل قدموں سے گھر میں داخل ہوا' گھٹنوں کے بل بیٹھا اور ماں کے قدموں میں سر رکھ دیا' سر رکھتے ہی بلک بلک کر رونا شروع ہوگیا' ہم دونوں حیران ایک دوسرے کو دیکھ رہے تھے' میری اہلیہ بیٹے کو اٹھانے لگی میں نے منع کردیا کہ اسے رونے دو' دل کا بوجھ ہلکا کرنے دو' وہ بار بار معافی مانگ رہا تھا' جب اس کی ہچکی بندھ گئی' میں اپنی نشست سے اٹھا' اس کی کمر پر ہاتھ رکھا' ماں کے قدموں سے اٹھا اور میرے سینے سے لگ گیا' پھر رونا شروع ہوگیا۔ ہم تینوں نے ایک دوسرے کو تھام لیا اور رونا شروع ہوگئے۔ دوبارہ ماں کے قدموں میں گر گیا' ماں کے قدم چومنا شروع ہوگیا' ہم نے اٹھایا تو ماں کا اور میرا ماتھا چوما' بلک بلک کر رو رہا تھا اور کہہ رہا تھا کہ ایک غیر لڑکی کیلئے میں نے آپ دونوں کا دل دکھایا ہے' اس لڑکی کی اصلیت میرے سامنے کھل گئی ہے' وہ مجھے دھوکہ دے رہی تھی' میں نے اس لڑکی کو چھوڑ دیا ہے' یہ دیکھیں میں کیا کرنے جارہا ہوں' اس نے موبائل ہمارے سامنے رکھا اور اس کی تمام تصاویر' ویڈیوز اس کے نمبر تمام ڈیلیٹ کردیئے۔ اپنی الماری کھولی' سونے کے چین' امپورٹڈ چاکلیٹس' مہنگے گفٹس تمام نکالے' اینٹیں مار کر توڑا اور سب کو جلایا اور بعد میں جلی ہوئی چیزیں اٹھا کر گٹر میں بہادیں۔ اب گھر میں بہت سکون ہے۔ ہمیں معلوم ہوا کہ جب سے ہم نے یہ وظیفہ پڑھنا شروع کیا' اس دن سے اس لڑکی کی طبیعت خراب ہے' ہم نے مزید یہ وظیفہ پڑھنا چھوڑ دیا کہ کہیں لڑکی کو کچھ ہو ہی نہ جائے۔ گھر میں سکون ہی سکون ہے۔ ہم دونوں پرسکون گھر میں بیٹھ کر ایک بات بلند آواز کہتے ہیں ''حکیم محمد طارق چغتائی'' زندہ باد! ۔ رسالہ میں ضرور چھاپیے' مگر میرا نام شائع نہ کیجئے۔ (پوشیدہ)

بنفشی قہوہ دائمی ریشہ، بلغم، کیرا، نزلہ، زکام اور کھانسی کا مکمل علاج
دردشقیقہ میں مبتلا افراد تسلی سے استعمال کریں
گلے کی خراش' نسیان' منہ میں چھالے پڑنا' آنتوں کے امراض
بالوں کا قبل از وقت سفید ہوجانا
قیمت 140 روپے علاوہ ڈاک خرچ
دھونی سے دماغی بیماریاں ختم
ہجویری محل چلیے!

## دل کو چین سگریٹ نوشی سے چھٹکارا مل گیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے بڑے بھائی کو ایک روز اچانک سینے میں درد ہوا میں ان کو جھنگ کے بڑے سرکاری ہسپتال میں لے گیا جہاں ڈاکٹرز نے چیک اپ کرنے کے بعد کہا کہ تمہارے بھائی کے دل کا ایک وال بند ہے فی الحال آپ ان کو ادویات کا استعمال کروائیں اور ایک ماہ بعد ٹیسٹ کروائے اگر تو بہتری آئی تو ٹھیک ورنہ آپریشن لازمی کرنا ہوگا۔ یہ بات صرف مجھے معلوم تھی میں نے تمام صورتحال بھائی کو بھی بتا دی تا کہ وہ احتیاط کریں۔ وہ پچھلے بیس سال سے سگریٹ نوشی کے عادی تھے۔ میں نے ان سے کہا کہ بھائی آپ کو سگریٹ چھوڑنا ہوگی ورنہ آپ کی طبیعت سنبھل نہیں پائے گی۔ پھر بھی وہ دن میں ایک دو سگریٹ پی لیتے جس کا مجھے پتہ چل ہی جاتا تھا میں بہت پریشان' کیا کیا جائے؟ یہ بات میں نے اپنے ایک خاص دوست سے شیئر کی اس نے مجھے عبقری دواخانے کی ستر شفائیں دوائی استعمال کروانے کو کہا۔ میں اگلے روز جھنگ صدر میں موجود عبقری ادویات کی ایجنسی پر گیا اور ''ستر شفائیں'' کی ایک ڈبی لی اس میں سے نکلنے والے بروشر کو تفصیل سے پڑھا اور دوائی لے کر بھائی کے پاس گیا اور ان کے ہاتھ میں ستر شفائیں کی ڈبی تھما دی۔ بھائی نے پوچھا یہ کیا ہے؟ میں نے کہا یہ آخری امید کی کرن ہے اگر آپ نے اس کا استعمال کیا تو دل کی بیماریوں اور سگریٹ سے چھٹکارا مل جائے گا۔ بھائی نے کہا کہ میرے لیے سگریٹ چھوڑنا بہت مشکل ہے۔ میں نے ان سے کہا جب بھی آپ کو سگریٹ کی طلب ہو تو آپ ایک گولی چنے کے برابر بنا کر منہ میں رکھ لیں ان شاء اللہ آپ کو سگریٹ کی طلب نہیں رہے گی۔ انہوں نے سگریٹ نہ پینے کا وعدہ کیا اور ستر شفائیں کا استعمال شروع کیا ایک ہفتے بعد میں نے بھائی سے پوچھا تو انہوں نے کہا کہ کمال کی دوائی ہے انگریزی ادویات کے استعمال سے میرے دل کی دھڑکن تیز ہوجاتی تھی لیکن ستر شفائیں کے استعمال سے دل کی دھڑکن نارمل ہے اور سگریٹ بھی میں نے چھوڑ دی ہے۔ (عبدالصمد، جھنگ)

## میں دودھ والے سے مرہم والا کیسے بنا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری دودھ کی دوکان ہے اور میں علاقہ میں دودھ والا کم مرہم والا زیادہ مشہور ہوں وہ ایسے کہ میرے پاس عبقری دواخانے کی ''آگ شفاء'' مرہم ہے۔ جو میں آگ سے جلے، ابلتا ہوا پانی گرجائے، گرم دودھ، کرنٹ لگنے سے جل جائیں، گرم استری لگنے سے، کھانے پکاتے ہاتھ جل جائے یعنی کے کسی بھی چیز سے جلے ہوئے حصہ پر لگنے کے لیے ''آگ شفاء'' مرہم دیتا ہوں۔ جس کو لگاتے ہی جلنے کی درد سے نجات مل جاتے ہیں اور مستقل لگانے سے متاثرہ جگہ بالکل ٹھیک اور نشان غائب ہو جاتا ہے۔ ایک دن میں پانچ سے دس کیس ایسے آجاتے ہیں جن کو میں مرہم دیتا ہوں۔ میں اس مرہم کے پیسے نہیں لیتا بالکل فی سبیل دیتا ہوں۔ گزشتہ دن پہلے میرے پاس ایک شخص آیا جس کا سارا بازو جل گیا تھا اور مجھ سے کہنے لگا کہ میں میڈیکل سٹور سے مختلف اقسام کی کریمیں اور ٹیوبیں استعمال کر چکا ہوں لیکن متاثرہ حصہ پر ہونے والی جلن نہیں جارہی میں نے اس کو مرہم وافر مقدار میں دی کہ پورے بازو پر لگانا اور مستقل مزاجی سے استعمال کرو ختم ہوجائے تو اور لے جانا ایک ہفتے بعد آیا اور کہنے لگا کہ اس مرہم کا نام کیا ہے؟ اور آپ کیسے تیار کرتے ہیں؟ کمال کی مرہم ہے۔ میں نے اس کو کہا کہ اس مرہم کا نام ''آگ شفاء'' ہے۔ اور یہ عبقری دواخانے کی مرہم ہے۔ اور انتہائی سستی اور فائدہ میں بے مثال ہے۔ اس نے کہا کہ آئندہ کے بعد میں بھی عبقری دواخانے کی مرہم لے کر لوگوں میں فی سبیل اللہ تقسیم کیا کروں گا۔ (ملک گلزار، لاہور)

> عبقری کا شہد سو فیصد خالص ہے' موسمی تبدیلی کی وجہ سے شہد کا جمنا فطری عمل ہے۔ مصنوعی اور ملاوٹ نہ سمجھی جائے۔ قارئین! اعتماد سے عبقری کی ادویات استعمال کر رہے ہیں ہم قارئین کے مشکور ہیں۔ (ادارہ عبقری)

## آنکھوں کی جملہ بیماریوں کا ایک علاج

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں ایک پرائیویٹ بنک میں جاب کرتا ہوں مسلسل آٹھ گھنٹے کمپیوٹر پر کام کرنے سے میری نظر کمزور پڑگئی اور اکثر سرخ ہونے کے بعد ان سے پانی نکلنا شروع ہوجاتا جس کے لیے میں نے کافی مہنگے مہنگے ڈراپر استعمال کیے لیکن کوئی فرق نہیں پڑا۔ اور سردیاں شروع ہوتے ہی آنکھ کی سرخی اور پانی نکلنا تو اور زیادہ ہوجاتا کیونکہ میں بنک موٹر سائیکل پر جاتا ہوں صبح سویرے آنکھوں پر سموگ کے حملے سے جلن شروع ہوجاتی جو شام تک نہ جاتی میں بہت پریشان تھا۔ میں نے اپنے ساتھ والے ساتھی سے پوچھا کہ تم بھی تو آٹھ گھنٹے کمپیوٹر کے آگے کام کرتے ہو اور موٹر سائیکل پر ہی آتے ہو کیا تم کو آنکھوں کی پرابلم نہیں ہے؟ اس نے کہا کہ سموگ کی وجہ سے آنکھوں میں جلن تو ہوتی ہے لیکن میں گھر سے آنکھوں میں ڈراپر ڈال کر نکلتا ہوں میں نے کہا کہ میں بھی بہت مہنگے مہنگے ڈراپر استعمال کرتا ہوں لیکن آنکھوں کی سرخی، خارش اور پانی نکلنا بند نہیں ہوتا اس نے فوری دراز کھولا اور مجھے ''آنکھ شفاء'' کے نام سے ڈراپر دیئے اور کہا آئندہ کے بعد یہ استعمال کرنا شروع کرو ان شاء اللہ تمہاری آنکھوں کی کمزوری، جلن، سرخی، پانی کا نکلنا تمام آنکھوں کے امراض سے چھٹکارا مل جائے گا۔ میں نے کہا کہ کیا واقعی ایسا ہوسکتا ہے اس نے کہا یہ استعمال کرو پھر بتانا مسلسل چار دن استعمال کے بعد آنکھوں کی سرخی، خارش، پانی نکلنا بند ہوگیا میں نے اس سے کہا کہ یہ پانچ شیشی اور منگوا دو یا مجھے ایڈریس دے دو اس نے مجھے راولپنڈی میں موجود عبقری ادویات کی ایجنسی کا ایڈریس دیا جہاں سے میں آنکھ شفاء لے کر گھر گیا اور گھر کے تمام افراد کو استعمال کرنے کی ہدایت کی۔ (محمد شاہد، راولپنڈی)

جوانی گولیاں — سمجھدار والدین نسلوں کو ضرور استعمال کروائیں
جب جوانی بے لگام ہوجائے اور اپنے پرائے کی پہچان ختم ہوجائے خواہشات اور چاہتیں اپنا رخ موڑ لیں تو مندرجہ ذیل علامات شروع ہوجاتی ہیں۔ چہرے پر دانے' داغ دھبے۔ خواتین کا مسلسل ناپاکی کی حالت میں رہنا۔ جنسی جذبات اور خیالات کا سوار رہنا۔ غصہ' چڑچڑاپن۔ ڈیپریشن' ٹینشن۔ لیکوریا۔ احتلام۔ مادہ تولید کا پتلا ہوجانا۔ ایسی تمام حالتوں میں ''جوانی گولیاں'' استعمال کریں۔ قیمت صرف 150 روپے
پیسے کبھی ختم نہ ہوں! ہجویری محل چلیے!




# انتڑیاں، معدہ اور گردے میں ہونیوالا بھیانک درد ختم!

امام جعفر صادق سلام اللہ رضوانہٗ علیہ نے فرمایا: ’’قولنج (انتڑیوں، معدے اور گردے میں ہونے والا درد) و بواسیر کے مرض کے لیے گاجر بہت مفید ہے۔ یہ قوت باہ کو بڑھاتی اور گردوں کو گرم کرتی ہے۔‘‘

## جدید سائنسی ریسرچ

جدید طبی ماہرین کا کہنا ہے گاجر میں وٹامن اے، بی اور سی سمیت کئی ایسے قدرتی اجزاء پائے جاتے ہیں جو انسانی صحت کے لئے انتہائی اہم اور فائدہ مند ہیں۔ **کینسر سے حفاظت:** تحقیق کے مطابق گاجر میں اینٹی آکسیڈینٹ مناسب مقدار میں پائے جاتے ہیں جو کینسر کے خلیات کی نشوونما کو روکتے ہیں۔ امریکہ کی ایک ریسرچ کے مطابق جو خواتین گاجر کا باقاعدہ استعمال کرتی ہیں ان میں چھاتی کے کینسر کا امکان کم ہو جاتا ہے۔ **کولیسٹرول کنٹرول:** کچھ دن گاجر کے استعمال سے کولیسٹرول میں واضح کمی محسوس ہوتی ہے۔ **موٹاپا کم:** گاجر میں موجود کم کیلوریز اور زیادہ فائبر اسے ایک ایسی خوراک بناتا ہے جو وزن کم کرنے میں معاون ثابت ہوتی ہے۔ **آنکھوں کے امراض میں کمی:** سائنسی تجربات سے یہ بات سامنے آئی ہے کہ گاجر نہ صرف آپ کی بینائی تو تیز کرتی ہے بلکہ اندھراتے کی بیماری کو بھی رفع کرتی ہے۔ **دل کے امراض کا علاج:** گاجر کھانے سے دل کی بیماریوں کے امکانات خاصے کم ہو جاتے ہیں۔ **بلڈ پریشر نارمل:** گاجر پوٹاشیم سے بھرپور ہوتی ہے اور پوٹاشیم بلڈ پریشر کو نارمل کرنے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ **قوت مدافعت میں اضافہ:** گاجر میں وٹامن ڈی اور وٹامن اے زیادہ مقدار میں پائے جاتے ہیں جو انسانی جسم کی قوت مدافت کو بڑھانے میں بہت معاون ہیں. گاجر ہمارے خون میں سفید خلیوں کی مقدار بڑھاتی ہے اور یہ خلیے جسم میں موجود جراثیموں کو پہچان کر حملہ کرتے ہیں اور انہیں ختم کر دیتے ہیں۔ **قبض اور معدے کے امراض کا علاج:** گاجر میں ریشہ وافر مقدار میں پایا جاتا ہے۔

# برص میں چقندر اور گوشت کا کمال

امام علی نقی سلام اللہ رضوانہٗ علیہ ’’مبروص (برص) افراد کے لیے چقندر ملے گوشت کا سالن بہت زیادہ مفید ہے۔‘‘

## میڈیکل سائنس کی ریسرچ

یہ مرض اس وقت لاحق ہوتا ہے جب جلد کو اس کی قدرتی رنگت دینے والے خلیات مخصوص رنگدار مادہ کی تیاری چھوڑ دیتے ہیں۔ برص کی یہ بیماری جسم میں میلینن سیل کی کمی اور زیادتی کے باعث ہوتی ہے۔ چقندر کا روزانہ استعمال ان خلیوں کو بہتر بنانا شروع کر دیتا ہے۔ چقندر نائٹریٹ سے بھرپور سبزی ہے، جو ہضم ہونے کے دوران نائٹرک آکسائیڈ میں تبدیل ہوجاتی ہے جو خون کی شریانوں کو پھیلنے میں مدد دیتی ہے۔ اس سبزی میں اینٹی آکسائیڈنٹس کی مقدار بہت زیادہ ہوتی ہے جو کہ جسم میں گردش کرنے والے فری ریڈیکلز کے نقصان سے بچانے کے خلاف مزاحمت کرتے ہیں اور جان لیوا امراض سے تحفظ ملتا ہے۔ یہ صحت بخش سبزی کئی امراض سے چھٹکارا دلانے میں مدد دیتی ہے۔ گوشت حیوانی پروٹین کے حصول کا بہترین ذریعہ ہے اور انسانی جسم کی نشوونما کیلئے پروٹین کو کلیدی اہمیت حاصل ہے۔ یہ انسانی جسم میں خلیوں کی توڑ پھوڑ یعنی میٹابولزم کے نتیجے میں پیدا ہونے والی کمزوری دور کر کے اینٹی باڈیز پیدا کرتی ہے جس کی بدولت جسم مختلف اقسام کے انفیکشن سے محفوظ رہتا ہے۔ گوشت کی بدولت ہی خون میں سرخ خلیے یعنی ریڈ بلڈ سیلز بنتے ہیں۔

# میں تو بالکل ٹھیک ہوگیا ہوں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری عمر 28 سال ہے اور میں مقامی سکول میں ٹیچر ہوں۔ میں آپ کا بے حد مشکور ہوں کچھ عرصہ قبل عبقری رسالہ میں تخم ریحان اور تخم بالنگو والا ٹوٹکہ پڑھا، لکھی گئی ترکیب سے استعمال کیا۔ میرا معدہ بالکل ٹھیک ہوگیا۔ میں نے اپنے معدہ کا بہت علاج کروایا تھا مگر معدہ ٹھیک ہونے کا نام نہیں لے رہا تھا۔ جوں ہی درج بالا ٹوٹکہ استعمال کیا میں بالکل ٹھیک ہوگیا۔ اب تو دوسروں کو بھی بتاتا ہوں۔ ٹوٹکہ یہ ہے۔ پچاس گرام تخم بالنگو۔ پچاس گرام تخم ریحان لے کر مکس کرلیں۔ ایک چمچ رات کو ایک گلاس نیم گرم دودھ میں ڈال کر پانچ منٹ تک مکس کریں اور پھر گھونٹ گھونٹ پی لیں۔ موسم گرما میں ٹھنڈے دودھ میں ڈال کر پئیں۔ (طارق محمود، گجرات)

## موٹاپا چند دنوں میں ختم! معدہ و جگر کی بیماریاں ختم

ھوالشافی: اجوائن دیسی 20 گرام۔ لاکھ دانہ 10 گرام۔ مصبر سیاہ 20 گرام۔ افسنطین رومی 10 گرام۔ نوشادر 10 گرام۔ قلمی شورہ 10 گرام۔ فلفل سیاہ 10 گرام۔ تیزپات 10 گرام۔ کلونجی 10 گرام۔ سنا مکی 10 گرام۔ آب لیموں 250 گرام۔ آب کوار گندل 100 گرام۔ ترکیب: نوشادر، قلمی شورہ اور مصبر کے بغیر سب اشیاء کو کوار گندل اور لیموں کے رس میں بھگو رکھیں، جب خشک ہوجائے تو باقی دوسری چیزیں ملا کر کھرل کرکے خشک کر کے دوبارہ پیس کر باریک سفوف بنا کر 500 ملی گرام والے کیپسول بھر کر رکھ لیں۔ ایک کیپسول صرف ایک وقت رات کو کھانے کے بعد، دو ماہ کے اندر اندر جتنا بھی بڑا موٹا پیٹ ہو بلکل اندر ہو جاتا ہے۔ غلاظت معدہ دور ہو کر چربی نکلنا شروع ہو جاتی ہے۔ کمر کی چربی اور پھیلاؤ کو درستگی ملتی ہے جو لوگ وزن کی زیادتی سے پریشان ہیں وہ استعمال کریں جسم میں چستی اور توانائی پیدا ہوگی بلکہ جن حضرات کو معدے جگر کی پریشانیاں ہیں مثلاً بھوک نہ لگنا، شدید قبض کی شکایت، سردرد، پٹھوں کو کھنچاؤ رہنا، غذا کا ہضم نہ ہونا، چہرے پر کیل چھائیاں، آنکھوں کے نیچے سیاہ ہلکے پڑنا، خرابی خون، خارش وغیرہ ان سب امراض کا خاتمہ ہوجائے گا۔ یہ نسخہ انتہائی مجرب ہے اور بارہا کا آزمودہ ہے۔ عبقری قارئین ضرور آزمائیں کوئی سائیڈ ایفیکٹ نہیں۔ (عبدالرؤف، لاہور)

پتھری ڈائیلاسز کورس
پراسٹیٹ یعنی غدود بڑھ جائیں اور آپریشن کے بغیر چارہ نہ ہو تو پھر ’’پتھری ڈائیلاسز کورس‘‘ کا کمال دیکھیں۔
یوریا، یورک ایسڈ اور کریٹنین بڑھ گئی ہو تو یہ کورس اعتماد سے استعمال کریں۔ قیمت: 800 روپے علاوہ ڈاک خرچ (دوا برائے پندرہ یوم)
مسئلہ پرانی پتھری کا ہو یا آپریشن کے بعد بار بار پتھری بن جاتی ہو اعتماد سے استعمال کریں۔
روحانی دنیا کی سیر! ہجویری محل چلیے!

## چہرے کے فالتو بالوں کا صفایا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں اپنے چہرے پر فالتو بالوں کی وجہ سے بہت پریشان تھی جتنے کاٹوں اس سے زیادہ نکل آئیں۔ لیڈی ڈاکٹر سے مشورہ کیا تو اس نے مجھے ہارمونز کا بتایا کہ تمہارے ہارمونز تبدیل ہورہے ہیں جس کے لیے میں نے دوائی بھی کھائی پر کوئی فرق نہ پڑا پھر میری پھوپھو نے مجھے عبقری کی ہارمونز شفاء استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔ میں نے عبقری دواخانے کا ایڈریس پوچھا تو انہوں نے بتایا اگلے روز میں اپنی امی کے ساتھ عبقری دواخانے گئی اور کورس لے کر استعمال کیا جس کا مجھے بے حد فائدہ ہوا اور میری فالتو بالوں سے جان چھوٹ گئی۔ (فائزہ، لاہور)

## معدے کی جلن نظام ہاضم کی خرابی دور

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے کافی عرصے سے معدہ میں جلن اور درد ہوتا رہا جب بھی کھانا کھاتا دو نوالے کھا لینے سے معدہ میں جلن اور درد شروع ہوجاتا اور کچھ نہ کھا سکتا اور دن رات معدے کی تکلیف میں مبتلا رہتا آخر ڈاکٹروں سے ادویات لانا شروع کیں بڑے سے بڑے سپیشلسٹ کو چیک کروایا لیکن عارضی افاقہ ہوا۔ ایک روز کسی ڈاکٹر سے ملنے میں راولپنڈی گیا تو اس کے کلینک میں موجود ایک مریض نے میرا حال پوچھا اور مجھے عبقری کی دیسی ادویات استعمال کرنے کا مشورہ دیا اور میرے ہاتھ میں عبقری رسالہ بھی تھما دیا میں نے عبقری رسالے کا مطالعہ کیا اس میں ٹھنڈی مراد نامی پھکی میری دل کو لگی اور میں نے اپنے شہر ایبٹ آباد میں موجود ایجنسی سے دو ڈبی ٹھنڈی مراد کی لیں اور ان کا استعمال مستقل مزاجی سے کیا تو حیرت انگیز رزلٹ ملا اور میرا درد آہستہ آہستہ ختم ہوگیا اور آج میں اگر پتھر بھی کھالوں تو الحمدللہ وہ بھی معدہ برداشت کرلے اللہ آپ کو جزائے خیر فرمائے اور عبقری کا فائدہ پورے عالم میں پہنچائے۔

(محمد حماد، گاؤں دناہ، ایبٹ آباد)

## دیسی ادویات کا سٹور اب ہمارے گھر میں ہے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! پچھلے چھ سال سے عبقری پڑھ رہا ہوں۔ پہلے میں انگریزی ادویات کا استعمال کرتا تھا۔ انگریزی دوائی کے استعمال سے ایک بیماری ٹھیک ہوجاتی لیکن دوسری لگ جاتی اور بلڈ پریشر ہائی رہنا معمول تھا۔ اس کے ساتھ ساتھ معدہ نے تو کام کرنا چھوڑ دیا تھا لیکن جب سے عبقری سے جڑا ہوں صرف اور صرف عبقری کی دیسی ادویات کا استعمال کرتا ہوں۔ مجھے میری بیوی بچے کو جب کوئی تکلیف ہو تو ہم عبقری کی ادویات ہی استعمال کرتے ہیں۔ نزلہ زکام کے لیے بنفشی قہوہ، شفائے حیرت استعمال کرلیتے ہیں خون کی کمی ہو جائے تو فٹنس فولاد لے لیتے ہیں، معدہ خراب ہوجائے تو ہاضم خاص کھالیتے ہیں نیند کا مسئلہ درپیش ہو تو سکون افزاء سے اچھی نیند آجاتی ہے۔ پٹھوں کی کمزوری' باہ کی کمزوری محسوس کی تو عبقری دواخانہ کی تیار کردہ گولیاں ''قوتی'' کھالیتا ہوں، اکسیر البدن استعمال کرلی' گرمیوں میں پیاس ستاتی ہو تو عبقری مشروب پی لیتا۔ جسم میں تھکاوٹ محسوس ہورہی ہو یا درد تنگ کررہا ہوں تو ''ستر شفائیں'' استعمال کرتے ہیں غرض ہم ایسی سب بیماریوں میں عبقری کی ادویات ہی استعمال کرتے ہیں اللہ کے فضل وکرم سے عبقری ادویات سے ہی ہم شفایاب ہوجاتے ہیں ہمیں کسی اور دواخانہ کی ضرورت نہیں پڑتی۔ مزید کوئی بھی بیمار ہو میں اسے عبقری دواخانہ کا ہی بتاتا ہوں اللہ کریم اسے شفاء عنایت فرمادیتے ہیں۔ (سید عارف امان اللہ، کراچی)

### قارئین کی شکایت عبقری کی ادویات

قارئین شکایت کرتے ہیں کہ سیرپ یا شہد کا رنگ کبھی گہرا کبھی ہلکا' سیرپ کا قوام کبھی پتلا کبھی گاڑھا۔ ذائقہ کبھی زیادہ کڑوا کبھی کم! ادویات کے پاؤڈر کے رنگوں میں بھی کمی وبیشی۔ اس طرح کی بے شمار اور شکایات! دراصل قارئین! ہاتھ سے تیار ہونے والی دوائی اپنی ایک مکمل اور جامع تاثیر رکھتی ہے۔ مشین سے تیار ہونے والی دوائی کا انداز اور ہوتا ہے۔ یہ کمی بیشی نہ اجزا میں ہے نہ تاثیر میں ہے بلکہ موسم کی سردی گرمی کبھی مواد کو پگھلا دیتی ہے کبھی سکیڑ دیتی ہے۔

## کمر جوڑوں کے درد نے مفلوج کردیا تھا لیکن!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے سسر جن کی عمر تقریباً 65 سال ہے گزشتہ دس سال سے کمر اور جوڑوں کے درد میں مبتلا تھے۔ انگریزی ادویات کا بے جا استعمال کیا اس کے علاوہ بہت سے حکماء سے بھی دوائی لے کر کھائی لیکن افاقہ نہ ہوسکا۔ سارا سارا دن ایک کرسی پر بیٹھے رہتے وہاں ہی کھانا پینا اور وہاں ہی نماز ادا کرتے۔ وہ گھر کی دوسری منزل پر رہتے تھے چھ ماہ یا چار ماہ کہیں' لازمی جانا ہوتا تب ہی گھر سے باہر نکلتے بہت پریشان تھے کہ میں تو کسی سے ملنے سے بھی گیا ہوں' میں نے ان کو حوصلہ دیا اور عبقری رسالے کے بارے میں بتایا کہ بہت ہی اچھا رسالہ ہے جس میں نسخہ جات، ٹوٹکوں کی بھرمار ہے۔ جواب میں انہوں نے کہا کہ ہاں عبقری رسالہ میری نظر سے تو گزرا ہے لیکن میں نے اس کا کبھی مطالعہ نہیں کیا تو مجھے لاکر دو میں ان کے لیے رسالہ لے کر آیا اور اگلے روز مطالعہ کرنے کے بعد بہت خوش ہوئے اور اس میں دی گئی دوائی ''ستر شفائیں'' مجھے لانے کو کہا۔ میں مری میں موجود عبقری ادویات کی ایجنسی پر گیا اور ستر شفائیں کی ایک ڈبی لے کر اپنے سسر کو دیدی۔ تقریباً دو ہفتے بعد مجھے ان کی کال آئی تو بہت خوش تھے کہنے لگے کہ کمال کی دوائی ہے۔ کمر اور جوڑوں کے درد کے ساتھ ساتھ اس دوائی نے میرے معدے کو بھی ٹھیک کردیا ہے جو رنگ برنگی ادویات کھانے سے خراب رہتا تھا۔ اور یہ بھی کہنے لگے کہ بھائی میں تو ستر شفائیں کا دیوانہ ہوگیا ہوں ہر وقت چنے کے برابر گولی میں نسوار کے طور پر اپنے منہ میں رکھتا ہوں جس سے میری تمام بیماریاں دور ہوگئی ہیں اور میں اب نماز مسجد میں جاکر پڑھتا ہوں۔ (محمد شاہ نواز، مری)

نامراد بیماری کا تیر بہدف علاج
بستر پیشاب شفاء
اچانک پیشاب کا نکل جانا سب کے سامنے شرمندہ کردیتا ہے
بار بار پیشاب یا بستر پر پیشاب کا نکل جانا بہت بڑا مسئلہ! مگر اب نہیں!
قیمت 150 روپے علاوہ ڈاک خرچ
نسلیں ہمیشہ کامیاب ہجویری محل چلیے

## والد صاحب کو کالے یرقان سے آرام مل گیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! تقریباً ایک ماہ پہلے میرے ایک پرانے دوست کا فون آیا میں نے اس سے پوچھا بھائی آج کل کہاں غائب ہو اور اتنے عرصے بعد رابطہ کیا ہے کیا آپ نے آرمی سے ریٹائرمنٹ لے لی ہے اس نے کہا نہیں میں والد کو لے کر پریشان ہوں میں نے پوچھا ہوا کیا ہے تو اس نے بتایا کہ والد کو کالا یرقان ہوگیا ہے۔ سال پہلے بھی ہوا تھا لیکن پورا کورس کروانے کے بعد بیماری ختم ہوگئی تھی لیکن اب بھی جراثیم زندہ ہوگئے ہیں۔ میں نے انہیں سی ایم ایچ سرگودھا میں داخل کروایا ہے لیکن مجھے کوئی فرق نظر نہیں آرہا اس لیے تمہیں فون کیا ہے کہ مجھے کوئی مشورہ دو۔ میں نے اسے عبقری دواخانے کی ''ہیپا ٹائٹس نجات سیرپ'' کی دس بوتل استعمال کروانے کا مشورہ دیا اس نے کہا کہاں سے ملے گی میں نے کہا کہ سرگودھا میں عبقری کی ایجنسی ہے وہاں سے مل جائے گی۔ دو ہفتے بعد دوبارہ کال آئی اور خوش تھا کہ آپ نے مشورہ بہت اچھا دیا اور عبقری دواخانے کی دوائی بھی کمال ہے ابھی والد صاحب کو چھ بوتل ہی استعمال کروائی اور ٹیسٹ کروایا تو مرض کافی حد تک ختم ہوگیا۔ سی ایم ایچ سرگودھا کے ڈاکٹرز بھی حیران ہیں کہ مریض تیزی سے صحت یاب ہوگیا ہے۔ میرا شکریہ ادا کررہا تھا اور عبقری کی ادویات کی تعریف پر تعریف کیے جارہا تھا۔ (نصر اللہ حافظ، سرگودھا)

## اہلیہ کی صحت دن بدن بہتری کی جانب گامزن

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا ایک دوست ایک روز میری دکان پر آیا اور باتوں باتوں میں اس نے اپنی اہلیہ کا بتایا کہ وہ بہت بیمار ہے اور دن بدن انتہائی کمزور ہوتی جارہی ہے جس وجہ سے میں بہت ہی زیادہ پریشان ہوں میں نے اس سے بیماری کے بارے پوچھا تو اس نے بتایا کہ اسے لیکوریا ہے۔ میں نے اس کو تسلی دی اور عبقری ادویات بارے بتایا اس نے کہا کہ میں نے بہت مہنگی سے مہنگی ادویات کھلائی ہیں اس کو لیکن ایک روپے کا بھی فرق نہیں پڑا۔ میں نے اس کو یقین دلایا کہ عبقری کی ادویات اصلی دیسی جڑی بوٹیوں سے تیار کردہ ہے تم اپنی اہلیہ کو عبقری دواخانہ کو ''پوشیدہ کورس'' استعمال کرواؤ ان شاء اللہ ایک کورس کے استعمال سے ہی تمہیں سب پتہ چل جائے گا۔ دوست نے کہا کہ مجھے کل لادو میں نے اگلے روز اس کو دوائی لے کردی اور تقریباً دس دن بعد میری دوبارہ اس سے ملاقات ہوئی تو ملتے ہی اس نے مجھے زور سے گلے لگالیا اور شکریہ ادا کرنے لگا میں نے کہا بھائی کیا بات ہے؟ اس نے کہا کہ واقعی عبقری کی ادویات کمال کی ہیں' پوشیدہ کورس کے استعمال سے بیوی کا لیکوریا ختم ہوگیا ہے اب وہ دن بدن صحت یاب ہورہی ہے۔ لیکوریا کے حوالہ اس کو ایک اور پوشیدہ بیماری تھی وہ بھی ختم ہوگئی ہے۔ پھر مجھے اور عبقری دواخانے کو دعائیں دینے لگا۔ (حافظ محمد ادریس، گاؤں بانسرہ مری)

## اللہ کا شکر ہے میں ہرنیا کے آپریشن سے بچ گیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری عمر 60 سال سے زائد ہے اور ایک عرصہ سے عبقری پڑھ رہا ہوں بے شمار لوگوں کو عبقری کی ادویات استعمال کروائی ہیں الحمدللہ اکثر کو فائدہ ہوا ہے۔ میں خود بھی عبقری کی ادویات کا دیوانہ ہوں جسمانی کوئی بھی مسئلہ ہو میں عبقری رسالے سے دیکھ کر اپنے لیے خود ہی دوائی تجویز کرلیتا ہوں۔ کچھ ماہ پہلے مجھے اچانک ہرنیا کی تکلیف ہوگئی ڈاکٹروں کو بتایا انہوں نے کہا کہ ہرنیا کا علاج صرف اور صرف آپریشن ہے آپ زیادہ دیر کریں گے تو آپ کے لیے اور مشکل کھڑی ہوجائے گی لہٰذا اس بیماری کا جلد از جلد آپریشن کروائیں۔ مگر مجھے آپریشن سے بہت ڈر لگتا تھا اس کے علاوہ آپریشن کے لیے بھی ایک بڑی رقم درکار تھی۔ میں نے عبقری رسالہ اٹھایا اور ہرنیا کے لیے دوائی خود ہی تجویز کی جس میں روحانی پھکی، جوہر شفاء مدینہ، ٹھنڈی مراد مکس کرکے اس کا ایک چمچ اور چنے برابر ستر شفائیں ایک ساتھ دن میں چار پانچ بار استعمال کیا اور ساتھ میں ایک وظائف یَاشَهِيْدُ اکتالیس بار ہر فرض نماز کے بعد پڑھ کر اپنے اوپر دم کیا الحمدللہ مجھے بہت ہی زیادہ فائدہ ہوا اور میں آپریشن سے بچ گیا اور بیماری سے بھی جان چھوٹ گئی۔ (چاچا محمد سلیمان، کراچی)

## معدے کے جملہ امراض ختم ہوگئے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! پچھلے ایک سال سے میں معدہ کے امراض سے دوچار تھا کافی انگریزی ادویات کا استعمال کیا لیکن افاقہ نہ ہوا۔ میں عبقری رسالہ بڑے شوق سے پڑھتا ہوں اس پر لکھا ہوا ایڈریس نوٹ کرکے میں لاہور گیا جہاں میری اسسٹنٹ حکیم صاحب سے ملاقات ہوئی انہوں نے میرا مکمل چیک اپ کرنے کے بعد ''گیس تبخیر کورس'' استعمال کرنا کا مشورہ دیا۔ میں تقریباً دو کورس لے کر واپس اپنے شہر آگیا اور مستقل مزاجی سے دوائی کا استعمال شروع کیا اس دوران تیز مصالحہ جات، تلی ہوئی اشیاء سے مکمل پرہیز اختیار کیا۔ تقریباً دو کورس کے استعمال سے ہی میری طبیعت خوشگوار ہونا شروع ہوگئی۔ پہلے کھانا کھانے کے بعد کھٹی ڈکاریں آتی تھیں اب اسی صورتحال کا سامنا نہیں کرنا پڑتا تھا۔ معدہ بالکل ہلکا پھلکا سے محسوس ہوتا تھا۔ یہ سب عبقری کی اصل دیسی جڑی بوٹیوں سے تیار کردہ دوائی ''گیس تبخیر کورس'' کا نتیجہ تھا الحمدللہ اب میں مکمل ٹھیک ہوں۔ اور اپنے دوستوں کو بھی عبقری کی ادویات اور عبقری رسالہ پڑھنے کا مشورہ دیتا ہوں اس کے علاوہ ہمارے گھر میں بھی عبقری رسالہ بڑے شوق سے پڑھا جاتا ہے اور ساتھ میں عبقری کی ادویات، وظائف کیے جاتے ہیں جس سے گھر میں برکت، رزق میں برکت نظر آتی ہے۔ (محمد شاہد سبحانی گجرات)

عبقری کا شہد سو فیصد خالص ہے' موسمی تبدیلی کی وجہ سے شہد کا جمنا فطری عمل ہے۔ مصنوعی اور ملاوٹ نہ سمجھی جائے۔ قارئین! اعتماد سے عبقری کی ادویات استعمال کررہے ہیں ہم قارئین کے مشکور رہیں۔ (ادارہ عبقری)


**پوشیدہ کورس**

ایام کی کمی وزیادتی' بوجھ پڑنا' کمر میں درد' کولہے میں درد اور کھچاؤ اندرونی ورم حتیٰ کہ پرانی سے پرانی لیکوریا کا یقینی طور پر خاتمہ

صرف دس دن کی دوائی سے حیرت انگیز رزلٹ کے آپ خود حیران و پریشان

خواتین کے تمام پوشیدہ امراض کیلئے سالہا سال تحقیق کے بعد کامیاب علاج

مایوس اور غیر مطمئن خواتین جن کا ہر جگہ سے اعتبار اٹھ چکا ضرور استعمال کریں

قیمت 600 روپے

دشمن وحاسد کے سامنے پڑھیں!

**ہجویری محل چلیے!**

یہ صفحہ خواتین کے روز مرہ خاندانی اور ذاتی مسائل کیلئے وقف ہے۔ خواتین اپنے روز مرہ کے مشاہدات اور تجربات ضرور تحریر کریں۔ نیز صاف صاف اور صفحے کے ایک طرف مکمل لکھیں۔ چاہے بے ربط ہی کیوں نہ ہوں

## تیز دھڑکن کا علاج

دوسال سے رات کو لیٹتے ہی میرے دل کی دھڑکن تیز ہوتی ہے بہت علاج کرایا فائدہ نہیں ہوا۔ کام کرنے میں نہیں صرف لیٹنے میں تکلیف ہے۔ (شاہینہ کوٹ ادو)

مشورہ: دل کی تیز دھڑکن ہونا ایک عمومی مسئلہ ہے۔ کچھ لوگوں کے دل میں تو باقاعدہ آواز اور پھڑپھڑاہٹ بھی محسوس ہوتی ہے۔ آپ ادویات تو آزما چکیں، اب غذا کی طرف توجہ دیجئے۔ آج بھی چند ممالک میں دل کی تیز دھڑکن کے لیے میٹھے انگور کا رس پیا جاتا ہے۔ اس تکلیف میں رات کو سونے سے پہلے ایک گلاس پانی میں ایک کھانے کا چمچہ شہد اور آدھے لیموں کا رس ملا کر پینے سے افاقہ ہوتا ہے۔ آدھ پاؤ سونف اور آدھا پاؤ خشک دھنیا پیس کر رکھ لیں۔ اس میں شکر یا مصری برابر مقدار میں ملائیں۔ کھانے کے بعد صبح وشام چھ گرام سفوف پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ اس سے بھی فرق پڑے گا۔ امرود کھائیے، دل کی طاقت کے لیے آملے کا مربہ دھو کر کھا سکتی ہیں۔ آپ کے دل میں جو خوف بیٹھ گیا ہے وہ آہستہ آہستہ دور ہوگا اور ان شاء اللہ آپ بالکل ٹھیک ہوجائیں گی۔ اس کے علاوہ عبقری دواخانہ کی دوا ''دل شفاء'' بھی استعمال کرسکتی ہیں۔

## نیند کا مسئلہ

میرا بیٹا گیارہ سال کا ہے۔ رات کو دیر تک جاگتا رہتا ہے۔ میں اسے اس عمر میں نیند کی گولی نہیں دینا چاہتی۔ آپ سے مشورہ درکار ہے۔ صحت مند ہے، پڑھائی میں بھی ٹھیک ہے۔ اس کیلئے کیا کرنا چاہیے؟ (ب، سکھر)

مشورہ: بعض دفعہ بچے کسی مسئلے سے دوچار ہوتے ہیں اور سوچتے رہتے ہیں، اس لیے ان کی نیند اچاٹ ہوجاتی ہے۔ آپ اپنے بچے سے بڑے پیار سے پوچھیے کہ سکول کا تو کوئی مسئلہ نہیں۔ چھوٹی چھوٹی باتیں بچوں پر اثر انداز ہوتی ہیں۔ ایک ہرا کھیا لے کر اس کا جوس نکالیے۔ جتنا جوس ہو اتنا ہی تلوں کا تیل ملا کر ہلکی آنچ پر پکائیے۔ جب صرف تیل رہ جائے تو اتار کر رکھ لیجیے۔ شام کو اس تیل سے بچے کے سر میں مالش کریں، خصوصاً کنپٹیوں پر، کھانے میں اسے دہی، گھیا اور سلاد کے پتے ضرور دیں۔ سلاد کے بے شمار فائدے ہیں۔ بے خوابی کے مریض غذا میں سلاد کے پتے شامل کریں تو اچھا رہتا ہے۔ اسی طرح دہی بھی بے حد مفید ہے۔ رات کو سونے سے پہلے دودھ میں ایک چمچہ شہد ڈال کر پلائیے، نیند آجائے گی۔ بچے کو نیند آور گولی نہ کھلائیے ذرا سی احتیاط سے چند روز میں اس کی نیند ٹھیک ہوجائے گی۔

## جلد پر سفید داغ

دوسال سے میرے ہاتھوں پر سفید داغ پڑ گئے ہیں۔ ڈاکٹر اسے برص کہتے ہیں۔ میری ابھی شادی نہیں ہوئی۔ (ش، بہاولپور)

مشورہ: سفید داغوں کیلئے میں نے کئی دفعہ نسخے بتائے ہیں۔ یہ بیماری دوا کھانے سے رک جاتی ہے مگر پھر دھبے نمودار ہوجاتے ہیں۔ پنچی کے بیجوں سے نکلا ہوا مادہ ہندوستان میں ٹکیوں کی شکل میں استعمال کیا جاتا ہے جو برص کیلئے بے حد مفید ہے۔ اسی طرح کلونجی کو ہر مرض کی دوا قرار دیا گیا ہے۔ اسے توے پر اچھی طرح جلا کر اس کی راکھ پھلوں کے سرکے میں ملا کر داغوں پر لگائی ہے۔ کلونجی اور حب الرشاد 50,50 گرام لے کر پیس لیں پھر نوسو گرام پھلوں کے سرکے میں دس منٹ ابال کر چھان کر رکھ لیں۔ صبح شام داغوں پر لگائیں۔ یہی سفوف 4 گرام صبح اور 4 گرام شام کو کھائیں آرام آجائے گا۔ جالندھر کے شاہی طبیب ایسے مریضوں کو چنے کی روٹی کھلانے کی تاکید کرتے تھے۔ گندم اور چنے کا آٹا برابر مقدار میں ملا کر روٹی پکواتے اور بھنے ہوئے چنے کا آٹا برابر مقدار میں ملا کر روٹی پکواتے اور بھنے ہوئے کالے چنے چھلکوں سمیت دو مٹھی بھر روزانہ کھانے کی تاکید کرتے۔ سرس کا درخت عام پایا جاتا ہے۔ اس کی پھلیاں لمبی ہوتی ہیں اور ان میں بیج ہوتے ہیں۔ پنساری کے ہاں عام مل جاتے ہیں۔ آپ صاف ستھرے بیج چھٹانک بھر خرید یے۔ صاف کر کے آدھا کلو گائے کے دودھ میں ڈال کر پکائیے۔ دودھ کا کھویا بن جائے تو اتار کر بیجوں کو چھلنی میں ڈال کر پکائیے۔ دودھ کا کھویا بن جائے تو اتار کر بیجوں کو چھلنی میں ڈال کر دھو لیجیے۔ اب ان بیجوں کو چھیل کر دھوپ میں اچھی طرح سکھائیے۔ جب دو تین دن میں خشک ہوجائیں تو پیس کر شیشی میں محفوظ کرلیں۔ یہ سفوف ایک ماشہ صبح پانی سے کھائیے۔ بھنے ہوئے کالے تقریباً آدھی چھٹانک مع چھلکوں اور کشمش کے دانے تولہ بھر کھالیں، یہی ناشتہ ہے۔ چالیس دن کھا کر دیکھیے۔

## رنگت خراب ہوگئی

اپنے شوہر کیساتھ سیر کے لیے خنجراب گئی، وہاں کی آب و ہوا نے میرے چہرے کی رنگت خراب کردی، اب چھائیاں پڑ رہی ہیں اب چہرے کا گورا رنگ کیسے ٹھیک ہوگی؟ (فرح، لاہور)

مشورہ: خنجراب میں خوبانی کا تیل بہت ملتا ہے اسے آپ چہرے پر لگاتیں تو بہت فائدہ ہوتا۔ آپ ایک چمچ بیسن میں آدھے لیموں کا رس اور ایک چمچ دودھ ملا کر چہرے پر لگائیے۔ دس منٹ بعد منہ دھو لیجیے۔ رات کو چہرے پر گھیکوار کا گودا لگائیے۔ پندرہ منٹ بعد منہ دھو لیجیے۔ اس سے فرق پڑ جائیگا۔

## غسل خانے میں بدبو

میرے غسل خانہ میں عجیب سی بدبو ہے جسے میں کوئی نام نہیں دے سکتا۔ سیدھی دماغ پر چڑھتی ہے۔ اسے دور کرنے کا کوئی آسان ساٹوٹکہ بتائیے۔ (مسز شکور، راولپنڈی)

مشورہ: غسل خانہ کی کھڑکی دن میں کھول دیا کیجیے۔ جب بھی غسل خانہ استعمال کریں ماچس کی تیلی جلا کر پلیٹ میں رکھ دیجئے اور چار پانچ تیلیاں اسی طرح سے جلائیے۔ حیران کن طور پر تیلیاں جلانے سے بو دور ہوجائے گی اور وقتی طور پر آپ کو سکون محسوس ہوگا۔ فینائل کی گولیاں واش بیسن میں ڈال دیا کیجیے ان سے بھی فرق پڑتا ہے۔

## آواز باریک ہے

میری عمر 16 سال ہے کچھ عرصے سے میری آواز بہت باریک ہوگئی ہے جس سے مجھے شرم آتی ہے میں چاہتی ہوں میری آواز صحیح ہوجائے اس کیلئے بتائیے کیا کروں؟ (س، لاہور)

مشورہ: بعض دفعہ ناک کے غدود بڑھنے سے آواز میں فرق پڑ جاتا ہے۔ آپ کسی مقامی ڈاکٹر کو ناک دکھائیے۔ اگر غدود بڑھ گئے ہوں تو نیم کے مٹھی بھر تازہ پتے تین گلاس پانی میں خوب پکائیے، جب دو گلاس پانی رہ جائے تو اتار کر چھان کر رکھ لیجیے۔ چٹکی بھر نمک ملا کر ایک گلاس نیم گرم پانی سے ناک کو غسل دیجیے جیسے وضو میں ناک کے اندر پانی ڈالتے ہیں۔ صبح شام یہ عمل کیجیے ایک ماہ میں فائدہ ہوجائے گا۔

(بقیہ: اسم اعظم کے روحانی دم کا فیض)

سے نماز کرسی پر ادا کرتا تھا جب دوسروں کو جبیں سجدے میں رکھتے دیکھتا تو تڑپ اٹھتا، بہت خواہش پیدا ہوئی کہ اے کاش رب کریم مجھے بھی دوبارہ سجدے کی توفیق عطا فرمادے بس رب نے سن لی اور مجھے دم کروانے بھیج دیا اب ہر ماہ دم کرواتا ہوں اسی دم کی برکت سے میرے جوڑوں کا درد اب بالکل معمولی سا رہ گیا ہے اب میں اللہ کے فضل سے نماز بغیر کرسی کے ادا کرتا ہوں اور پرسکون زندگی گزار رہا ہوں۔ (شہروز خان، لاہور)

گردے فیل شفاء — گردہ کے مریضوں کیلئے شفاء کا سچا پیغام — کمزور گردے کو صحت مند کرے۔ یوریا، یورک ایسڈ، کریٹینن، پوٹاشیم کی مقدار درست کرے۔ ڈائیلاسز سے نجات دلائے۔ کوئی سائیڈ ایفیکٹ نہیں (قیمت: 150 روپے) — شادی کی بندش ختم ہجویری محل چلیے

# موسم سرما خشک جلد اور صندل کی لکڑی کے کرشمات

سردیوں میں سب سے بڑا مسئلہ ''خشکی'' کا ہی درپیش رہتا ہے۔ جلد خشک ہونے کے ساتھ ساتھ بال بھی روکھے اور بےرونق ہونے لگتے ہیں۔ یہ خشک اور کھچی ہوئی جلد، کئی قسم کی الرجی کا باعث بھی بن جاتی ہے۔ اس کی سب سے بڑی وجہ تو یہ ہے کہ موسم سرما میں پانی پینے کی خواہش کم ہوجاتی ہے نتیجتاً جسم میں پانی کی مطلوبہ مقدار کم ہونے لگتی ہے جس کا سامنا خشک جلد اور بالوں کی صورت میں کرنا پڑتا ہے۔ جلد کو نرم و ملائم اور موئسچرائز رکھنے کے لیے بے شمار لوشنز اور کریمز تیار کی جاتی ہیں جن کی تیاری میں ایسے کیمیکلز بھی شامل ہوتے ہیں جو سکن کے لیے تباہ کن ثابت ہوسکتے ہیں۔ اس لیے اگر ان مصنوعی اشیاء کے بجائے قدرتی چیزوں کا استعمال کرلیا جائے تو اس کے نتائج بہترین آتے ہیں۔ اس ضمن میں صندل کی لکڑی یا اس سے تیار کیا جانے والا پاؤڈر جلد کے لیے انتہائی موثر اور فائدہ مند تصور کی جاتا ہے خاص طور پر موسم سرما میں خشک ہوجانے والی اسکن کو مکمل طور پر موئسچرائز رکھتا ہے۔ صندل کی لکڑی کا تیل اور پیسٹ میڈیسن میں بھی استعمال کیے جاتے ہیں۔ اس کے علاوہ اسکن بیوٹی کے علاوہ دیگر کئی چیزوں جیسے ائیر فریشنر، ماؤتھ فریشنز، ٹوتھ پیسٹ، خوشبویات، پرفیومز، صابن، لوشنز اور کریمز میں اس کا استعمال عرصہ سے جاری و ساری ہے۔ صندل کی لکڑی میں قدرتی طور پر ایسے اجزاء موجود ہوتے ہیں جو انسانی صحت کے لیے بیرونی اور اندرونی دونوں طرح سے فائدہ مند ثابت ہوتے ہیں۔ صندل کو چندن بھی کہا جاتا ہے۔ صندل پاؤڈر کا دودھ میں استعمال بھی چہرے کی دلکشی اور شگفتگی بڑھانے کے لیے کیا جاتا ہے۔ صندل کا استعمال عرصہ دراز سے حسن و آرائش کے لیے کیا جارہا ہے۔ صندل وڈ، لکڑی کی اس قسم کا نام ہے جسے Genus Santalum کہا جاتا ہے یہ لکڑی بھاری، پیلی اور اچھی حالت میں ہوتی ہے یہ دوسری Aromatic درختوں سے بہتر ہوتی ہے صندل وڈ آئل اسی لکڑی سے کشید کرکے تیار کیا جاتا ہے۔ صندل کی لکڑی اور تیل صدیوں سے مختلف چیزوں کے لیے استعمال کیے جارہے ہیں۔ صندل کی لکڑی ایشیائی ممالک میں خاص طور پر آرائش حسن کے لیے استعمال کی جاتی ہے صندل کی لکڑی کے دیگر کئی نام اور اقسام ہیں جیسے کہ چندن، سفید صندل وڈ، سرخ صندل وڈ، پیلا صندل وڈ اور ایسٹ انڈین صندل وڈ وغیرہ۔ صندل کی لکڑی کے تنے سے بہت زیادہ خوشبو دار پیسٹ اور پاؤڈر تیار کیا جاتا ہے۔ صندل وڈ بہت سی صحت مند پروپرٹیز کی وجہ سے جانا جاتا ہے اسی لیے اسے اینٹی سیپٹک بھی کہا جاتا ہے۔ صندل وڈ کا خوشبودار تیل صابن، پاؤڈر ایسنس اور دوسری کئی اقسام کی کاسمیٹکس کی تیاری میں استعمال کیا جاتا ہے۔ خالص قسم کا صندل تیل انتہائی مہنگا ہوتا ہے اس لیے اس کا استعمال خاص خاص مواقعوں پر ہی کیا جاتا ہے یہ سدا بہار درخت گرمی اور نمی کے موسم میں خوب پروان چڑھتا ہے۔ خالص صندل وڈ میں بے شمار کیمیکل کمپاؤنڈز پائے جاتے ہیں جو کہ جسم سے ہر قسم کی انفیکشن کو دور کرنے میں مدد دیتے ہیں۔ صندل وڈ تیل عام طور پر کھانوں میں استعمال کیا جاتا ہے۔ صندل کی لکڑی آروماتھراپی، اسٹریس اور ٹینشن سے نجات دلاتی ہے یہ اسکن کے جملہ مسائل مثلاً ایگزیما، الرجی، خراش اور خارش کو دور کرنے میں بھی فائدہ دیتا ہے۔ صندل چہرہ کی تازگی اور نکھار کے لیے مندرجہ ذیل طریقوں سے استعمال کیا جاسکتا ہے۔ ☆ صندل وڈ پاؤڈر اور عرق گلاب کو اچھی طرح مکس کرکے چہرے پر فیس ماسک کے طور پر لگائیں۔ اور اسے خشک ہونے تک چھوڑ دیں۔ پھر پانی کا اسپرے چہرے پر کریں اور ہلکے ہاتھوں سے مساج کرتے ہوئے یہ فیس ماسک اتاریں۔ یہ فیس ماسک ہر قسم کی جلد کے لیے فائدہ مند ہے لیکن اگر آپ کی اسکن خشک (باقی صفحہ نمبر 58 پر)

# بالوں کی خوبصورتی بڑھانے چمک دمک اور گھنے کرنے کا سادہ سا ٹوٹکہ

افزائش حسن میں بھی زیتون کا تیل بڑی اہمیت رکھتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ آج کل بیوٹی کلینکوں میں اس کا استعمال عروج پر ہے۔ زیتون کا تیل کاسمیٹکس کی جان ہے۔ جہاں تک زیتون کے تیل کی مالش کا تعلق ہے یہ جسم کی نشوونما، افزائش حسن اور جلدی امراض کے لیے بہترین ہے۔ اس مقصد کے لیے سب تیلوں میں سرفہرست ہے۔ جسم کی نشوونما اور افزائش حسن کے ضمن میں زیتون کے تیل کے طلسمانی اثرات کے بارے میں اہم ابتداء بالوں سے کرتے ہیں۔

**بال:** موجودہ دور میں افزائش حسن میں بالوں کی آرائش کو بڑی اہمیت دی جارہی ہے کیونکہ بالوں کا تعلق محض حسن ہی سے نہیں بلکہ یہ عمر کے رازداں بھی ہیں۔ دلکش اور گھنے بالوں کے بغیر کسی باوقار اور حسین عورت کا تصور ہی ممکن نہیں۔ خصوصاً مشرقی تہذیب اور معیار حسن میں لمبے بالوں کو ایک خاص مقام حاصل ہے لیکن اب اس کے ساتھ ساتھ تراشیدہ بال رکھنے کا بھی رجحان شدت تے بڑھ رہا ہے۔ بہرحال یہ آپ کی پسند ہے۔ بال لمبے رکھیں یا تراشیدہ لیکن اس امر سے تو کوئی اختلاف نہ ہوگا کہ خواتین کے سر پر صحتمند بالوں کا ہونا ضروری ہے۔ اس کے لیے مفید ترین اور جدید ترین طریقہ یہ ہے کہ رات کو سونے سے پہلے ارنڈ کا تیل (کیسٹر آئل) یا زیتون کے تیل کی مالش کریں جبکہ زیتون کا تیل بالوں کی مالش کے لیے بہت بہترین ہے۔ دوسرے درجہ پر بادام روغن اور تیسرے درجہ پر کیسٹر آئل۔ تیل کو بالوں کی جڑوں میں لگانا چاہیے اور مالش کرنے کے لیے انگلیوں کی پوریں کھوپڑی کی جلد پر جما کر جلد کو گول دائروں میں حرکت دینا چاہئے۔ اس سے سر کے بال نہیں ٹوٹیں گے۔ جبکہ سر کی مالش کرنے کا صحیح طریقہ بھی یہی ہے۔ بالوں کیلئے درست تیل کا انتخاب بھی بڑی اہمیت رکھتا ہے۔ ویزلین جیسی ڈریسنگ کریمیں آج کل دستیاب ہیں۔ آلیو آئل (زیتون کے تیل) کے بیس ویسلین ڈریسنگ کیلئے ہمیشہ استعمال کریں۔ اسے ہر روز تھوڑی سی مقدار میں بالوں میں لگائیں۔

**بالوں کی خوبصورتی:** بالوں کی خوبصورتی، چمک دمک اور گھنے ہونے کا تعلق صحت سے ہے۔ وٹامن بی بالوں کے لیے ضروری ہے۔ زیتون کا تیل بادام روغن اور کیسٹر آئل کی مالش بھی بالوں کی نشوونما کے لیے اپنے اندر بھرپور غذائیت رکھتی ہے۔ خاص کر زیتون کا تیل بالوں میں چمک پیدا کرتا ہے۔ اور ان کو مضبوط کرتا ہے۔ وٹامن بی اور زیتون کے تیل سے بال لمبے، مضبوط اور صحتمند ہوتے ہیں۔ ان میں چمک آتی ہے۔

**زیتون کے تیل سے مساج:** زیتون کا تیل، بادام روغن، سرسوں کا تیل، ناریل کا تیل، کیسٹر آئل ہفتے میں تین چار مرتبہ تو ضرور لگائیں جبکہ ان تیلوں میں زیتون کا تیل بڑی اہمیت کا حامل ہے۔ زیتون کے تیل سے بالوں کا اچھی طرح مساج کریں۔ رات کو سر میں تیل لگائیں اور صبح اٹھ کر کسی بھی اچھے شیمپو سے سر دھولیں اور یاد رکھیں کہ کوئی بھی تیل سر میں لگا کر دھوپ میں نہیں بیٹھنا چاہیے۔ اس سے بال خراب ہوتے ہیں اور چہرے کا رنگ بھی متاثر ہوتا ہے۔

فیملی شفاء گیس۔ بدہضمی۔ سینے کی جلن سے فوری نجات، ہروقت جیب میں رکھنے کی چیز شفاء کی ایسی پڑیا جس کے کھاتے ہی ہوجائے تکلیف دور۔ ہروقت گھر میں اور سفر میں ساتھ رکھیں۔ کھایا پیا فوراً ہضم، طبیعت ہشاش بشاش۔ (قیمت فی ساشے صرف 10 روپے)

محبت و مصالحت کا نادر عمل ہجویری محل چلیے!

| | | |
|---|---|---|
| اولاد پر ہوئے جادو کا علاج | شوہر کو اپنا دیوانہ بنائیے | شدید سردی میں یہ کھائیے |
| کھانسی کے ساتھ خون | شوگر کا علاج بتادیجئے | قرض کا بوجھ اتاریئے! |

قارئین! زیرنظر سلسلہ دراصل قارئین کے سوالات کیلئے ہے اور اس کا جواب بھی قارئین ہی دیں گے۔آزمودہ ٹوٹکہ‘تجربہ‘کوئی فارمولہ آپ صفحے کے ایک طرف ضرور تحریر کریں۔ یہ جوابات ہم رسالہ میں شائع کریں گے‘کوشش کریں کہ آپ کے جوابات 20 تاریخ سے پہلے پہنچ جائیں۔

## دسمبر کے جوابات

1۔ جو لوگ اپنا وزن بڑھانا چاہتے ہیں ان کیلئے کشمش بہترین غذا ہے اس مقصد کیلئے روزانہ تیس گرام کشمش استعمال کرنا چاہیے۔ دبلے افراد کو چھوٹے چھوٹے وقفوں کے ساتھ تھوڑا تھوڑا کھانا کھاتے رہنا چاہیے۔کسی کھانے میں وزن بڑھانے کی صلاحیت کا اندازہ اس کی کیلوریز کی مقدار کو دیکھ کر کیا جاسکتا ہے۔ ڈبلا پن دور کرنے کیلئے ایسی غذائیں استعمال میں لانی چاہئیں جن میں زیادہ کیلوریز پائی جاتی ہوں۔مزید عبقری دواخانہ کی ’’اکسیرالبدن‘‘ اس حوالے سے انتہائی مفید ہے۔(زوہیب چوہدری‘بہاولنگر)

2۔آپ یہ استغفار ہر نماز کے بعد 27 مرتبہ پڑھیں‘ آپ کے ہر مسئلے کا حل اسی میں ہے‘دولت‘عزت‘اولاد کی کامیابی‘ جادو جنات سے ہمیشہ کیلئے چھٹکارا‘مزید جائیداد کی خریدو فروخت کی نیت کرکے پڑھیں بہترین رزلٹ ملتا ہے۔دعا یہ ہے:۔ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ بس ہر نماز کے بعد 27 مرتبہ پڑھیں۔(نائلہ ارسلان‘لاہور)

3۔یہ عمل انتہائی مفید ہے‘تمام خواتین جو شوہر کے رویہ سے تنگ ہیں۔ان کو چاہئے 11 کالی مرچیں لے کر ان کو دھولے اور ہر مرچ پر 100 مرتبہ یا تنکفیل بحق پڑھے اور مرچ پر دم کرتے وقت الحب طالب بنت اعلیٰ حب مطلوب بنت یعنی طالب و مطلوب دونوں کا نام لیں اس طرح 19 مرچیں مکمل کریں اور سب کو آگ پر جلادیں،ان شاءاللہ تین دن ، سات دن میں کام ہوجائے گا لیکن یہ عمل 19 دن بلاناغہ مکمل کریں انتہائی موثر ہے۔(محموداللہ‘پشاور)

4۔اپنی خوراک میں خشک میوہ جات شامل کریں‘ روزانہ رات کو گرم گرم دودھ میں دیسی گھی میں تلی بغیر شیرہ کے جلیبی ڈال کر کھائیں۔روزانہ صبح ناشتہ دیسی گھی کی چوری اور دودھ پتی سے کیجئے۔سونے سے پہلی ایک تِل شکر کا بنا لڈو ضرور کھایئے۔ ان شاء اللہ آپ کو سخت سردی میں بھی سردی کی شدت محسوس نہ ہوگی۔

## جنوری کے سوالات

1۔قارئین السلام علیکم!میری عمر 18 سال ہے‘میں عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتا ہوں‘ شیخ الوظائف کے لیے دل سے دعائیں نکلتی ہیں۔ ماشاءاللہ دکھی انسانیت کیلئے خدمت کررہے ہیں‘ اللہ تعالیٰ ان کو اور ان کے تمام اہل وعیال کو ہمیشہ کامیاب وکامران رکھے۔(آمین!)۔قارئین! آپ عبقری رسالہ میں بے شمار وظائف بھیجتے ہیں‘ میری خواہش ہے کہ مجھے لوگوں کے دلوں کے حال معلوم ہوجائیں‘ کون کیا سوچ رہا ہے؟ میں مخفی اسرار جان جاؤں‘میں چاہتا ہوں کہ میرا لوگوں پر رعب و دبدبہ قائم ہو‘ہر کوئی مجھ سے ڈرے۔کسی قاری کے پاس اگر ایسا کوئی عمل‘ وظیفہ یا نقش ہے تو عبقری رسالہ میں ضرور شائع کروائیں۔(قاسم‘شیخوپورہ)

2۔قارئین! میں بہت پریشان ہوں‘ میرے مالی حالات بہت خراب ہیں‘ مجھ پر بہت زیادہ قرض ہے‘ میں چار پانچ سال سے مقروض ہوں‘ جس سے قرضہ لیا ہے‘ مجھے اس پر سود دینا پڑتا ہے‘جس کی وجہ سے قرض بڑھتا جارہا ہے‘میں دل اور شوگر کا مریض ہوں‘ قارئین براہ مہربانی کوئی عمل بتایئے کہ میرا قرض اتر جائے اور تنگدستی ختم ہوجائے۔(آصف‘ملتان)

3۔قارئین السلام علیکم!میرے شوہر کو کھانسی کا مسئلہ ہے‘ کھانسی بھی اتنی شدید کہ ایکسرے رپورٹ میں ننانوے فیصد تک ٹی بی کے چانسز تھے‘ بعض اوقات تو کھانسی کیساتھ خون بھی آتا ہے‘ میڈیسن کھا کھا کر بال وقت سے پہلے سفید ہوگئے ہیں‘ ڈاکٹرز کہتے ہیں ان کو ڈسٹ الرجی کا مسئلہ ہے‘ان کو باہر کے ملک لے جائیں‘ وہاں وہ ٹھیک ہوجائیں گے‘ خدارا ان کو کوئی نسخہ دے دیجئے‘ہم بہت پریشان ہیں۔(اہلیہ عثمان‘جہلم)

4۔محترم قارئین السلام علیکم! مجھے گزشتہ چار سال سے شوگر کا مرض ہے‘ دو سال سے انسولین لگا رہا ہوں‘ میری عمر 41 سال ہے‘ موٹاپا بھی بڑھ رہا ہے‘ میرا وزن تقریباً 110 کلو ہے۔ادویات بھی کھا رہا ہوں‘ چار‘ پانچ مہینہ کے بعد ڈرپ بھی لگتی ہے‘براہ مہربانی مجھے اس تکلیف سے نجات کیلئے کوئی نسخہ‘ٹوٹکہ بتایئے۔(سجادعلی‘ گجرات)

## 3 دن تسبیح خانہ میں گزاریئے! عزت‘برکت‘سکون پائیے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتی ہوں‘ میں پہلی مرتبہ تسبیح خانہ میں ہونے والے روحانی چلہ جو کہ ہفتے میں تین دن جمعرات مغرب سے شروع ہوکر اتوار دوپہر ایک بجے تک ہوتا ہے۔ میں بھی اپنے شوہر کے ہمراہ شامل ہوئی‘ ہمیں بہت روحانی طاقت ملی‘ زیادہ اعمال کرنے کی ہمت ہوئی‘ ہر ایک کی نظر میں عزت ہوئی‘رزق میں برکت ہوئی‘زندگی کا سکون ملا‘تسبیح خانہ سے مجھے یہ سبق ملا کہ میری ساس کی ٹانگ کا فریکچر ہوا تو میں نے ان کی خدمت عبادت سمجھ کر کی‘ اللہ نے میری عبادت قبول کی اور مجھے سسرال میں بہت عزت ملی۔ میرے بیٹے نے آسٹریلیا کیلئے اپلائی کیا‘ اللہ کا شکر ہے کہ تسبیح خانہ کے چلے میں شرکت کرنے کی‘ توجہ سے دعائیں کیں‘اسی ہفتے میرے بیٹے کا آسٹریلیا جانے کی تاریخ آگئی۔ چہرے پر نورانیت آگئی۔زندگی کا کوئی مسئلہ ہو چلے میں شرکت کرتے ہیں مسئلہ حل ہوجاتا ہے۔(گل ناز‘ملتان)

## روحانی چلہ میں اللہ نے فریاد سن لی!

